TIGHT BINDING BOOK

UNIVERSAL
LIBRARY

OU_224693

UNIVERSAL
LIBRARY

UnEven Page Numbers within the book only

ARITHMETIC

IN

(URDU)

Intended for the Students of Vernacular and Anglo-Vernacular Schools.

BY

THE LATE B. ATMA RAM, B. A.,

HEAD MASTER GOVT. HIGH SCHOOL,

ALIGARH.

حساب کتاب

جسکو

بابو آتمارام صاحب بي-اے مرحوم هيڈ ماسٹر گورنمنٹ هائي
اسکول علي گڈه نے بغرض فائده طلباء مدارس
تحصيلي و حلقه بندي وضلع اسکول
تاليف کيا

Published & sold by Kacker Bros. Agra.

1908.

Price per Copy 1 Re 4 As. } All rights reserved. { قيمت في جلد ايک روپيه ۴ آنه

متهرا پريس ميں منشي رام نرائن بهارگو کے اهتمام سے چهاپا گيا

واضح ہو کہ حساب کتاب کے حصہ بموجب نئے کوڈ کے سنہ ۱۹۰۸ء
میں دوبارہ ترمیم ہوکر چھپوائے گئے ہیں جنکو ٹیکسٹ بک کمیٹی
نے پسند کرکے داخل کورس کردیا ہے اور اِس امر سے بھی مطلع کیا
جاتا ہے کہ اور کتاب جو حساب کی ہیں وہ موافق نئے کوڈ کے نہیں ہیں

مکتبہ ادرس آگرہ

فہرست مضامین حساب کتاب

نمبر سلسلہ	مضمون	نمبر صفحہ
۱	تعریفات اور عددوں کا لکھنا اور پڑھنا	۱
۲	جمع بسیط	۱۳
۳	تفریق بسیط	۲۶
۴	ضرب بسیط	۳۹
۵	تقسیم بسیط	۵۴
۶	اجزاء ضربی	۷۱
۷	ضرب کے مختصر اور سہل طریقے	۷۷
۸	عددوں کے مربعے دریافت کرنے کے مختصر اور آسان طریقے	۸۱
۹	تقسیم کے مختصر اور آسان طریقے	۸۳
۱۰	اعداد مقرون	۱۰۷
۱۱	تحویل	۱۲۰
۱۲	جمع مرکب	۱۲۸
۱۳	تفریق مرکب	۱۳۵
۱۴	ضرب مرکب	۱۴۱
۱۵	تقسیم مرکب	۱۵۲
۱۶	اعشاریہ سکے	۱۶۴

نمبر سلسلہ	مضمون	نمبر صفحہ
۱۷	گر	۱۶۸
۱۸	سوالات امتحان	۱۸۷
۱۹	مشترک مقسوم علیہ اعظم	۱۹۹
۲۰	مشترک ذو اضعاف اقل	۲۰۵
۲۱	کسور	۲۱۶
۲۲	کسور عام	۲۱۹
۲۳	جمع کسور عام	۲۳۵
۲۴	تفریق کسور عام	۲۳۵
۲۵	ضرب کسور عام	۲۴۳
۲۶	تقسیم کسور عام	۲۴۷
۲۷	تحویل کسور عام	۲۸۳
۲۸	کسور اعشاریہ	۲۹۲
۲۹	جمع کسور اعشاریہ	۳۰۰
۳۰	تفریق کسور اعشاریہ	۳۰۳
۳۱	ضرب کسور اعشاریہ	۳۰۶
۳۲	تقسیم کسور اعشاریہ	۳۰۹
۳۳	تحویل کسور اعشاریہ	۳۱۷
۳۴	کسور مدوّر	۳۲۸

نمبر سلسلہ	مضمون	نمبر صفحہ
۳۵	جمع و تفریق کسور مدوّر	۳۳۹
۳۶	ضرب و تقسیم کسور مدوّر	۳۴۴
۳۷	روزمرّہ کا حساب	۳۶۸
۳۸	روزمرّہ کا حساب بسیط	۳۷۱
۳۹	روزمرّہ کا حساب مرکب	۳۷۹
۴۰	رقبوں کی ناپ	۳۸۷
۴۱	کمرہ میں دری یا چٹائی وغیرہ بچھانا اور دیواروں پر کاغذ منڈھنا یا سفیدی کرنا	۴۰۳
۴۲	جسموں کی ناپ	۴۱۰
۴۳	ضرب چلیپا یا ضرب اثنا عشری	۴۱۸
۴۴	یونیٹری طریقہ	۴۲۴
۴۵	نسبت و تناسب - اربعہ متناسبہ	۴۵۲
۴۶	اربعہ متناسبہ	۴۵۸
۴۷	تناسب مرکب یا ستہ متناسبہ وغیرہ	۴۷۷
۴۸	عدد کی متناسب حصّوں میں تقسیم	۴۸۸
۴۹	عدد اوسط نکالنا	۴۹۴
۵۰	فیصدی	۴۹۶
۵۱	نفع اور نقصان	۵۰۱

نمبر سلسلہ	مضمون	نمبر صفحہ
۵۲	حساب شراکت	۵۰۷
۵۳	شراکت متساوی الزمان	۵۰۷
۵۴	شراکت مختلف الزمان	۵۰۹
۵۵	سود	۵۱۴
۵۶	سود مفرد	۵۱۵
۵۷	سود مرکب یا سود در سود	۵۳۸
۵۸	قیمت نقد اور متی کاٹا	۵۴۵
۵۹	جذر المربع	۵۵۶
۶۰	جذر المکعب	۵۷۳
۶۱	راس المال یا اسٹاک	۵۹۱
۶۲	معادلہ اقساط	۶۰۸
۶۳	مبادلہ	۶۱۱
۶۴	مشق متفرق	۶۲۷
۶۵	جوابات مشق ا لغایۃ مشق ۱۱۱	۶۵۷ لغایۃ ۷۲۶

دیباچہ

میرے چند احباب نے جو شرشتہ تعلیم میں بڑے بڑے عہدوں پر مقرر ہیں یہ خواہش ظاہر کی کہ میں علم حساب میں بھی ایک کتاب تحریر اقلیدس کے طریقہ پر لکھوں جس سے طلباء کو فائدہ پہونچے اور جو جو مشکلیں اُنکو وقت امتحان کے پیش آتی ہیں آسان ہو جائیں چنانچہ تین برس ہوئے کہ میں نے اس کتاب کا لکھنا شروع کیا لیکن بباعث چند وجوہات اس کتاب کو جلد ختم نکر سکا اب یہ کتاب چھپکر تیار ہی

امتحان کے وقت اکثر لڑکوں کو یہ شکایت ہوتی ہی کہ ممتحن نے سوالات کے حل کرنیکے لئے وقت کم دیا وہ شکایت بیجا ہی کسواسطے کہ وہ طریقہ حل کرنیکا نہیں جانتے ہیں جو سوال چار پانچ منٹ میں حل ہوسکتا ہی جیسا کہ اس کتاب کے پڑھنے سے ظاہر ہوجائیگا وہ اپنی ناواقفیت کے باعث اُسکے حل کرنے میں زیادہ وقت صرف کردیتے ہیں اور اِسقدر وقت صرف کرنے پر بھی اکثر ناکامیاب رہتے ہیں یہ شکایت بھی کہ دوکاندار ونکے لڑکے بہ نسبت مدرسہ کے طالبعلموں کے حساب کے سوالوں کے جواب جلد نکال لیتے ہیں اس کتاب کے پڑھنے سے دُور ہو جائیگی

میں نے کتاب کی ضخامت بڑہانیکے لئے ایک ایک قسم کے صدہا سوال نہیں دیے ہیں اکثر سوال اس کتاب میں ایسے لکھے گئے ہیں کہ اُنمیں سے ہر ایک کا طرز دوسرے سے نرالا ہی میں نے اس کتاب میں ایسے سوالونکے لکھنے سے پرہیز کیا ہی جسکے جواب نکالنے کی شرائط خیالی ہیں یا ناممکنات سے ہیں صرف وہی سوالات لکھے ہیں جنکا برتاؤ روزمرہ ہوتا ہی

اس کتاب کے پڑھنے والوں کی خدمت میں التماس ہی کہ اگر وہ کوئی غلطی اس کتاب میں پاویں تو اُس سے مجھکو مطلع فرماویں تاکہ میں اُسکو طبع ثانی میں درست کردوں۔

آتمارام سابق ہیڈ ماسٹر گورنمنٹ ہائی اسکول علیگڈھ

Extract from Dr. Whewell's Work on
'A Liberal Education,' pp. 158, 159.

As the basis of all real progress in Mathematics, boys ought to acquire a good knowledge of Arithmetic and a habit of performing the common operations of Arithmetic, and of applying the rules in a correct and intelligent manner. This acquirement appears to be often neglected at our most eminent classical schools. Such a neglect is much to be regretted; for the want of this acquirement is a great practical misfortune, and is often severely felt in after-life. Many persons who are supposed to have received the best education which the country affords, are in all matters of numerical calculation, ignorant and helpless, in a manner which places them, in this respect, far below the members of the middle class, educated as they usually are. Arithmetic is a matter of habit, and can be learnt only by long-continued practice For some years of boyhood there ought to be a daily appropriation of time to this object.

A. R.

حساب کتاب

تعریفات اور عددوں کا لکھنا اور پڑھنا

۱- کسی اکیلی چیز کو ایک اور پوری خیال کرنا اکائی ہے

عددوں کی بنیاد اسی اکائی پر ہے کیونکہ جب ہم نے کسی ایک چیز میں اُسی قسم کی ایک اور چیز ملائی تو دو چیزیں ہوئیں اور پھر دو میں ایک اور چیز ملائی تو تین ہوئیں اور پھر تین میں ایک اور ملائی تو چار ہوئیں اسی طرح ہر پچھلے عدد میں ایک ملانے سے آسکے آگے کا عدد پیدا ہوتا ہے۔ اسلئے

۲- اکائی یا اُسی قسم کی کئی اکائیاں ملکر عدد ہوتا ہے

سب کو معلوم ہے کہ ہوش آنے پر جب لڑکا پہلے پہل گنتی کرتا ہے تو کسی خاص چیز کو گنتا ہے مثلاً جب وہ اپنے ہاتھ کی انگلیاں گنتا ہے تو گنکر کہتا ہے کہ میرے ایک ہاتھ میں پانچ انگلیاں ہیں اور دوسرے ہاتھ میں بھی پانچ ہیں اور دونوں ہاتھوں کی انگلیاں ملکر دس انگلیاں ہیں اسی طرح اپنے پاؤں کی انگلیاں گنکر کہتا ہے کہ میرے ہر پاؤں میں پانچ انگلیاں اور دونوں پانوں کی ملکر دس انگلیاں ہیں پھر اُسکو اسی طور پر گنتی کرتے کرتے یہ خیال ہو جاتا ہے کہ پانچ اور پانچ ملکر ہمیشہ دس ہوتے ہیں پانچ اور پانچ چیزیں کسی قسم کی ہوں خواہ وہ انگلیاں ہوں یا کھلونے یا کتابیں یا روپئے یا پیسے یعنی ہر عدد کو بغیر اُسکے ساتھ کسی چیز کی قید

لگائے خیال میں لاسکتا ہے اور بیان کرسکتا ہے۔ اِس لئے

۳۔ ہر عدد دو طرح سے بیان ہوتا ہے

ایک یہ کہ اُس کے ساتھ کسی چیز کی اِکائی کی قید نہ ہو اور اِس صورت میں اُسکو عدد مجرد کہتے ہیں مثلاً ایک دو تین پانچ سات عدد مجرد ہیں جن سے ایک دو تین پانچ سات اِکائیاں مُراد ہیں اور ان اِکائیوں کے ساتھ کسی خاص چیز کی قید نہیں ہے

دوسرے یہ کہ اِس کے ساتھ کسی خاص چیز کی اِکائی کی قید ہو اور اِس صورت میں اُس کو عدد مقرون کہتے ہیں مثلاً ایک روٹی دو کھلونے تین آم پانچ انگور سات کتابیں اِس صورت میں ایک دو تین پانچ سات عدد مقرون ہیں کیونکہ ہر عدد کے ساتھ ایک خاص چیز کی قید لگی ہوئی ہے یعنی ایک کے ساتھ روٹی کی اِکائی کی اور دو کے ساتھ کھلونوں کی اِکائی کی اور تین کے ساتھ آموں کی اِکائی کی اور پانچ کے ساتھ انگوروں کی اِکائی کی اور سات کے ساتھ کتابوں کی اِکائی کی قید ہے

۴۔ حساب وہ علم ہے جس میں عددوں کو مختلف طور سے استعمال کرنیکا ذکر ہے

۵۔ چونکہ عدد بیشمار ہیں اور ان میں سے ہر ایک کے ظاہر کرنے کے لئے الگ الگ شکل مقرر کرنا اور اُن شکلوں کا یاد رکھنا مشکل کیا بلکہ ناممکن ہے اِس لئے ریاضی دانوں نے شروع کے نو عدد ایک۔ دو۔ تین۔ چار۔ پانچ۔ چھ سات۔ آٹھ۔ نو کے ظاہر کرنے کے لئے الگ الگ شکل مقرر کی ہے۔ یعنی

ایک کیلئے یہ شکل ۱ دو کیلئے یہ شکل ۲ تین کیلئے یہ شکل ۳ چار کیلئے یہ شکل ۴ پانچ کیلئے یہ شکل ۵ چھ کیلئے یہ شکل ۶ سات کیلئے یہ شکل ۷ آٹھ کیلئے یہ شکل ۸ نو کیلئے یہ شکل ۹

اور علاوہ اِن نو شکلوں کے صفر کے لئے جسکے معنی خالی کے ہیں یہ شکل (۰) رکھی ہے باقی اور جتنے عدد ہیں اُن کے ظاہر کرنے کے لئے ایسا طریقہ مقرر کیا ہے کہ اُن میں سے ہر ایک عدد انہیں دس شکلوں کے ملانے سے ظاہر ہو سکے اِن دس شکلوں میں سے ہر ایک کو ہندسہ کہتے ہیں

۶ - جب اِن ہندسوں میں سے کوئی ایک ہندسہ بذات خود لکھا ہوا ہو یعنی اُسکے ساتھ کوئی دوسرا ہندسہ نہو تو اُس سے اُسکی اصلی یا ذاتی قیمت ظاہر ہوگی مثلاً ۵ اِس سے صرف پانچ مجرد اکائیاں یا پانچ خاص چیزیں ظاہر ہونگی لیکن جب اُسکے داہنی طرف ایک دوسرا ہندسہ ہو تو وہ اپنی ذاتی قیمت سے دس گنا ظاہر کریگا مثلاً ۵۳ اِس سے یہ مُراد ہے کہ پانچ اکائیوں کا دس گنا اور اُس کے ساتھ تین اکائیاں اور جب اُسکے ساتھ اُسکے داہنی طرف دو ہندسے لکھے ہوں تو اُس کی قیمت اُس کی ذاتی قیمت سے سو گنی ہو جائیگی مثلاً ۵۳۴ اِس سے یہ سمجھا جائیگا کہ پانچ اکائیوں کا سو گنا اور اُس کے ساتھ تین اکائیوں کا دس گنا اور چار اکائیاں غرض جتنی دفعہ اُس کے داہنی طرف ایک ایک ہندسہ بڑھاتے جاؤگے اُس کی قیمت اُتنی دفعہ اُس کی ذاتی قیمت سے دس گنی ہوتی جائیگی ہندسہ کی ایسی قیمت کو جو مقام یعنی جگہ کے بدلنے سے پیدا ہوتی ہے مقامی قیمت کہتے ہیں

۷ - اُن عددوں میں جو صرف ایک ہندسہ سے لکھے جاتے ہیں نو سب سے بڑا عدد ہے اُسکے آگے کا عدد دس اِس طرح لکھتے ہیں کہ اُسکے ساتھ اُس کے داہنی طرف (۰) رکھتے ہیں مثلاً ۱۰ اِس سے ایک دہائی مُراد ہے اور چونکہ اِسمیں

اِکائی کی جگہ صفر ہی اسلئے اُس دہائی کے ساتھ کوئی اِکائی نہیں ہی آگے داہنی طرف آ لکھنے سے (۱۱) پڑھا جاتا ہی اور اُس سے یہ مُراد ہی کہ ایک دہائی اور اُسکے ساتھ ایک اِکائی ہی اسی طرح جتنے عدد کہ ننانوے تک ہیں سب دو ہندسوں کے ملانے سے بیان ہوتے ہیں اُن ہندسوں کی ترتیبیں اور ہر ترتیب کے سامنے اُس عدد کا نام جو اُس سے بیان ہوتا ہی نیچے لکھا جاتا ہی

۱۲	بارہ	12	۱۵	پچیس	25	۲۸	اڑتیس	38	۴۱	اکتالیس	41
۱۳	تیرہ	13	۲۶	چھبیس	26	۳۹	انتالیس	39	۴۲	بیالیس	42
۱۴	چودہ	14	۲۷	ستائیس	27	۴۰	چالیس	40	۴۳	تیتالیس	43
۱۵	پندرہ	15	۲۸	اٹھائیس	28	۴۱	اکتالیس	41	۴۴	چوالیس	44
۱۶	سولھ	16	۲۹	اُنتیس	29	۴۲	بیالیس	42	۴۵	پینتالیس	45
۱۷	سترہ	17	۳۰	تیس	30	۴۳	تیتالیس	43	۴۶	چھیالیس	46
۱۸	اٹھارہ	18	۳۱	اکتیس	31	۴۴	چوالیس	44	۴۷	سینتالیس	47
۱۹	اُنیس	19	۳۲	بتیس	32	۴۵	پینتالیس	45	۴۸	اڑتالیس	48
۲۰	بیس	20	۳۳	تیتیس	33	۴۶	چھیالیس	46	۴۹	انچاس	49
۲۱	اکیس	21	۳۴	چونتیس	34	۴۷	سینتالیس	47	۵۰	پچاس	50
۲۲	باتیس	22	۳۵	پینتیس	35	۴۸	اڑتالیس	48			
۲۳	تیئیس	23	۳۶	چھتیس	36	۴۹	انچاس	49			
۲۴	چوبیس	24	۳۷	سینتیس	37	۵۰	پچاس	50			

۵۱	اکیاون	51	۱ل ۵	۶۸	اڑسٹھ	68	۳ ۵	۸۵	پچاسی	85	۵ ل
۵۲	باون	52	۲ ۵	۶۹	اُنہتّر	69	۱ ع ۵	۸۶	چھیاسی	86	۱ ۵
۵۳	ترپن	53	۳ ۵	۷۰	ستّر	70	ع ۵	۸۷	ستاسی	87	ع ل ۵
۵۴	چوّن	54	ل ع ۵	۷۱	اکہتّر	71	۱ ع ع ۵	۸۸	اٹھاسی	88	۳ ل ۵
۵۵	پچپن	55	۵ ۵	۷۲	بہتّر	72	۲ ع ع ۵	۸۹	نواسی	89	ع ع ل ۵
۵۶	چھپن	56	۶ ۵	۷۳	تہتّر	73	۳ ع ع ۵	۹۰	نوّے	90	ع ع ۵
۵۷	ستاون	57	۷ ۵	۷۴	چوہتّر	74	ع ع ع ۵	۹۱	اکیانوے	91	۱ ع ع ۵
۵۸	اٹھاون	58	۸ ۵	۷۵	پچھتّر	75	۵ ع ع ۵	۹۲	بانوے	92	۲ ع ع ۵
۵۹	انسٹھ	59	ع ۵ ۵	۷۶	چھہتّر	76	۶ ع ع ۵	۹۳	ترانوے	93	۳ ع ع ۵
۶۰	ساٹھ	60	۶ ۵	۷۷	ستہتّر	77	۷ ع ع ۵	۹۴	چورانوے	94	ع ع ع ۵
۶۱	اکسٹھ	61	۱ ۶ ۵	۷۸	اٹھتّر	78	۸ ع ع ۵	۹۵	پچانوے	95	۵ ع ع ۵
۶۲	باسٹھ	62	۲ ۶ ۵	۷۹	اُناسی	79	۹ ع ع ۵	۹۶	چھیانوے	96	۶ ع ع ۵
۶۳	تریسٹھ	63	۳ ۶ ۵	۸۰	اسّی	80	ل ۵	۹۷	ستانوے	97	۷ ع ع ۵
۶۴	چونسٹھ	64	ع ۶ ۵	۸۱	اکیاسی	81	۱ ل ۵	۹۸	اٹھانوے	98	۸ ع ع ۵
۶۵	پینسٹھ	65	۵ ۶ ۵	۸۲	بیاسی	82	۲ ل ۵	۹۹	ننانوے	99	۹ ع ع ۵
۶۶	چھیاسٹھ	66	۶ ۶ ۵	۸۳	تراسی	83	۳ ل ۵				
۶۷	سڑسٹھ	67	۷ ۶ ۵	۸۴	چوراسی	84	ع ل ۵				

سوالات زبانی

عددوں کو گنو

(۱) ۱ سے ۱۵ تک - ۲ سے ۱۱ تک - ۳ سے ۱۰ تک

(۲) ۱۸ سے ۳۵ تک - ۲۳ سے ۴۶ تک - ۴۱ سے ۵۸ تک

(۳) ۲۷ سے ۸۸ تک - ۸۳ سے ۹۶ تک - ۸۱ سے ۹۹ تک

(۴) ۲۵ سے ۳۵ تک - ۴۰ سے ۵۷ تک - ۶۱ سے ۷۸ تک

اُن عددوں کے نام لو جو اِن کے بعد میں آتے ہوں

(۵) ۶ و ۸ و ۱۵ و ۳۷ (۶) ۱۲ و ۲۷ و ۳۱ و ۶۶ (۷) ۵۲ و ۴۸ و ۸۴ و ۹۴

(۸) ۹۶ و ۸۹ و ۶۵ و ۷۳ (۹) ۸۴ و ۹۱ و ۶۰ و ۷۸ (۱۰) ۱۱ و ۹۳ و ۸۶ و ۹۶

ذیل کے عددوں کو اُلٹے گِنو

(۱۱) ۹ سے ۴۰ تک - ۲۰ سے ۱۱ تک - ۲۷ سے ۱۴ تک

(۱۲) ۴۰ سے ۳۴ تک - ۶۰ سے ۴۰ تک - ۴۹ سے ۳۸ تک

(۱۳) ۹۳ سے ۸۳ تک - ۳۹ سے ۱۹ تک - ۸۶ سے ۴۲ تک

(۱۴) جلدی جلدی تمام جفت اعداد کے نام لو مثلاً ۲ و ۴ و ۶ وغیرہ سے ۴۰ تک

(۱۵) جلدی جلدی تمام طاق اعداد کے نام لو مثلاً ۱ و ۳ و ۵ وغیرہ سے ۴۵ تک

سوالات زبانی

(۱) 16 سے 29 تک 25 سے 31 تک 23 سے 49 تک 51 سے 93 تک

و 45 سے 91 تک کے عددوں کو انگریزی میں لکھو

(۲) اُن عددوں کے نام انگریزی میں لکھو جو اِن کے بعد آتے ہیں

12, 26, 54, 70, 86, 43, 57, 73, 89

(۳) ۱۵۰ سے ۱۶۰ تک ۲۵۰ سے ۲۶۰ تک ۳۵۰ سے ۳۶۰ تک کی رقموں کو لکھو

(۴) اِن رقموں کے پہلے جو رقم آتی ہیں اُن کو لکھو

وللعہ ومعہ ومعہ ولعہ ولعہ وسے وعہ ولہ وللہ

۸۔ تانوے سب سے بڑا عدد ہے جو دو ہندسوں سے بیان ہوتا ہے اُسکے آگے کا عدد ایکسو ہے اسکے بیان کرنے کے لئے ہم آ لکھکر اُسکے داہنی طرف دو صفر لکھتے ہیں مثلاً ۱۰۰ اس سے دس اکائیاں دہائی کی یعنی سو اکائیاں سمجھی جاتی ہیں اور اُن کے ساتھ کوئی دہائی اور اکائی نہیں ہے اور اُس کو ایک سو پڑھتے ہیں یہ ایکسو اور اُسکے بعد جتنے عدد نو سو تانوے تک ہیں تین ہندسوں سے لکھے جاتے ہیں مثلاً ۲۰۰ دوسو ۴۰۰ چارسو ۷۰۰ سات سو ۲۲۰ دوسو بیس ۴۰۹ چارسو نو ۷۷۵ سات سو پچہتر ۹۹۹ نو سو تانوے اب نو سو تانوے کے بعد ایکہزار کا عدد ہے اُسکو ایک کے ساتھ داہنی طرف تین صفر لکھکر بیان کرتے ہیں مثلاً ۱۰۰۰ اِس سے دس اکائیاں سیکڑہ (سَو) کی یعنی ہزار اکائیاں مُراد ہیں اور اُن کے ساتھ کوئی سیکڑہ اور دہائی اور اکائی نہیں ہے ایکہزار سے نو ہزار نو سو تانوے تک جتنے عدد ہیں سب چار ہندسوں سے لکھے جاتے ہیں نو ہزار نو سو تانوے کے بعد دس ہزار کا عدد ہے اور وہ ایک کے ساتھ داہنی طرف چار صفر لکھنے سے بیان ہوتا ہے دس ہزار سے تانوے ہزار نو سو تانوے تک جتنے عدد ہیں سب پانچ ہندسوں سے لکھے جاتے ہیں تانوے ہزار نو سو تانوے کے بعد ایک لاکھ کا عدد ہے اور اُسکے بیان کرنے کو ہم آ کے ساتھ داہنی طرف پانچ صفر لکھتے ہیں یعنی سب چھ ہندسے لکھتے ہیں ایک لاکھ سے نو لاکھ تانوے ہزار نو سو تانوے تک جتنے عدد ہیں سب چھ ہندسوں کے لکھنے سے بیان ہوں گے اسی طرح نو لاکھ تانوے ہزار نو سو تانوے کے بعد جسقدر عدد ہیں اسی طریقہ پر سات یا آٹھ یا نو

وغیرہ ہندسوں کے لکھنے سے بیان ہونگے

۹ - اوپر کے بیان سے صاف ظاہر ہی کہ ہندسوں کی ترتیب اس طرح سے رکھی گئی ہی کہ داہنی طرف سب سے پہلا ہندسہ اکائی کی جگہہ پر ہی اور اُسکے بائیں طرف دوسرا ہندسہ دہائی کی جگہہ پر ہی اور تیسرا ہندسہ سیکڑہ کی جگہہ پر ہی ہندسوں کی جگہوں کے نام اور جو کچھہ اُن جگہوں سے مُراد ہی آگے لکھے ہوئے نقشہ سے ظاہر ہوتے ہیں

ارب	کروڑ	دس لاکھ	لاکھ	دس ہزار	ہزار	سو	دس	اکائی									
۱	۹	۵	۴	۸	۷	۴	۵	۳	۱	۶	۷	۹	۳	۲	۴	۷	۵	۳

اوپر کے عدد کو اس طرح پڑھتے ہیں اُنیس سنکھ چوّن پدم ستاسی نیل پینتالیس کھرب اکتیس اَرب سرسٹھہ کروڑ ترانوے لاکھ چوبیس ہزار سات سو ترپن

لڑکوں کو چاہیئے کہ اِن جگہوں کو اور جو اِن سے مطلب ہی خوب یاد کرلیں اگر اِن جگہوں میں سے کسی جگہہ پر صفر ہو تو سمجھنا چاہیئے کہ اس جگہہ سے جو مُراد ہی اُس کی کوئی اکائی نہیں ہی مثلاً ۲۱۰۳۶ لو اس میں تیسری جگہہ پر صفر ہی اور تیسری جگہہ سیکڑہ کی ہی اِسلیئے اِس ترتیب میں سیکڑہ یا سو کی کوئی اکائی نہیں ہی اور اِسلیئے اِس ترتیب کو اکیس ہزار چھتیس پڑھینگے اب ایک اور دوسری ترتیب

۱۳۶ ۲۰۰۱ دیکھو اس میں چوتھی اور پانچویں جگہوں پر صفر ہیں اور یہ جگہیں ہزار اور دس ہزار کی ہیں پس سمجھنا چاہیئے کہ ہزار اور دس ہزار کی کوئی اکائی نہیں ہے اور اسکو اس طرح پڑھنا چاہیئے دو لاکھ ایک سو چھتیس اب ایک اور تیسری ترتیب ہندسوں کی ۲۰۳۵۱۰۷ لو اس میں دوسری اور چھٹی جگہوں پر صفر ہیں اور یہ جگہیں دہائی اور لاکھ کی ہیں ہم یہ سمجھ کہ ان جگہوں کی کوئی اکائیاں نہیں ہیں اس ترتیب کو اس طرح پڑھیں گے بیس لاکھ پینتیس ہزار ایک سو سات اسی طرح ہندسوں کی اور ترتیبوں کو اسی طور پر خیال کر کے پڑھنا چاہیئے

جس ترکیب سے ہم ہندسوں میں لکھے ہوئے عددوں کو پڑھتے ہیں اُسے عددوں کی **قراءت** کہتے ہیں

۱۰۔ بولے ہوئے عددوں کو ہندسوں میں لکھنے کے لئے طالب علم اس بات کا لحاظ رکھے کہ جس جگہہ کا ہندسہ آدمی بولے اُسکو اُسی جگہہ پر رکھے مثلاً ہزار کی جگہہ داہنی طرف سے چوتھی ہے اور دس ہزار کی جگہہ پانچویں اور لاکھ کی جگہہ چھٹی اسلئے اگر کوئی آدمی تین ہزار بولے تو تین کے ہندسہ کو داہنی سے چوتھی جگہہ پر رکھے اور اگر وہ پینتیس ہزار یعنی تین دس ہزار بولے تو تین کے ہندسہ کو پانچویں جگہہ پر اور اگر تین لاکھ بولے تو تین کے ہندسہ کو چھٹی جگہہ پر رکھے اور جس جگہہ کا ہندسہ نہ بولا جاوے اُس جگہہ میں صفر رکھے عددوں کو ہندسوں میں لکھنا سیکھنے کے لئے طالبعلم کو چاہیئے کہ پہلے نیچے لکھا ہوا نقشہ اپنی سلیٹ یا تختی پر کھینچ لے

اکائی	دہائی	سیکڑہ	ہزار	دس ہزار	لاکھ
۰	۰	۰	۰	۰	۰

اب اگر کسی آدمی نے ستائیس کروڑ پانچ لاکھ تیس ہزار اکتالیس کا عدد بولا تو طالبعلم کو چاہیئے کہ جس جگہ کا ہندسہ بولا گیا ہے اوپر کھینچے ہوئے نقشہ میں اُس جگہ کا صفر مٹا کر اُس کی عوض وہ ہندسہ اِس طرح لکھدے اور جس جگہ کا ہندسہ نہیں بولا گیا ہے اُس جگہ پر صفر رہنے دیوے

کروڑ	دس لاکھ	لاکھ	دس ہزار	ہزار	سیکڑہ	دہائی	اکائی
۲	۷	۰	۵	۳	۰	۴	۱

چونکہ اوپر بولے ہوئے عدد میں دس لاکھ اور ہزار اور سیکڑہ کی کوئی اکائی نہیں بولی گئی تھی اسلئے اُن جگہوں پر صفر رہنے دیے باقی جگہوں کے صفر مٹا کر اُن کے عوض وہ ہندسے جو اُن جگہوں کی اکائیوں کے ظاہر کرنے کے لئے بولے گئے تھے لکھدیے گئے اِس طرح چند بار نقشہ کھینچکر عددوں کو لکھنے کے بعد طالبعلم بغیر نقشہ کھینچے ہوئے عددوں کو ہندسوں میں لکھنے لگیگا اوپر کا عدد بغیر نقشہ کے اِس طرح لکھا جائیگا ۲۷۰۵۳۰۰۴۱

جس ترکیب سے ہم بولے ہوئے عددوں کو ہندسوں میں لکھتے ہیں اُسے عددوں کی کتابت کہتے ہیں

مشق ۱

ذیل کے عددوں کو ہندسوں میں لکھو

(۱) دس - سولہ - اکتیس - بائیس - پچیس

(۲) پچاس - چھتیس - اکتالیس - چوالیس - اڑتالیس

(۳) چھیاسٹھ - بارہ - چھیالیس - پندرہ (۴) اٹھاون - پچھتر - تراسی - ساٹھ

(۵) اکیسو ایک - دوسو تین - تین سو پانچ (۶) چھ سو چھ - سات سو اٹھاون - نو سو دس
(۷) ستانوے - نواسی - اڑتیس - اُنھتر (۸) دو سو پچھتر - تین سو چار - چار سو پانچ
(۹) چار سو چالیس - پانچ سو دس - چھ سو دس - سات سو پچاس
(۱۰) اکیس - ستّر - چونسٹھ - اٹھاسی - اٹھانوے - ایک سو دو
(۱۱) اُنسٹھ - اُناسی - اکیانوے - چار سو - سات سو تیس - آٹھ سو نو - نو سو تتانوے
(۱۲) آٹھ ہزار تتانوے - چار ہزار پانچ سو پانچ - بیس ہزار اکیس - پانچ لاکھ تین سو سات
(۱۳) بیس ہزار ستّر - اکتالیس ہزار چار - دو لاکھ تین سو پانچ - تین لاکھ ایک - پانچ کروڑ پچھتر
(۱۴) سات کروڑ - تین کروڑ پانچ ہزار نوے - چھتیس کروڑ نوے ہزار بیالیس - ایک ارب دو سو بیس

مشق ۲

ذیل کے عدد جو ہندسوں میں لکھے ہوئے ہیں اُن کو پڑھو یا لفظوں میں لکھو

(۱) ۵۵۷۰۱۰۱و۳۱۰۵۵۰۲و۶۹۹و۱۰۱و۲۰۲و۳۰۳

(۲) ۳۹و۱۴۱و۲۷۱و۱۷ (۳) ۵۸و۲۳۲و۴۶۹و۵۲

(۴) ۲۱و۴۳۷و۶۵۹و۳۳ (۵) ۵۹و۵۵۵و۳۷۵و۶۸۹

(۶) ۳۸و۴۳۹و۶۹۵و۴۹ (۷) ۳۸و۴۳و۶۴۳و۶۹۹۳۹

(۸) ۷۶۱۹و۸۰۷۵و۱۵ (۹) ۱۱۳و۲۱۲و۳۸۴۳

(۱۰) ۴۸و۲۹۹۹۲و۸۶ (۱۱) ۳۶۰و۴۰۷و۱۷۲

(۱۲) ۴۰۵۰۷و۹۰۶۳۰ (۱۳) ۳۸۰و۹۱۰و۷۰۰

(۱۴) ۴۲۵و۷۰۹و۵۰۶ (۱۵) ۲۹۶و۲۶۴و۱۱۰

(۱۶) ۸۹۷و۹۹۴و۷۰۷و۱۵۰۷۲۱۳و۵۰۴۰۰۴

(۱۷) ۱۰۰ و ۱۱۱ و ۳۰۰ و ۲۲۴ و ۳۲۲ و ۴۶۹۲ و ۵۰۰۴

(۱۸) ۱۰۰۰۰۱ و ۲۱۰۳۴۵ و ۴۳۲۵ و ۶۱۷۹

مشق ۳

(۱) وہ کونسا سب سے چھوٹا عدد ہے جو تین ہندسوں سے لکھا جاتا ہے۔ چار ہندسوں سے لکھا ہوا سب سے بڑا عدد بتاؤ

(۲) سب سے بڑا عدد دو ہندسوں سے لکھا ہوا کونسا ہے۔ سب سے چھوٹا عدد چھ ہندسوں سے لکھا ہوا کونسا ہے

(۳) ۳ اور ۵ کے ہندسوں سے جو عدد بنتے ہیں اُنکو لکھو۔ ۴ اور ۷ اور ۹ کے ہندسوں سے ہم کتنے عدد بنا سکتے ہیں اُن سب کو لکھو

(۴) اِن ہندسوں میں سے جن سے نیچے لکھے ہوئے عدد بنتے ہیں ہر ایک ہندسہ کا مقامی قیمت بتاؤ ۳۵۲۷ و ۹۵ و ۱۰۱

(۵) ایک لڑکے نے ۳۱۰۰۰۰۵ اور ۴۰۰۰۳ لکھے جب اُس سے پانچ لاکھ کتیس اور چار ہزار تین لکھنے کو کہا گیا تھا بتاؤ کہ اُس نے کہاں غلطی کی

(۶) اُن عددوں میں سے جو اِن ہندسوں ۳ و ۵ و ۸ و ۲ سے بنے ہوتے ہیں سب سے بڑا اور سب سے چھوٹا عدد کونسا ہے

(۷) بارہ ہزار بارہ سو بارہ کے عدد کو ہندسوں میں لکھو

(۸) ۵ و ۰ و ۱ و ۳ سے بنا ہوا سب سے بڑا عدد بتاؤ اور ۸ و ۳ و ۷ و ۰ و ۹ سے سب سے چھوٹا عدد لکھو

(۹) چوّن ہزار پندرہ سو پچپن کو ہندسوں میں لکھو

جمع

۱۔ دو یا زیادہ دیے ہوئے عددوں کو جوڑنے یا جمع کرنے سے یہ مُراد ہے کہ ہم
ایسا عدد دریافت کریں جس میں اُتنی ہی اکائیاں ہوں جتنی سب دیے
ئے عددوں میں اکائیاں مِلکر ہوتی ہیں ایسے عدد کے دریافت کرنے کی ترکیب
مع کہتے ہیں اور دریافت کئے ہوئے عدد کو دیے ہوئے عدد کا حاصل
ع کہتے ہیں

۲۔ جمع کی دو قسمیں ہیں جمع بسیط اور جمع مرکب

جمع بسیط اُسے کہتے ہیں کہ عدد جو جمع کئے جاویں وہ سب یا تو عدد مجرد
ں یا سب ایک ہی نام کے عدد مقرون ہوں مثلاً دِن ہی دِن ہوں یا روپیہ
روپیہ ہوں یا گز ہی گز ہوں اور **جمع مرکب** وہ ہے کہ عدد جن کو ہم جمع کریں وہ سب
ک ہی جنس کے مختلف ناموں کے عدد مقرون ہوں مثلاً روپئے آنے پائی ہوں
ن گھنٹے منٹ ہوں یا من سیر چھٹانک ہوں وغیرہ

جمع مرکب کا بیان پیچھے کیا جائیگا اوّل ہم جمع بسیط کی ترکیب لکھینگے

بسیط اور **مرکب** کی تمیز جیسی کہ جمع میں ہے تفریق اور ضرب اور تقسیم میں
جن کا بیان آگے کیا جائیگا ہوتی ہے

۳۔ یہ نشان + جمع یا مثبت کا ہے یعنی جب یہ نشان کسی دو یا زیادہ عددوں
کے درمیان لکھا ہوا ہو تو اُس سے یہ مُراد ہے کہ وہ سب عدد جمع کئے گئے ہیں
مثلاً ۳ + ۴ سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ ۳ اور ۴ جمع کئے گئے ہیں اور ۲ + ۵ + ۸ سے
مطلب ہے کہ ۲ اور ۵ اور ۸ جمع ہوتے ہیں اور ۲ + ۴ اور ۲ + ۵ + ۸ اُن عددوں

کا مجموعہ ہے

یہ نشان = برابری کا ہے جن کے درمیان یہ نشان لکھا ہوا ہو وہ آپس برابر ہیں مثلاً ۳ + ۴ = ۷ سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ ۳ و ۴ کا مجموعہ برابر ہے ۷ کے

جب کئی عدد ایک ساتھ لئے جاویں تو انکو ان قوسی یا وحدانی خطوں ( ) و { } و [ ] کے اندر لکھتے ہیں مثلاً (۵ + ۳ + ۸) سے یہ مراد ہے کہ ۵ اور ۳ اور ۸ ایک ساتھ لئے گئے ہیں یعنی جو کچھ ان خطوں کے باہر ہے اُسکا جو کچھ اثر ہ پر ہے وہی اثر ۳ اور ۸ پر ہے بعض اوقات ہم ان وحدانی خطوں کے عوض اُن عددوں کے اوپر جو ایک ساتھ لئے جاتے ہیں ایک سیدھا خط کھینچ دیتے ہیں مثلاً $\overline{۵ + ۴}$ سے وہی مراد ہے جو (۵ + ۴) سے ہے

یہ نشان ∴ اِسلئے کے بجائے اور یہ نشان ∵ کیونکہ یا چونکہ کے بجائے لکھا جاتا ہے

۱۴- ٹرکا شروع میں کسی دو عدد ہ اور ۳ کو اِس ترکیب سے جمع کرتا ہے

چونکہ ۳ = ۱+۱+۱

اِسلئے ۵+۳ = ۱+۱+۱+۵

= ۱+۱+۶

= ۱+۷

= ۸

لیکن مشق کرنے سے وہ کسی عدد میں دوسرے عدد کو جو دس سے چھوٹا ہو بغیر اُسکو اکائیوں میں توڑے ہوئے جمع کرسکتا ہے مثلاً وہ کہہ سکتا ہے کہ ۷ اور ۵ ملکر ۱۲ ہوتے اور ۱۴ اور ۳ ملکر ۱۷ ہوئے اِسی طرح وہ تین یا زیادہ عددوں کو جنمیں سے ہر ایک دس سے چھوٹا ہے زبانی جمع کرتا ہے مثلاً ۴ اور ۵ اور ۷ اور ۸ کو اِس طرح جمع کرتا ہے کہ ۴ اور ۵ ملکر ۹ ہوتے اور ۹ اور ۷ ملکر ۱۶ ہوئے اور ۱۶ اور ۸ ملکر ۲۴ ہوتے

۱۵- ہم جو ٹرنیکا ایک نقشہ نیچے لکھتے ہیں لڑکوں کو چاہیئے کہ اسکو نوک زبان کرلیں

۲ اور ۱ ہوتے ہیں ۳	۳ اور ۱ ہوتے ہیں ۴	۴ اور ۱ ہوتے ہیں ۵	۵ اور ۱ ہوتے ہیں ۶	۶ اور ۱ ہوتے ہیں ۷	۷ اور ۱ ہوتے ہیں ۸	۸ اور ۱ ہوتے ہیں ۹	۹ اور ۱ ہوتے ہیں ۱۰
۲ " ۴	۲ " ۵	۲ " ۶	۲ " ۷	۲ " ۸	۲ " ۹	۲ " ۱۰	۲ " ۱۱
۳ " ۵	۳ " ۶	۳ " ۷	۳ " ۸	۳ " ۹	۳ " ۱۰	۳ " ۱۱	۳ " ۱۲
۴ " ۶	۴ " ۷	۴ " ۸	۴ " ۹	۴ " ۱۰	۴ " ۱۱	۴ " ۱۲	۴ " ۱۳
۵ " ۷	۵ " ۸	۵ " ۹	۵ " ۱۰	۵ " ۱۱	۵ " ۱۲	۵ " ۱۳	۵ " ۱۴
۶ " ۸	۶ " ۹	۶ " ۱۰	۶ " ۱۱	۶ " ۱۲	۶ " ۱۳	۶ " ۱۴	۶ " ۱۵
۷ " ۹	۷ " ۱۰	۷ " ۱۱	۷ " ۱۲	۷ " ۱۳	۷ " ۱۴	۷ " ۱۵	۷ " ۱۶
۸ " ۱۰	۸ " ۱۱	۸ " ۱۲	۸ " ۱۳	۸ " ۱۴	۸ " ۱۵	۸ " ۱۶	۸ " ۱۷
۹ " ۱۱	۹ " ۱۲	۹ " ۱۳	۹ " ۱۴	۹ " ۱۵	۹ " ۱۶	۹ " ۱۷	۹ " ۱۸
۱۰ " ۱۲	۱۰ " ۱۳	۱۰ " ۱۴	۱۰ " ۱۵	۱۰ " ۱۶	۱۰ " ۱۷	۱۰ " ۱۸	۱۰ " ۱۹

۱۶- جب جمع کرنے کے لئے ایسے دو یا زیادہ عدد ہوں جو دو یا زیادہ ہندسوں سے بنے ہوتے ہیں تو اُن کے جمع کرنیکا یہ قاعدہ ہے

قاعدہ- جن عددوں کو جمع کرنا ہو اُنکو اوپر تلے اِس طرح لکھو کہ سب عددوں کی اِکائی کی جگہ کے ہندسے ایک ہی کھڑی لکیر کی سیدھ میں ہوں اِسی طرح دہائی اور سیکڑہ اور ہزار وغیرہ کی جگہوں کے ہندسے ترتیوار ایک ایک لکیر میں ہوں سب سے نچلے عدد کے تلے ایک آڑی لکیر کھینچو اب تم اِکائی کی جگہ کے سب ہندسوں کی حاصل جمع دریافت کرو اگر وہ حاصل جمع دس سے کم ہو تو اُسکو آڑی لکیر کے تلے اِکائی کی جگہ لکھو اور اگر دس سے زیادہ ہو تو اُسکا صرف اوّل یعنی داہنی طرف کا ہندسہ اِکائی کی جگہ پر لکھو باقی ہندسہ یا ہندسے جو رہیں اُن کو اور دہائی کے مرتبوں یعنی جگہوں کے سب ہندسوں کو جمع کر کر حاصل جمع دریافت کرو اگر وہ حاصل جمع دس

سے کم ہو تو اُسکو لکیر کے تلے دہائی کی جگہہ پر لکھو اور اگر دس سے زیادہ ہو تو اُس کا اوّل ہندسہ دہائی کی جگہہ پر لکھکر نیچے ہوئے ہندسے یا ہندسوں کو آگے کے مرتبہ یعنی سیکڑہ کی جگہہ کے ہندسوں میں ملاؤ اور آگے کی ہر جگہہ کے واسطے یہی عمل جاری رکھو اور آخر جگہہ پر پورا حاصل جمع لکھدو پس اِس طرح عمل کرنے سے جو عدد لکیر کے تلے پیدا ہوگا وہی اُن عددوں کا حاصل جمع ہوگا

مثال ۳ ۰ ۷ ۹ اور ۲ ۳ ۵ ۴ اور ۷ ۲ ۹ اور ۵ ۳ کو جمع کرو

اوپر لکھے ہوئے قاعدے کے مطابق اِن عددوں کو اوپر تلے لکھو اُن کے نیچے ایک آڑی لکیر کھینچو بعد اُس کے داہنی طرف سے ہر ایک کالم یعنی کھڑی لکیر کے ہندسوں کو اِس طرح جمع کرو

۳ اور ۲ اور ۷ اور ۵ اکائیوں کا حاصل جمع	۹ ۷ ۰ ۳
۷ اکائیاں یعنی ۱ دہائی اور ۷ اکائیاں ہیں ۷ کو	۴ ۵ ۳ ۲
اکائی کی جگہہ پر لکیر کے تلے لکھو اور ایک دہائی کو	۹ ۲ ۷
ہاتھہ لگا سمجھہ دہائی کے کالم کے ہندسوں کے ساتھہ جمع کرو	۳ ۵
	۱۵ ۱ ۹ ۷

اب ایک دہائی ہاتھہ لگی اور ۳ دہائی اور ۲ دہائی اور ۳ دہائی کا حاصل جمع ۹ دہائی ہیں ۹ کو دہائی کی جگہہ پر لکھو یہاں ہاتھہ کچھہ نہیں لگا ہے

پھر ۷ سیکڑہ اور ۵ سیکڑہ اور ۹ سیکڑہ کا حاصل جمع ۲۱ سیکڑہ یعنی دو ہزار اور ایک سیکڑہ ہوئے اُ کو سیکڑہ کی جگہہ پر لکھو اور ۲ کو ہاتھہ لگا سمجھہ ہزار کی جگہہ کے ہندسوں کیساتھہ ملاؤ

اب اِن دو ہزار ہاتھہ لگے اور ۹ ہزار اور ۴ ہزار کا مجموعہ ۱۵ ہزار یعنی ایک دس ہزار اور پانچہزار ہوئے ۵ کو ہزار کی جگہہ پر لکھکر ایک دس ہزار ہاتھہ لگے کو دس ہزار کی جگہہ پر لکھدو

اِس طرح عمل کرنے سے جو لکیر کے تلے یہ عدد ۱۵۱۹۷ پیدا ہوا وہ دیے ہوئے سب عددوں کا حاصل جمع ہوا

اگر اوپر کی مثال میں ہم ہر ایک ہندسہ کی مقامی قیمت لکھیں تو عمل اِس طرح پر ہوگا

۹۷۰۳ = ۹۰۰۰ + ۷۰۰ + ۰۰ + ۳

۴۵۳۲ = ۴۰۰۰ + ۵۰۰ + ۳۰ + ۲

۹۲۷ = ۹۰۰ + ۲۰ + ۷

۳۵ = ۳۰ + ۵

اِن کالموں کے جمع کرنے سے مجموعہ حاصل ہوا

= ۱۳۰۰۰ + ۲۱۰۰ + ۸۰ + ۱۷

= ۱۳۰۰۰ + ۲۰۰۰ + ۱۰۰ + ۸۰ + ۱۰ + ۷

کیونکہ (۱۷ = ۷ + ۱۰ اور ۲۱۰۰ = ۱۰۰ + ۲۰۰۰)

= ۱۵۱۹۷ = ۱۵۰۰۰ + ۱۰۰ + ۹۰ + ۷

حاصلجمع کے صحیح یا غلط ہونیکی جانچ بہت سے طریقوں پر ہوسکتی ہے اُن میں سے ایک یہ ہے کہ ہندسوں کو دو دفعہ جمع کرو ایک دفعہ اوپر سے نیچے کیطرف جیسا کہ ہمنے اوپر کی مثال میں کیا ہے اور دوسری دفعہ نیچے سے اوپر کیطرف اگر دونوں دفعہ عددوں کا حاصلجمع ایک ہی ہو تو جانو کہ حاصلجمع صحیح ہے کیونکہ دو طریقوں میں ایک ہی قسم کی غلطی ہونیکا بہت کم شبہ ہوسکتا ہے

سوالات زبانی

(لڑکے جواب اپنے دل میں دریافت کرکے بتلاویں)

جمع کرو

(۱) ۸ اور ۷ — ۶ اور ۸ — ۱۲ اور ۹ (۲) ۸ اور ۹ — ۹ اور ۸ — ۴ اور ۵

(۳) ۲ اور ۹ — ۳ اور ۶ — ۶ اور ۹ (۴) ۷ اور ۲ — ۷ اور ۳ — ۸ اور ۳

(۵) ۳ اور ۸ — ۹ اور ۳ — ۲ اور ۲ (۶) ۷ اور ۲ — ۱۰ اور ۰ — ۵ اور ۱۴

(۷) ۱۱ اور ۹ — ۱۲ اور ۸ — ۲ اور ۱۶ (۸) ۱۶ اور ۵ — ۶ اور ۷ — ۶ اور ۱۵

(۹) ۱۳ اور ۷ — ۴ اور ۱۳ — ۱۹ اور ۱۵ (۱۰) ۱۸ اور ۱۷ — ۱۴ اور ۹ — ۷ اور ۵

(۱۱) ۱۳ اور ۲ — ۴ اور ۱۹ — ۱۷ اور ۶ (۱۲) ۱۱ اور ۱۲ — ۱۰ اور ۳ — ۸ اور ۱۳

(۱۳) ۱۷ اور ۴ — ۱۴ اور ۳ — ۲۱ اور ۹ (۱۴) ۰ اور ۱۳ — ۱۲ اور ۱۹ — ۱۳ اور ۱۷

(۱۵) ۰ اور ۱۳ — ۱۴ اور ۱۵ — ۱۹ اور ۷ (۱۶) ۱۱ اور ۱۶ — ۱۷ اور ۱۷ — ۱۶ اور ۷

(۱۷) ۱۳ اور ۱۷ — ۱۹ اور ۱۶ — ۱۶ اور ۲۵ (۱۸) ۷ اور ۱۸ — ۱۸ اور ۹ — ۱۱ اور ۱۸

(۱۹) ۱۳ اور ۱۶ — ۱۵ اور ۱۹ اور ۴ — ۱۸ اور ۱۷ (۲۰) ۱۱ اور ۱۷ — ۱۲ اور ۱۹ — ۱۰ اور ۱۷

(۲۱) ۱۰ اور ۲ — ۱۳ اور ۴ اور ۳۶ — ۱۹ اور ۱۶ اور ۱۴ اور ۱۵

(۲۲) ۱۳ اور ۰ اور ۱۷ — ۱۲ اور ۱۹ اور ۲۴ (۲۳) ۵ اور ۲۲ اور ۱۷ — ۴ اور ۵۰ اور ۸

(۲۴) ۱۳ اور ۱۹ اور ۱۸ اور ۱۷ — ۳۲ اور ۱۷ اور ۲

(۲۵) ۹ اور ۱۵ اور ۱۱ — ۲۰ اور ۱۶ اور ۲۳ — ۱۳ اور ۲۰ اور ۳

جمع کرو

(۲۶) (الف) ۵ سے ۹ تک — ۱۷ سے ۲۰ تک — ۷ سے ۱۵ تک

(ب) ۷ سے ۹ تک — ۱۹ سے ۲۹ تک — ۲۵ سے ۳۳ تک

(س) ۹ سے ۱۱ تک — ۱۰ سے ۲۲ تک — ۲۳ سے ۲۹ تک

(۲۷) ایک سے ۹ تک کے عدد زبانی جمع کرکے حاصل جمع بتاؤ

(۲۸) ۱۷ روپیہ اور ۹ روپیہ اور ۱۰ روپیہ اور ۳ روپیہ اور ۱۰ روپیہ ملکر کتنے روپیہ ہوتے ہیں

(۲۹) میرے ایک ہاتھ میں دس اشرفیاں ہیں اور دوسرے ہاتھ میں ۱۷ اشرفیاں ہیں تو بتلاؤ کہ ہمارے دونوں ہاتھوں میں کتنی اشرفیاں ہیں

(۳۰) ۱۵ سے ۱۰۰ تک کے عدد زبانی جمع کرکے حاصل جمع بتاؤ

مشق ۴

جمع کرو

(۱)
۵
۴
۲
۳

(۲)
۳
۸
۷
۲

(۳)
۴
۵
۷
۳

(۴)
۵
۷
۴
۸

(۵)
۸
۵
۳
۷

(۶)
۹
۳
۴
۵

(۷)
۹
۸
۷
۶

(۸)
۵
۴
۳
۲

(۹)
۶
۷
۵
۳

(۱۰)
۸
۶
۴
۲

(۱۱)
۸
۷
۶
۳

(۱۲)
۶
۴
۵
۷

(۱۳)
۷
۵
۸
۳

(۱۴)
۷
۹
۶
۵

(۱۵)
۶
۳
۵
۷

(۱۶)
۷
۵
۱
۴

(۱۷)
۸
۷
۳
۷

(۱۸)
۱
۲
۳
۴

(۱۹)
۵
۶
۷
۸

(۲۰)
۷
۸
۹
۶

(۲۱)
۳
۵
۴
۹

(۲۲)
۸
۷
۶
۹

(۲۳)
۷
۵
۸
۶

(۲۴)
۲
۱
۳
۹

(۲۵)
۸
۹
۷
۹

(۲۶)
۵۶
۴۲
۱۵

(۲۷)
۷۳
۲۶
۲۹

(۲۸)
۴۰
۳۷
۳۵

(۲۹)
۹۰
۵۰
۶۰

(۳۰)
۳۷۵
۳۰۸
۸۲

(۳۱) ۷۴۰ ۸۷۹ ۱۹۰

(۳۲) ۷۹ ۴۰ ۱۹۹

(۳۳) ۹۸۶ ۷۴۲ ۹۴۰

(۳۴) ۸۰۴ ۳۰۰ ۷۵۵

(۳۵) ۷۰۳ ۹۸ ۳۰۹

(۳۶) ۲۷۵ ۳۲۹ ۱۰۵

(۳۷) ۸۹۲ ۳۴۵ ۹۲۱

(۳۸) ۶۷۵ ۴۲۱ ۵۴۹

(۳۹) ۱ ۱ ۱ ۲۲۲ ۳۳۳

(۴۰) ۲۴۹ ۱۳۶ ۲۷

(۴۱) ۹۸ ۷۶ ۲۰۰

(۴۲) ۱۲۳ ۴۵ ۶۷۸

(۴۳) ۲۰۷ ۹۵ ۹۲۱

(۴۴) ۲۱۵ ۷۰۷ ۵۰۵

(۴۵) ۲۰۷ ۵۵ ۷

(۴۶) ۴۱۶ ۳۰۸ ۷۹۵

(۴۷) ۱۲۳ ۴۵۹ ۰۳۴

(۴۸) ۲۴۶ ۳۵۹ ۴۶۳

(۴۹) ۳۵۹ ۷۸۴ ۸۰

(۵۰) ۹۲۹ ۵۲۵ ۱۰۱

زبانی حساب

(لڑکے جواب اپنے دل میں دریافت کر کے بتا دیں)

(۱) ۳ + ۹ + ۷ + ۵ = ۲۴

(۲) ۶ + ۵ + ۱۱ + ۹ = ۳۱

(۳) ۴ + ۱۲ + ۳ + ۰ = ۱۹

(۴) ۷ + ۹ + ۱۱ + ۵ = ۳۲

(۵) ۳ + ۱۱ + ۹ + ۱۰ = ۳۳

(۶) ۵ + ۶ + ۱۸ + ۶ = ۳۶

(۷) ۹ + ۱۶ + ۳ + ۹ = ۳۴

(۸) ۸ + ۲۰ + ۷ + ۱ = ۳۶

(۹) ۱۰ + ۶ + ۷ + ۵ = ۲۸

(۱۰) ۰ + ۹ + ۴ + ۱۳ = ۲۶

(۱۱) ۱۳ + ۹ + ۱۵ + ۸ = ۴۵

(۱۲) ۱۶ + ۴ + ۱۰ + ۵ = ۳۶

(۱۳) ۱۱ + ۱۵ + ۱۲ + ۲ = ۴۰

(۱۴) ۱۹ + ۳ + ۴ + ۱۶ = ۴۲

(۱۵) ۱۵ + ۹ + ۱۰ + ۳ = ۳۷

(۱۶) ۱۲ + ۱۵ + ۰ + ۳ = ۳۰

(۱۷) ۳ + ۴۰ + ۵۰ + ۴ = ۹۷

(۱۸) ۲۰ + ۳۰ + ۱۰ + ۰ = ۶۰

(۱۹) ۳+۴+۲۵+۲۰=۵۲ (۲۰) ۴+۵+۶+۳۰=۴۵

مشق ۵

جمع کرو

(۱) ۶۰۷ (۲) ۸۰۹ (۳) ۱۰۱ (۴) ۳۰۳ (۵) ۶۵۰
۸ ۷۶۰ ۲۰۲ ۴۰۵ ۳۹۲
۹۰۵ ۵ ۳ ۴ ۴۱۵

(۶) ۲۳۲ (۷) ۳۱۷ (۸) ۹۱۰ (۹) ۲۰۲ (۱۰) ۵۰۱
۳۳۳ ۵ ۵۰۶ ۳۳۳ ۵۰۳
۴۴۴ ۶ ۳ ۵ ۲

(۱۱) ۲۶۷ (۱۲) ۳۴۳ (۱۳) ۴۰۴ (۱۴) ۱۰۰ (۱۵) ۱۸۲
۳۴۳ ۲۲۵ ۵۰۵ ۲ ۳۹۲
۹۰۲ ۱۱۰ ۳۰۳ ۳۰۵ ۵۷۱

(۱۶) ۹۶۳ (۱۷) ۷۹۱ (۱۸) ۶۹۵ (۱۹) ۸۰۲ (۲۰) ۱۲۷
۱۸۲ ۵۰۶ ۹۵۳ ۸۶۴ ۹۳۲
۵۷۹ ۳۸۴ ۸۵۷ ۸۶۶ ۷۰۲
۱۲۵ ۱۷۹ ۱۹۱ ۵۹۶ ۳۳۱

(۲۱) ۵۱۶ (۲۲) ۵۶۵ (۲۳) ۶۵۰ (۲۴) ۲۵۲ (۲۵) ۵۷۶۸
۷۸۳ ۴۳۶ ۳۹۲ ۶۰۶ ۹۰۱۲
۵۲۱ ۳۹۸ ۴۱۵ ۸۱۷ ۳۴۵۶
۶۶۸ ۳۲۵ ۶۸۶ ۳۹۷ ۷۸۹۱
۲۶۴ ۷۹۱ ۷۳۵ ۹۷۴ ۲۳۴۵

(۲۶) ۳۹۵۷ (۲۷) ۷۸۵۴ (۲۸) ۳۹۵۳ (۲۹) ۳۱۹۸ (۳۰) ۲۱۶
۱۲۶۸ ۳۱۴۱ ۱۲۷۶ ۳۵۶۹ ۳۱۵
۹۸۵۴ ۶۹۵۷ ۳۹۱۹ ۷۳۵۲ ۸۶۰
۷۳۶۹ ۲۷۱۸ ۴۵۷۸ ۱۱۲۷ ۸۵
۱۲۷۵ ۲۸۴۵ ۹۰۳۷ ۳۹۶۴

(۳۱) ایک کتاب میں ۸۰ تصویریں ہیں دوسری میں ۷۳ تیسری میں ۱۲ اور چوتھی کتاب میں ۵۵ تو بتاؤ کل کتاب میں کتنی تصویریں ہیں

(۳۲) رام قلموں کی چار صندوقچیں بازار سے لایا پہلی میں ۶۵ قلمیں دوسری میں ۷۴ تیسری میں ۸۰ اور چوتھی میں ۱۰۱ قلمیں ہیں تو بتاؤ کہ رام کے پاس کُل کتنی قلمیں ہیں

(۳۳) لچھمن سومدار کو ۳۵ میل چلا منگل کو ۲۵ میل بدھ کو ۳۱ میل برہسپت کو ۲۰ میل جمعہ کو ۲۰ میل اور سنیچر کو ۱۹ میل بتاؤ کہ کل ہفتہ میں وہ کتنے میل چلا

(۳۴) نیچے لکھے ہوئے مربعوں میں ثابت کرو کہ ہر ایک کالم کے خانوں کا مجموعہ چاہے جس طریقہ سے جمع کیا جاوے خواہ دو خانوں کا ہو یا سب خانوں کا ہمیشہ ایک ہی ہوگا اور مجموعہ بتلاؤ

۳	۹	۵	۱۵
۱۲	۸	۱۰	۲
۱۱	۱	۱۳	۷
۶	۱۴	۴	۸

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

سوالات زبانی

(لڑکے جواب اپنے دل میں دریافت کرکے بتاویں)

(۱) ۴۰ + ۲۰ + ۶۰ + ۷۰ = ۱۹۰ (۲) ۲۰ + ۱۹ + ۳ + ۸ = ۵۰

(۳) ۰ + ۱۵۰ + ۳ + ۲ = ۱۵۵ (۴) ۳ + ۲۰۱ + ۴ = ۲۰۸

(۵) رام نے ایک نارنگی ۵ پیسہ میں خریدی اور ایک آم نارنگی سے ۷ پیسہ زیادہ میں خریدا بتاؤ کہ اُسکو دونوں کی کیا قیمت دینی پڑی

(۶) بابو رام کے پاس ۲۷ روپیہ ہیں اور رام رتن کے پاس ۹ روپیہ ہیں تو بتاؤ کہ دونوں کے پاس کسقدر روپیہ ہیں

(۷) میں نے ایک میز ۱۹ روپیہ میں خریدی اور ایک کرسی ۹ روپیہ میں بتاؤ کہ میں نے

کل کیا خرچ کیا

(۸) اگر ایک روپیہ کے ۱۶ آم آتے ہیں تو بتاؤ کہ ۲ روپیہ کے کتنے آم آویں گے

(۹) تمہاری عمر ۱۵ برس کی ہے اور تمہارا بھائی تم سے ۶ برس بڑا ہے بتاؤ کہ تمہارے بھائی کی کیا عمر ہے

(۱۰) ایک آدمی نے ایک گھڑی ۳۳ روپیہ کی خریدی اور ۶ روپیہ کے نفع سے بیچدی بتاؤ کہ اسکو کل روپیہ کتنا ملا

(۱۱) ایک آدمی نے ۱۹ روپیہ اپنی عورت کو، ۶ روپیہ اپنے لڑکے کو اور ۴ روپیہ اپنی لڑکی کو دیے بتاؤ کہ اسنے کل کتنا روپیہ تقسیم کیا

(۱۲) میں نے ایک آدمی کو ۱۰ آنہ دیے اور دوسرے کو ۶ آنہ اس سے زیادہ دیے تو بتلاؤ کہ میں نے دوسرے آدمی کو کیا دیا

(۱۳) رام کرشن نے دو پٹاری انگور کی بحساب ۴ آنہ فی پٹاری اور ۸ نارنگی بحساب ایک آنہ فی نارنگی خریدیں بتاؤ کہ اس نے کل خرچ کیا کیا

(۱۴) ایک آدمی کچھ روپیہ لیکر بازار کو گیا اور وہاں پر اس نے ۱۰ روپیہ کا کپڑا خریدا اور ۹ روپیہ کی ٹوپی خریدی اور جب گھر پر واپس آیا تو اس کے پاس ۸ روپیہ بچ رہے بتاؤ کہ وہ کتنا روپیہ لیکر بازار کو گیا تھا

(۱۵) تمہاری عمر ۱۰ برس کی ہے اور تمہاری بہن تم سے ۲ برس بڑی ہے اور تمہاری بہن سے تمہاری ماں ۱۸ برس بڑی ہے اور تمہارا باپ تمہاری ماں سے ۴ برس بڑا ہے بتاؤ کہ تمہارے باپ کی عمر کے برس کی ہے

مشق ۶

جمع کرو

(۱) ۱۱۵ ۲۴۷ ۳۷۳

(۲) ۵۰۴۹ ۶۳۷۵ ۷۴۶۴

(۳) ۱۷۹ ۳۴۰ ۴۶۷۳

(۴) ۲۷۵ ۲۰۸ ۱۷۴۰

(۵) ۲۸۷۹ ۳۸۲ ۱۹۰

(۶) ۲۲۹ ۱۱۲ ۵۴

(۷) ۳۰۵ ۲۹ ۱۰۰۰۷

(۸) ۷۹۱ ۲۳۰ ۱۰۰۲۷

(۹) ۸۷۵ ۲۲۰۷ ۵۰۹

(۱۰) ۹۳۰ ۳۳۸۱ ۶۷۸

(۱۱) ۴۲۹ ۷ ۴۸ ۹۴۷۶

(۱۲) ۳۰۹۸ ۲۰۷ ۴۰ ۳۲۹

(۱۳) ۳۸۰۷ ۳۰۱ ۴ ۵۰۰

(۱۴) ۴۵۹ ۶ ۲۳۷ ۴۵۲۹

(۱۵) ۱۹۳۷۲ ۸۹۷۵۶ ۱۹۳۷۳ ۴۹۱۰۸

مشق ۷

(۱) ۶۴+۴۳+۶+۸۱+۳

(۲) ۲۵+۲۵۰+۲۵+۳۵۰+۲+۲۰۵

(۳) ۲۹۵+۲۹+۹۵۰+۲+۵۰

(۴) ۶۲+۴۹+۶۷۹+۵۹+۵۰۰

(۵) ۹۹+۹۹۹+۱۹۹+۹

(۶) ۳۹+۴۹+۵۰۹+۶۶۹+۲۹۸

(۷) ۴۰+۶۰+۳۹۰+۱۰۰+۶۶۰

(۸) ۲۰+۱۰۵+۳۰۱+۱۰۰۰+۲۶۱

(۹) ۱۵+۱۰۰+۹۰۱+۳۰۳+۳۱۲

(۱۰) ۷۲+۳۵۶+۱۰۵+۲۰۵

(۱۱) ۴۲۶+۳۷۴۲+۲۷-۴۲۵+۹۵+۱۲

(۱۲) ۹+۹۷۶۲۳+۳۴۰۶+۸۶+۷۰۰۰۹

(۱۳) ۲۴۵۹+۴۵۶+۵۶+۹+۶۰۰۰+۶۷۸۹+۹۸۴۵۳۰۷۸۹

(۱۴) ۴۹۹+۳۰۷۲۴۳+۷۲۹+۸۰۰۰۰۰۰۰+۷

(۱۵) جمع کرو پانچہزار تین سو دو - اور پچاس ہزار چھپیں - اور اُنتالیس - اور تین سو تیس کو

(۱۶) جمع کرو پندرہ ہزار سات سو چھیانوے - اور تین لاکھ دو سو سات - اور آٹھ ہزار ایک اور اسی کو

(۱۷) جمع کرو چھ ارب ستر - اور چار کروڑ پانچہزار پچاسی - اور تین سو - اور سات لاکھ نوسو نو کو

(۱۸) ایک شہر میں ۲۹۸۴۶۷ ہندو ہیں و ۱۸۷۴۲۹ مسلمان ۲۴۳۰ عیسائی اور ۶۷۳۰ یہودی بستے ہیں بتاؤ کہ اُس شہر کی کُل آبادی کتنی ہے

(۱۹) ایک سوداگر نے ۲۵۱۲۳ بورے چاول کے بہرائچ سے اور ۱۰۹۴۸ بورے بریلی سے اور ۱۴۴۹۰ بورے پیلی بھیت سے خریدے بتاؤ کہ اُس نے کُل کتنے بورے چاول کے خریدے

(۲۰) ملکہ وکٹوریا قیصر ہند ۱۸۳۷ء میں ہندوستان کے تخت پر بیٹھی اور ساٹھویں سال تخت نشینی کے جشن جوبلی ہوا تو بتاؤ کہ کس سنہ میں جشن جوبلی ہوا

(۲۱) سر آئزک نیوٹن صاحب ۱۶۴۲ء میں پیدا ہوئے اور ۸۴ برس کی عمر میں مرے تو بتاؤ کہ کس سنہ میں مرے

(۲۲) ایک شخص نے ۳۷۱۷ روپیہ میں خریدے اور ۶۴ نارنگی ۶ روپیہ میں خریدیں اور ۹۰ امرود ۳ روپیہ میں خریدے بتاؤ کہ اُس نے کتنے پھل کتنے روپیہ میں خریدے

(۲۳) ایک آدمی نے ایک گاڑی ۲۶۳ روپیہ میں خریدی اور ایک گھوڑا ۱۶۰ روپیہ میں خریدا اور دونوں کو ۴۳ روپیہ کے نفع سے بیچڈالا بتاؤ کہ اُسکو دونوں چیزوں کا

کتنا روپیہ ملا

(۲۴) وہ کونسا عدد ہے جسمیں سے اگر ۵۴۳۴ نکال ڈالیں تو ۴۵ بچیں

(۲۵) دو عددوں میں چھوٹا عدد ۲۸۶ ہے اور بڑے عدد سے ۱۴ اور کم ہے بتاؤ کہ بڑا عدد کتنا ہے

(۲۶) مسٹر ہرپشاد ۱۸۵۵ء میں پیدا ہوا تھا بتاؤ کہ وہ کونسے سنہ میں ۴۴ برس کا ہوگا

(۲۷) ایک مدرسہ میں ۴ درجہ ہیں اوّل درجہ میں ۲۳ طلباء ہیں دوسری میں ۴۹ اور تیسری میں اوّل درجہ سے ۱۶ زیادہ ہیں اور چوتھی میں دوسری سے ۱۲ زیادہ ہیں بتاؤ کہ اس مدرسہ میں کتنے طلباء ہیں

(۲۸) ایک شخص نے ۴ ٹوکرے نارنگیوں کے خریدے پہلے میں ۷۵ نارنگیاں ہیں دوسرے میں پہلے سے ۳۴۴ زیادہ ہیں اور تیسرے میں دوسرے سے ۹۰ زیادہ ہیں اور چوتھے میں تیسرے سے ۲۶۵ زیادہ ہیں بتاؤ کہ چاروں ٹوکروں میں کتنی نارنگیاں ہیں

(۲۹) مدراس میں ۹۷۲ بندر ہیں اور گوکل میں مدراس سے دوگنے ہیں اور بندرابن میں گوکل سے دوگنے اور متھرا میں بندرابن سے دوگنے تو بتاؤ کہ چاروں جگہ کے ملاکر کتنے ہیں اور خاص متھرا میں کتنے بندر ہیں

(۳۰) وہ عدد بتاؤ کہ جس میں سے اگر ۶۷۸۶ نکالڈالیں اور پھر اسی میں سے ۹۱۳۳ نکالڈالیں تو ..... ۲ باقی بچیں

تفریق بسیط

۱۷- بڑے عدد میں سے چھوٹے عدد کو گھٹانے کے بعد جو بچ رہے اُسکے دریافت کرنیکی ترکیب کو تفریق کہتے ہیں اور اُس بچے ہوئے عدد کو باقی کہتے ہیں

یہ نشان - تفریق کا ہی جس عدد کے پہلے یہ نشان لکھا جاتا ہی اُس سے یہ مُراد ہی کہ وہ عدد دوسرے عدد میں سے جو اُس نشان کے پہلے لکھا ہی گھٹایا گیا ہی اِس نشان - کو نشان نفی بھی کہتے ہیں مثلاً ۹ - ۵ سے یہ سمجھا جاتا ہی کہ ۵ کو ۹ میں سے گھٹانا ہی اور ۹ - (۳ + ۴) سے یہ مُراد ہی کہ ۳ و ۴ کے حاصل جمع کو ۹ میں سے گھٹانا ہی اور ۹ - (۷ - ۳) سے یہ مطلب ہی کہ ۷ میں سے ۳ گھٹا کر جو عدد باقی رہے اُسکو ۹ میں سے گھٹانا ہی اور ۹ + (۷ - ۳) سے یہ غرض ہی کہ ۷ میں سے ۳ گھٹا کر جو عدد باقی رہے اُسکو ۹ میں جوڑنا ہی

۱۸- جب لڑکا پہلے پہل کسی چھوٹے عدد کو کسی دوسرے بڑے عدد میں سے گھٹاتا ہی تو اصل میں وہ اُن اکائیوں میں سے جن سے چھوٹا عدد بنا ہی ہر ایک اکائی کو بڑے عدد میں سے الگ الگ گھٹاتا ہی مثلاً ۵ میں سے ۳ کو اکائیوں میں توڑ کر اس طرح گھٹاتا ہی ۳ = ۱ + ۱ + ۱

اگر ان اکائیوں میں سے ہمنے ایک اکائی ۵ میں سے نکال لی تو ۴ بچ رہے پھر دوسری اکائی ۴ میں سے نکال لی تو ۳ باقی رہے پھر تیسری اکائی ۳ میں سے نکال لی تو ۲ باقی رہے

لیکن مشق کرنے سے وہ کسی عدد میں سے دوسرے چھوٹے عدد کو جو دس سے چھوٹا ہو بغیر اُسکو اکائیوں میں توڑے ہوئے گھٹا سکتا ہی مثلاً وہ کہہ سکتا ہی کہ ۷ - ۴ = ۳ اور ۱۸ - ۵ = ۱۳ اور ۴۹ - ۸ = ۴۱ اور وغیرہ وغیرہ

۱۹- جب ۵، ۸ لکھے ہوں یعنی کسی چھوٹے عدد میں سے بڑے عدد کو گھٹانا ہو تو بڑے عدد میں سے چھوٹے عدد کو گھٹا لینے کے بعد جو کچھ باقی رہے اُسکو

لکھکر اُسکے داہنی طرف نفی کا نشان رکھدو مثلاً

۵ - ۸ = ۳ -

۲۰- لڑکوں کو نیچے لکھا ہوا گھٹانے کا نقشہ نوک زبان کرلینا چاہیئے

۲ گھٹایا ۲ میں	۳ گھٹایا ۳ میں	۴ گھٹایا ۴ میں	۵ گھٹایا ۵ میں	۶ گھٹایا ۶ میں	۷ گھٹایا ۷ میں	۸ گھٹایا ۸ میں	۹ گھٹایا ۹ میں
سے بچا ۱	سے بچا ۱	سے بچا ۱	سے بچا ۱	سے بچا ۱	سے بچا ۱	سے بچا ۱	سے بچا ۱
۳ " ۲	۴ " ۲	۵ " ۲	۶ " ۲	۷ " ۲	۸ " ۲	۹ " ۲	۱۰ " ۲
۴ " ۳	۵ " ۳	۶ " ۳	۷ " ۳	۸ " ۳	۹ " ۳	۱۰ " ۳	۱۱ " ۳
۵ " ۴	۶ " ۴	۷ " ۴	۸ " ۴	۹ " ۴	۱۰ " ۴	۱۱ " ۴	۱۲ " ۴
۶ " ۵	۷ " ۵	۸ " ۵	۹ " ۵	۱۰ " ۵	۱۱ " ۵	۱۲ " ۵	۱۳ " ۵
۷ " ۶	۸ " ۶	۹ " ۶	۱۰ " ۶	۱۱ " ۶	۱۲ " ۶	۱۳ " ۶	۱۴ " ۶
۸ " ۷	۹ " ۷	۱۰ " ۷	۱۱ " ۷	۱۲ " ۷	۱۳ " ۷	۱۴ " ۷	۱۵ " ۷
۹ " ۸	۱۰ " ۸	۱۱ " ۸	۱۲ " ۸	۱۳ " ۸	۱۴ " ۸	۱۵ " ۸	۱۶ " ۸
۱۰ " ۹	۱۱ " ۹	۱۲ " ۹	۱۳ " ۹	۱۴ " ۹	۱۵ " ۹	۱۶ " ۹	۱۷ " ۹
۱۱ " ۱۰	۱۲ " ۱۰	۱۳ " ۱۰	۱۴ " ۱۰	۱۵ " ۱۰	۱۶ " ۱۰	۱۷ " ۱۰	۱۸ " ۱۰
۱۲ " ۱۱	۱۳ " ۱۱	۱۴ " ۱۱	۱۵ " ۱۱	۱۶ " ۱۱	۱۷ " ۱۱	۱۸ " ۱۱	۱۹ " ۱۱

۲۱- پیشتر اِسکے کہ ہم اُس عدد کے گھٹانے کا جو دس سے بڑا ہو قاعدہ لکھیں ایک اصول کہ جسپر اِس قاعدہ کی بنا یعنی جڑ ہو بیان کرنے کی ضرورت ہو

جسوقت ہم کسی دو عددوں کا مقابلہ اِس غرض سے کریں کہ اُنکا فرق دریافت کریں تو ہم بڑے عدد میں دس اِکائیاں مِلا سکتے ہیں۔ اگر ہم چھوٹے عدد میں ایک سیکڑہ ملاویں اور وغیرہ وغیرہ

فرض کرو کہ ہم ۶۵ اور ۳۹ کا فرق دریافت کرنا چاہتے ہیں تو اُس کے دریافت کرنے میں ہماری دلیل کا سلسلہ یہ ہو

۶۵ = چھ دہائیاں اور پانچ اِکائیاں اور ۳۹ = تین دہائیاں اور ۹ اِکائیاں

پہلے عدد میں دس اکائیاں ملائیں اور دوسرے عدد میں ایک دہائی تو

جو عدد حاصل ہوتے وہ یہ ہیں

پہلا چھ دہائیاں اور ۱۵ اکائیاں

دوسرا چار دہائیاں اور ۹ اکائیاں

اِسلئے پہلا عدد دوسرے عدد سے بقدر دو دہائیوں اور چھ اکائیوں کے بڑا ہی اور اِسلئے اُن کا فرق یہ عدد ۲۶ ہی

۲۲ - اُن عددوں کے گھٹانیکا قاعدہ جو دو یا زیادہ ہندسوں سے بنے ہوتے ہوں یہ ہی

قاعدہ - چھوٹے عدد کو بڑے عدد کے نیچے اِسطرح لکھو کہ اِکائی اِکائی کے تلے اور دہائی دہائی کے تلے اور سیکڑہ سیکڑہ کے تلے ہو اور اِسی طرح آگے کا ہر مرتبہ یعنی جگہ کا ہندسہ اپنی جگہ کے ہندسے کے تلے ہو پھر چھوٹے عدد کے تلے ایک آڑی لکیر کھینچو اب داہنی طرف سے چھوٹے عدد کے ہر ہندسہ کی اِکائیوں کو بڑے عدد کے ہندسہ کی اِکائیوں میں سے جو اُسکے اوپر ہی اگر لے سکو لو اور جو کچھ بچے اُسکو لکیر کے تلے اِس طرح لکھو کہ اِکائی اِکائی کے تلے ہو دہائی دہائی کے تلے سیکڑہ سیکڑہ کے تلے اور اِسی طرح آگے کے ہر مرتبہ کا ہندسہ اپنے مرتبہ کے تلے ہو اگر چھوٹے عدد کا کوئی ہندسہ ایسا ہو کہ اُس کی اِکائیاں بڑے عدد کے اُس ہندسہ سے جو ٹھیک اُسکے اوپر ہی زیادہ ہوں اور اِسلئے تفریق نہو سکیں تو اوپر کے ہندسوں میں دس ملا لو اور اب جو عدد حاصل ہو اُن میں سے اُن اِکائیوں کو گھٹاؤ اور جو کچھ بچے اُسکو موافق سابق کے لکھدو اور ایک حاصل مان کر چھوٹے عدد میں آگے کے مرتبہ کے ہندسہ کے ساتھ اُسکو ملا لو تو جو عدد لکیر کے تلے ہندسوں سے بنے گا

دیے ہوئے عددوں کی باقی ہو گی

مثال ۱۔ ۸۷۵ میں سے ۵۴۳ کو گھٹاؤ

۸۷۵
۵۴۳
۳۳۲

۸۷۵ سے ۵۴۳ چھوٹا ہے اسلئے ۵، ۸۷ کے تلے ۳، ۵ کے تلے ۴ اور ۸ کے تلے ۵ ہے داہنی طرف سے شروع کر کے جب ۵ اکائیوں میں سے ۳ اکائیاں گھٹائی گئیں تو رہیں ۲ اکائیاں اسلئے ۲ کو لکیر کے تلے اکائی کے نیچے لکھا اور جب ۷ دہائیوں میں سے ۴ دہائیوں کو گھٹایا تو رہیں ۳ دہائیاں اسلئے ۳ کو دہائی کے نیچے لکھا اور جب ۸ سیکڑوں میں سے ۵ سیکڑے گھٹائے تو رہے ۳ سیکڑے اسلئے ۳ کو سیکڑے کے نیچے لکھا اسلئے دیے ہوئے عددوں کا فرق ۳۳۲ ہے

مثال ۲۔ ۸۰۰۷ میں سے ۴۳۷۵ کو گھٹاؤ

۸۰۰۷
۴۳۷۵
۳۶۳۲

۷ اکائیاں ۳ اکائیوں سے زیادہ ہیں اسلئے ۱۰ اکائیاں ملائیں تو سب ۱۳ اکائیاں ہوئیں۔ اب ۱۳ اکائیوں میں سے ۷ اکائیوں کو گھٹایا ۶ اکائیاں بچ رہیں اسلئے ۶ کو اکائی کے تلے لکھا۔ چونکہ ہم نے ۱۰ اکائیاں یعنی ۱ دہائی اوپر کے عدد میں ملائی تھی اسلئے ۱ دہائی نیچے کے عدد میں بھی ۳ دہائیوں کے ساتھ ملائی۔ اب نیچے کے عدد میں سب ۴ دہائیاں ہوئیں ان چار دہائیوں کو ۰ دہائیوں میں سے گھٹایا تو ۶ دہائیاں بچ رہیں اسلئے ۶ کو دہائی کے تلے لکھا سیکڑہ کی جگہ پر اوپر کے عدد میں ۰ ہے اور چار سیکڑوں کو ۰ میں سے گھٹا نہیں سکتے اسلئے بجائے صفر کے ۱۰ سو لیا اور ۱۰ سو میں سے ۴ سو گھٹایا تو ۶ سو بچ رہے اسلئے ۶ کو سیکڑہ کے نیچے لکھا چونکہ ہم نے ۱۰ سو یعنی ایک ہزار اوپر کے عدد میں ملایا تھا اسلئے ایک ہزار نیچے کے عدد میں بھی پانچ ہزار کے ساتھ ملایا۔ اب نیچے کے عدد میں سب ۶ ہزار ہوئے ان ۶ ہزار کو ۸ ہزار میں

سے گھٹایا تو ۲ ہزار بچ رہے اسلئے ۲ کو ہزار کے تلے لکھا اسلئے دیے ہوئے عددوں کا فرق ۲۶۳۶ ہے

۲۳- اگر اوپر کی مثالوں میں سے ہر ایک ہندسہ کی مقامی قیمت لکھی جاوے تو عمل اس طرح پر ہوگا

مثال ۱- ۵۷۸ = ۵ + ۷۰ + ۸۰۰

۳۴۵ = ۳ + ۴۰ + ۵۰۰

فرق = ۲ + ۳۰ + ۳۰۰

چونکہ ۵ اکائیوں کو ۸ اکائیوں میں سے گھٹایا رہیں ۳ اکائیاں

۴۰ اکائیوں کو ۷۰ اکائیوں میں سے گھٹایا رہیں ۳۰ اکائیاں

۵۰۰ اکائیوں کو ۸۰۰ اکائیوں میں سے گھٹایا رہیں ۳۰۰ اکائیاں

اسلئے فرق = ۲ + ۳۰ + ۳۰۰ = ۳۳۲

مثال ۲- ۸۰۷۳ = ۳ + ۷۰ + ۸۰۰۰

= ۳ + ۱۰ + ۶۰ + ۱۰۰۰ + ۷۰۰۰

(چونکہ ۳ - ۱۰ = ۷ اور ۱۰۰۰ - ۷۰۰۰ = ۸۰۰۰)

= ۱۳ + ۶۰ + ۱۰۰۰ + ۷۰۰۰

۷۴۳۵ = ۵ + ۳۰ + ۴۰۰ + ۷۰۰۰

∴ فرق = ۶ + ۳۰ + ۶۰۰ + ۲۰۰۰ = ۲۶۳۶

فرق کے صحیح اور غلط ہونیکی جانچ - فرق کے عدد اور اُس عدد کو جو گھٹایا گیا ہے جمع کرو اگر حاصل جمع وہی ہو جو بڑا عدد ہے تو جانو کہ فرق صحیح ہے

۲۴- پیشتر اسکے کہ ہم مشق کے لئے تفریق کے سوال لکھیں مثال کے لئے تین ایسے سوال حل کریں گے جن میں جمع اور تفریق دونوں کا عمل کرنا پڑتا ہے

مثال ۱ ۷ - ۳ + ۵ - ۲ - ۴ + ۸ کس عدد کے برابر ہے

ایسے سوال میں جن عددوں کے پیشتر علامت جمع کی ہو یا کوئی علامت نہو (شروع کے عدد کے پہلے اگر کوئی علامت نہو تو اُسکے پہلے علامت جمع کی سمجھی جاتی ہے) اُن کی حاصل جمع دریافت کرکر اُسکے پیشتر علامت جمع کی سمجھو اور جن عددوں کے پیشتر علامت تفریق یعنی نفی کی ہووے اُن کی حاصل جمع دریافت کرکے اُسکے پیشتر علامت نفی کی لکھو پھر دونوں حاصل جمع کا فرق دریافت کرو یعنی اوپر کی مثال میں اِس طرح عمل کرو

۷ - ۳ + ۵ - ۲ - ۴ + ۸ = ۷ + ۵ + ۸ - ۳ - ۲ - ۴ = ۲۰ - ۹ = ۱۱

مثال ۲ ۲۷ + (۵ + ۸ - ۳) کس عدد کے برابر ہے

اِس مثال میں عمل اِس طرح ہوگا

۲۷ + (۵ + ۸ - ۳) = ۲۷ + (۱۳ - ۳) = ۲۷ + ۱۰ = ۳۷

مثال ۳ ۵ - (۳ + ۷ - ۱۸ + ۲) کی قیمت دریافت کرو

جب وحدانی خطوں کے پہلے علامت نفی کی ہو تو وحدانی خطوں کے اندر علامت مثبت کے بجائے علامت نفی کی اور علامت نفی کی جگہ علامت مثبت لکھکر وحدانی خطوں کو دُور کردو مثلاً اوپر کی مثال میں عمل اِس طرح ہوگا

۵ - (۳ + ۷ - ۱۸ + ۲) = ۵ - ۳ - ۷ + ۱۸ - ۲

= ۵ + ۱۸ - ۳ - ۷ - ۲

= ۲۳ - ۱۲ = ۱۱

سوالات زبانی

گھٹاؤ

(۱) ۸ میں سے ۳ کو و ۸ میں سے ۵ کو

(۲) ۹ میں سے ۴ کو و ۱۱ میں سے ۶ کو و ۹ میں سے ۵ کو

(۳) ۱۲ میں سے ۷ کو و ۱۳ میں سے ۹ کو و ۱۴ میں سے ۸ کو

(۴) ۱۱ میں سے ۳ کو و ۱۳ میں سے ۷ کو اور ۱۵ میں سے ۹ کو

(۵) ۱۷ میں سے ۱۲ کو و ۱۸ میں سے ۵ کو و ۹ میں سے ۷ کو

(۶) ۱۸ میں سے ۱۱ کو و ۲۰ میں سے ۱۳ کو و ۲۲ میں سے ۹ کو

(۷) ۲۳ میں سے ۱۷ کو و ۲۷ میں سے ۹ کو و ۳۸ میں سے ۱۵ کو

(۸) ۴۹ میں سے ۷ کو و ۵۵ میں سے ۱۱ کو (۹) ۶۷ میں سے ۱۲ کو و ۳۷ میں سے ۹ کو

(۱۰) ۵۷ میں سے ۱۵ کو (۱۱) ۱۱ و ۷ کے حاصل جمع میں سے ۹ کو

(۱۲) ۱۲ اور ۸ کے حاصل جمع میں سے ۱۱ کو (۱۳) ۶۷ اور ۱۵ کے حاصل جمع میں سے ۳۵ کو

(۱۴) ۲۵ میں سے ۱۳ اور ۵ کے حاصل جمع کو (۱۵) ۳۴ میں سے ۷ اور ۸ کے حاصل جمع کو

(۱۶) ۱۷ اور ۹ کے حاصل جمع کو ۲۶ میں سے (۱۷) ۱۸ اور ۷ کے حاصل جمع کو ۱۴ اور ۱۱ کے حاصل جمع میں سے اور ۱۵ اور ۱۳ کے حاصل جمع کو ۳۱ میں سے

(۱۸) ۱۳ اور ۲۵ کے حاصل جمع میں سے ۷ اور ۱۷ کے حاصل جمع کو

(۱۹) ۲۳ اور ۵ کے فرق میں سے ۳ و ۴ کے حاصل جمع کو

(۲۰) ۲۵ اور ۸ کے فرق میں سے ۱۹ اور ۷ کے فرق کو ۔

مشق ۸

گھٹاؤ

(۱) ۹۵	(۲) ۱۱۲	(۳) ۱۱۵	(۴) ۲۱۵	(۵) ۹۸۲
۴۲	۳۲	۹۸	۹۵	۳۰۰

(۶) ۶۸۵ / ۱۰۱ (۷) ۷۲۹ / ۱۹ (۸) ۷۹۰ / ۶۳۰ (۹) ۴۸۰ / ۲۹۰ (۱۰) ۹۷۶ / ۷۷۷

(۱۱) ۶۶۶ / ۵۵۵ (۱۲) ۶۵۶ / ۶۵۷ (۱۳) ۳۲۱ / ۱۲۳ (۱۴) ۲۷۵ / ۱۳۹ (۱۵) ۳۳۵ / ۲۵۷

(۱۶) ۳۳۴ / ۳۲۵ (۱۷) ۲۹۵ / ۱۹۵ (۱۸) ۳۵۶ / ۲۳۷ (۱۹) ۹۹۰ / ۹۹ (۲۰) ۷۰۰ / ۶۵۴

(۲۱) ۲۱۰ / ۱۰۷ (۲۲) ۸۰۵ / ۸۰ (۲۳) ۳۱۳ / ۱۲۶ (۲۴) ۲۲۰ / ۱۰۲ (۲۵) ۷۰۶ / ۷۰

(۲۶) ۶۰۰ / ۵۰۲ (۲۷) ۶۰۰ / ۴۳ (۲۸) ۹۹۲ / ۲۹۹ (۲۹) ۵۲۵ / ۴۷۳ (۳۰) ۸۷۵ / ۷۷۷

(۳۱) ۷۷۷ / ۶۶۶ (۳۲) ۳۰۴ / ۷۷ (۳۳) ۲۱۵ / ۲۱ (۳۴) ۵۰۸ / ۹۰ (۳۵) ۱۰۰۰ / ۱۰۱

(۳۶) ۱۰۰۰ / ۹۸۹ (۳۷) ۱۱۱۰ / ۱۰۱۱ (۳۸) ۱۲۳۴ / ۱۰۰۱ (۳۹) ۲۰۰۰ / ۱۹۹۹ (۴۰) ۹۹۹۹ / ۷۷۷۷

(۴۱) ۳۵۶۸ / ۴۹۵۶ (۴۲) ۷۵۰۸۴۰ / ۷۳۲۰۸

سوالات زبانی

(لڑکے جواب اپنے دل میں دریافت کرکے بتلادیں)

(۱) ۹+(۴-۲)=۱۱ (۲) ۱۸-(۳+۶)=۹ (۳) (۴۸-۴)-(۹+۱۸)=۵۳

(۴) ۲۶-۱۲-۳-۴=۷ (۵) ۱۷-۸+۶+۲-۹=۸ (۶) ۴+۲-۵-۰+۲۰=۲۱

(۷) ۱۴-۶-۳+۵-۱۰=۰ (۸) ۲+۱۰-۱۱+۱۹-۲۰=۰

(۹) ۱۰+۰-۹+۱۴-۱۲=۳ (۱۰) ۱۹+۱۱-۱۷+۲-۴=۱۱

(۱۱) ۷-۳+۱۸-۴-۱۰+۶=۱۴ (۱۲) ۱۳+۹-۴-۸+۵-۱۰=۵

(۱۳) کتنا زیادہ ہے ۳۴ سے ۳۹ و ۲۵ سے ۴۰ و ۲۷ سے ۴۱ و ۱۷ سے ۲۵ و ۱۹ سے ۲۸ و ۱۱ اور ۱۳ کے حاصل جمع سے ۲۹ و ۳ اور ۴ اور ۷ کے حاصل جمع سے ۱۹ و ۱۴ سے ۵ اور ۱۱ کا حاصل جمع و ۲۴ اور ۹ کا فرق ۵ سے و ۱۸ سے ۲۷ اور ۳ کا فرق و ۲۹ اور ۱۱ کا فرق ۲۷ اور ۹ کے فرق سے

(۱۴) تم اپنی بہن سے ۹ پیسے کی ٹوپی کو ۳ پیسے کی گڑیا اور کے پیسے نقد دیکر لے سکتے ہو اور ہم اپنے بھائی کو ۴ پیسے کے آم اور ۳ پیسے کا کھلونا اور کے پیسے نقد دیکر اُس سے ۱۹ پیسے کی انگور کی ٹہاری لے سکتے ہیں

(۱۵) دو ہندسوں سے بنا ہوا سب سے بڑا عدد تین ہندسوں سے بنے ہوئے سب سے چھوٹے عدد سے کتنا کم ہے اور چار ہندسوں سے بنا ہوا سب سے چھوٹا عدد تین ہندسوں سے بنے ہوئے سب سے بڑے عدد سے کتنا زیادہ ہے

(۱۶) ۱۰۱ کے عدد میں دونوں ہندسوں آ کی قیمت کا فرق بتاؤ اور اگر ۲۰ میں سے صفر مٹا دیا تو اُس کی قیمت کتنی کم کر دی

(۱۷) تمہارا باپ ۳۳ برس کا اور تمہاری عمر ۹ برس کی ہے بتاؤ کہ تمہارا باپ تم سے کے برس بڑا ہے

(۱۸) ہمارے صندوقچہ میں ۳۹ روپیہ رکھے تھے اُس میں سے ۲۲ روپیہ خرچ ہو گئے بتاؤ کہ اب اُس میں کتنے روپیہ ہیں

(۱۹) تمہارے باپ کی ۱۸ برس کی عمر میں تمہارا سب سے بڑا بھائی پیدا ہوا جب تمہارے باپ کی عمر ۳۹ برس کی ہوگی تو تمہارے بھائی کی کیا عمر ہوگی

(۲۰) تمہارے باپ نے ۴۵ روپیہ میں سے ۶ روپیہ تم کو اور ۷ روپیہ تمہاری بہن کو اور

۸ روپیہ تمہارے بھائی کو اور باقی تمہارے ماں کو دیدیے بتاؤ کہ تمہاری ماں کو کتنے روپیہ دیے

مشق ۹

نیچے لکھے ہوئے عددوں میں سے چھوٹے عدد کو بڑے عدد میں سے گھٹا کر باقی نکالو

(۱) ۹۵ − ۴۵

(۲) ۴۹۱ − ۶۳

(۳) ۱۷۳ − ۸۹

(۴) ۱۶۵۴ − ۹۶۵

(۵) ۳۹۱ − ۱۹۳

(۶) ۱۰۰۰ − ۷۴۵

(۷) ۱۶۰۵ − ۹۹۹

(۸) ۴۵۶۷۳ − ۶۰۸۵

(۹) ۵۴۳۷۶ − ۲۳۲۵۶

(۱۰) ۶۴۳۲۷ − ۶۳۲۱۵

(۱۱) ۵۳۴۰ − ۳۶۸۱

(۱۲) ۵۳۱۶۰ − ۲۶۸۷

(۱۳) ۹۳۸۷۲۶ − ۱۲۴۳۱۱

(۱۴) ۳۸۳۳۰ − ۳۷۶۵۱

(۱۵) ۷۱۹۳۸۴ − ۲۰۶۱۲۳

(۱۶) ۵۵۲۴۷ − ۴۳۲۰۸

(۱۷) ۸۶۹۲۵۰ − ۲۳۲۹۳۷

(۱۸) ۶۰۰۰۳۰۲۰ − ۵۰۰۳۰۴۹

(۱۹) ۶۷۸۲۰۳۰۵ − ۸۷۵۳۲۱۲

(۲۰) ۷۳۵۵۴۰۰۰۰ − ۳۰۰۰۰۰۲۱

مشق ۱۰

نیچے لکھے ہوئے جملوں کی قیمت دریافت کرو

(۱) ۷۸ − ۲۹ + ۸۵

(۲) ۱۲۹ − ۳۴۵ + ۲۳

(۳) ۷ − ۹ + ۵ + ۳ + ۱

(۴) ۴۴۷ + ۶۰۹ − ۳۱۷

(۵) ۷۱۵ − ۹۵۸ − ۱۶۷۳

(۶) ۱ − ۲۴ + ۱۲۷ − ۴۶ + ۵۸

(۷) ۲۷ − ۹ + ۷ + ۵ + ۲۳

(۸) ۳۷ − ۴ + ۵۴ + ۲۹

(۹) ۹۹ − ۳ + ۳۳ + ۳۳

(۱۰) ۱۲۰ − (۳۰ + ۴۰ + ۵۰)

(۱۱) ۶۴۳۸ + ۸۷۳۲ − ۲۵۷۳

(۱۲) ۳۵۷۸ − ۴۵۰۰۱ + ۹۸۵۳ − ۹۳۴۵

(۱۳) ۵۳۷۶ - ۸۳۱ + ۱۸۰۰ - ۳۰۰ + ۹۲۱ - ۳۴۵ (۱۴) ۹۸۷ + (۸۳ + ۲۵ - ۳۰۵) - ۲۷

(۱۵) ۳۲۵ - (۴۵ + ۱۲۷ - ۱۴۴ - ۹۳) (۱۶) (۷۲۷ + ۳۴ - ۵۵۷) - (۳۴۹ - ۱۵۲)

(۱۷) (۹۷۱۲ - ۹۳۲) اور (۹۵۴ - ۷۶۴) میں کیا فرق ہے

(۱۸) نیچے لکھے ہوئے عددوں میں سے ہر ایک میں کونسا عدد ملایا جاوے کہ حاصل جمع ۳۰۰۰ ہووے ۱۷۰۵ و ۹۴۵ و ۸۸۹ و ۳۲۵۲۲ و ۱۹۴۹۳ و ۲۴۷۳

مشق ۱۱

(۱) ۴۰۱ میں سے کونسا عدد گھٹایا جاوے کہ ۳۰۲ بچ رہیں

(۲) ۱۴۱۲۹ اور ۳۰۰۷ کا فرق ۳۱۲ اور ۷۰۰۶ کے حاصل جمع سے کتنا زیادہ ہے

(۳) ۵۱۴ و ۹۷۹ و ۱۹۳۶ و ۴۰۹ کے حاصل جمع میں کونسا عدد زیادہ کیا جاوے کہ حاصل جمع ۹۲۱۶ اور ۴۴۰۹ کے فرق کے برابر ہو

(۴) کسی دو عددوں کا حاصل جمع ۱۳۶۳ ہے اور ایک اُن میں سے ۴۸۶ ہے بتاؤ کہ دوسرا عدد کونسا ہے

(۵) کسی دو عددوں کا فرق ۲۱۷ ہے اور اُن میں سے ایک ۱۲۷۹ ہے تو دوسرا عدد کیا ہوگا

(۶) کسی تین عددوں کا حاصل جمع ۴۵۱۳ ہے پہلا عدد ۱۲۱۵ ہے اور دوسرا عدد پہلے عدد سے ۳۴۹ کم ہے بتاؤ کہ تیسرا عدد کیا ہے

(۷) ایک آدمی کے پاس ۱۰۰۰۰ روپیہ موجود ہے بتاؤ کہ اُسکو کتنا قرضہ لینا چاہیے کہ وہ ۱۳۶۴۰ روپیہ میں ایک جائداد خرید لیوے

(۸) ایک لڑکے سے پانچ لاکھ تین ہزار تین لکھنے کو کہا گیا اُس نے ۵۰۳۰۳ لکھا تو بتاؤ کہ اُس نے کسقدر کم لکھا

(۹) خزانچی نے اپنی بہی میں بجائے تین لاکھ چھتّر ہزار سات کے ۳۰۰۷۶۰۰ لکھا تو بتاؤ کہ اُس نے کتنا زیادہ لکھا

(۱۰) موہن کے ۹ برس کی عُمر میں لڑکا اور ۳۰ برس کی عمر میں پوتا پیدا ہوا تو بتاؤ کہ لڑکے اور پوتے کی کیا عُمر ہوگی جب موہن کی عُمر ۸۳ برس کی ہوگی اور جب پوتے کی عُمر ۱۲ برس کی ہے تو باپ اور دادا کی کیا عُمر ہوگی

(۱۱) جو شخص ۱۸۴۱ء میں پیدا ہوا تھا اُس کی عمر اب ۱۹۰۶ء میں کیا ہے

(۱۲) ایک مدرسہ میں ۲۱۰ لڑکے ہیں اور دوسرے مدرسہ میں ۱۴۵ لڑکے ہیں اگر پہلے مدرسہ سے ۴۵ لڑکے چھوڑ کر دوسرے مدرسہ میں آجاویں تو دوسرے مدرسہ میں پہلے مدرسہ سے کتنے لڑکے زیادہ ہو جاویں گے

(۱۳) ایک گاڑی اور گھوڑے کی قیمت ملکر ۲۹۱۶ روپیہ ہے اور گاڑی کی قیمت گھوڑے کی قیمت سے ۵۸۴ روپیہ زیادہ ہے بتاؤ کہ گھوڑے کی کیا قیمت ہے

(۱۴) موہن اور سوہن اور روہن کے گھوڑے سب ملکر ۸۳ ہیں اور موہن اور اور سوہن کے ملکر ۶۲ اور سوہن اور روہن کے ملکر ۵۰ ہیں تو بتاؤ کہ موہن کے کتنے اور سوہن کے کتنے اور روہن کے کتنے گھوڑے ہیں

(۱۵) پانی پت کے میدان میں بابر اور ابراہیم کے درمیان لڑائی ہوئی اب ۱۹۰۶ء میں ۳۸۰ برس ہوئے تو بتاؤ کہ کس سنہ میں وہ لڑائی ہوئی تھی

(۱۶) رام ۳۰ برس کا تھا جب اُسکے لڑکا پیدا ہوا بتاؤ کہ لڑکے کی کیا عُمر ہوگی جب رام کی عمر ۵۰ برس کی ہے

ضرب بسیط

۲۵- جس ترکیب سے ہم کسی دیے ہوئے عدد کا جو بار بار جمع کیا گیا ہے مجموعہ دریافت کرتے ہیں اُس ترکیب کو ضرب کہتے ہیں اور اِسلئے ضرب ایسے عددوں کے جمع کرنیکا جو آپس میں برابر ہیں مختصر طریقہ ہے مثلاً جب ۷ کو ۳ سے ضرب دیں تو جو عدد ضرب دینے سے حاصل ہوگا وہ مجموعہ ہے جو ۷ کو ۳ بار جمع کرنے سے حاصل ہوتا ہے اور یہ مجموعہ برابر ہے ۷ + ۷ + ۷ یعنی ۲۱ کے

جس عدد کو ضرب دیتے ہیں یعنی جسکو بار بار جمع کرتے یعنی جوڑتے ہیں اُس کو **مضروب** کہتے ہیں اور جو عدد یہ ظاہر کرتا ہے کہ مضروب کو بار جمع کیا گیا یعنی جوڑا گیا ہے اُسکو **مضروب فیہ** کہتے ہیں اور جو عدد ضرب دینے سے حاصل ہوتا ہے اُسکو **حاصل ضرب** کہتے ہیں

جب کوئی عدد کسی اور دو یا زیادہ عددوں کو آپس میں ضرب دینے سے حاصل ہو تو اُن دو یا زیادہ عددوں میں سے ہر ایک کو اُس عدد کا **جز ضربی** کہتے ہیں مثلاً ۲ اور ۳ کو آپس میں ضرب دینے سے ۶ حاصل ہوتے ہیں تو ۲ اور ۳ اور ۶ میں سے ہر ایک ۶ کا جز ضربی ہے اِسلئے ضرب میں مضروب اور مضروب فیہ دونوں حاصل ضرب کے اجزاء ضربی ہیں اور کبھی اُن کو **مضروبین** کہتے ہیں

مضروبین میں سے ایک خواہ مضروب یا مضروب فیہ عدد مجرد ہونا چاہیے کیونکہ یہ کہنا کہ ۵ روپیوں کو چار روپیوں سے ضرب دو بے معنی ہے لیکن ہم ۵ روپیوں کو ۴ سے ضرب دے سکتے ہیں یعنی دریافت کر سکتے ہیں کہ ہم ۵ روپیہ کو ۴ بار لیں تو سب کتنے روپیہ ہونگے

۲۶- نیچے لکھے ضرب کے نقشوں کو جنکو پہاڑہ کہتے ہیں لڑکے نوک زبان کرلیں

پہاڑہ ضرب نمبر ۱

ایکن	دونا	تیہ	چوک	پنجے	چھک	ستے	اٹھے	نواں	دہام
۲	۴	۶	۸	۱۰	۱۲	۱۴	۱۶	۱۸	۲۰
۳		۹	۱۲	۱۵	۱۸	۲۱	۲۴	۲۷	۳۰
۴			۱۶	۲۰	۲۴	۲۸	۳۲	۳۶	۴۰
۵				۲۵	۳۰	۳۵	۴۰	۴۵	۵۰
۶					۳۶	۴۲	۴۸	۵۴	۶۰
۷						۴۹	۵۶	۶۳	۷۰
۸							۶۴	۷۲	۸۰
۹								۸۱	۹۰
۱۰									۱۰۰

پہاڑہ ضرب نمبر ۲

ایکن	دونا	تیہ	چوک	پنجے	چھک	ستے	اٹھے	نواں	دہام
۱۱	۲۲	۳۳	۴۴	۵۵	۶۶	۷۷	۸۸	۹۹	۱۱۰
۱۲	۲۴	۳۶	۴۸	۶۰	۷۲	۸۴	۹۶	۱۰۸	۱۲۰
۱۳	۲۶	۳۹	۵۲	۶۵	۷۸	۹۱	۱۰۴	۱۱۷	۱۳۰
۱۴	۲۸	۴۲	۵۶	۷۰	۸۴	۹۸	۱۱۲	۱۲۶	۱۴۰
۱۵	۳۰	۴۵	۶۰	۷۵	۹۰	۱۰۵	۱۲۰	۱۳۵	۱۵۰
۱۶	۳۲	۴۸	۶۴	۸۰	۹۶	۱۱۲	۱۲۸	۱۴۴	۱۶۰
۱۷	۳۴	۵۱	۶۸	۸۵	۱۰۲	۱۱۹	۱۳۶	۱۵۳	۱۷۰
۱۸	۳۶	۵۴	۷۲	۹۰	۱۰۸	۱۲۶	۱۴۴	۱۶۲	۱۸۰
۱۹	۳۸	۵۷	۷۶	۹۵	۱۱۴	۱۳۳	۱۵۲	۱۷۱	۱۹۰
۲۰	۴۰	۶۰	۸۰	۱۰۰	۱۲۰	۱۴۰	۱۶۰	۱۸۰	۲۰۰

حساب کتاب

پہاڑہ ضرب نمبر ۳

	گیارہم	بارہم	تیرہم	چودہم	پندرہم	سولہم	سترہم	اٹھارہم	اُنیہم	بیہم
۱۱	۱۲۱	۱۳۲	۱۴۳	۱۵۴	۱۶۵	۱۷۶	۱۸۷	۱۹۸	۲۰۹	۲۲۰
۱۲		۱۴۴	۱۵۶	۱۶۸	۱۸۰	۱۹۲	۲۰۴	۲۱۶	۲۲۸	۲۴۰
۱۳			۱۶۹	۱۸۲	۱۹۵	۲۰۸	۲۲۱	۲۳۴	۲۴۷	۲۶۰
۱۴				۱۹۶	۲۱۰	۲۲۴	۲۳۸	۲۵۲	۲۶۶	۲۸۰
۱۵					۲۲۵	۲۴۰	۲۵۵	۲۷۰	۲۸۵	۳۰۰
۱۶						۲۵۶	۲۷۲	۲۸۸	۳۰۴	۳۲۰
۱۷							۲۸۹	۳۰۶	۳۲۳	۳۴۰
۱۸								۳۲۴	۳۴۲	۳۶۰
۱۹									۳۶۱	۳۸۰
۲۰										۴۰۰

سوالات زبانی

(۱) کتنا ہے ۳ کا ۶ گنا و ۴ کا ۳ گنا و ۷ کا ۵ گنا و ۱۲ کا ۹ گنا و ۹ کا ۵ گنا و ۵ کا ۹ گنا

(۲) ۹ کا ۶ گنا و ۶ کا ۱۲ گنا و ۱۱ کا ۷ گنا و ۱۳ کا ۵ گنا و ۱۴ کا ۷ گنا و ۱۲ کا ۸ گنا و ۱۷ کا ۸ گنا

(۳) ۹ کا ۳ گنا و ۱۳ کا ۷ گنا و ۱۲ کا ۱۱ گنا و ۱۹ کا ۶ گنا و ۱۶ کا ۱۶ گنا و ۱۵ کا ۸ گنا و ۱۸ کا ۳ گنا

(۴) حاصل ضرب بتاؤ ۳ اور ۱۱ کا و ۱۷ اور ۵ کا و ۱۶ اور ۸ کا و ۱۴ اور ۱۱ کا و ۱۵ اور ۹ کا و ۱۵ اور ۷ کا و ۱۶ اور ۸ کا و ۱۵ اور ۷ کا

(۵) ۱۸ اور ۷ کا و ۲۰ اور ۵ کا و ۲۵ اور ۴ و ۱۹ اور ۹ کا و ۱۸ اور ۷ کا و ۱۷ اور ۸ کا

(۶) ۸ کے ۱۸ گنے و ۱۲ کے ۱۲ گنے میں کیا فرق ہے

(۷) ۱۵ کا ۲ گنا اور ۱۸ کا ۱۱ گنا ان دونوں میں کو سنا بڑا ہے اور کسقدر

۲۷- یہ نشان × ضرب کا ہے جب دو عددوں کے درمیان یہ نشان ہوتا ہے تو اُس سے یہ مُراد ہے کہ یہ دونوں عدد آپس میں ضرب دیے گئے ہیں مثلاً ۵ × ۳ سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ ۵ اور ۳ آپس میں ضرب دیے گئے ہیں

۲۸- جن عددوں کے درمیان ضرب کا نشان ہو اُن میں سے تم کسی عدد کو دوسرے سے ضرب دو خواہ پہلے عدد کو پچھلے عدد سے خواہ پچھلے عدد کو پہلے سے حاصل ضرب دونوں صورتوں میں ایک ہی ہوگا یعنی ۳ گُنا ۴ = ۴ گُنا ۳ یا ۳ × ۴ = ۴ × ۳ کیونکہ ۴ × ۳ = ۴ + ۴ + ۴

= (۱+۱+۱+۱) + (۱+۱+۱+۱) + (۱+۱+۱+۱)

= ۱+۱+۱+۱
+ ۱+۱+۱+۱ } = ۳ × ۴
+ ۱+۱+۱+۱

اگر ہم ایک کے ہندسوں کو داہنی طرف سے بائیں طرف تک لیتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ ۴ ایک ۳ بار لئے جاتے ہیں اور اگر ہم ایک کو اوپر سے نیچے تک لیتے ہیں تو ہم دیکھتے ہیں کہ ۳ ایک ۴ بار لئے جاتے ہیں

لیکن آسانی کے لئے دو عددوں میں سے جنکو آپس میں ضرب دینا ہے بڑے عدد کو مضروب اور چھوٹے کو مضروب فیہ مانو یعنی بڑے عدد کو چھوٹے سے ضرب دو

۲۹- جب جمع اور تفریق اور ضرب تینوں کے نشان یا جمع اور ضرب کے نشان یا تفریق اور ضرب کے نشان کسی ایک ہی جملہ میں ہوں جیسے کہ اِن جملوں میں ہیں

(۱) ۳ × ۵ + ۸ - ۲

(۲) ۴+۳×۵

(۳) ۶×۵-۱۴

تو پہلے عمل ضرب کا کرو اور اُسکے بعد عمل جمع اور تفریق کا ان جملوں میں سے

پہلا جملہ = ۱۵+۸-۲=۲۳-۲=۲۱

اور دوسرا جملہ = ۴+۱۵=۱۹

اور تیسرا جملہ = ۳۰-۱۴=۱۶

۳۰-۰×۴ یا ۵×۰=۰ یعنی جب کوئی عدد صفر سے ضرب دیا جاوے یا صفر کسی عدد سے ضرب دیا جاوے تو دونوں صورتوں میں حاصل ضرب صفر ہوگا

۳۱- ایسے دو عددوں کا حاصل ضرب جن میں سے ہر ایک ۲۰ سے کم ہے پہاڑوں کے نقشہ سے جسکو ہم اوپر لکھ چکے ہیں اور جسکو لڑکے خوب یاد کرلیں معلوم ہوسکتا ہے اب ہم ایسے عددوں کے جن میں سے ایک ۲۰ سے بڑا ہے اور دوسرا ۱۰ سے کم ہے حاصل ضرب دریافت کرنے کا قاعدہ لکھتے ہیں

قاعدہ - جو عدد ۲۰ سے بڑا ہے اُسکو مضروب مانکر اوپر لکھو اور چھوٹے عدد کو مضروب فیہ مانکر بڑے عدد کی اکائی کے ہندسہ کے تلے لکھو اور اُسکے نیچے ایک آڑی لکیر کھینچو اب مضروب کی اکائی کے ہندسہ کو مضروب فیہ سے ضرب دو اور جو کچھ حاصل ہو اُسکی اکائی کے ہندسہ کو اکائی کی جگہ لکیر کے تلے لکھو اور دہائی کے ہندسہ کو ہاتھ لگا سمجھو پھر مضروب کی دہائی کے ہندسہ کو مضروب فیہ سے ضرب دو اور حاصل ضرب میں جو ہندسہ ہاتھ لگا تھا اُسکو جمع کرو اِس حاصل جمع میں جو اکائی کا ہندسہ ہو اُسکو لکیر کے تلے دہائی کی جگہ پر لکھو اور باقی ہندسہ کو ہاتھ لگا سمجھو پھر اِسیطرح آگے

بھی ہر ایک حاصل جمع کے اکائی کے ہندسہ کو لکیر کے تلے سیکڑہ وغیرہ کی جگہہ میں لکھو اور دہائی کے ہندسہ کو ہاتھ لگا سمجھو اسی طرح آخر تک کرو آخر میں جو حاصل ہو سب کا سب آخر جگہہ پر رکھدو تب جو عدد لکیر کے تلے پیدا ہوگا وہ دیے ہوئے عددوں کا حاصل ضرب ہوگا۔

مثال ۱۔ ۴۰۳۰۵ کو ۸ سے ضرب دو ۵۳۷۴ مضروب

۴۲۹۹۲ حاصل ضرب فیہ

اس جگہہ ضرب دیتے وقت اس طرح بولتے ہیں آٹھ چوکے بتیس کے دو (یوں کہکر لکیر کے تلے ۲ لکھکر بولتے ہیں) ہاتھ لگا تین۔ آٹھ ستے چھپن اور تین اُنسٹھہ کے ۹ (تب ۹ کو دہائی کی جگہہ میں لکھکر کہتے ہیں) ہاتھ لگا پانچ۔ آٹھ تے چوبیس اور پانچ انتیس کے ۹ (تب ۹ کو سیکڑہ کی جگہہ پر لکھکر بولتے ہیں) ہاتھ لگا دو۔ آٹھ پنجے چالیس اور دو بیالیس۔ بیالیس کے بیالیس (۴۲ سب کا سب لکھدیا)

۳۲۔ اگر کسی عدد کو ۱۰ سے ضرب دینا ہو تو اُس عدد کے داہنی طرف ایک صفر لکھدو اور ۱۰۰ سے ضرب دینا ہو تو دو صفر اور اگر ۱۰۰۰ سے ضرب دینا ہو تو تین صفر اور اسیطرح ۱۰۰۰۰ اور ۱۰۰۰۰۰ وغیرہ سے ضرب دینے کے لئے چار اور پانچ وغیرہ صفر لکھدو مثلاً

۶۲۵×۱۰=۶۲۵۰ اور ۶۲۵×۱۰۰=۶۲۵۰۰ اور ۶۲۵×۱۰۰۰=۶۲۵۰۰۰

۳۳۔ اگر کسی عدد کو ۲۰ سے ضرب دینا ہو تو پہلے ۲ سے ضرب دو اور جو کچھ حاصل ہو اُسکے داہنی طرف ایک صفر لکھنے سے جو عدد پیدا ہوگا وہی حاصل ضرب ہوگا

پھر اگر کسی عدد کو ۲۰۰ سے ضرب دینا ہو تو اُس عدد کو ۲ سے ضرب دیکر جو کچھ حاصل ہو اُسکے داہنی طرف دو صفر لکھدو

اس قسم کے ضرب کے حاصل دریافت کرنے کا طریقہ یہ ہے یعنی ہم کسی عدد

۴۲۷۶ کو ۷۰۰ سے اور ۱۴۲۳۹ کو ۶۰۰۰ سے اس طرح ضرب دیتے ہیں

۴۲۷۶	۱۴۲۳۹
۷۰۰	۶۰۰۰
۲۹۹۳۲۰۰	۸۵۴۳۴۰۰۰

اب فرض کرو کہ ہمارا مضروب فیہ ایسا عدد ہے کہ دو یا زیادہ ہندسوں سے بنا ہوا ہے مثلاً ۵۴۷۳ ہے چونکہ ۵۴۷۳ = ۳ + ۷۰ + ۴۰۰ + ۵۰۰۰ اسلئے مضروب کے عدد کو ضرب کے اُن قاعدوں کے مطابق جو ہم نے اوپر بیان کئے ہیں پہلے ۳ سے ضرب دو پھر ۷۰ سے ضرب دو اور پھر ۴۰۰ سے ضرب دو اُن حاصل ضربوں کو جمع کے قاعدہ کے مطابق جوڑ دو جو کچھ حاصل جمع ہوگا وہی حاصل ضرب مطلوب ہوگا کسی عدد ۵۲۷ کو ۴۷۳ سے ضرب دینے کا عمل اس طرح لکھا جاتا ہے

۵۲۷
۴۷۳
۱۵۸۱
۳۶۸۹۰
۲۱۰۸۰۰
۲۴۹۲۷۱

چونکہ اوپر کے عمل میں شروع کے صفروں کا حاصل جمع پر کچھ اثر نہیں ہے اسلئے اُن صفروں کو دُور کرکے عمل اس طرح کرتے ہیں

۵۲۷
۴۷۳
۱۵۸۱
۳۶۸۹
۲۱۰۸
۲۴۹۲۷۱

اس عمل کے دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ جو حاصل ضرب ۳ سے ضرب دینے

سے پیدا ہوا ہے وہ ۳ کے تلے سے شروع کیا گیا ہے اور جو حاصل ضرب ۷ سے ضرب دینے سے پیدا ہوا ہے وہ ۷ کے تلے سے شروع ہوا ہے اور جو حاصل ضرب ۴ سے ضرب دینے سے پیدا ہوا ہے وہ ۴ کے تلے سے شروع ہوا ہے اسلیئے اوپر کے بیان سے یہ معلوم ہوا کہ جب مضروب فیہ دو یا زیادہ عددوں سے بنا ہو تو اُس کے ضرب دینے کا قاعدہ یہ ہے

قاعدہ۔ مضروب فیہ کو مضروب کے تلے اِس طرح لکھو کہ مضروب فیہ کی اِکائی کا ہندسہ مضروب کی اِکائی کے ہندسہ کے تلے ہو اور دہائی کا ہندسہ دہائی کے ہندسہ کے نیچے اور اسی طرح سیکڑہ اور ہزار وغیرہ کے ہندسے ہوں اور مضروب فیہ کے تلے ایک آڑی لکیر کھینچو پھر مضروب فیہ کے ہر ہندسہ سے مضروب کو اُس قاعدہ کے مطابق جو اوپر بیان ہوا ہے ضرب دیکر جو حاصل ضرب آویں اُن کو اسطرح لکھو کہ جس ہندسہ سے ضرب دینے سے حاصل ضرب پیدا ہوا ہے وہ اُسی ہندسہ کی جگہ کے نیچے سے شروع ہو یعنی وہ ہندسہ اور حاصل ضرب کا شروع ایک ہی کھڑی لکیر کی سیدھ میں ہوں اُس کے بعد اُن سب حاصل ضربوں کو جمع کے قاعدہ کے مطابق جمع کرو جو کچھ حاصل جمع آویگا وہ دیے ہوئے عددوں کا حاصل ضرب ہوگا

اگر مضروب فیہ کے ہندسوں میں ایک یا زیادہ صفر ہوں تو چونکہ صفر سے ضرب دینے سے صفر ہوتا ہے اُن صفر کی جگہوں کے تلے صفر لکھدو یا کچھ نہ لکھو

مثال ۱ ۵۹۳۷۹ کو ۵۲۶ سے ضرب دو

۵۹۳۷۹
۵۲۶
۳۵۶۲۷۴
۱۱۸۷۵۸
۲۹۶۸۹۵
۳۱۲۳۳۵۴

مثال ۲ ۷۴۳۰۲۷ کو ۹۴۰۸ سے ضرب دو

۷۴۳۰۲۷	۷۴۳۰۲۷
۹۴۰۸	۹۴۰۸
۵۹۴۴۲۱۶	۵۹۴۴۲۱۶
۰۰۰۰۰۰۰	۲۹۷۲۱۰۸
۲۹۷۲۱۰۸	۶۶۸۷۲۴۳
۶۶۸۷۲۴۳	۶۹۹۰۳۹۸۰۱۶
۶۹۹۰۳۹۸۰۱۶	

مثال ۳ ۷۰۴۰۷ کو ۳۰۷۰۰ سے ضرب دو

۷۰۴۰۷
۳۰۷۰۰
۴۹۲۸۴۹۰۰
۲۱۱۲۲۱
۲۱۶۱۴۹۴۹۰۰

۳۴۔ ضرب دینے سے جو حاصل ہو اُس کے صحیح یا غلط ہونے کی جانچ اِس طرح سے ہوسکتی ہے کہ مضروب کو مضروب فیہ اور مضروب فیہ کو مضروب بنا کر ضرب دو اگر اِس صورت میں بھی حاصل ضرب وہی ہو جو پہلے حاصل ہوا تھا تو جان لو کہ حاصل ضرب صحیح ہے

۳۵۔ ابتک ہم نے دو ہی عددوں کے حاصل ضرب کا بیان کیا ہے لیکن دو سے زیادہ عدد بھی آپس میں ضرب دیئے جاسکتے ہیں اور اُنکے حاصل ضرب کو حاصل ضرب متواتر کہتے ہیں مثلاً ۳ × ۴ × ۵ حاصل ضرب متواتر ۳ اور ۴ اور ۵ کا ہے ایسی صورت میں دو عددوں کو پہلے ضرب دیتے ہیں اور جو کچھ ضرب سے حاصل ہو اُسکو تیسرے عدد سے ضرب دیتے ہیں اور جو کچھ حاصل ہوتا ہے وہ تینوں عددوں کا حاصل ضرب متواتر ہوتا ہے اگر تین سے زیادہ عدد ہوں تو تین عددوں کا حاصل

ضرب متواتر دریافت کرکے اُس کو چوتھے عدد سے ضرب دو جو کچھ حاصل ہوگا وہ چاروں عددوں کا حاصل ضرب متواتر ہوگا اور اسی طرح پانچ چھ وغیرہ عددوں کا حاصل ضرب متواتر دریافت ہو سکتا ہے

۳۶- جب کسی حاصل ضرب کے سب جز ضربی آپس میں برابر ہوں تو وہ حاصل ضرب ایک جز ضربی کی قوت کہلاتا ہے مثلاً ۳×۳×۳ کو ۳ کی دوسری قوت کہتے ہیں اور ۵×۵×۵ کو ۵ کی تیسری قوت کہتے ہیں اور ۷×۷×۷×۷×۷ کو ۷ کی چوتھی قوت کہتے ہیں یعنی حاصل ضرب میں جتنی دفعہ کوئی عدد بطور جز ضربی کے استعمال ہو اُس حاصل ضرب کو اُتنی ہی قوت اُس عدد کی کہیں گے اور ہر عدد کو خود بھی اُس عدد کی پہلی قوت کہتے ہیں۔ مثلاً ۵ پہلی قوت ۵ کی ہے۔ ہر عدد کی دوسری قوت کو بعض اوقات اُس عدد کا مربع اور مجذور کہتے ہیں اور تیسری قوت کو مکعب کہتے ہیں

۳۷- عددوں کی قوت کے لکھنے کا ایک نہایت مختصر طریقہ یہ ہے کہ بجائے اُس کو بار بار بطور جز ضربی کے لکھنے کے ہم اُس عدد کو ایک دفعہ لکھکر اوسکے اوپر اُتنے کا عدد جتنی دفعہ وہ بطور جز ضربی کے استعمال ہوا ہے لکھدیتے ہیں مثلاً $۳^{۲}$ سے مُراد ۳×۳ ہے اور $۵^{۳}$ سے مُراد ۵×۵×۵ ہے اور $۷^{۱}$ اور ۷ کے معنی ایک ہی ہیں

۳۸- پیشتر اِس کے کہ ہم مشق کے لئے ضرب کے سوال لکھیں اِن تین باتوں کا بیان کرنا ضرور ہے جنکو لڑکے یاد کرلیں۔ اوّل یہ کہ کسی دو عددوں کے مجموعہ کا مربع برابر ہے اُن عددوں کے مربعوں اور اُن کے حاصل ضرب کے دُونے کے مجموعہ کے مثلاً

$(۷+۹)^{۲} = ۷^{۲}+۹^{۲}+۲×۷×۹$

اگر کسی عدد ۳۵ کا مربع (۲۸۰۹) معلوم ہے تو ہم اُس کے وسیلہ سے ایسے

عددوں کے کہ جیسے ۵۳۲ اور ۵۰۳ اور ۵۳۶ وغیرہ ہیں مربعے آسانی سے اِس طرح دریافت کر سکتے ہیں

$۵۳۲^۲ = (۵۳۰+۲)^۲ = ۵۳۰^۲ + ۲^۲ + ۲ \times ۲ \times ۵۳۰ = ۲۸۰۹۰۰ + ۴ + ۲۱۲۰ =$

$= ۲۸۳۰۲۴$

اور $۵۰۳^۲ = (۵+۵۰۳)^۲ = ۵۰۳^۲ + ۵^۲ + ۲ \times ۵ \times ۵۰۳ = ۲۸۰۹۰۰ + ۲۵ + ۵۰۳۰ =$

$= ۲۸۶۲۲۵$

اور $۵۳۶^۲ = (۶+۵۳۰)^۲ = ۵۳۰^۲ + ۶^۲ + ۲ \times ۶ \times ۵۳۰ = ۲۸۰۹۰۰ + ۳۶ + ۶۳۶۰ =$

$= ۲۸۷۲۹۶$

دوسرے یہ کہ دو عددوں کے فرق کا مربع برابر ہے اُس عدد کے جو اُن عددوں کے مربعوں کے مجموعہ اور اُن کے حاصل ضرب کے دُونے کے درمیان فرق ہے مثلاً

$(۹-۳)^۲ = ۹^۲ + ۳^۲ - ۲ \times ۳ \times ۹$

اِسی کے وسیلہ سے ہم ایسے عددوں کے جیسے کہ ۹۹ اور ۹۹۹ اور ۹۸ وغیرہ ہیں مربعے بہت آسانی سے اِسی طرح دریافت کر سکتے ہیں

$۹۹^۲ = (۱۰۰-۱)^۲ = ۱۰۰^۲ + ۱^۲ - ۲ \times ۱۰۰ = ۱۰۰۰۰ + ۱ - ۲۰۰ = ۱۰۰۰۱ - ۲۰۰ =$

$= ۹۸۰۱$

اور $۹۹۹^۲ = (۱۰۰۰-۱)^۲ = ۱۰۰۰^۲ + ۱^۲ - ۲ \times ۱ \times ۱۰۰۰ = ۱۰۰۰۰۰۰ + ۱ - ۲۰۰۰ =$

$= ۱۰۰۰۰۰۱ - ۲۰۰۰ =$

$= ۹۹۸۰۰۱$

اور $۹۸^۲ = (۱۰۰-۲)^۲ = ۱۰۰^۲ + ۲^۲ - ۲ \times ۲ \times ۱۰۰ = ۱۰۰۰۰ + ۴ - ۴۰۰ = ۱۰۰۰۴ - ۴۰۰ =$

$= ۹۶۰۴$

تیسرے یہ کہ کسی دو عددوں کے مربعوں کا فرق برابر ہے اُن عددوں کے مجموعہ اور فرق کے حاصل ضرب کے مثلاً ۵۷ - ۴۳ = (۵۷ + ۴۳) × (۵۷ - ۴۳)

= ۱۰۰ × ۱۴ = ۱۴۰۰

سوالات زبانی

(۱) کتنا ہے ۷ کا ۵ گنا و ۱۶ کا ۶ گنا و ۹ کا ۱۲ گنا و ۱۶ کا ۷ گنا و ۸ کا ۸ گنا

(۲) ۱۳ کا ۱۲ گنا و ۱۴ کا ۱۶ گنا و ۱۵ کا ۷ گنا و ۱۱ کا ۱۲ گنا اور ۱۲ کا ۱۴ گنا

(۳) حاصل ضرب بتلاؤ ۱۵ اور ۱۳ کا و ۱۲ اور ۱۲ کا و ۷ اور ۵ کا

(۴) ۱۹ اور ۸ کا و ۷ اور ۱۴ کا (۵) دو عددوں کا حاصل جمع ۷ ہے اور ایک ۱ اُن میں سے ۹ ہے اُن دونوں عددوں کا حاصل ضرب بتلاؤ

(۶) ایک سوال میں مضروب فیہ ۷ اور مضروب ۶ ہے بتاؤ کہ حاصل ضرب کیا ہے

(۷) اگر ایک من چاولوں کی قیمت ۵ روپیہ ہے تو ۱۲ من چاولوں کی قیمت کیا ہوگی

مشق ۱۲

ضرب دو

(۱) ۵ × ۴۸۵۶۴	(۲) ۸ × ۳۲۱۹۷	(۳) ۹ × ۴۳۵۶۸
(۴) ۷ × ۲۶۷۹۸	(۵) ۶ × ۹۱۰۸۹	(۶) ۷ × ۵۰۱۶۹۸
(۷) ۶ × ۲۷۰۵۸۶	(۸) ۱۲ × ۹۶۸۳۴	(۹) ۶ × ۶۰۰۰۹۷
(۱۰) ۹ × ۸۰۷۹۱۰	(۱۱) ۱۱ × ۹۳۶۰۴۲	(۱۲) ۱۲ × ۳۱۹۴۷۲
(۱۳) ۱۰ × ۶۴۷۶۰۸	(۱۴) ۸ × ۲۱۹۸۴۶	(۱۵) ۷ × ۴۰۹۸۰۴
(۱۶) ۱۰ × ۸۵۸۴۷۲	(۱۷) ۳ × ۵۸۴۸۶۹	(۱۸) ۱۱ × ۴۳۷۱۰

(۱۹) ۱۲×۸۶۴۵۸۷ (۲۰) ۹×۹۳۶۸۹۷

سوالات زبانی

(۱) اگر ایک میز کی ۳۰ روپیہ قیمت ہو تو ۱۵ میز کی کتنی قیمت ہوگی

(۲) اگر ایک لڑکا ۴ صفحے روز پڑھتا ہو بتاؤ کہ وہ ۳ ہفتہ میں کتنے صفحے پڑھ لیگا (ہفتہ = ۷ دن)

(۳) ۱۲ گائے اور ۷ طوطوں کے ملا کر کتنے پیر ہیں اور ۸ گھوڑوں اور ۹ بکریوں کے ملا کر کتنے سینگ ہیں

(۴) بازار میں ایک آم ۲ پیسہ کو اور ایک سیب ۴ پیسہ کو ملتا ہو تو تم کتنے پیسوں میں ۹ آم اور ۸ سیب بازار سے لاؤ گے

(۵) ۱۴ لڑکوں میں سے ہم نے ہر ایک کو ۷ پیسہ دیئے اور ہمارے پاس ۲ پیسے بچ رہے بتاؤ کہ ہم کتنے پیسے لائے تھے

(۶) مدرسہ میں ۹ درجے ہیں اور ہر درجے میں ۱۳ لڑکے ہیں بتاؤ کہ سب لڑکے کتنے ہیں اور اُن کے جوتے کتنے ہیں و ۱۰ نوکروں میں کتنے آم ہیں اگر ہر نوکر کے میں ۱۴ سے ۳ آم کم ہیں

(۷) دو عددوں میں سے جن کا حاصل جمع ۲۰ ہو ایک ۷ ہو اُن دونوں عددوں کا حاصل ضرب بتاؤ

(۸) رام ہر روز ۱۰ میل چلتا ہو بتاؤ کہ ۱۹ دن میں کے میل چلیگا

(۹) دفتری بازار سے ایک سلیٹ ۵ آنہ کو لا کر مدرسہ میں اُسکو ۸ آنہ میں بیچتا ہو بتاؤ کہ اِسطرح پر ۱۷ سلیٹ بازار سے لاکر اور مدرسہ میں بیچکر وہ کتنا فائدہ اُٹھاتا ہو

(۱۰) ایک لڑکا ایک منٹ میں ۷۰ گز چلتا ہو بتاؤ کہ ۱۳ منٹ میں وہ کتنا چلے گا اگر وہ راستہ

میں ۴ منٹ ٹھیر جاتا ہے

مشق ۱۳

ضرب کرو

(۱) ۷۶۹۵ × ۷۸۵۴۰ (۲) ۶۷۲۵ × ۲۶۵۱۷

(۳) ۵۷۶۲۶ × ۶۷۸۲۱۴ (۴) ۶۸۹۵۶ × ۷۸۰۶۱۵

(۵) ۵۷۶۳۷ × ۱۳۵۷۹۸ (۶) ۴۷۶۵۶ × ۱۹۷۵۰۶

(۷) ۹۸۹۳ × ۹۶۴۶۸۷ (۸) ۹۷۹۸۶۷۵ × ۵۰۷۵۴۳

(۹) ۸۵۶۴۳۶ × ۵۶۷۸۷۴۳۲ (۱۰) ۵۷۶۳۷۸۶۳۶ × ۹۰۸۲۸۶۲۷۶۳۷۵

(۱۱) ۹۰۸۵۶۲۷۱۹۴۱۷ × ۷۹۴۱۹ (۱۲) ۴۰۶۳۰۶۲۰ × ۶۱۰۴۹

(۱۳) ۴۰۰۶۲۰۰ × ۹۱۸۷۶ (۱۴) ۲۵۰۶۱۵۰ × ۲۰۶۰۰

(۱۵) ۵۰۰۶۴۰۰ × ۸۰۰۰۱۲ (۱۶) ۱۳۰۶۱۳۳۶۱۳۲ × ۴۵۲۳۱

(۱۷) ۶۰۶۵۰۶۴۰ × ۳۲۱۰ (۱۸) ۳۰۰۶۲۰۰۶۱۰۰ × ۳۲۱۰۰

(۱۹) ۳۳۶۲۲۶۵۵۶۴۴ × ۳۲۱۱ (۲۰) ۳۳۶۲۲۶۱۱ × ۴۴۴۴

مشق ۱۴

(۱) ضرب کس قسم کی جمع کا مختصر طریقہ ہے؟ بغیر پہاڑہ کی مدد کے ثابت کرو کہ پانچ کا پچگنا چھ کے چوگنے سے بقدر ایک کے زیادہ ہوتا ہے

ضرب دو

(۲) ۱۳۵ کو ۲ اور ۳ اور ۷ اور ۹ سے

(۳) ۲۳۷ کو ۴ اور ۶ اور ۱۱ اور ۱۲ اور ۵۰ اور ۷۰۰ سے

(۴) ۳۷۴۲۹ کو ۹ اور ۱۱ اور ۱۳ اور ۵۰۰۰ اور ۸۰۰۰۰۰ سے

(۵) ۲۳ کو ۱۵ سے اور ۳۷ کو ۲۹ سے اور ۴۵ کو ۳۶ سے اور ۶۰ کو ۲۶ سے

(۶) ۱۲۵ کو ۲۴ سے اور ۳۲۷ کو ۴۲ سے اور ۲۰۵ کو ۳۴ سے اور ۳۰۷ کو ۹۸ سے

(۷) ۴۲۶۸۴ کو ۳۵ سے اور ۳۴۲۹۸۴۸ کو ۸۸ سے اور ۳۰۲۹۶۷۶۹ کو ۷۶ سے

(۸) ۵۳۲ کو ۳۲۶ سے اور ۶۰۷۶ کو ۱۷۶ سے اور ۸۰۹ کو ۵۰۶ سے اور ۶۴۸۴۶ کو ۳۴۰ سے

حاصل ضرب دریافت کرو

(۹) ۹۰۴۸ اور ۹۰۰ کا

(۱۰) ۴۰۰۱۲ اور ۳۹۷ کا

(۱۱) ۵۳۷۶ اور ۴۲۳ کا

(۱۲) ۷۶۴۲۸۶۷ اور ۹۰۰۸۰۷ کا

(۱۳) ۹۴۳۴۹۷ اور ۹۴۷ کا

(۱۴) ۳۸۵۷۰۴ اور ۳۶۴۷۹ کا

(۱۵) ۴۲۳۷۸۹۶ اور ۵۷۲۴۳ کا

(۱۶) ۳۲۸۰۴۰۷۰ اور ۴۰۹۳۰۰ کا

(۱۷) ۶۰۲۰۰۷۲ اور ۴۰۰۲۰۵ کا

(۱۸) ۴۲۷۹۶۴۳ اور ۵۲۹۷۸ کا

(۱۹) ۴۹۳۶۰۲ اور ۸۰۹۰۱۰۲ کا

(۲۰) ۲۴۲۳۶۵ اور ۲۳۹۴۹۵۹ کا

حاصل ضرب متواتر دریافت کرو

(۲۱) ۲×۳×۴×۵

(۲۲) ۶×۷×۸×۹

(۲۳) ۱۰×۱۱×۱۲×۱

(۲۴) ۵×۶×۷×۸

(۲۵) ۲×۴×۶×۸

(۲۶) ۹×۷×۵×۳

(۲۷) ۲۵ و ۱۶ و ۱۹ و ۷۲ کا اور ۱۸ و ۲۴ و ۲۹ و ۱۳ و ۳۵ کا

(۲۸) ۹۹ و ۱۳ و ۷۱ و ۲۵ کا اور ۲۰۹ و ۵۵ و ۱۱ و ۵۵ و ۱۶ و ۸۰ کا

مختصر کر کر قیمت دریافت کرو

(۲۹) ۹۵ - (۷ × ۵) (۳۰) ۳ × ۶۷ + (۲۶ × ۵)

(۳۱) (۱۱ + ۲۹ - ۱۰) × (۵۷ - ۳ + ۶)

(۳۲) ۲۹ و ۳۳ و ۴۱ کے مربعے اور ۱۷ و ۲۱ و ۳۷ کے مکعب دریافت کرو

(۳۳) دو عددوں کا حاصل جمع ۵۵ ہے اور ایک اُن میں سے ۴۱۸ ہے بتاؤ کہ اُن دونوں عددوں کا حاصل ضرب کیا ہے

(۳۴) دو عددوں کا فرق ۳۵ اور اُن میں سے بڑا عدد ۵۵ ہے اُن دونوں کا حاصلضرب بتاؤ

(۳۵) اگر ایک روپیہ کے ۲۵ آم آتے ہیں بتاؤ کہ ۲۷ روپیہ کے کتنے آم آویں گے

(۳۶) ایک سیر میں ۱۶ چھٹانک ہوتی ہیں اور ایک من میں ۴۰ سیر تو ۵۷ من میں کتنی چھٹانک ہوں گی

(۳۷) گورکھپور سے ۴۷ پٹارے نارنگیوں کے ہمارے پاس آئے ہر پٹارے میں ۲۷۹ نارنگیاں ہیں تو بتاؤ سب کتنی نارنگیاں ہیں

تقسیم بسیط

۳۹ - جس ترکیب سے ہم یہ دریافت کرتے ہیں کہ ایک عدد دوسرے عدد میں کی بار تفریق ہو سکتا ہے اُسکو تقسیم یا قسمت کہتے ہیں اور جو عدد اِس ترکیب سے تفریق کیا جاتا ہے اُسکو مقسوم علیہ اور جس عدد میں سے تفریق کرتے ہیں اُسکو مقسوم اور جتنی بار مقسوم علیہ تفریق ہو سکتا ہے اُتنے کے عدد کو خارج قسمت کہتے ہیں

۴۰ - اوپر کی دفعہ میں جو تعریفیں لکھی گئیں اُن سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ اگر ہم مقسوم

علیہ کو اتنی بار جمع کریں جتنے کا عدد خارج قسمت ہے تو ہمارا حاصل جمع وہ عدد ہوگا جو مقسوم ہے اور اسلئے تقسیم اور مقسوم علیہ اور خارج قسمت کی یہ بھی تعریف کی سکتی ہیں کہ تقسیم وہ ترکیب ہے جس سے ہم اگر حاصل ضرب اور اُن دو جزضربی میں سے جن سے وہ حاصل ضرب پیدا ہوا ہے ایک دیا ہوا ہو تو دوسرا جزضربی دریافت کر سکتے ہیں اور ایسے حاصل ضرب کو مقسوم اور دیے ہوئے جزضربی کو مقسوم علیہ اور جس جزضربی کو دریافت کرتے ہیں اُسکو خارج قسمت کہتے ہیں

۴۱ - یہ نشان ÷ تقسیم کا ہے جن دو عددوں کے درمیان یہ نشان لکھا ہو اُس سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ اُس نشان کے پہلے جو لکھا ہوا ہے اُسکو اُس عدد پر جو نشان کے بعد لکھا ہوا ہے تقسیم کرنا ہے مثلاً ۱۲ ÷ ۳ کے یہ معنی ہیں کہ ۱۲ کو ۳ پر تقسیم کرنا ہے

بعض اوقات ہم مقسوم کے تلے مقسوم علیہ کو لکھکر اُن دونوں کے درمیان ایک آڑی لکیر کھینچدیتے ہیں مثلاً $\frac{۱۲}{۴}$ کے وہی معنی ہیں جو ۱۲ ÷ ۴ کے ہیں

جب یہ چاروں نشان + و - و × و ÷ کسی ایک ہی جملہ میں آئے ہوں تو پہلے عمل تقسیم کا پھر عمل ضرب کا اُس کے بعد تفریق اور جمع کا کرنا چاہیے

مثلاً ۵ + ۶۳ ÷ ۷ × ۳ - ۲۵ = ۵ + ۲۵ - ۳ × ۹ = ۵ + ۲۵ - ۲۷ = ۲۵ - ۲۲ = ۳

۴۲ - اگر مقسوم عدد مجرد ہے تو مقسوم علیہ اور خارج قسمت دونوں عدد مجرد ہونگے اور اگر مقسوم اور مقسوم علیہ دونوں عدد مقرون ہیں تو خارج قسمت ضرور عدد مجرد ہوگا اور اگر مقسوم اور خارج قسمت دونوں عدد مقرون ہیں تو مقسوم علیہ ضرور عدد مجرد ہوگا لیکن مقسوم اور مقسوم علیہ اور خارج قسمت تینوں ایک ہی ساتھ عدد مقرون نہیں ہو سکتے ہیں مثلاً ۴۰ کو ۵ پر تقسیم کریں تو خارج قسمت

۸ عدد مجرد ہوگا اور اگر ۴۰ روپیہ ۵ روپیوں پر تقسیم کئے جاویں تو خارج قسمت ۸ عدد مجرد ہوگا کیونکہ ۵ روپئے ۴۰ روپیوں میں سے ۸ بار لئے جا سکتے ہیں اور اگر ۴۰ روپئے ۵ پر تقسیم کئے جاویں تو خارج قسمت ۸ روپیہ ہوگا کیونکہ اگر ۴۰ روپیوں کے ۵ برابر حصے کئے جاویں تو ہر ایک حصہ میں ۸ روپیہ ہوں گے لیکن نہ یہ کہنا کہ ۵ روپئے ۴۰ روپیوں میں سے ۸ روپیہ بار لئے جا سکتے ہیں بے معنی ہے

۴۴۴ - جب مقسوم اور مقسوم علیہ چھوٹے چھوٹے عدد ہیں تو پہاڑوں کی مدد سے جو ہم نے دفعہ ۲۶ میں لکھے ہیں تقسیم کے سوال حل ہو سکتے ہیں مثلاً

چونکہ ۱۵ = ۳ × ۵ اِسلئے ۱۵ ÷ ۳ = ۵ اور ۱۵ ÷ ۵ = ۳

اور چونکہ ۶۳ = ۹ × ۷ اِسلئے ۶۳ ÷ ۹ = ۷ اور ۶۳ ÷ ۷ = ۹

۴۴۵ - بڑے بڑے عددوں کو تقسیم کرنے کا قاعدہ یہ ہے

قاعدہ - مقسوم کے دونوں طرف ایک ایک خط منحنی کھینچو اور اُسکے بائیں طرف مقسوم علیہ لکھو یعنی مقسوم علیہ کو اِس طرح لکھو

(خارج قسمت) مقسوم (مقسوم علیہ

مقسوم کے بائیں طرف سے اُتنے ہندسے لو جتنے مقسوم علیہ میں ہیں اگر اُن ہندسوں سے بنا ہوا عدد مقسوم علیہ سے چھوٹا ہو تو ایک زیادہ ہندسہ لو اب پہاڑوں سے دریافت کرو کہ مقسوم علیہ کے بائیں طرف کا آخر ہندسہ مقسوم کے بائیں طرف کے آخر ایک یا دو ہندسوں میں کتنی بار جا سکتا ہے جتنی بار جا سکے اُتنے کے عدد کو خارج قسمت میں لکھو اور مقسوم علیہ کو اُس عدد سے ضرب دو اور جو کچھ حاصل ہو اُسکو لکھکر اُس عدد میں سے جو مقسوم کے بائیں طرف سے تم نے جدا کیا

تھا تفریق کرو اور حاصل تفریق کے داہنی طرف ایک اور ہندسہ اُن ہندسوں کے پاس کا جو تم نے پہلے لئے تھے اُتار لو اور وہی عمل جیسا کہ تم نے پہلے کیا ہے کرو اگر مقسوم علیہ اُس عدد سے جو حاصل تفریق کے داہنی طرف ایک ہندسہ اُتارنے سے بنا ہے بڑا ہو تو خارج قسمت میں داہنی طرف ایک صفر لگا کر مقسوم کا ایک اور ہندسہ باقی کے داہنی طرف اُتار لو پھر عمل موافق پہلے کے کرو

پس ایسا ہی عمل لگاتار کرتے جاؤ جب تک کہ سب ہندسہ مقسوم کے نہ اُتر آویں اگر آخر میں کچھ باقی نہ رہے تو خارج قسمت اِس طرح معلوم ہو جائیگا اور اگر کچھ باقی رہجاوے تو خارج قسمت اور باقی دونوں دریافت ہو جاویں گے

اگر کوئی حاصل ضرب اُس عدد سے جس میں سے وہ تفریق کیا جاویگا بڑا ہو تو خارج قسمت کے آخر ہندسہ کو جس سے مقسوم علیہ کو ضرب دینے سے وہ حاصل ضرب پیدا ہوا ہے بدلکر اُس سے چھوٹا ہندسہ لکھو اگر کوئی باقی مقسوم علیہ سے کم نہو تو خارج قسمت کے اُس ہندسہ کو بدلکر اُس سے بڑا ہندسہ لکھو اور عمل کے اُس ہندسہ کو دوہراؤ

مثال ۸۰۲۹ کو ۳۷ پر تقسیم کرو

اوپر کے قاعدہ کے مطابق عمل کرنے سے یہ حاصل ہوتا ہے

```
۳۷) ۸۰۲۹ (۲۱۷
    ۷۴
    ---
     ۶۲
     ۳۷
    ---
     ۲۵۹
     ۲۵۹
    ---
```

اسلئے خارج قسمت ۲۱۷ ہے

ان باتوں پر خیال کرنے سے اوپر کے قاعدہ کی دلیل سمجھ میں آجاویگی

مقسوم علیہ کا عدد ۳۷ ہے اور مقسوم کے بائیں طرف کے دو ہندسوں سے آٹھ ہزار مُراد ہیں
اب مقسوم علیہ اُس میں ۲۰۰ بار جا سکتا ہے اور ۳۷ × ۲۰۰ = ۷۴۰۰ ، ہم اُس کے
داہنی طرف کے دو صفر عمل میں آسانی کے لئے دُور کر کے ۷۴ کو ۰ کے تلے جو اوپر کی سطر میں
ہے رکھتے ہیں ۔ جب ہم اِس حاصل ضرب کو تفریق کرتے ہیں تو ۶ باقی رہتے ہیں جس سے چھ
سو سمجھے جاتے ہیں ہم نے مقسوم میں سے ۲ کے ہندسے کو جس کی قیمت دو سو ہائی یعنی ۲۰۰ ہے
اُتارا لیکن صفر یہاں بھی اوپر کیوجہ کے سبب دُور کر دیا اب اِس عدد سے ۶۲۰ مُراد ہوئے ۳۷
اِس میں ۱۰ بار جا سکتا ہے اور ۳۷ × ۱۰ = ۳۷۰ صفر اِس جگہ بھی ہم نے اُسیوجہ کے سبب دُور
کر دیا اور جب ۳۷ کو ۶۲ میں سے تفریق کیا تو ۲۵ باقی رہے جس سے ۲۵۰ مُراد ہیں اب ۹ کو
قاعدہ کے مطابق اُتارا تو یہ عدد دو سو انسٹھ تعبیر کریگا ۳۷ اِس میں پورے ۷ بار جا سکتا ہے
اِسلئے ۸۰۲۹ کو ۳۷ پر تقسیم کرنے سے خارج قسمت ۲۱۷ نکلا

۴۶ - اگر اوپر کی مثال میں صفر نہ دُور کریں تو عمل کی یہ صورت ہو گی

۳۷) ۸۰۲۹ (۲۰۰ + ۱۰ + ۷

۷۴۰۰

۶۲۹

۳۷۰

۲۵۹

۲۵۹

اِس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ مقسوم علیہ مقسوم میں سے اوّل ۲۰۰ بار تفریق کیا گیا ہے اور جو کچھ بچ رہا ہے اُس میں سے پھر ۱۰ بار تفریق کیا گیا ہے اور اِس کے بعد جو کچھ باقی رہا ہے اُس میں سے پھر ۷ بار تفریق کیا گیا ہے اور اُس کے بعد کچھ باقی نہیں رہا یعنی ۸۰۲۹ میں ۳۷ پورے ۲۱۷ بار جا سکتا ہے

اوپر کے طریقہ کی سچائی اس طرح ثابت ہوسکتی ہے

۲۵۹ + ۳۷۰ + ۷۴۰۰ = ۸۰۲۹

۷ + ۱۰ + ۲۰۰) ۲۵۹ + ۳۷۰ + ۷۴۰۰ (۳۷

۷۴۰۰

۳۷۰

۳۷۰

۲۵۹

۲۵۹

مثال ۸۰۲۹۷۴۲۴۸ کو ۹۴۷ پر تقسیم کرو

۸۴۰) ۸۰۲۹۷۴۲۴۸ (۹۴۷

۹۶۲۹

۷۹۵۷

۷۵۷۶

۳۸۱۸

۳۷۸۸

۳۰

اسلئے ۸۰۲۹۷۴۲۴۸ میں ۹۴۷ کا عدد ۸۴۰۷ دفعہ جاسکتا ہے اور ۳۰ باقی رہجاتے ہیں اس باقی کو خارج قسمت کے ساتھ اس طرح بھی ۸۴۰۷ $\frac{۳۰}{۹۴۷}$ لکھتے ہیں

۴۷۔ اگر مقسوم علیہ کے داہنی طرف شروع میں ایک یا زیادہ صفر ہوں تو تقسیم کا عمل نیچے لکھے ہوئے قاعدہ سے مختصر ہوسکتا ہے

قاعدہ۔ مقسوم علیہ میں داہنی طرف جتنے صفر ہوں اُن کو نکال ڈالو اور اُتنے ہی ہندسے داہنی طرف کے مقسوم علیہ میں سے نکالکر باقی ہندسوں پر عمل اُس قاعدہ کے مطابق جو دفعہ ۴۳ میں بیان ہوا ہے کرو آخر باقی کے داہنی طرف وہ ہندسے جو مقسوم میں سے نکال لئے گئے تھے لگاؤ اب اُن ہندسوں کے لگانے

سے جو عدد حاصل ہوگا وہی تقسیم کی باقی ہوگی

مثال ۱ ۳۲۵۷ کو ۱۰۰ پر تقسیم کرو

جب ہم قاعدہ کے مطابق مقسوم علیہ کے دو صفر اور مقسوم کے داہنی طرف کے دو ہندسے نکال ڈالتے ہیں تو ۳۲ مقسوم علیہ کی جگہہ اور ۳۲ مقسوم کی جگہہ پر رہجاتے ہیں اور ۳۲ کو ایک پر تقسیم کرنے سے ۳۲ خارج قسمت آتا ہے اور باقی کچھ نہیں رہتا ہے اسلئے ۵۷ کا عدد جو ہم نے نکالڈالا تھا وہی تقسیم کی باقی ہوگی

مثال ۲ ۶۷۸۴۵۹ کو ۲۷۰۰ پر تقسیم کرو

جب ہم قاعدہ کے مطابق مقسوم علیہ کے دو صفر اور مقسوم کے داہنی طرف کے دو ہندسے نکالڈالتے ہیں تو ۲۷ مقسوم علیہ کی جگہہ پر اور ۶۷۸۴ مقسوم کی جگہہ پر رہجاتے ہیں

جب ہم نے ۶۷۸۴ کو ۲۷ پر تقسیم کیا تو ۲۵۱ خارج قسمت اور ۷ باقی حاصل ہوتے اور جب ۷ کے داہنی طرف ۵۹ لگا دیا تو ۷۵۹ کل باقی حاصل ہوتے

```
(۲۵۱
۲۷) ۶۷۸۴ (۲۷
    ۵۴
    ---
    ۱۳۸
    ۱۳۵
    ----
      ۳۴
      ۲۷
      --
       ۷
```

ان باتوں پر غور کرنے سے دلیل قاعدہ کی سمجھ میں آجاویگی

۶۷۸۴۵۹ برابر ہے ۶۷۸۴۰۰ اور ۵۹ کے اب ۶۷۸۴۰۰ میں ۲۷۰۰ کا عدد ۲۵۱ دفعہ جاسکتا ہے اور ۷۰۰ بچ رہتے ہیں اور چونکہ ۵۹ میں ۲۷۰۰ کسی طرح نہیں جاسکتا ہے اسلئے خارج قسمت ۲۵۱ ہی رہیگا اور باقی ۷۰۰ + ۵۹ یعنی ۷۵۹ ہوگی

۴۸- یہی قاعدہ اُس صورت میں لگ سکتا ہے جب مقسوم علیہ اور مقسوم دونوں کے داہنی طرف صفر ہوں

۴۹- اگر مقسوم علیہ کا عدد ۲۰ سے زیادہ نہ ہو تو تقسیم پہاڑوں کے وسیلہ سے ایک ہی سطر میں ہو جائے گی کیونکہ اُس صورت میں ضرب اور تفریق کے عمل دل میں کئے جاویں گے

مثال ۴۵۴۹، کو ۹ پر تقسیم کرو

عمل کو اپنے دل میں اس طرح کر کر خارج قسمت کے ہر مبسہ کو لکیر کے تلے بائیں طرف سے لکھتے جاتے ہیں

۴۵۴۹) ۹ (
۵۰۶۶ ۲

۹ میں ۴ نہیں جا سکتا اسلئے ۱ اُتارے ۴ ہوئے ۴۵، اب نو آٹھہ ۷۲، (۸ کو لکیر کے تلے ۴ کے نیچے لکھا)
۴۵ میں سے ۷۲ گھٹائے رہے ۲ اُتارے ۵ ہوئے ۲۵ اب نو دونا ۱۸ (۲ کو ۵ کے تلے لکھا)
۲۵ میں سے ۱۸ گھٹائے رہے ۷ اُتارے ۴ ہوئے ۴۷، اب نو آٹھہ ۷۲، (۸ کو ۴ کے تلے لکھا)
۴۷ میں سے ۷۲ گھٹائے رہے ۲ اُتارے ۹ ہوئے ۲۹ اب نو تیہ ۲۷ (۳ کو ۷ کے نیچے لکھا)
۲۹ میں سے ۲۷ گھٹائے باقی رہے ۲ اسلئے ۵۰۶۶ خارج قسمت ہوا اور جو ۲ باقی رہے اُسکو علیحدہ خارج قسمت کے داہنی طرف رکھدیا

۵۰- اِس کی صحت کہ ہم نے تقسیم کے عمل میں کوئی غلطی نہیں کی ہے نیچے لکھے ہوئے قاعدہ سے ہو سکتی ہے

قاعدہ- مقسوم علیہ کو خارج قسمت سے ضرب دو اور تقسیم کے عمل میں جو کچھ باقی رہے اُسکو حاصل ضرب میں جمع کرو اور اگر حاصل جمع وہی عدد ہو جو مقسوم کا ہے تو جانو کہ تقسیم کا عمل صحیح ہے

۵۱- جو کچھ ہم نے تقسیم کے بارہ میں بیان کیا ہے اُس سے معلوم ہوگا کہ تقسیم کے عمل میں چار عدد رہتے ہیں یعنی مقسوم اور مقسوم علیہ اور خارج قسمت اور باقی اگر ان چاروں عددوں میں سے کوئی تین معلوم ہوں تو چوتھا معلوم ہو سکتا ہے

(مقسوم - باقی) ÷ مقسوم علیہ = خارج قسمت

اور (مقسوم - باقی) ÷ خارج قسمت = مقسوم علیہ

اور (مقسوم علیہ × خارج قسمت) + باقی = مقسوم

اور مقسوم - (مقسوم علیہ × خارج قسمت) = باقی

مثلاً اگر مقسوم ۹۴ اور مقسوم علیہ ۱۳ اور باقی ۳ ہے تو

خارج قسمت = (۹۴ - ۳) ÷ ۱۳ = ۹۱ ÷ ۱۳ = ۷

اور اگر مقسوم ۸۷ اور خارج قسمت ۷ اور باقی ۳ ہے تو

مقسوم علیہ = (۸۷ - ۳) ÷ ۷ = ۸۴ ÷ ۷ = ۱۲

اور اگر مقسوم علیہ ۸ اور خارج قسمت ۹ اور باقی ۳ ہے تو

مقسوم = ۸ × ۹ + ۳ = ۷۲ + ۳ = ۷۵

اور اگر مقسوم ۱۰۹ اور مقسوم علیہ ۱۷ اور خارج قسمت ۶ ہے تو

باقی = ۱۰۹ - ۱۷ × ۶ = ۱۰۹ - ۱۰۲ = ۷

۵۲- اگر کوئی عدد ۹ پر تقسیم کیا جائے اور اُس عدد کے ہندسوں کا حاصل جمع بھی ۹ پر تقسیم کیا جائے تو دونوں صورتوں میں باقی ایک ہی ہوگی اِسکا ثبوت اِسطرح ہے

۱۰۰ = ۹۹ + ۱

چونکہ ۹۹ کا عدد ۹ پر پورا تقسیم ہوتا ہے اِسلئے ۱۰۰ کو ۹ پر تقسیم کرنے سے باقی رہتا

ہے اور یہی باقی اُس صورت میں رہتا ہے جب ۱۰۰ کے ہندسوں کے مجموعہ یعنی آ کو ۹ پر تقسیم کریں

اِسی طرح ۲۰۰ = ۲ × ۱۰۰ = ۲ × (۱ + ۹۹) = ۲ + ۹۹ × ۲

۳۰۰ = ۳ × ۱۰۰ = ۳ × (۱ + ۹۹) = ۳ + ۹۹ × ۳

۴۰۰ = ۴ × ۱۰۰ = ۴ × (۱ + ۹۹) = ۴ + ۹۹ × ۴

وغیرہ = وغیرہ = وغیرہ = وغیرہ

اِسلئے اگر ۱۰۰ اور ۲۰۰ اور ۳۰۰ اور ۴۰۰ وغیرہ کے عددوں میں سے ہر ایک کو ۹ پر تقسیم کریں اور ہر ایک عدد کے ہندسوں کے مجموعہ کو بھی ۹ پر تقسیم کریں تو دونوں صورتوں میں باقی ایک ہی رہیگا

مثال کے لئے ۲۴۵ = ۲ × ۱۰۰ + ۴ × ۱۰ + ۵

= ۲ × ۹۹ + ۲ + ۴ × ۹ + ۴ + ۵

اب اگر اِن حصّوں میں ۲ × ۱۰۰ و ۴ × ۱۰ و ۵ میں سے جن سے کُل عدد ۲۴۵ پیدا ہوتا ہے ہر ایک ۹ پر تقسیم کیا جائے تو ترتیب وار ۲ و ۴ اور ۵ باقی رہیں گے اور اِس لئے جب ۲۴۵ کو ۹ پر تقسیم کریں گے تو باقی وہی رہیگی جو ۲ + ۴ + ۵ کو ۹ پر تقسیم کرنے سے رہیگی

۵۳ - اِس اصول کو کام میں لانے سے جو ہم نے اوپر کی دفعہ میں بیان اور ثابت کیا ہے جمع اور تفریق اور ضرب اور تقسیم کی صحت جانچنے کے لئے یہ قاعدے پیدا ہوتے ہیں

جمع کی صحت جانچنے کا قاعدہ - جن عددوں کو جمع کیا ہے اُن میں سے ہر ایک کے ہندسوں کے مجموعہ کو ۹ پر تقسیم کرو اور ہر ایک کی باقی لکھو اِن باقیوں کے مجموعہ

کو ۹ پر تقسیم کرو اب جو باقی دریافت ہو اگر وہ وہی ہے جو حاصل جمع کے ہندسوں کے مجموعہ کو ۹ پر تقسیم کرنے سے حاصل ہوتی ہے تو جانو کہ عمل جمع کا صحیح ہے

مثال ۵۸۴ اور ۱۷۲ اور ۳۵۳ کو جمع کرو

۵۸۴	۴ و ۷ و ۸ و ۵ کا مجموعہ ۲۴ ہے جب ۲۴ کو ۹ پر تقسیم کیا تو باقی رہے ۶
۱۷۲	۳ و ۵ و ۳ کا مجموعہ ۱۳ ہے جب ۱۳ کو ۹ پر تقسیم کیا تو باقی رہے ۴
۳۵۳	۳ و ۲ و ۱ و ۷ کا مجموعہ ۱۳ ہے جب ۱۳ کو ۹ پر تقسیم کیا تو باقی رہے ۴
۱۰۰۹	۳ و ۵ و ۵ و ۳ کا مجموعہ ۱۱ ہے جب ۱۱ کو ۹ پر تقسیم کیا تو باقی رہے ۲

اور جب ۶ و ۴ و ۲ باقیوں کے مجموعہ ۱۲ کو ۹ پر تقسیم کیا تو باقی رہے ۳

اب یہ تین وہی باقی ہے جو حاصل جمع کے ہندسوں ۸ و ۹ و ۹ کے مجموعہ یعنی ۲۱ کو ۹ پر تقسیم کرنے سے رہ جاتی ہے اسلئے عمل جمع کا صحیح ہے

تفریق کی صحت جانچنے کا قاعدہ۔ اُس عدد کے ہندسوں کے مجموعہ کو جسکو تفریق کیا گیا ہے ۹ پر تقسیم کرکے باقی دریافت کرو اور حاصل تفریق کے ہندسوں کے مجموعہ کو بھی ۹ پر تقسیم کرکے باقی نکالو ان باقیوں کے مجموعہ کو ۹ پر تقسیم کرو اور باقی دریافت کرو اب اگر یہ آخر باقی وہی ہے جو اُس عدد کے ہندسوں کے مجموعہ کو جس میں سے تفریق کیا گیا ہے ۹ پر تقسیم کرنے سے نکلتی ہے تو جانو کہ عمل تفریق صحیح ہے

مثال ۸۷۳۴۵۲ میں سے ۶۴۷۲۳۳ کو تفریق کرو

۸۷۳۴۵۲
۶۴۷۲۳۳
۲۲۶۲۱۹

جب ۶ و ۴ و ۷ و ۲ و ۳ و ۳ کے مجموعہ یعنی ۲۵ کو ۹ پر تقسیم کیا تو باقی رہے ۷
اور جب ۲ و ۲ و ۶ و ۲ و ۱ و ۹ کے مجموعہ یعنی ۲۲ کو ۹ پر تقسیم کیا تو باقی رہے ۴

اور جب ۷، ۴ باقیوں کے مجموعہ یعنی ۱۱ کو ۹ پر تقسیم کیا تو باقی رہے ۲
اب چونکہ یہ آخر باقی وہی باقی ہے جو ۸، ۷، ۳، ۴، ۵، ۲ کے مجموعہ یعنی ۲۹ کو ۹ پر تقسیم کرنے سے رہتی ہے اسلئے عمل تفریق صحیح ہے

ضرب کی صحت جانچنے کا قاعدہ۔ مضروب اور مضروب فیہ کے ہندسوں کے مجموعوں کو ۹ پر تقسیم کرکے باقیاں دریافت کرو اور ان باقیوں کو آپس میں ضرب دینے سے جو حاصل ہو اُس کے ہندسوں کے مجموعہ کو ۹ پر تقسیم کرکر باقی نکالو اگر یہ آخر باقی وہی ہے جو مضروب اور مضروب فیہ کے حاصل ضرب کے ہندسوں کے مجموعہ کو ۹ پر تقسیم کرنے سے نکلتی ہے تو جانو کہ عمل ضرب کا صحیح ہے

مثال ۵۷۳۲۰ کو ۳۷۶ سے ضرب دو

۵۷۳۲	۵، ۷، ۳، ۲، ۳ کے مجموعہ یعنی ۲۰ کو ۹ پر تقسیم کرنے سے باقی رہے ۲
۳۷۶	۳، ۷، ۶ کے مجموعہ یعنی ۱۶ کو ۹ پر تقسیم کرنے سے باقی رہے ۷
۳۴۳۹۲	ان باقیوں کو آپس میں ضرب دیا تو ۵۶ حاصل ہوئے
۴۰۱۲۴	۵، ۶ کے مجموعہ یعنی ۱۱ کو ۹ پر تقسیم کرنے سے باقی رہے ۲
۱۷۱۹۶	
۲۱۵۵۲۳۲	

اب چونکہ آخر باقی ۲ وہی باقی ہے جو ۲، ۱، ۵، ۵، ۲، ۳، ۲ کے مجموعہ یعنی ۲۰ کو ۹ پر تقسیم کرنے سے رہتی ہے اسلئے عمل ضرب کا صحیح ہے



اس جانچ کی باقیاں اکثر اس شکل میں لکھی جاتی ہے

تقسیم کی صحت جانچنے کا قاعدہ۔ مقسوم علیہ کے ہندسوں کے مجموعہ اور خارج قسمت کے ہندسوں کے مجموعہ کو ۹ پر تقسیم کرکے باقیاں دریافت کرو ان باقیوں کو آپس میں ضرب دو اور جو کچھ حاصل ہو اُسکے اور تقسیم کی باقی دونوں کے ہندسوں

کے مجموعہ کو ۹ پر تقسیم کرکے باقی دریافت کرو اب اگر یہ باقی وہی ہے جو مقسوم کے ہندسوں کے مجموعہ کو ۹ پر تقسیم کرنے سے نکلتی ہے تو جانو کہ عمل تقسیم کا صحیح ہے

مثال ۲۲۰۶۳۸۰۵۷ کو ۴۷۵۷۴ پر تقسیم کرو

۲۲۰۶۳۸۰۵۷ (۴۷۵۷۴
۵۲۳۲۵
۵۰۵۵۶
۴۴۸۵۰
۵۷۰۶۲
۵۲۳۲۵
۴۷۳۷

۲۲ اور ۴۷۵۷۴ کے مجموعہ یعنی ۲۳ کو ۹ پر تقسیم کرنے سے باقی رہے ۵
اور ۵۷۰۶۲ کے مجموعہ یعنی ۲۰ کو ۹ پر تقسیم کرنے سے باقی رہے ۲
ان باقیوں ۵ اور ۲ کو آپس میں ضرب دیا تو ۱۰ حاصل ہوئے اس
۱۰ اور تقسیم کی باقی ۴۷۳۷ دونوں کے ہندسوں کے مجموعہ یعنی ۲۲
کو ۹ پر تقسیم کرنے سے باقی رہے ۴

اب یہ آخر باقی ۴ وہی باقی ہے جو مقسوم کے ہندسوں ۵ و ۷ و ۳ و ۸ و ۶ و ۲ کے مجموعہ
یعنی ۳۱ کو ۹ پر تقسیم کرنے سے حاصل ہوتی ہے اسلئے تقسیم کا عمل صحیح ہے

اس جانچ کی باقیوں کو بھی اکثر اس شکل میں لکھتے ہیں

جمع اور تفریق اور ضرب اور تقسیم کے صحیح اور غلط ہونیکی جانچ جو ۹ پر تقسیم کرنے سے کیجاتی ہے بعض صورتوں میں کام نہیں دیتی کیونکہ اگر ہندسوں کے مجموعہ میں ۹ کا یا ۹ کے مضاعف کا فرق ہو جاوے یا اگر ہندسے وہی رہیں لیکن اُن کی جگہ تبدیل ہو جاویں یا اگر ہندسے تبدیل ہو جاویں لیکن اُن کا مجموعہ وہی رہے تو ۹ پر تقسیم کرنے سے باقی میں کچھ فرق نہ آویگا اور اُس صورت میں غلطی نہ پکڑی جاسکیگی

۴۵ - اگر کسی دو چھوٹے بڑے عددوں کا حاصل جمع اور اُن کا حاصل تفریق معلوم ہو تو وہ دونوں عدد معلوم ہو سکتے ہیں کیونکہ اگر حاصل جمع میں اُن کا حاصل تفریق جوڑ دیا جائے تو جو عدد حاصل ہوگا وہ بڑے عدد کا دونا ہوگا اور اگر حاصل جمع میں

سے حاصل تفریق نکال لیا جاوے تو عدد حاصل ہوگا وہ چھوٹے عدد کا دونا ہوگا مثلاً اگر کسی دو عددوں کا حاصل جمع ۱۶۷ ہے اور اُن کا حاصل تفریق ۱۹ ہے تو

بڑا عدد = (۱۶۷ + ۱۹) ÷ ۲ = ۱۸۶ ÷ ۲ = ۹۳

اور چھوٹا عدد = (۱۶۷ − ۱۹) ÷ ۲ = ۱۴۸ ÷ ۲ = ۷۴

سوالات زبانی

کے بار شامل ہے

(۱) ۱۶ میں ۴ و ۲۰ میں ۵ و ۶۰ میں ۷ (۲) ۱۸ میں ۲ و ۳۶ میں ۹ و ۷۰ میں ۷

(۳) ۱۲۱ میں ۱۱ و ۲۷۰ میں ۳ و ۴۸ میں ۶ (۴) ۱۱۰ میں ۱۰ و ۲۷۰ میں ۶ و ۴۰۰ میں ۵ و ۴۰۰ میں ۵

(۵) ۱۰۸ میں ۹ و ۱۰۰ میں ۱۲ و ۱۵۰ میں ۵ (۶) ۵ میں ۵ و ۳۶۰ میں ۶ و ۳۶ میں ۱۲

(۷) ۱۲ میں ۳ و ۱۳۲ میں ۱۱ و ۴۵ میں ۵ و ۴۵ میں ۶

(۸) ۶۳ میں ۷ و ۱۹ میں ۳ و ۴۸ میں ۱۲ و ۷۲ میں ۹

(۹) ۹۸ میں ۱۴ و ۶۶ میں ۶ و ۱۲۶ میں ۱۶ (۱۰) ۷۷ میں ۱۱ و ۱۱۹ میں ۱۷ و ۱۳۳ میں ۱۹

(۱۱) ۱۴۴ میں ۱۶ و ۱۸۰ میں ۱۸ و ۲۰۰ میں ۲۰ (۱۲) ۱۴۴ میں ۹ و ۹۹ میں ۱۱ و ۱۰۸ میں ۱۲

تقسیم کرنے سے کیا باقی بچ رہتا ہے

(۱۳) ۱۶ کو ۵ پر و ۱۹ کو ۳ پر و ۸۰ کو ۱۱ پر و ۸۶ کو ۷ پر (۱۴) ۶۲ کو ۴ پر و ۹۷ کو ۱۳ پر و ۱۰۰ کو ۱۲ پر و ۴۲ کو ۹ پر

(۱۵) ۱۲ کو ۱۱ پر و ۶۴ کو ۷ پر و ۶۵ کو ۹ پر و ۷۹ کو ۶ پر (۱۶) ۹۱ کو ۱۱ پر و ۱۲۴ کو ۱۵ پر و ۱۳۳ کو ۱۶ پر و ۸۳ کو ۷ پر

(۱۷) ۹۳ کو ۸ پر و ۸۹ کو ۱۱ پر و ۱۴۲ کو ۱۷ پر و ۱۱۶ کو ۱۲ پر

(۱۸) ۴ کا ۳ گنا ۸۹ کا آدھا ملکر کتنا ہوتا ہے اور ۶ کا ۵ گنا ۱۲ کا چوتھائی ملکر کیا ہے

(۱۹) ۲ کا ۷ گنا ۴۴ کا آدھا ہے (۲۰) ۵۶ کا آدھا ۷ کا کتنا گنا ہے

مشق ۱۵

(۱) ۱۴۵۶ ÷ ۲ و ۲ ÷ ۷۶۵۲ (۲) ۴۲۶۳۹۲۴ ÷ ۳ و ۳ ÷ ۱۴۱۲۵۵۰۳

(۳) ۳۷۲۰۹۶ ÷ ۴ و ۴ ÷ ۴۲۶۳۹۲۴۳ (۴) ۳۳۷۶۲۵ ÷ ۵ و ۵ ÷ ۴۶۵۲۸۹۲۰۹۵

(۵) ۸۹۰۱۰۶ ÷ ۶ و ۶ ÷ ۳۷۸۲۰۴۶۹۶ (۶) ۶۲۳۳۹۹ ÷ ۷ و ۷ ÷ ۶۸۴۳۴۰۳۹۷

(۷) ۹۸۱۷۵۴۲۰۰ ÷ ۸ و ۸ ÷ ۱۴۸۶۴۰۳۹ (۸) ۷۸۶۹۲۳۱ ÷ ۹ و ۹ ÷ ۳۹۲۳۷۸۲۰۹

(۹) ۴۲۶۵۴۰ ÷ ۱۰ و ۱۰ ÷ ۲۱۶۳۴۵۱۰۳۹۴ (۱۰) ۵۱۰۳۹۴ ÷ ۱۱ و ۱۱ ÷ ۹۹۱۶۷۲۷

(۱۱) ۷۸۵۴۲۸ ÷ ۱۲ و ۱۲ ÷ ۲۸۰۶۲۰ (۱۲) ۳۸۲۶۸۱ ÷ ۱۳ و ۱۳ ÷ ۸۵۱۰۶۷

(۱۳) ۶۴۸۲ ÷ ۱۴ و ۱۴ ÷ ۸۳۶۵۰ (۱۴) ۷۱۲۵ ÷ ۱۵ و ۱۵ ÷ ۷۹۶۰۸

(۱۵) ۳۱۴۶۷ ÷ ۱۶ و ۱۶ ÷ ۵۷۹۸۶۵ (۱۶) ۲۵۸۷۴ ÷ ۱۷ و ۱۷ ÷ ۸۲۶۷۱

(۱۷) ۸۱۶۷۵۰ ÷ ۱۸ و ۱۸ ÷ ۸۸۳ (۱۸) ۸۳۶۵۷ ÷ ۱۹ و ۱۹ ÷ ۲۵۸۷

(۱۹) ۱۹۷۴۰ ÷ ۲۰ و ۲۰ ÷ ۴۷۶۹۴ (۲۰) ۱۶۰۰۵ ÷ ۲۰ و ۲۰ ÷ ۱۶۱۷۰۰

سوالات زبانی

(۱) دو عددوں کا حاصل ضرب ۲۰ ہے اور ایک اُن میں سے ۶ ہے بتاؤ کہ دوسرا عدد کیا ہے

(۲) وہ کونسا عدد ہے کہ جسکو ۱۰۰ میں سے ۱۱ دفعہ گھٹا دیں اور پھر ایک باقی نہ بچے (جواب ۹)

(۳) ایک لڑکا ۳ آنہ روز کماتا ہے تو ۲ آنہ کتنے روز میں کما دیگا اور ۴ آنہ کتنے روز میں

(۴) اگر ۱ آم کی قیمت ۲ پیسہ ہے تو ایک آم کی کیا قیمت ہے اور ویسے ۱۲ آم کتنے کو آویں گے

(۵) اگر ۸۴ نارنگیاں ۲۸ لڑکوں میں برابر برابر تقسیم کر دیجاویں تو ہر لڑکے کے حصہ میں کتنی نارنگیاں آویں گی

(۶) نو نو پیسے والے ۱۲ سیب کے عوض میں تم چار چار پیسہ والے کتنے کھلونے لوگے

(۷) تم نے بازار سے ۱۰۰ امرود لاکر اپنے درجہ کے لڑکوں کو جو تمکو ملاکر ۱۳ ہیں برابر برابر تقسیم کردیے اور جو امرود باقی رہے وہ اپنے اُستاد کو دیے اور آپ نے ایک امرود بھی نہیں لیا بتاؤ کہ اُستاد کو کے امرود ملے (جواب ۴ امرود)

(۸) ایک سوداگر نے ۲۷ روپیہ میں ۹ چاقو بیچکر اُس نے فی چاقو ایک روپیہ نفع اُٹھایا بتاؤ کہ اُس سوداگر نے ہر چاقو کے کیا دام دیے تھے (جواب ۲ روپیہ)

(۹) مقسوم علیہ اور خارج قسمت ۷ اور باقی ۵ ہے بتاؤ کہ مقسوم کتنا ہے

(۱۰) باقی سے خارج قسمت کتنا بڑا ہے جب مقسوم ۱۱۲ اور مقسوم علیہ ۹ ہے (جواب ۸)

مشق ۱۶

(۱) ۴۰۷۷۹۲ ÷ ۱۱ و ۲۱۱۶۳۲ ÷ ۱۲ (۲) ۷۹۵۱۲۵۷۶ ÷ ۱۳ و ۷۹۵۱۲۵۸۷ ÷ ۲۳

(۳) ۷۹۵۱۲۵۸۷ ÷ ۳۱ و ۸۹۶۵۹۰۵۴ ÷ ۳۴ (۴) ۸۹۶۵۹۰۴۶ ÷ ۴۱

(۵) ۱۹۲۷۱۸۷۳ ÷ ۵۱ و ۸۵۳۹۶۳۱۰ ÷ ۸۵ (۶) ۹۰۲۷۳۱۴۷ ÷ ۹۷

(۷) ۷۴۴۰ ÷ ۳۰ و ۱۱۶۲۴۰۳۰ ÷ ۴۰ (۸) ۷۵۵۰۰۵۵۰ ÷ ۶۰

(۹) ۱۴۰۷۰ ÷ ۷۰ و ۱۶۰۸۰۷۰ ÷ ۸۰ (۱۰) ۶۱۲۰ ÷ ۹۰ و ۷۹۵۴۹۹۰ ÷ ۱۰۰

(۱۱) ۱۷۶۸۸ ÷ ۳ و ۸۹۹۹۹۷۷۳ ÷ ۹۷۶ (۱۲) ۶۹۱۰۳ ÷ ۹۷۳

(۱۳) ۱۷۶۲۵۴۷۱ ÷ ۱۹۹ و ۸۷۶۲۵۴۳۲ ÷ ۸۳۸ (۱۴) ۷۹۲۷۴۲۵ ÷ ۹۲۵

(۱۵) ۹۰۱۶۴۸ ÷ ۲۱۸ و ۳۸۰۰۶۴ ÷ ۲۹۶ (۱۶) ۷۹۶۱۲۱ ÷ ۳۳۱

(۱۷) ۶۰۰۰۰۰ ÷ ۱۰۵ و ۸۸۸۸۸۸۸ ÷ ۲۱۳

(۱۸) ۸۷۶۳۳۱۸ ÷ ۵۸۶۵۰۸۸ ÷ ۸۲۴ (۱۹) ۸۷۶۴۲۰ ÷ ۱۵۲۸۴۷ ÷ ۵۰۶۰

(۲۰) ۲۶۵۳۰۵۳۸۴۴۵ ÷ ۷۶۴۹ (۲۱) ۸۷۲۰۰۰ ÷ ۹۴۰۳۹۴۰۸۸۳۵۰ ÷ ۷۶۰

(۲۲) ۱۶۵۷۵۰۰ ÷ ۱۳۰۰ و ۷۳۴۷۰۸ ÷ ۱۷

(۲۳) ۹۵۴۲۷۰۰ ÷ ۹۰۰ و ۶۹۱۲۰۰ ÷ ۵۸

(۲۴) ۴۲۹۰۰۵۳۰۷ ÷ ۶۱۰۷۳ (۲۵) ۲۹۰۰۰۴۰۰۴۰۷ ÷ ۲۳۶۴۲

(۲۶) ۲۲۵۶۸ میں ۲۱۷ کی بار شامل ہو اور ۳۶۷۱۳۱ میں سے ۱۵۹ کی بار گھٹا سکتے ہیں

(۲۷) دو عددوں کا حاصل ضرب ۴۰۸۳۵۰ ہو اور ایک اُن میں سے ۷۰۵ ہو بتاؤ کہ دوسرا عدد کیا ہو

(۲۸) ایک شخص نے ۲۰۰۰ روپیہ ۵ لڑکوں میں برابر برابر تقسیم کر دیا بتاؤ کہ ہر ایک کے حصہ میں کتنا روپیہ آیا

(۲۹) اگر باغ و بہار میں ۱۵۶۹۳ سطر ہیں اور فسانہ عجائب میں ۹۸۹۲ سطر ہیں تو وہ لڑکا جو ۵۵ سطر ہر روز پڑھتا ہو کتنے دنوں میں دونوں کتاب کو پڑھ لیگا

(۳۰) اگر مقسوم ۱۷۱۶۹۲ ہو اور مقسوم علیہ ۳۴۲ ہو اور باقی کچھ نہیں ہو تو خارج قسمت کونسا عدد ہوگا

(۳۱) اگر مقسوم ۱۴۹۲۱۴ اور خارج قسمت ۲۳ اور باقی ۱۲ ہو تو مقسوم علیہ کیا ہوگا

(۳۲) اگر مقسوم علیہ اور خارج قسمت کا حاصل جمع ۳۵ اور اُن کا حاصل تفریق ۱ ہو تو مقسوم کیا ہوگا

(۳۳) اگر مقسوم علیہ ۹۰۷ اور خارج قسمت ۶۴۸۵۲ ہو اور باقی ۱۶ ہو تو مقسوم کیا ہوگا

(۳۴) تقسیم کی باقی ۹۰ ہو اور خارج قسمت ۶۶۵ ہو اور مقسوم علیہ ان دونوں کے حاصل جمع سے ۱۹ زیادہ ہو تو مقسوم کیا ہوگا

(۳۵) کسی تین عددوں کا حاصل ضرب ۱۴۰۴۰۰ ہو پہلا اُن میں سے ۲ ہو اور دوسرا پہلے سے ۷ کم ہو بتاؤ کہ تیسرا عدد کیا ہو

(۳۶) وہ سب سے چھوٹا عدد بتاؤ جسکو اگر ۴۶۷۳۰ میں سے گھٹاویں تو باقی ۸۷۱ سے پوری تقسیم ہو جائے

(۳۷) وہ سب سے چھوٹا عدد بتاؤ جسکو اگر ۱۰۰۰ میں جمع کریں تو حاصل جمع ۸۸۸ سے پوری تقسیم ہو جاوے

(۳۸) ۱۶۸ روپیہ کو ۶ آدمیوں میں اس طرح تقسیم کرو کہ اُن میں سے ایک کو باقیوں سے ۵ روپیہ زیادہ ملیں

اجزاء ضربی

۵۵- چھوٹے چھوٹے عددوں کے اجزاء ضربی صرف دیکھنے ہی سے معلوم ہو سکتے ہیں

مثلاً ۲۱ کے اجزاء ضربی ۳ اور ۷ ہیں

اور ۵۵ کے اجزاء ضربی ۵ اور ۱۱ ہیں

۵۶- جب کسی عدد کے دو جز ضربی دریافت ہو گئے تو اکثر ایسا ہوتا ہے کہ اُن اجزاء میں سے ایک یا دونوں کے پھر جز ہو سکتے ہیں

مثلاً ۴۵ کے اجزاء ضربی ۹ اور ۶ ہیں

پھر ۹ کے اجزاء ضربی ۳ اور ۳ ہیں

پھر ۶ کے اجزاء ضربی ۳ اور ۲ ہیں

اسلئے ۴۵ کے جز ضربی ۲ و ۳ و ۳ و ۳ ہو سکتے ہیں

۵۷- جس عدد کے ایسے اجزاء ضربی نہیں ہوں جن میں سے ہر ایک جز ایک سے بڑا ہو اُسکو عدد اولی کہتے ہیں مثلاً ۲ و ۳ و ۵ و ۷ و ۱۱ و ۱۳ و ۱۷ وغیرہ

عدد اولی ہیں

۵۸- جس عدد کے ایسے جز ضربی ہو سکتے ہیں جن میں سے ہر ایک جز ایک سے بڑا ہو اُسکو **عدد مرکب** کہتے ہیں مثلاً ۴ و ۶ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۲ و ۱۴ وغیرہ عدد مرکب ہیں

۵۹- ہر عدد مرکب کے ایسے اجزاء ضربی ہو سکتے ہیں جن میں سے ہر ایک جز عدد اولی ہو مثلاً ۴ = ۲×۲ و ۶ = ۲×۳ و ۸ = ۲×۲×۲ و ۹ = ۳×۳

اسلئے کسی بڑے عدد کے سب اجزاء ضربی دریافت کرنے کے لئے ہم اُسکو کسی چھوٹے عدد اولی سے جس سے وہ ہماری دانست میں پورا تقسیم ہو جائیگا تقسیم کرتے ہیں پھر خارج قسمت کو کسی چھوٹے عدد اولی سے جس سے وہ ہماری دانست میں پورا تقسیم ہو جائیگا تقسیم کرتے ہیں اور اسی طرح پر ہر خارج قسمت کو تقسیم کرتے چلے جاتے ہیں جب تک کہ آخر خارج قسمت آ ہو جتنے عدد اولی کہ بطور مقسوم علیہ کے اس عمل میں استعمال کرتے ہیں وہ سب دیے ہوئے عدد کے اجزاء ضربی ہیں مثلاً ۲۵۲۰ کے اجزاء ضربی دریافت کرنیکے لئے ہم اس طرح عمل کرتے ہیں

۲	۲۵۲۰
۲	۱۲۶۰
۲	۶۳۰
۳	۳۱۵
۵	۱۰۵
۷	۲۱
۳	۳
	۱

اسلئے ۲۵۲۰ = ۱×۳×۷×۵×۳×۲×۲×۲

ہمکو روزمرہ کے حساب میں کسی عدد مرکب کے سب اجزا ضربی کے دریافت کرنے کی بہت کم ضرورت پڑتی ہے لیکن اس بات کو ہمیں اکثر دریافت کرنا پڑتا ہے کہ کوئی عدد کسی خاص عدد سے پورا تقسیم ہوسکتا ہے یا نہیں اسلئے طالبعلموں کو عددوں کی بابت نیچے لکھی باتوں کا یاد رکھنا نہایت ضرور ہے

(۱) ہر عدد ۲ پر پورا تقسیم ہوسکتا ہے جسکی اکائی کا ہندسہ صفر ہے یا ۲ پر پورا تقسیم ہوسکتا ہے مثلاً ۱۳۱۰ اور ۲۳۴۲ کو ہم ۲ پر پورا تقسیم کرسکتے ہیں

(۲) ہر عدد ۳ پر پورا تقسیم ہوسکتا ہے جس کے سب ہندسوں کا مجموعہ ۳ پر پورا تقسیم ہوسکتا ہے مثلاً ۳۴۵ کو ہم ۳ پر پورا تقسیم کرسکتے ہیں

(۳) ہر عدد ۴ پر پورا تقسیم ہوسکتا ہے جس کے داہنی طرف کے دو ہندسے صفر ہوں یا ایسا عدد بناتے ہوں جو ۴ پر پورا تقسیم ہوسکے مثلاً ۳۷۰۰ اور ۱۳۳۶ کو ہم ۴ پر پورا تقسیم کرسکتے ہیں

(۴) ہر عدد ۵ پر پورا تقسیم ہوسکتا ہے جس کی اکائی کا ہندسہ صفر ہے یا ۵ ہے مثلاً ۱۳۰ اور ۱۳۵ کو ہم ۵ پر پورا تقسیم کرسکتے ہیں

(۵) ہر عدد جو ۲ پر پورا تقسیم ہوسکتا ہے ۶ پر بھی پورا تقسیم ہوسکتا ہے اگر اسکے ہندسوں کا مجموعہ ۳ پر پورا تقسیم ہوسکے مثلاً ۴۳۲ کو ہم ۶ پر پورا تقسیم کرسکتے ہیں

(۶) ہر عدد ۸ پر پورا تقسیم ہوسکتا ہے جسکے داہنی طرف کے تین ہندسے صفر ہوں یا ایسا عدد بناتے ہوں جو ۸ پر پورا تقسیم ہوسکے مثلاً ۲۳۰۰۰ اور ۵۲۵۶ کو ہم ۸ پر پورا تقسیم کرسکتے ہیں

(۷) ہر عدد ۹ پر پُورا تقسیم ہو سکتا ہے جسکے سب ہندسوں کا مجموعہ ۹ پر پُورا تقسیم ہو سکے مثلاً ۲۵۲ کو ہم ۹ پر تقسیم کر سکتے ہیں

(۸) ہر عدد ۱۱ پر پُورا تقسیم ہو سکتا ہے جسکے اگر داہنی طرف سے پہلی تیسری پانچویں وغیرہ یعنی طاق جگہوں کے ہندسوں کا مجموعہ دریافت کیا جاوے اور دوسری چوتھی چھٹی وغیرہ یعنی جفت جگہوں کے ہندسوں کا مجموعہ دریافت کیا جاوے تو ان دونوں مجموعوں کا فرق صفر ہو یا ۱۱ پر پُورا تقسیم ہو سکے مثلاً ۲۹۲۳۴۶ اور ۶۷۸۴۹۳ کو ۱۱ پر پُورا تقسیم کر سکتے ہیں

(۹) دو یا زیادہ ہندسوں سے بنے ہوئے ہر عدد اولی کے شروع میں ان چار ہندسوں ۱ و ۳ و ۷ و ۹ میں سے کوئی ہندسہ ضرور ہوگا

لیکن دو ہندسوں سے بنا ہوا عدد جسکے شروع میں ۱ یا ۳ یا ۷ یا ۹ ہے ہر صورت میں عدد اولی نہیں ہے

(۱۰) جتنے عدد اولی ۳ سے بڑے ہیں اُن میں سے بعضوں میں ایک جمع کرنے سے اور باقی عددوں میں ایک کم کرنے سے ۶ کا پُورا تقسیم ہو سکتا ہے

لیکن جس عدد میں ایک جمع کرنے یا ایک کم کرنے سے ۶ کی پُوری تقسیم ہو ہر صورت میں عدد اولی نہیں ہے

اوپر کی باتیں ہم نے اس غرض سے لکھی ہیں کہ اُن کے یاد رکھنے سے طالبعلموں کو کسی بڑے عدد کے اجزاء ضربی دریافت کرنے میں بڑی مدد ملتی ہے

۶۰۔ اگر مضروب میں کوئی عدد مرکب ہو تو اُس کے اجزاء ضربی دریافت کرنے سے اکثر ضرب کا عمل مختصر ہو سکتا ہے مثلاً اگر ۴۳۸۹۳۷ کو ۲۷ سے ضرب دینا ہے تو ہم

پہلے ۲۰۷ کے اجزاءِ ضربی ۸ اور ۹ دریافت کرتے ہیں اور پھر عمل ضرب اِسطرح کرتے ہیں

	۴۳۸۹۳۷
۸	
	۳۵۱۱۴۹۶
۹	
	۳۱۶۰۳۴۶۴

۶۱ - اِس طریقہ کا فائدہ اُسوقت خوب ظاہر ہوگا جب ہم ضرب مرکب کے سوال اِس طریقہ سے حل کریں گے تقسیم کا عمل بھی مقسوم علیہ کے اجزاءِ ضربی دریافت کرنے سے مختصر ہوسکتا ہے کیونکہ مقسوم کو ہم پہلے ایک جز سے تقسیم کرتے ہیں اور پھر جو کچھ خارجِ قسمت نکلے اُسکو دوسرے جز سے تقسیم کرسکتے ہیں اور اِسی طرح پر تیسرے اور چوتھے وغیرہ جزوں سے تقسیم کرسکتے ہیں

مثال ۱۔ ۲۲۱۲۲۴۲۴۸ کو ۵۰۴ پر تقسیم کرو

۵۰۴ کے ہم پہلے اجزاءِ ضربی ۸، ۹، ۷ دریافت کرتے ہیں اور پھر عمل تقسیم اِسطرح کرتے ہیں

۸	۲۲۱۲۲۴۲۴۸
۹	۲۷۶۵۳۰۲۱
۷	۳۰۷۲۸۵۹
	۴۳۸۹۳۷

اِسلئے خارجِ قسمت ۴۳۸۹۳۷ ہوا

مثال ۲ ۹۷۰۰۵ کو ۱۶۸ پر تقسیم کرو

۱۶۸ کے اجزاءِ ضربی ۳، ۷، ۸ دریافت کئے اور پھر عمل تقسیم کا اِس طرح کیا

	۳	۹۷۰۰۵
پہلی باقی ۲	۷	۳۲۶۰۱
دوسری باقی ۲	۸	۴۶۵۷
تیسری باقی ۱		۵۸۲

اِسلئے ۵۸۲ خارجِ قسمت ہے اور (۱×۷×۳+۲×۳+۲) یعنی ۲۹ باقی ہے

مشق ۱۷

نیچے لکھے ہوئے عددوں میں سے پہلے سترہ عددوں کے دل میں عمل کرکے اور باقی عددوں کے سلیٹ پر عمل کرکے اجزاء ضربی اولی دریافت کرو

(۱) ۳۶ (۲) ۳۹ (۳) ۴۲ (۴) ۵۱ (۵) ۵۴

(۶) ۵۷ (۷) ۷۲ (۸) ۸۵ (۹) ۹۱

(۱۰) ۹۹ (۱۱) ۱۰۰ (۱۲) ۱۰۵ (۱۳) ۱۰۸

(۱۴) ۱۱۲ (۱۵) ۱۳۲ (۱۶) ۱۷۶ (۱۷) ۲۸۸

(۱۸) ۴۳۲ (۱۹) ۵۲۵ (۲۰) ۶۲۵ (۲۱) ۷۲۹

(۲۲) ۹۹۹ (۲۳) ۱۲۹۶ (۲۴) ۱۷۶۰ (۲۵) ۵۷۶۰

مضروب فیہ کے ایسے اجزاء ضربی جنمیں سے ہر ایک ۱۲ سے کم ہو دریافت کرکے ضرب دو

(۲۶) ۵۴۶۲ کو ۲۷ میں (۲۷) ۸۴۹۷ کو ۳۶ میں (۲۸) ۵۷۸۳ کو ۴۹ میں

(۲۹) ۲۷۲۸۴ کو ۵۶ میں (۳۰) ۹۰۷۲۸ کو ۱۳۲ میں (۳۱) ۹۰۷۲۵ کو ۳۶۰ میں

(۳۲) ۴۰۲۰۷ کو ۱۰۸ میں (۳۳) ۳۶۷۲۹ کو ۱۳۲۰ میں (۳۴) ۴۰۷۵۰۷ کو ۴۴۰۰ میں

مقسوم علیہ کے ایسے اجزاء ضربی جنمیں سے ہر ایک ۱۲ سے کم ہو دریافت کرکے تقسیم کرو

(۳۵) ۳۴۶۰۸ کو ۱۴ پر (۳۶) ۶۷۹۱۰۴۶ کو ۱۵ پر

(۳۷) ۴۵۷۶ کو ۱۸ پر (۳۸) ۱۱۴۳۹۹۵۹۰۳ کو ۲۷ پر

(۳۹) ۲۸۵۲۱۶۸۲۲ کو ۳۳ پر (۴۰) ۲۰۹۵۵۰۱۰۹۷ کو ۴۹ پر

(۴۱) ۴۱۵۷۰۲۷۸۴ کو ۵۶ پر (۴۲) ۱۲۰۰۱۳۰۰۸۱ کو ۸۴ پر

(۴۳) ۲۲۰۳۹۹۹۲ کو ۱۰۸ پر (۴۴) ۵۷۶۶۷۷۳۲ کو ۱۳۲ پر

(۴۵) ۰۰۵۳۴۵۲۶۳۷۴ کو ۱۲۵ پر (۴۶) ۰۰۵۲۲۰۴۸۱۵۶۵ کو ۲۰۷ پر

ضرب کے مختصر اور سہل طریقے

۶۲ - ہم اِسجگہ چند قاعدے ایسے لکھیں گے جن کے ذریعہ سے بعض قسم کے ضرب کے سوال بہت آسانی اور جلدی سے حل ہو سکتے ہیں

قاعدہ ۱ - کسی عدد کو ۵ میں ضرب دینے کے لئے اُس عدد کے داہنی طرف ایک صفر لکھو اور جو کچھ حاصل ہو اُسکو ۲ پر تقسیم کرو کیونکہ ۵ = ۱۰ ÷ ۲

مثال ۷۵۳۸ کو ۵ سے ضرب دو

۷۵۳۸۰ ÷ ۲ = ۳۷۶۹۰ حاصل ضرب

قاعدہ ۲ - کسی عدد کو ۱۵ میں ضرب دینے کے لئے اُس عدد کے داہنی طرف ایک صفر لکھو اور جو کچھ حاصل ہو اُس میں اُسی کا آدھا جوڑ دو حاصل جمع حاصل ضرب ہوگا

∴ ۱۵ = ۱۰ + ۵ = ۱۰ + ۱۰ ÷ ۲

مثال ۸۹۳۷ کو ۱۵ میں ضرب دو

۸۹۳۷۰ = ۱۰ × ۸۹۳۷

۴۴۶۸۵ = ۲ ÷ ۸۹۳۷۰

۱۳۴۰۵۵ حاصل ضرب

قاعدہ ۳ - کسی عدد کو ۲۵ سے ضرب دینے کے لئے اُس عدد کے داہنی طرف دو صفر لکھنے سے جو حاصل ہو اُسکو ۴ پر تقسیم کرو ∴ ۲۵ = ۱۰۰ ÷ ۴

مثال ۹۷۵۳ کو ۲۵ سے ضرب دو

۹۷۵۳۰۰ ÷ ۴ = ۲۴۳۸۲۵ حاصل ضرب

قاعدہ ۴ ۔ کسی عدد کو ۳۵ سے ضرب دینے کے لئے اُس عدد کو تیسرے قاعدے کے مطابق ۲۵ سے ضرب دو اور جو کچھ حاصل ہو اُسمیں اُس عدد کا دس گنا جوڑ دو

∴ ۳۵ = ۲۵ + ۱۰

مثال ۱۲۹۸۷ کو ۳۵ میں ضرب دو

۱۲۹۸۷ × ۲۵ = ۳۲۴۶۷۵ = ۴ ÷ ۱۲۹۸۷۰۰

۱۲۹۸۷ × ۱۰ = ۱۲۹۸۷۰

۴۵۴۵۴۵ حاصل ضرب

قاعدہ ۵ ۔ کسی عدد کو ۷۵ میں ضرب دینے کے لئے ۔ اُس عدد کے داہنی طرف دو صفر لکھنے سے جو کچھ حاصل ہو اُس میں سے اُسکا چوتھائی گھٹا دو ۔

۷۵۰۰ = ۱۰۰ − ۲۵ = ۱۰۰ − ۴ ÷ ۱۰۰

مثال ۱۹۷۸۲ کو ۷۵ میں ضرب دو

۱۹۷۸۲ × ۱۰۰ = ۱۹۷۸۲۰۰

۱۹۷۸۲۰۰ ÷ ۴ = ۴۹۴۵۵۰

۱۴۸۳۶۵۰

قاعدہ ۶ ۔ کسی عدد کو ۱۲۵ سے ضرب دینے کے لئے اُس عدد کے داہنی طرف تین صفر لکھو اور جو کچھ حاصل ہو اُسکو ۸ پر تقسیم کرو ۔ ∴ ۱۲۵ = ۱۰۰۰ ÷ ۸

مثال ۹۳۹۷ کو ۱۲۵ میں ضرب دو

۹۳۹۷۰۰۰ ÷ ۸ = ۱۱۷۴۶۲۵ حاصل ضرب

قاعدہ ۷ ۔ کسی عدد کو ایسے عدد سے ضرب دینے کے لئے جس میں سب ہندسے ۹

کے ہوں جس عدد کو ضرب دینا ہو اُسکے داہنی طرف اُتنے صفر لکھو جتنے مضروب فیہ میں ۹ ہیں اور جو کچھ حاصل ہو اُس میں سے اُس عدد کو گھٹا دو

∴ ۱۰۰۰ - ۱ = ۹۹۹

مثال ۷۵۸۹۱ کو ۹۹۹ سے ضرب دو

۷۵۸۹۱۰۰۰ - ۷۵۸۹۱ = ۷۵۸۱۵۱۰۹ حاصل ضرب

قاعدہ ۸ - کسی عدد کو ایسے عدد سے ضرب دینے کے لئے جو دس کی کسی قوت کے بہت قریب کا عدد ہو مثلاً ۹۵ و ۹۹۶ و ۹۹۸ وغیرہ جس عدد کو ضرب دینا ہو اُس کے داہنی طرف اُتنے صفر لکھو جتنے مضروب فیہ میں ہندسے ہوں اور جو کچھ حاصل ہو اُس میں سے اُتنا گنا گھٹا دو جتنا مضروب فیہ اپنے پاس کی دس کی قوت سے کم ہو

مثال ۱ ۳۴۲۵ کو ۹۸ سے ضرب دو

۱۰۰ - ۲ = ۹۸

۳۴۲۵۰۰ - ۳۴۲۵ × ۲ = ۳۴۲۵۰۰ - ۶۸۵۰ = ۳۳۵۶۵۰ حاصل ضرب

مثال ۲ ۱۳۴۲۵ کو ۹۹۸۹ سے ضرب دو

۱۰۰۰۰ - ۱۱ = ۹۹۸۹

۱۳۴۲۵۰۰۰۰ - ۱۳۴۲۵ × ۱۱ = ۱۳۴۲۵۰۰۰۰ - ۱۴۷۶۷۵ = ۱۳۴۱۰۲۳۲۵ حاصل ضرب

قاعدہ ۹ - کسی ایسے عددوں کو آپس میں ضرب دینے کے لئے جن میں سے ہر ایک کے سب ہندسے ایک ہی ایک ہیں - اُن عددوں میں سے بڑے کو مضروب اور چھوٹے کو مضروب فیہ سمجھو اب مضروب فیہ کے ہندسوں کی تعداد کو اُتنی بار

سے ایکبار زیادہ لکھو جتنا مضروب اور مضروب فیہ کے ہندسوں کی تعدادوں کا فرق ہے پھر اُن کے داہنی اور بائیں طرف سلسلہ وار اُن عددوں کو لکھو جو مضروب فیہ کے ہندسوں کی تعداد سے نیچے کے ہیں یہ قاعدہ مثال سے بخوبی سمجھ میں آجائیگا

مثال ۱۔ ۱۱۱۱۱۱۱ کو ۱۱۱۱ سے ضرب دو

اِس مثال میں مضروب فیہ میں پانچ ہندسے ہیں اور مضروب میں آٹھ ہندسے اور اِن دونوں کے ہندسوں کی تعدادوں کا فرق ۳ ہے اِسلئے ۵ کو ۳ بار سے ایکبار زیادہ یعنی سب چار بار برابر لکھکر اُن کے داہنی اور بائیں طرف ۵ سے نیچے کے ہندسے ۴ و ۳ و ۲ و ۱ سلسلہ وار لکھدو تو حاصل ضرب یہ ہوگا ۱۲۳۴۵۵۵۵۴۳۲۱

لیکن جب مضروب فیہ کے ہندسوں کی تعداد ۹ سے زیادہ ہو یعنی دس گیارہ یا بارہ وغیرہ ہو تو اُس تعداد کو برابر نہ لکھیں گے اُسکے لکھنے کا اور طریقہ ہے جیسا کہ نیچے کی مثال کے عمل سے ظاہر ہوگا

مثال ۲ ۱۱۱۱۱۱۱۱۱۱۱۱ کو ۱۱۱۱۱۱۱۱۱۱۱۱ سے ضرب کرو

اِس مثال میں مضروب کے ہندسوں کی تعداد تیرہ اور مضروب فیہ کے ہندسوں کی تعداد گیارہ ہے اور اُن دونوں تعدادوں کا فرق ۲ ہے اِسلئے ۱۱ کو تین بار اِس طرح جیسا کہ موٹے قلم سے لکھا ہے لکھیں گے اُسکے بعد لکیر کے تلے حاصل جمع سب ہندسوں کا جمع کے قاعدے کے مطابق لکھدیں گے

۱ ۲ ۳ ۴ ۵ ۶ ۷ ۸ ۹ ۱۰ ۱۱ ۱۲ لکیر کے تلے جو عدد ہوگا وہی حاصل ضرب ہوگا

۱۰
۱۱
۱۱
۱۱
۱۰
۱۲۳۴۵۶۷۸۹
۱۲۳۴۵۶۷۸۹۰۱۲۲۲۹۸۷۶۵۴۳۲۱

قاعدہ ۱ - کسی ایسے عدد کو جو ۳ پر پورا تقسیم ہو سکے ۳ سے ضرب دینے کے لئے اُس عدد کو ۳ پر تقسیم کرو اور خارج قسمت میں خارج قسمت کا دس گنا اور سو گنا جوڑ دو

مثال ۳۵۴ اور ۴۵۷۲ میں سے ہر ایک کو ۳ سے ضرب دو

۳) ۳۵۴	۳) ۴۵۷۲
۱۱۸	۱۵۲۴
۱۱۸	۱۵۲۴
۱۱۸	۱۵۲۴
حاصلضرب ۱۰۶۲	حاصلضرب ۱۶۹۱۶۴

عددوں کے مربعے دریافت کرنے کے مختصر اور آسان طریقے

۶۳ - اب ہم چند قاعدے ایسے لکھیں گے جن سے عددوں کے مربعے بہت جلد دریافت ہو سکیں

قاعدہ ۱ - اُن عددوں کے مربعے دریافت کرنے کے لئے جو دو ہندسوں سے بنتے ہیں اور جن کی اکائی کی جگہ کا ہندسہ ۵ ہے - عدد کی دہائی کی جگہ کے ہندسے سے جو عدد بنے اُس عدد کو اُسکے آگے کے عدد سے ضرب دو اور جو کچھ حاصل ضرب ہو اُسکے داہنی طرف ۲۵ لکھدو

مثال ۶۵ کا مربع دریافت کرو

اِس مثال میں عدد کی دہائی کی جگہ ۶ ہے ۶ کو ۷ سے ضرب دیا تو ۴۲ حاصل ہوا اب اگر ۴۲ کے داہنی طرف ۲۵ لکھدیا تو ۴۲۲۵ کا عدد پیدا ہوا یہی ۶۵ کا مربع ہے

قاعدہ ۲ - کسی عدد کا مربع دریافت کرنے کے لئے جو دو ہندسوں سے بنا ہوا ہے اُس عدد میں اُس کی اکائی کی جگہ کا ہندسہ جمع کرو اور اُس میں سے گھٹاؤ

اور حاصل جمع اور حاصل تفریق کو آپس میں ضرب دو اور جو کچھ حاصل ضرب ہو اُس میں اِکائی کے ہندسہ کا مربع جوڑ دو

مثال ۸۹ کا مربع دریافت کرو

$$۸۹^۲ = (۹۰ + ۸۹)(۹۰ - ۸۹) + ۹^۲ = ۱۷۹ \times ۱ + ۸۱ = ۱۸۰ + ۸۱ = ۷۹۲۱$$

قاعدہ ۳ - کسی عدد کا مربع دریافت کرنے کے لئے جو تین ہندسوں سے بنا ہوا ہو اوّل عدد کے داہنی طرف کے دو ہندسوں سے بنے ہوئے عدد کا مربع اوپر کے قاعدہ سے دریافت کرو اور اُن دو ہندسوں سے بنے ہوئے عدد کو دیے ہوئے عدد میں جمع کرو اور اُس میں سے گھٹاؤ اور حاصل جمع کو حاصل تفریق میں ضرب دینے سے جو حاصل ہو اُس میں دو ہندسوں سے بنے ہوئے عدد کا مربع جو دریافت کیا ہو جمع کرو

مثال ۸۴۰ کا مربع دریافت کرو

$$۸۴۰^۲ = (۸۴۰ + ۴)(۸۴۰ - ۴) + ۴^۲ = ۸۴۴ \times ۸۳۶ + ۱۶ = ۷۰۴۰ + ۱۶ = ۷۰۵۶$$

$$۸۴۷^۲ = (۸۴۷ + ۸۴)(۸۴۷ - ۸۴) + ۸۴^۲ = ۸۶۸ \times ۸۳۰ + ۷۰۵۶ = ۷۰۶۶۰۰ + ۷۰۵۶$$

$$= ۷۱۴۶۵۶$$

قاعدہ ۴ - کسی عدد کے مربعے دریافت کرنے کے لئے جس کے سب ہندسے ایک ہی ایک ہوں داہنی طرف سے ۱ و ۲ و ۳ وغیرہ اُس عدد تک جو دیے ہوئے عدد کے ہندسوں کی تعداد کو ظاہر کرتا ہو ایک ہی سطر میں لکھو اور پھر اُس عدد کے نیچے کے عدد سلسلہ وار ایک سطر میں لکھو

مثال ۱۱۱۱۱۱۱۱۱۱ کا مربع دریافت کرو

اِس مثال میں دیے ہوئے عدد میں ۹ ایک ہیں اِس لئے ۱ و ۲ و ۳ وغیرہ سے ۹ تک ایک سطر میں اور پھر ۹ کے بعد ۸ و ۷ وغیرہ سے ایک تک اُسی سطر میں اِس طرح لکھو

۱۲۳۴۵۶۷۸۹۸۷۶۵۴۳۲۱ یہی عدد ۱۱۱۱۱ کا مربع ہے

مثال ۲ ۱۱۱۱۱۱۱۱۱۱۱ کا مربع دریافت کرو

اِس مثال میں دیے ہوئے عدد میں گیارہ ایک ہیں اِسلئے دیے ہوئے عدد کا مربع قاعدہ کے مطابق اِس طرح دریافت کیا

۱۰۹۸۷۶۵۴۳۲۱
۱۱
۱۰
۱۲۳۴۵۶۷۸۹
۱۲۳۴۵۶۷۸۹۰۱۲۰۹۸۷۶۵۴۳۲۱

قاعدہ ۵ کسی عدد کا مربع دریافت کرنے کے لئے جسکے سب ہندسے نو ہی نو ہوں پہلے ۹ کا ہندسہ لکھو پھر ۹ کے بائیں طرف اُتنے نو لکھو جتنے دیے ہوئے عدد میں ہندسوں کی تعداد ایک گھٹا کر ہو اور اُسکے داہنی طرف اُتنے صفر لکھو جتنے بائیں طرف ۹ لکھے ہیں اور صفروں کے داہنی طرف ایک کا ہندسہ لکھکر چھوڑ دو

مثال ۹۹۹۹۹ کا مربع دریافت کرو

قاعدہ کے مطابق ۹۹۹۹۸۰۰۰۰۱ مربع ۹۹۹۹۹ کا دریافت ہوا

تقسیم کے مختصر اور آسان طریقے

۶۴ - ہم اِس جگہ چند ایسے قاعدے لکھیں گے جن کے ذریعہ سے بعض صورتوں میں تقسیم کا عمل بہت مختصر ہو سکتا ہے

قاعدہ ۱- کسی عدد کو ۵ پر تقسیم کرنے کے لئے اُس کو ۲ سے ضرب دو اور حاصل ضرب کو ۱۰ پر تقسیم کرو یا اُس کے داہنی طرف کا ہندسہ نکالڈالو نکالے ہوئے ہندسہ کو ۲ پر تقسیم کرنے سے باقی حاصل ہوگی

مثال ۸۶۴۳ کو ۵ پر تقسیم کرو

۸۶۴۳ ÷ ۵ = (۸۶۴۳ × ۲) ÷ ۱۰ = ۱۷۲۸۶ ÷ ۱۰ = ۱۷۲۸ خارج قسمت

اور باقی ۶ ۶ ÷ ۲ = ۳ اصل باقی

قاعدہ ۲- کسی عدد کو ۲۵ پر تقسیم کرنے کے لئے اُس عدد کو ۴ سے ضرب دو اور حاصل ضرب کو ۱۰۰ پر تقسیم کرو یا اُسکے داہنی طرف کے آخر دو ہندسے نکالڈالو نکالے ہوئے ہندسوں سے بنے ہوئے عدد کو ۴ پر تقسیم کرنے سے باقی حاصل ہوگی

مثال ۵۶۷۱ کو ۲۵ پر تقسیم کرو

۵۶۷۱ ÷ ۲۵ = (۵۶۷۱ × ۴) ÷ ۱۰۰ = ۲۲۶۸۴ ÷ ۱۰۰ = ۲۲۶ خارج قسمت

اور ۸۴ باقی ۸۴ ÷ ۴ = ۲۱ اصل باقی

قاعدہ ۳- کسی عدد کو ۱۲۵ پر تقسیم کرنے کے لئے اُس عدد کو ۸ سے ضرب دو اور حاصل ضرب کو ۱۰۰۰ پر تقسیم کرو یا اُس کے داہنی طرف کے آخر تین ہندسے نکالڈالو نکالے ہوئے ہندسوں سے بنے ہوئے عدد کو ۸ پر تقسیم کرنے سے باقی حاصل ہوگی

مثال ۷۶۰۳۲ کو ۱۲۵ پر تقسیم کرو

۷۶۰۳۲ ÷ ۱۲۵ = (۷۶۰۳۲ × ۸) ÷ ۱۰۰۰ = ۶۱۲۵۶ ÷ ۱۰۰۰ = ۶۱۲ خارج قسمت اور باقی ۶۵۶ ۶۵۶ ÷ ۸ = ۸۲ اصل باقی

قاعدہ ۴- کسی عدد کو ایسے عدد پر تقسیم کرنے کے لئے جس کا ہر ایک ہندسہ ۹ ہی

مقسوم علیہ میں جتنے ۹ ہوں اُتنے صفر آگے داہنی طرف لکھو ایک کے ساتھ صفروں کے لکھنے سے جو عدد پیدا ہو اُس پر مقسوم کو تقسیم کرو اور پھر خارج قسمت کو اُسی عدد پر تقسیم کرو اور اسی طرح تقسیم کا عمل برابر کرتے جاؤ جب تک کہ ممکن ہو اِس کے بعد سب خارج قسمتوں کی اور باقیوں کی الگ الگ حاصل جمع دریافت کرو اگر باقیوں کی حاصل جمع میں اُتنے ہندسوں سے زیادہ ہوں جتنے مقسوم علیہ میں ۹ ہیں تو جتنے زیادہ ہیں حاصل جمع کے بائیں طرف سے نکالکر خارج قسمتوں کی حاصل جمع اور باقیوں کی حاصل جمع دونوں میں ملاؤ اب یہ پچھلی حاصل جمع ترتیب وار خارج قسمت اور باقی ہوں گی اگر باقی وہی نکلے جو مقسوم علیہ ہے تو اُسکو ایک سمجھکر خارج قسمت کی حاصل جمع میں ملا دو اِس صورت میں مقسوم پورا تقسیم ہو جاویگا

مثال ۱۹۳۴۵۶۷۸۵۱ کو ۹۹۹ پر تقسیم کرو

ایک کھڑی لکیر کھینچکر اُسکے بائیں طرف خارج قسمتوں کو اور داہنی طرف باقیوں کو اِس طرح لکھو کہ دوسری خارج قسمت اور باقی ترتیب وار پہلی خارج قسمت اور باقی کے تلے تلے ہو اور تیسری خارج قسمت اور باقی ترتیب وار دوسری خارج قسمت اور باقی کے تلے

۱۹۳۴۵۶۷	۸۵۱
۱۹۳۴	۵۶۷
۱	۹۳۴
	۱
۱۹۳۶۵۰۲	۳۵۳
۲	۲
۱۹۳۶۵۰۴	۳۵۵

ہوو غیرہ خارج قسمتوں کی حاصل جمع ۱۹۳۶۵۰۲ ہے

اور باقیوں کی حاصل جمع ۲۳۵۳ ہے

چونکہ مقسوم علیہ میں تین ۹ ہیں اِسلئے

۳ ہندسے داہنی طرف کے باقیوں کے تلے لکھے

اور باقی ہندسے ۲ کو خارج قسمت کی حاصل جمع میں اور باقیوں کی حاصل جمع میں جمع کیا تو یہ پچھلے عدد ۱۹۳۶۵۰۴ اور ۳۵۵ ترتیب وار خارج قسمت اور باقی ہوئے

قاعدہ ۵- ایسے عدد پر جس کا ہر ایک ہندسہ ۹ ہی تقسیم کرنیکا ایک اور قاعدہ یہ ہی مقسوم کے داہنی طرف کے اُتنے ہندسوں کے بعد جتنے مقسوم علیہ میں ۹ ہیں ایک کھڑی لکیر کھینچو پھر کھڑی لکیر کے دونوں طرف کے عددوں کے حاصل جمع کو مقسوم کے تلے اس طرح لکھو کہ حاصل جمع کی اکائی اور دہائی وغیرہ ترتیب وار مقسوم کی اکائی اور دہائی وغیرہ کے تلے ہوں اُس کے بعد اُن عددوں کو جو دوسری سطر میں لکیر کے دونوں طرف ہیں جمع کرو اور حاصل جمع تیسری سطر میں اس طرح لکھو کہ اُسکی اکائی اور دہائی وغیرہ ترتیب وار مقسوم کی اکائی اور دہائی وغیرہ کے تلے ہوں اور اسی طرح لکیر کے دونوں طرف کے عدد جمع کرتے جاؤ جب تک کہ حاصل جمع کے کل ہندسے لکیر کے داہنی طرف رہیں بچلی حاصل جمع تقسیم کی باقی ہوگی اور لکیر کے بائیں طرف کے سب عددوں کی حاصل جمع خارج قسمت ہوگی جس صورت میں مقسوم مقسوم علیہ پر پُورا تقسیم ہوتا ہی اُس صورت میں اس قاعدہ سے باقی جو رہتی ہی مقسوم علیہ کے برابر ہوتی ہی اسلئے اُس باقی کو ایک سمجھکر خارج قسمت میں جمع کردو

مثال ۱ ۶۵۲۳۲۹۸۰۶۵۲۳ کو ۹۹۹۹ پر تقسیم کرو۔

۶۵۲۳	۶۵۲۳۲۹۸۰۶۵۲۳
۹۵۱۰	۶۵۲۳
۱۶۰۳۳	۱
۶۰۳۴	۶۵۲۳۹۵۱۱

اسلئے ۶۵۲۳۹۵۱۱ خارج قسمت ہی اور ۶۰۳۴ باقی ہی

مثال ۲ ۱۶۵۲۲۲۹۸۷۰۴۸۹ کو ۹۹۹۹ پر تقسیم کرو

۰۴۸۹	۱۶۵۲۲۲۹۸۷
۳۴۷۶	۱۶۵۲۲
۹۹۹۸	۱
۹۹۹۹	۱۶۵۲۳۹۵۱۰
	۱
	۱۶۵۲۳۹۵۱۱

چونکہ بچھلی باقی ۹۹۹۸ ہے اور مقسوم علیہ اس میں ایکبار پورا جا سکتا ہے اسلئے جب ایک کو ۱۶۵۲۳۹۵۱۰ میں جمع کیا تو ۱۶۵۲۳۹۵۱۱ خارج قسمت ہوئے اور باقی کچھ نہ رہا

مثال ۱ ۱۶ ÷ ۴ × ۳ = ۳ ÷ ۲ + ۳ × ۴ ÷ ۳ ÷ ۲ + ۳

= ۱۲ ÷ ۲ + ۳

= ۶ + ۳

= ۲

مثال ۲ ۷ + ۴ × ۳ ÷ ۲ − ۱۲ ÷ ۶ = ۷ + ۱۲ ÷ ۲ − ۲

= ۷ + ۶ − ۲

= ۱۳ − ۲

= ۱۱

مشق ۱۸

مختصر اور آسان طریقوں سے حل کرو

(۱) ۷۴۲۳۷ × ۸۵۵۵ × ۶۵۷۶۹۸۵ × ۵ (۲) ۵۴۶۵۹۸۶۹۷۳۹۸۷۵ × ۱۵ و ۴۳۸۲۹۶۵۱۵

(۳) ۶۹۸۷۶۱۰۹۲۵ × ۳۵ (۴) ۳۵ × ۴۳۵۹۴۵۶۷۹۸۳۵ × ۳۵

(۵) ۴۳۹۸۴۳ × ۵۶۷۵۹۳۷۱۹۳ × ۵۵ (۶) ۵۶۷۸۶۹ × ۲۵ و ۴۳۸۷۵ × ۳۲۵

(۷) ۹۷۶۵۴ × ۹۹۹۹۹۹۹۷۹۳۱۴۵ × ۹۹۸ (۸) ۱۱۱۱۱۱۱۱ × ۱۱۱۱۱۱۱۱

(۹) ۳۷۲۴ × ۳۷۲۹۳۷۲۷ × ۳۷ (۱۰) ۵۹۶ × ۳۷۳۹۱۹۶۹۸ × ۳۷

مختصر اور آسان طریقوں سے نیچے لکھے ہوئے عددوں کے مربعے دریافت کرو

(۱۱) ۴۵ و ۵۵ و ۹۵ و ۱۱۵ (۱۲) ۷۸ و ۳۹ و ۶۹ و ۳۴ و ۶۵ و ۴۷ و ۳۳ و ۷۸ و ۶۷ و ۹۲

(۱۳) ۱۱۱۱ و ۱۱۱۱۱ و ۹۹۹ و ۹۹۹۹

مختصر اور آسان طریقوں سے تقسیم کرو

(۱۴) ۳۵ ÷ ۹۰۳۵ (۱۵) ۲۵ ÷ ۹۸۳۲۵ (۱۶) ۲۵ ÷ ۷۶۳۶۹۵ ÷ ۵

(۱۶) ۲۵ ÷ ۸۷۶۲۵ (۱۷) ۱۲۵ ÷ ۷۸۷۳۵۰۴۳۵ (۱۸) ۹۹۹۹ ÷ ۳۸۷۶۵۴۳۹۹۰۳۱۰۹

مشق ۱۹

قیمت دریافت کرو

(۱) ۵ × ۴ ÷ ۲ (۲) ۴ × ۳ ÷ ۱۲ (۳) ۴ ÷ ۸۰ ÷ ۲

(۴) ۱۰ ÷ ۲ × ۶ ÷ ۳ (۵) ۶ × ۳ ÷ ۲ (۶) ۸ × ۲ ÷ ۴ × ۳

(۷) ۴ × ۳ × ۵ + ۲ (۸) ۳۲ ÷ ۴ × ۳ (۹) ۱۶ ÷ ۴ − ۶ ÷ ۳

(۱۰) ۶ × ۵ − ۱۶ ÷ ۴ (۱۱) ۹ + ۶ ÷ ۲ − ۴ (۱۲) ۹ − ۶ ÷ ۲ + ۴

(۱۳) $۵^۲$ + ۲ × ۴ − $۶^۲$ ÷ ۳ (۱۴) ۴ × ۷ − ۳ × ۲ (۱۵) ۶ × ۷ × ۸ − ۳ × ۱۲ − ۸

(۱۶) ۱۸ ÷ ۲ − ۸ ÷ ۴ + ۱۴ ÷ ۷ (۱۷) $۱۰^۲$ − ۸ × ۴ + $۴^۲$ ÷ $۲^۲$ (۱۸) ۱۴۴ ÷ ۶ ÷ ۳ ÷ ۲ ÷ ۱

(۱۹) ۸ × ۷ × ۱۴ ÷ ۱۶ ÷ ۲ + ۷ (۲۰) ۴۲ × ۸ ÷ ۱۶ − ۱۰۰ ÷ $۵^۲$ + ۲

(۲۱) ۱۰۰ ÷ ۵ × ۴۴ − ۲۷۳ ÷ ۱۹ (۲۲) ۲۰ × ۱۷ × ۶۸ ÷ ۱۳۶ + ۱۲ × ۳۰ ÷ ۵

(۲۳) ۳۶ × ۴ ÷ ۱۶ − ۱۰۰ ÷ $۵^۲$ + ۸

(۲۴) ۵ × ۵ × ۵ × ۵ ÷ ۵ × ۵ × ۵ ÷ ۵ − ۱۲۵ ÷ ۲۵ + ۳۲

(۲۵) ۱۵۶ × ۳ ÷ ۴ + ۳۰ ÷ ۷ × ۲ ÷ ۳ − ۴ × ۴ × ۹ ÷ ۲ − ۳ × ۳ × ۵

پچھلے قاعدوں پر متفرق سوالات حل کئے ہوئے

۶۵- اِس جگہ ہم پچھلے قاعدوں پر کچھ سوالات حل کریں گے پھر مشق کے لئے سوال لکھیں گے

(۱) قیمت دریافت کرو $[(۴۵ \div ۸ - ۵ \div ۶۵ \div ۱۳) \div (۲ \times ۳ + ۳۵)] \times ۴$ کی

حل $[(۴۵ \div ۸ - ۵ \div ۶۵ \div ۱۳) \div (۲ \times ۳ + ۳۵)] \times ۴$

$= [(۱۶۹ - ۵) \div (۶ + ۳۵)] \times ۴$

$= [۱۶۴ \div ۴۱] \times ۴$

$= ۴ \times ۴$

$= ۱۶$

(۲) قیمت دریافت کرو $(۴۵ \div ۸ - ۵ \div ۶۵ \div ۱۳) \div \{(۲ \times ۳ + ۳۵) \times ۴\}$ کی

حل $(۴۵ \div ۸ - ۵ \div ۶۵ \div ۱۳) \div \{(۲ \times ۳ + ۳۵) \times ۴\}$

$= (۱۶۹ - ۵) \div \{(۶ + ۳۵) \times ۴\}$

$= ۱۶۴ \div \{۴۱ \times ۴\}$

$= ۱۶۴ \div ۱۶۴$

$= ۱$

(۳) قیمت دریافت کرو $\{۴ - [۴ - ۲ + ۳] + [۳ \times ۳ \div ۲ - ۲]\}$ کی

حل $\{۴ - [۴ - ۲ + ۳] + [۳ \times ۳ \div ۲ - ۲]\} = \{۴ - [۴ - ۵] + [۱۷ \times ۳ - ۲]\}$

$= \{۴ - ۱ + ۵۱ - ۲\} = ۵۲ - ۳ = ۴۹$

(۴) ایک تقسیم کے سوال میں خارج قسمت مقسوم علیہ سے ۶ گنا ہے اور مقسوم علیہ باقی سے

چھ گنا ہے اور خارج قسمت اور مقسوم علیہ اور باقی ملکر ۵۱۶ ہیں بتاؤ کہ مقسوم کا عدد کیا ہے

حل چونکہ خارج قسمت + مقسوم علیہ + باقی = ۵۱۶

لیکن مقسوم علیہ = ۶ × باقی اور خارج قسمت = ۶ × مقسوم علیہ = ۳۶ × باقی

اسلئے ۵۱۶ = ۳۶ × باقی + ۶ × باقی + باقی = ۴۳ × باقی

اسلئے باقی = ۱۲ اور مقسوم علیہ = ۷۲ اور خارج قسمت = ۴۳۲

اب چونکہ مقسوم = خارج قسمت × مقسوم علیہ + باقی

اسلئے مقسوم = ۴۳۲ × ۷۲ + ۱۲ = ۸ × ۹ × ۴۳۲ + ۱۲

= ۸ × ۳۸۸۸ + ۱۲

= ۳۱۱۱۰۴ + ۱۲ = ۳۱۱۱۶

(۵) کسی تقسیم کے سوال میں مقسوم کی اکائی کی جگہ پر ۵ ہے اور خارج قسمت کی اکائی کی جگہ پر ۷ ہے اور باقی ۱۴ ہے بتاؤ کہ مقسوم علیہ کی اکائی کی جگہ پر کونسا ہندسہ ہے

حل مقسوم کی اکائی کی جگہ پر ۵ ہے اور باقی ۱۴ ہے

اسلئے مقسوم - باقی = ۵ ..... - ۱۴ = ۱ .....

لیکن مقسوم - باقی = مقسوم علیہ × خارج قسمت

اسلئے (مقسوم علیہ × خارج قسمت) کی اکائی کی جگہ پر آ ہے

لیکن خارج قسمت کی اکائی کی جگہ پر ۷ ہے

اسلئے مقسوم علیہ کی اکائی کی جگہ پر ۳ ہے (کیونکہ سوائے ۳ کے اور کوئی عدد نہیں ہے جسکو اگر ۷ سے ضرب دیں تو حاصل ضرب کی اکائی کی جگہ پر آ آوے)

(۶) ۱۲۳۸۵۶۷ کو ۴۳۶ اور ۴۳۶ سے اس طرح ضرب دو کہ ضرب کی صرف دو سطریں لکھنی پڑیں

حل چونکہ ۴۳۶ = ۴۳۶ = ۳۶۰ + ۴ = ۹۰ × ۴ + ۴

اور ۴۳۶ = ۴۳۶ = ۳۶ + ۴۰۰ = ۹ × ۴ + ۴۰۰

اسلئے ۷۵۶۸۴۱۲	۷۵۶۸۴۱۲
۳۶۴	۴۳۶
۳۰۲۷۳۶۴۸	۳۰۲۷۳۶۴۸۰۰
۲۷۲۴۶۲۸۳۲۰	۲۷۲۴۶۲۸۳۲
۲۷۵۴۹۰۱۹۶۸ حاصلضرب	۳۲۹۹۸۲۷۶۳۲ حاصلضرب

(۷) ریل کی ڈاک گاڑی نے جو الہ آباد سے ایک بجے دوپہر کو روانہ ہوئی مسافر گاڑی کو جو ٹھیک دوپہر کو روانہ ہوئی تھی ۶ بجے شام کو پکڑ لیا اگر مسافر گاڑی ڈاک گاڑی کے روانہ ہونے سے پیشتر ۱۰ میل اور زیادہ چلی گئی ہوتی تو ڈاک گاڑی اسکو ۸ بجے رات کو پکڑتی بتاؤ کہ ڈاک گاڑی اور مسافر گاڑی فی گھنٹہ کتنے کتنے میل چلتی ہیں

حل چونکہ مسافر گاڑی کے ۱۰ میل اور زیادہ چلے جانے پر ڈاک گاڑی پکڑنے کے لئے ۲ اور زیادہ گھنٹہ لیتی

اسلئے ڈاک گاڑی مسافر گاڑی سے ۵ میل فی گھنٹہ زیادہ چلتی ہے

اب چونکہ ڈاک گاڑی نے جو ایک بجے دوپہر کو روانہ ہوئی تھی دوپہر کی چلی ہوئی مسافر گاڑی کو ۶ بجے شام کو یعنی ۵ گھنٹہ میں پکڑ لیا اور ڈاک گاڑی مسافر گاڑی سے ۵ گھنٹہ میں ۲۵ میل زیادہ چلتی ہے

اسلئے مسافر گاڑی دوپہر سے ایک بجے تک یعنی ایک گھنٹہ میں ۲۵ میل چلی گئی تھی

اسلئے مسافر گاڑی ۲۵ میل فی گھنٹہ اور ڈاک گاڑی ۳۰ میل فی گھنٹہ چلتی ہے

(۸) ایک حوض میں ۳ نل لگے ہوئے ہیں ایک نل سے ۳۰ من پانی فی گھنٹہ حوض میں آتا ہے اور دوسرے سے ۲۰ من پانی فی گھنٹہ آتا ہے اور تیسرے سے ۲۵ من پانی فی گھنٹہ

حوض میں سے نکل جاتا ہے اور حوض میں ۲۰۰ من پانی سماتا ہے اگر تینوں نل ایکساتھ کھولدیے جاویں تو کے گھنٹہ میں حوض بھر جائیگا

حل (۳۰ + ۲۰ - ۲۵) یعنی ۲۵ من پانی فی گھنٹہ حوض میں رہجاتا ہے

اِسلئے ۲۰۰ ÷ ۲۵ یعنی ۸ گھنٹہ میں حوض بھر جائیگا

(۹) ۴۵ ۹۰۰ ۵۰۴۵ کے اجزاء ضربی اولی دریافت کرو اور وہ چھوٹے سے چھوٹا کونسا عدد ہے جس میں اگر ۴۵ ۹۰۰ ۵۰۴۵ کو ضرب دیویں تو حاصل ضرب پورا مربع ہو

۵	۴۵ ۹۰۰ ۵۰۴۵
۳	۹ ۱۸۰۰ ۹
۳	۳ ۶۰۰ ۳
۷	۱ ۲۰۰ ۱
۷	۱۴۳ ۱۴۳
۱۱	۲۰ ۴۴ ۴
۱۱	۱ ۵۵ ۹
۱۳	۱۶ ۹
۱۳	۱۳
	۱

∴ ۴۵ ۹۰۰ ۵۰۴۵ کے اجزاء ضربی اولی ۵ و ۳ و ۳ و ۷ و ۷ و ۱۱ و ۱۱ و ۱۳ و ۱۳ ہیں

پھر چونکہ ۵ × ۳ × ۳ × ۷ × ۷ × ۱۱ × ۱۱ × ۱۳ × ۱۳ = ۵ × (۳ × ۷ × ۱۱ × ۱۳)²

اِسلئے دیے ہوئے عدد کو ۵ سے ضرب دینے سے حاصل ضرب پورا مربع ہو

(۵ × ۳ × ۷ × ۱۱ × ۱۳) یعنی ۱۵۰۱۵ کا ہوگا

متفرق مشق ۲۰

(۱) علم حساب - عدد - اکائی اور عدد مجرد کی تعریف کرو

(۲) تین ہندسوں سے بنے ہوئے سب سے بڑے عدد اور وہ ہندسوں سے بنے ہوئے سب سے چھوٹے عدد میں کیا فرق ہے

(۳) ۱۰۱ اور ۹۹ کے حاصل ضرب اور انھیں دونوں عددوں کے حاصل جمع اور فرق کے حاصل ضرب میں کیا فرق ہے

(۴) کسی دو عددوں کا حاصل ضرب ۱۳۶۰ ہے اور چھوٹا عدد اُن میں سے ۳۴ ہے اُن دونوں عددوں کا فرق بتاؤ

(۵) ۲۷ کو کم سے کم مرتبہ جمع کریں کہ حاصل جمع ۱۲۳۴۵۶ ہو جاوے

(۶) پہلے نو اعداد کا حاصل ضرب بتاؤ اور اُسکو اُن کی حاصل جمع سے تقسیم کرو

(۷) رام کے پاس ۱۰۰ آم ہیں اور شیام کے پاس رام سے ۱۱ آم کم ہیں اور موتی کے پاس رام اور شیام کے آموں کے مجموعہ سے ۹۶ آم کم ہیں رام نے شیام اور موتی کو بارہ بارہ آم دیدیے شیام نے رام اور موتی کو چودہ چودہ آم دیدیے اور پھر موتی نے رام اور شیام کو تیئس تیئس آم دیدیے بتاؤ کہ اب ہر ایک کے پاس کتنے کتنے آم ہیں

(۸) کنہیا لال اپنے بھائی سے ۷ برس بڑا ہے اور اپنے باپ سے جس کی عمر ۴۰ برس کی ہے ۱۷ برس چھوٹا ہے کنہیا لال کی ماں کی عمر دونوں بھائیوں کی عمر کے برابر ہے بتاؤ کہ کنہیا لال کی ماں اُس کے باپ سے کتنے برس بڑی یا چھوٹی ہے

(۹) ایک شخص نے اپنا خرچ ۶ مہینہ تک ۷۰۰ روپیہ ماہواری رکھا لیکن بعد ۶ مہینے کے اُسکو معلوم ہوا کہ اُسکا خرچ آمدنی سے زیادہ ہو گیا ہے اسلئے اُس نے بجائے ۷۰۰ روپیہ کے ۵۰۰ روپیہ ماہواری خرچ کرنا شروع کیا اور چار مہینے میں اُسکا گھاٹا پورا ہو گیا بتاؤ کہ اُسکی ماہواری آمدنی کیا تھی

(۱۰) دو عددوں کا حاصل جمع ۳۰۵ ہے اور ایک دوسرے سے بقدر ۱۵ کے زیادہ ہے بتاؤ کہ وہ اعداد کیا ہیں

(۱۱) ایک شخص نے کچھ صندوق چاء کے جنکو اُس نے ۴۲۰ روپیہ میں خریدا تھا ۵۰۶ روپیہ میں فروخت کردیے اُسکو ہر ایک صندوق پر ۲ روپیہ فائدہ ہوا بتاؤ کہ صندوقوں کی کیا تعداد تھی اور نیز ایک صندوق کو کس قیمت پر خریدا تھا

(۱۲) ایک کسان ۵۰۰ پونڈ اپنی جیب میں رکھکر بازار کو گیا اور ۱۲۲ پونڈ کے گھوڑے خریدے اور ۲۷۵ پونڈ کی بکریاں خریدیں و ۶۶ پونڈ کی بھیڑیں خریدیں و ۳۲۹ پونڈ کے کبوتر خریدے بتاؤ کہ اُس کے پاس کتنے پونڈ باقی رہے

(۱۳) ایک کنجڑن نے ۱۹ آنہ کے آم ایک آنہ کے ۲۱ کے بھاؤ سے اور ۳۱ آنہ کے ایک آنہ کے ۱۹ کے بھاؤ سے خریدے اور پھر سب آموں کو آنے کے ۱۴ کے بھاؤ سے بیچڈالا بتاؤ کہ اُس کو کیا فائدہ ہوا

(۱۴) ایک کتاب میں ۳۶۰ صفحے ہیں اور ہر ایک صفحہ میں ۳۶ سطریں اور ہر سطر میں ۴۸ حروف ہیں تو بتاؤ کہ ۱۲ کتابوں میں کسقدر حروف ہوں گے

(۱۵) سیتا رام اور رادھا کرشن کی عمریں ملکر ۸۰ برس کی ہیں ۱۰ برس ہوئے کہ سیتا رام کی عمر رادھا کرشن کی عمر سے دونی تھی بتاؤ کہ ہر ایک کی عمر اب کیا ہے

(۱۶) ۹۴۸۳۹۷۵ کو ۱۶۸۵۶۷ سے اِس طرح ضرب دو کہ ضرب کی ۳ سطریں لکھنی پڑیں اور حاصل ضرب بتاؤ

(۱۷) ۴۰۲ روپیوں کو دو آدمیوں میں اِس طرح تقسیم کرو کہ ایک کو دوسرے سے دُونا ملے

(۱۸) ۲۷۳۸ میں سے ۳۶۹ کی دفعہ تفریق ہوسکتا ہے اور آخر میں کیا باقی بچ رہیگا

(۱۹) کرکٹ کے میچ میں رام لچھمن نے ۱۰۴ رن کئے اور لچھمن و مہادیو نے ۶۷ رن کئے اور رام و مہادیو نے ۹۲ رن کئے بتاؤ کہ ہر ایک نے کتنے کتنے رن کئے

(۲۰) موہن اور سوہن کے پاس ۹۰ پونڈ ہیں اور روہن کے پاس موہن اور سوہن سے ۵۹ کم ہیں اور سوہن کے پاس روہن سے ۹ زیادہ ہیں بتاؤ کہ ہر ایک کے پاس کتنے کتنے پونڈ ہیں

(۲۱) ۱۲۵ لڑکے اور لڑکیوں کو ہم نے ۱۹۷ پیسے اس حساب سے تقسیم کئے کہ ہر لڑکے کو دو پیسے اور ہر لڑکی کو ایک پیسہ دیا بتاؤ کہ لڑکے کتنے تھے

(۲۲) دو مسافر ایک ہی جگہ سے ایک ہی وقت روانہ ہوتے ہیں ایک پورب کو جاتا ہے اور دوسرا پچھم کو پہلا ۳۰ میل ہر روز اور دوسرا ۳۲ میل ہر روز چلتا ہے بتاؤ کہ ۱۵ دن میں وہ مسافر ایک دوسرے سے کتنے میل کے فاصلہ پر ہوں گے

(۲۳) اگر خارج قسمت ۶۶۶۹ ہے اور باقی ۷۷۰ اور مقسوم علیہ خارج قسمت سے ۱ اکم ہے تو بتاؤ کہ مقسوم کیا ہے

(۲۴) اگر کسی دو عددوں میں سے ہر ایک میں کوئی تیسرا عدد ملا دیا جاوے تو ان عددوں کے فرق پر کیا اثر ہوگا باپ کی عمر اب ۶۵ برس کی اور بیٹے کی عمر ۳۷ برس کی ہے ان کی عمروں کا فرق اب کیا ہے اور اب سے ۱۰ برس بعد کیا ہوگا اور یہ بھی بیان کرو کہ فرق نکالنے میں ایک دہائی ادھار لیتے اور ایک ہاتھ لگا سمجھنے کے عمل کو اوپر کے سوال سے کیا تعلق ہے

(۲۵) "ضرب مختصر طریقہ جمع کا ہے" کیا کل مثالیں جمع کی اس مختصر طریقہ سے حل ہو سکتی ہیں یا صرف بعض مثالیں اگر صرف بعض مثالیں حل ہو سکتی ہیں تو وہ بعض مثالیں کس قسم کی ہیں

(۲۶) رام نے ۳۰۰ امرود ۲ پیسے فی امرود کے حساب سے اور ۱۵۰ امرود ایک پیسہ کے ۲ امرود کے حساب سے فروخت کئے بتاؤ کہ اس نے کل امرود کتنے پیسے میں بیچے

(۲۷) ان دو یا زیادہ عددوں کو جنکے درمیان ضرب کا نشان ہے کیا کہتے ہیں ثابت کرو کہ

۶ سات برابر ہیں سات ۶ کے اور بتاؤ کہ کیوں کسی عدد کو پہلے ۶ میں ضرب دینے اور پھر حاصل ضرب کو ۱۰ میں ضرب دینے سے وہی نتیجہ نکلتا ہے جو اُس عدد کو ایکبارگی ۶۰ میں ضرب دینے سے نکلتا ہے

(۲۸) $۳^{۴}$ اور ۳×۴ سے کیا کیا مطلب ہے اور اُن دونوں کے درمیان کتنا فرق ہے اور $۳^{۳}$ اور $۳^{۲}$ کے درمیان فرق دریافت کرو

(۲۹) ۲۲۶۲ کے چھبیسویں حصہ میں سے کونسا عدد گھٹایا جاوے کہ اُسکا اٹھتیسواں حصہ بچے

(۳۰) خارج قسمت = ۳ گنا مقسوم علیہ = ۷ گنا باقی = ۶۳ بتاؤ کہ مقسوم کیا ہے

(۳۱) کسی تقسیم کے سوال میں خارج قسمت کی اِکائی کی جگہ پر ۴ ہے اور مقسوم علیہ ۳۶ ہے اور باقی ۵ ہے بتاؤ کہ مقسوم کی اِکائی کی جگہ پر کونسا ہندسہ ہے

(۳۲) کسی تقسیم کے سوال میں مقسوم علیہ کی اِکائی کی جگہ پر ۲ ہے اور مقسوم کی اِکائی کی جگہ پر ۳ ہے اور باقی ۵ ہے بتاؤ کہ خارج قسمت کی اِکائی کی جگہ پر کونسا ہندسہ ہے

(۳۳) ۸۷۳۴ کو ۵۸۸۴۹۷ سے اس طرح ضرب دو کہ ضرب کی ۳ سطر لکھنی پڑیں اور حاصل ضرب بتاؤ

(۳۴) رام کی عُمر ۲۴ سال کی ہے اور لچھمن کی عمر ۱۹ سال کی ہے بتاؤ کہ لچھمن کی عُمر کیا ہو گی جب رام کی عُمر ۸ سال کی ہے

(۳۵) ۳۵۶۷۸۸۹۱۰۳۱۴ کو ۹۹۹۹ پر تقسیم کرو

۶۶- جاننا چاہیئے کہ ایک کی چوتھائی کو پاؤ کہتے ہیں اور اُسکو ظاہر کرنے کے لیئے یہ نشان (-) مقرر ہے مثلاً ایک اور ایک کی چوتھائی کو ملا کر اس طرح ۱- اور دو اور ایک کی چوتھائی کو اس طرح ۲- اور تین اور ایک کی چوتھائی کو اس طرح ۳- لکھتے ہیں اور اُن کو ترتیب وار سوا (یعنی سوا ایک) اور سوا دو اور سوا تین پڑھتے

ہیں ایک کے آدھے کے ظاہر کرنیکا یہ نشان (۰) ہے مثلاً ایک اور ایک کے آدھے کو ملا کر اس طرح ۱۔ اور دو اور ایک کے آدھے کو ملا کر اس طرح ۲۔ اور تین اور ایک کے آدھے کو ملا کر اس طرح ۳۔ اور ۴ اور ایک کے آدھے کو ملا کر اس طرح ۴۔ لکھتے ہیں اور اُن کو ترتیب وار ڈیڑھا اور ڈھائی اور ساڑھے تین اور ساڑھے چار پڑھتے ہیں اگر کسی عدد میں سے اُس عدد کا چوتھائی گھٹایا جاوے تو جو کچھ باقی رہتا ہے وہ اُس عدد کا پون یا پونا کہلاتا ہے ایک کے پون ظاہر کرنیکے لئے یہ نشان (٪) ہے مثلاً ۳٪ سے تین اور ایک کے پون کا مجموعہ مُراد ہے اور اُسکو تُونے چار پڑھتے ہیں اگر کسی عدد میں اُس کا چوتھائی جوڑ دیں تو حاصل جمع اُسکا سوا یا سوئیا کہلاتا ہے اور اگر اُس میں اُس کا آدھا جوڑ دیں تو حاصل جمع اُس کا ڈیوڑھا اور اُس کے دُونے میں اُس کا آدھا جوڑ دیں تو حاصل جمع اُس کا ڈھام یا ڈھیا اور اُس کے تگنے میں اُس کا آدھا جوڑ دیں تو حاصل جمع اُس کا ہونٹھا اور اُس کے چوگنے میں اُس کا آدھا جوڑ دیں تو حاصل جمع اُس کا ڈھونچا اور اُس کے پنجگنے میں اُس کا آدھا جوڑ دیں تو حاصل جمع اُس کا پونچا اور اگر اُس کے چھ گنے میں اُس کا آدھا جوڑ دیں تو حاصل جمع اُس کا کھونچا کہلاتا ہے

نیچے ایک نقشہ لکھا جاتا ہے جس سے ۰ تک کے عددوں کا پون اور سوئیا اور ڈیوڑھا اور ڈھام اور ہونٹھا اور ڈھونچا اور پونچا اور کھونچا آسانی سے معلوم ہو سکتا ہے لڑکے اُس کو نوک زبان کریں باقی عددوں کے پون سوئیا ڈیوڑھا ڈھام ہونٹھا وغیرہ اوپر لکھے ہوئے قاعدہ سے دریافت کریں

	پونا	سوئیا	ڈیوڑھا	ڈھام	ہوتھا	ڈھونچا	پونچا	کھونچا
ایک	۰	۱/۱۶	۰۱	۰۲	۰۳	۰۴	۰۵	۰۶
دو	۰۱	۰۲	۳	۵	۷	۹	۱۱	۱۳
تین	۱/۱۶	۰۳	۰۴	۰۷	۰۱۰	۰۱۳	۰۱۶	۰۱۹
چار	۳	۵	۶	۱۰	۱۴	۱۸	۲۲	۲۶
پانچ	۰۳	۱/۸	۰۶	۰۱۲	۰۱۷	۰۲۲	۰۲۷	۰۳۲
چھ	۰۴	۰۶	۹	۱۵	۲۱	۲۷	۳۳	۳۹
سات	۵/۱۶	۰۷	۰۱۰	۰۱۷	۰۲۴	۰۳۱	۰۳۸	۰۴۵
آٹھ	۶	۱۰	۱۲	۲۰	۲۸	۳۶	۴۴	۵۲
نو	۹/۱۶	۱/۱۱	۰۱۳	۰۲۲	۰۳۱	۰۴۰	۰۴۹	۰۵۸
دس	۰۷	۰۱۲	۱۵	۲۵	۳۵	۴۵	۵۵	۶۵
گیارہ	۱۱/۱۶	۰۱۳	۰۱۶	۰۲۷	۰۳۸	۰۴۹	۰۶۰	۰۷۱
بارہ	۹	۱۵	۱۸	۳۰	۴۲	۵۴	۶۶	۷۸
تیرہ	۱۳/۱۶	۱/۱۶	۰۱۹	۰۳۲	۰۴۵	۰۵۸	۰۷۱	۰۸۴
چودہ	۱۰	۰۱۷	۲۱	۳۵	۴۹	۶۳	۷۷	۹۱
پندرہ	۱۵/۱۶	۱/۸	۰۲۲	۰۳۷	۰۵۲	۰۶۷	۰۸۲	۰۹۷
سولہ	۱۲	۲۰	۲۴	۴۰	۵۶	۷۲	۸۸	۱۰۴
سترہ	۱۷/۱۶	۲۱/۱۶	۰۲۵	۰۴۲	۰۵۹	۰۷۶	۰۹۳	۱۱۰
اٹھارہ	۱۳	۰۲۲	۲۷	۴۵	۶۳	۸۱	۹۹	۱۱۷
انیس	۱۸/۱۶	۰۲۳	۰۲۸	۰۴۷	۰۶۶	۰۸۵	۱۰۴	۱۲۳
بیس	۱۵	۲۵	۳۰	۵۰	۷۰	۹۰	۱۱۰	۱۳۰
اکیس	۱۹/۱۶	۲۶/۱۶	۰۳۱	۰۵۲	۰۷۳	۰۹۴	۰۱۱۵	۰۱۳۶
بائیس	۱۶	۰۲۷	۳۳	۵۵	۷۷	۹۹	۱۲۱	۱۴۳
تئیس	۱۷/۱۶	۰۲۸	۰۳۴	۰۵۷	۰۸۰	۰۱۰۳	۰۱۲۶	۰۱۴۹
چوبیس	۱۸	۳۰	۳۶	۶۰	۸۴	۱۰۸	۱۳۲	۱۵۶
پچیس	۱۸/۱۶	۳۱/۱۶	۰۳۷	۰۶۲	۰۸۷	۰۱۱۲	۰۱۳۷	۰۱۶۲
چھبیس	۱۹	۰۳۲	۳۹	۶۵	۹۱	۱۱۷	۱۴۳	۱۶۹
ستائیس	۲۰	۳۳/۱۶	۰۴۰	۰۶۷	۰۹۴	۰۱۲۱	۰۱۴۸	۰۱۷۵
اٹھائیس	۲۱	۳۵	۴۲	۷۰	۹۸	۱۲۶	۱۵۴	۱۸۲
انتیس	۲۱/۱۶	۳۶/۱۶	۰۴۳	۰۷۲	۰۱۰۱	۰۱۳۰	۰۱۵۹	۰۱۸۸
تیس	۲۲	۰۳۰	۴۵	۷۵	۱۰۵	۱۳۵	۱۶۵	۱۹۵

	پونا	سوئیا	ڈیوڑھا	ڈھام	ہونٹھا	ڈھونچا	پونچا	کھونچا
اکتیس	۲۳	۰۳۸	۰۴۶	۰۷۷	۰۱۰۸	۰۱۳۹	۰۱۷۰	۰۲۰۱
بتیس	۲۴	۴۰	۴۸	۸۰	۱۱۲	۱۴۴	۱۷۶	۲۰۸
تینتیس	۰۲۴	۴۱	۰۴۹	۰۸۲	۰۱۱۵	۰۱۴۸	۰۱۸۱	۰۲۱۴
چونتیس	۰۲۵	۰۴۲	۵۱	۸۵	۱۱۹	۱۵۳	۱۸۷	۲۲۱
پینتیس	۲۶	۰۴۳	۰۵۲	۰۸۷	۰۱۲۲	۰۱۵۷	۰۱۹۲	۰۲۲۷
چھتیس	۲۷	۴۵	۵۴	۹۰	۱۲۶	۱۶۲	۱۹۸	۲۳۴
سینتیس	۰۲۷	۴۶	۰۵۵	۰۹۲	۰۱۲۹	۰۱۶۶	۰۲۰۳	۰۲۴۰
اڑتیس	۰۲۸	۰۴۷	۵۷	۹۵	۱۳۳	۱۷۱	۲۰۹	۲۴۷
انتالیس	۲۹	۰۴۸	۰۵۸	۰۹۷	۰۱۳۶	۰۱۷۵	۰۲۱۴	۰۲۵۳
چالیس	۳۰	۵۰	۶۰	۱۰۰	۱۴۰	۱۸۰	۲۲۰	۲۶۰

پچھلے نقشہ کے دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ ہر عدد کے پون میں اُسی عدد کا آدھا جوڑنے سے اُس عدد کا سوئیا حاصل ہوتا ہے اور ہر عدد کے ڈیوڑھے میں وہی عدد جوڑنے سے اُس کا ڈھام اور اُس کے ڈھام میں اُس کو جوڑنے سے اُس کا ہونٹھا اور اُس کے ہونٹھے میں اُس کو جوڑنے سے اُس کا ڈھونچا اور اُس کے ڈھونچے میں اُس کو جوڑنے سے اُس کا پونچا اور اُس کے پونچے میں اُس کو جوڑنے سے اُس کا کھونچا حاصل ہوتا ہے مثلاً اگر ۱۵ کا پون ۱۱ اور ۱۵ کا ڈیوڑھا ۲۲ ہے تو ۱۵ کا سوئیا (۱۱ + ۰۷) یعنی ۱۸ ہے اور ۱۵ کا ڈھام (۲۲ + ۱۵) یعنی ۳۷ اور ۱۵ کا ہونٹھا (۳۷ + ۱۵) یعنی ۵۲ اور ۱۵ کا ڈھونچا (۵۲ + ۱۵) یعنی ۶۷ اور ۱۵ کا پونچا (۶۷ + ۱۵) یعنی ۸۲ اور ۱۵ کا کھونچا (۸۲ + ۱۵) یعنی ۹۷ ہے

۶۷ - ایک اور پہاڑہ جسکو بکٹ پہاڑہ کہتے ہیں یاد رکھنے کے قابل ہے وہ آگے لکھے ہوئے نقشہ سے یاد کرو

	ڈیوڑھا	ڈھام	ہونٹھا	ڈھونچا	پونچا	کھونچا
ڈیوڑھا	۲	۰۳	۵	۰۶	۸	۰۹
ڈھام	۰۳	۶	۰۸	۱۱	۰۱۳	۱۶
ہونٹھا	۵	۰۸	۱۲	۰۱۷	۱۹	۰۲۲
ڈھونچا	۰۶	۱۱	۰۱۷	۲۰	۰۲۴	۲۹
پونچا	۸	۰۱۳	۱۹	۰۲۴	۳۰	۰۳۵
کھونچا	۰۹	۱۶	۰۲۲	۲۹	۰۳۵	۴۲

سوالات زبانی

پہاڑوں کی مدد سے زبانی بتاؤ کہ کتنا ہوا

(۱) ۵ پون و ۷ ڈیوڑھا و ۹ سوئیا و ۲۱ ڈھام و ۱۱ ہونٹھا و ۱۳ ڈھونچا و ۱۷ ڈیوڑھا

(۲) ۱۳ پونچا و ۷ کھونچا و ۹ ڈھونچا و ۱۲ پونچا و ۱۹ ڈھام و ۱۷ سوئیا

(۳) ۱۴ ڈھونچا و ۲۹ پون و ۱۸ ڈیوڑھا و ۱۶ کھونچا و ۱۷ ڈھونچا

(۴) ۲۳ پون و ۲۷ سوئیا و ۱۹ ڈیوڑھا و ۱۳ کھونچا و ۱۷ پونچا و ۳۱ پون و ۹ کھونچا

(۵) ۱۵ ڈھام و ۱۲ سوئیا و ڈھونچا ڈیوڑھا و ڈیوڑھا پونچا و ڈھام ہونٹھا

(۶) ہونٹھا ڈھونچا و پونچا کھونچا و کھونچا ڈیوڑھا و کھونچا کھونچا

(۷) ڈیڑھ پیسہ کی ایک نارنگی تو ۱۰ نارنگی کتنے کی۔ ڈھائی پیسہ کا ایک سیب تو ۱۲ سیب کتنے کے آویں گے

(۸) ڈھائی پیسہ کی ایک پنسل تو ۱۲ پنسل کتنے کی۔ ساڑھے چار پیسہ کا ایک دستہ کاغذ تو ۱۳ دستے کتنے کے

(۹) ایک مزدور ساڑھے تین آنہ روز پاتا ہے تو ایک ہفتہ میں کیا اور ۳۰ دن میں کیا پاوے گا

(۱۰) ایک مکان کا ساڑھے چار روپیہ کرایہ تو پانچ مکان کا کیا کرایہ

(۱۱) ساڑھے چھ آنہ کے ایک درجن بٹن تو، درجن بٹن کتنے کے

(۱۲) ایک کرتہ کے ساڑھے چار آنہ سلائی لگتے ہیں تو ۱۶ کرتوں کی کیا سلائی ہوئی

(۱۳) ایک ناسپاتی ڈیڑھ پیسہ کی تو ڈھائی ناسپاتی کتنے کی

(۱۴) ایک سیر عمدہ چاول پونے چار آنہ کے تو ۱۶ آنہ کے کتنے

(۱۵) ایک انار ساڑھے تین آنہ کا تو ساڑھے پانچ انار کتنے کے

(۱۶) ایک گز کپڑا سوا پانچ آنہ کا تو پونے تئیس آنہ کا کتنا آوے گا

(۱۷) اگر بون پیسہ کی پون گڑی تو ۹ پیسے کی کتنی گڑی اور اگر ایک پیسہ کی ۹ گڑی تو ڈھائی پیسہ کی کتنی گڑی

(۱۸) اگر ساڑھے تین پیسے کا ایک خربوزہ تو ۱۱ خربوزوں کے کتنے دام ہوتے اور اگر ساڑھے چار پیسے کے چار آم تو لاپیسہ کے کتنے آم آویں گے

(۱۹) اگر ایک پیسہ کی ساڑھے پانچ گرہ گرمی تو تین پیسہ کی کتنی گرمی

(۲۰) اگر ساڑھے تین پیسہ کے ۹ امرود تو ۱۴ پیسے کے کتنے امرود

(۲۱) اگر ڈھائی پیسہ کی ڈھائی ناسپاتی آتی ہیں تو ۱۰ پیسہ کی کتنی ناسپاتی آویں گی

(۲۲) اگر ۱۵ پیسہ کے ۱۵ انار آتے ہیں تو ساڑھے چار پیسہ کے کتنے انار آویں گے

(۲۳) اگر ساڑھے چار پیسہ کا ایک سیب آتا ہے تو ۱۰ پیسہ کے کتنے سیب آویں گے

(۲۴) اگر ڈیڑھ پیسہ کی ڈیڑھ سیر گاجر بکتی ہیں تو ۱۰ سیر گاجر کتنے کی آویں گی

(۲۵) اگر ساڑھے تین پیسہ کے ایک سیر آم آتے ہیں تو ساڑھے چار پیسہ کے کتنے آم آویں گے

(۲۶) اگر ساڑھے تین گز ململ ایک روپیہ کی آتی ہے تو ۲۱ گز کتنے کی آوے گی

(۲۷) اگر رام کا ۳/۴ خرچ برابر ہے ۱۵ روپیہ کے تو کل خرچ کتنا ہوا

(۲۸) رام کی ۸ ماہ کی آمدنی ۳۶ روپیہ ہی تو ایک ماہ میں کیا ہوگی
(۲۹) اگر ایک گرہ اطلس کے دام ۱½ آنہ ہیں تو دو گز اطلس کے کیا دام ہوئے
(۳۰) اگر بازار میں امرود ڈیڑھ پیسہ سیر بکتے ہیں تو بتاؤ کہ ۵ سیر کے کیا دام ہوئے
(۳۱) اگر چار آنہ سیر کشمش ملتی ہیں تو ۳½ سیر کشمش کتنے کی ہوئیں
(۳۲) ۵½ آنہ کے ۲ سیر آلو آتے ہیں تو ۱۰ سیر آلو کتنے کے آویں گے
(۳۳) ایک انار ۲½ آنہ میں آتا ہی تو پانچ انار کتنے میں آویں گے
(۳۴) اگر ۹ آنہ کے ۱۰ آم آتے ہیں تو ۱۰۰ آم کتنے کے ہوئے
(۳۵) اگر ڈیڑھ آنہ کے ۳½ سیر خربوزے آتے ہیں تو ۷½ آنہ کے کتنے سیر خربوزے آویں گے
(۳۶) مٹھائی روپیہ کی ۲½ سیر بکتی ہی بتاؤ دو روپیہ کی کتنی آویگی
(۳۷) اگر ۴ گھوڑوں کی قیمت ۲۰۰ روپیہ ہی تو ۳ گھوڑوں کی کیا قیمت ہوگی
(۳۸) اگر ایک بوتل میں ۱½ سیر تیل آتا ہی تو ۱۵ سیر تیل کتنی بوتلوں میں آویگا
(۳۹) ۲۷۵ آموں کی کیا قیمت ہوگی جب ۵۰ آم ۴ آنہ میں ملتے ہیں
(۴۰) اگر ۱۶ انڈوں کی قیمت ۲۴ آنہ ہی تو ایک انڈے کی کیا قیمت ہوگی
(۴۱) اگر ایک من گیہوں کا کرایہ ۳½ آنہ لگتا ہی تو ۱۰ من گیہوں کا کیا کرایہ ہوگا
(۴۲) اگر سونا ۲۰ روپیہ تولہ بکتا ہی تو ۴½ تولہ کے کیا دام ہوئے
(۴۳) اگر ایک آدمی ایک آم بیچنے میں ۲½ پیسہ فائدہ اٹھاتا ہی تو ۱۲ آم بیچنے میں کیا فائدہ اٹھاوے گا
(۴۴) ایک واسکٹ میں ۱½ گز کپڑا لگتا ہی تو ۵ واسکٹ میں کتنا لگیگا اور اگر ایک قمیض میں ۲½ گز کپڑا لگتا ہی تو ۵ قمیض میں کتنا کپڑا لگیگا

(۴۵) اگر ۲½ پیسہ سیر امرود بکتے ہیں تو ۲۰ آنہ کے کتنے امرود آویں گے

(۴۶) اگر ڈھائی پیسہ کی ایک لکڑی تو ۱۰ پیسہ کی کتنی لکڑی

(۴۷) اگر رام ۴½ آنہ روز پاتا ہے تو ایک مہینہ میں کیا پاوے گا

(۴۸) ڈیڑھ پیسہ کی ایک نارنگی آتی ہے تو ۵ نارنگیاں کتنے میں آویں گی

(۴۹) اگر ایک آنہ کی ½ گز گزی آتی ہے تو ۶ آنہ کی کتنی گزی آویگی

(۵۰) ساڑھے چھ آنہ کی ایک گز چھینٹ آتی ہے تو ۳۹ آنہ کی کتنی گز چھینٹ آویگی اور اگر ساڑھے بارہ آنے کے ایک سیر بادام آتے ہیں تو ایک من بادام کتنے کے ہوئے

مشق ۲۱

سوالات امتحان (الف)

(۱) دُرگا پرشاد نے ایک گھوڑا اور ایک گائے ۱۶۱ روپیہ میں خریدے جب گائے کی قیمت گھوڑے کی قیمت سے ۱۳ روپیہ کم ہے تو بتاؤ کہ دونوں کی قیمت علیحدہ علیحدہ کیا ہے

(۲) پہلے ۸ جفت اعداد کے حاصل ضرب کو پہلے پانچ طاق اعداد کے حاصل ضرب سے تقسیم کرو

(۳) میں نے ۷۰۰ روپیہ کچھ لڑکے لڑکیوں میں جن کی تعداد مساوی تھی تقسیم کیا اور ہر لڑکے کو ۳ روپیہ اور ہر لڑکی کو ۲ روپیہ دینے بعد تقسیم کے ۱۵ روپیہ باقی رہے تو بتاؤ کہ لڑکے اور لڑکیوں کی تعداد کیا کیا تھی

(۴) اُن عددوں میں سے جو ان ہندسوں ۱ و ۲ و ۰ سے بنے ہوتے ہیں اُن سب اعدادوں کو لکھو اور اُن سب کا حاصل جمع بتاؤ

(۵) ایک کسان نے ۵۸ گائے ۲۹ گھوڑوں کی عوض جن کی قیمت ۴۲ روپیہ

فی گھوڑا تھی بیچڈالیں تو بتاؤ کہ اُسکو ہر ایک گائے کی کیا قیمت ملی

(۶) ۲۲۶۲ کے چھبیسویں حصّہ میں سے کونسا عدد گھٹایا جاوے کہ اُسکا انتیسواں حصّہ باقی بچے

(ب)

(۱) ایک کسان کے پاس کچھ گائے بھینسیں اور بکریاں جن کی تعداد ملاکر کل ۹۶۰ ہے موجود ہیں لیکن گائے اور بھینسوں کی تعداد ملاکر ۴۸۹ ہے اور بھینسوں اور بکریوں کی تعداد ملاکر ۴۸۷ ہے تو بتاؤ کہ بھینسوں کی تعداد گایوں کی تعداد سے کتنی زیادہ یا کم ہے

(۲) ۱۸ و ۳۰ کے حاصل جمع کو اُنکے فرق سے تقسیم کرو اور خارج قسمت کو ۲۱ و ۱۲ کے حاصل ضرب سے ضرب کرو

(۳) ۳۷ و ۳۳ کا حاصل جمع و حاصل تفریق و حاصل ضرب و خارج قسمت علیحدہ علیحدہ بتاؤ

(۴) ایک کھٹیک نے کچھ نارنگیاں ۴ پیسہ کی ۵ کے حساب سے خریدیں اور ایک پیسہ فی نارنگی کے حساب سے فروخت کرڈالیں اور اس طرح پر اُسکو ۲۰ پیسہ کا فائدہ ہوا بتاؤ کہ اُس نے کتنی نارنگیاں خریدی تھیں

(۵) مینے ایک مزدورنی کو ۱۰ روپیہ ۱۴ آنہ ۶ ½ پائی اور ایک بیلدار کو ۵ روپیہ ۲ آنہ ۱۰ پائی مزدورنی سے زیادہ اور ایک کاریگر کو ۳ روپیہ ۷ آنہ ۴ ½ پائی بیلدار سے زیادہ مزدوری کے دیے تو بتاؤ کہ سبکو ملاکر کیا دیا

(س)

(۱) ۱۰۰۰ − {(۱۰۰ − ۱) − (۱۰۰ − ۳) + (۱۰۰ − ۵)} کو مختصر کرو

(۲) وہ کونسا عدد ہے جسکو اگر ۳ سے ضرب کریں تو حاصل ضرب ۳۰۳۰۳۰۳ کے حاصل ضرب کے برابر ہو

(۳) ثابت کرو کہ دو عددوں کا حاصل جمع برابر ہی اُن عددوں میں سے چھوٹے عدد کے دوگنے اور اُن دونوں عددوں کے حاصل تفریق کے

(۴) تین ہندسوں سے بنے ہوئے سب سے بڑے عدد اور دو ہندسوں سے بنے ہوئے سب سے چھوٹے عدد میں فرق دریافت کرو

(۵) ایک سوداگر ۸۰ روپیہ لیکر بازار گیا اور دو گھوڑے ۲۸ روپیہ ۱۱ آنہ ۹ پائی فی گھوڑے کے حساب سے خریدے تو بتاؤ کہ کتنا روپیہ وہ لوٹا کر گھر واپس لایا

(د)

(۱) ۳۰ - {۱۰ - ۲ + ۵ - (۳ + ۲) - ۸} کو مختصر کرو

(۲) پہلے آٹھ اعدادوں کے حاصل ضرب میں ۱۱ کا تقسیم کرو

(۳) ثابت کرو کہ اگر دو عدد کا حاصل جمع ۲ سے پورا تقسیم ہو جاویگا تو اُن کا حاصل تفریق بھی ۲ سے پورا تقسیم ہو جائیگا

(۴) وہ عدد بتاؤ کہ جسکو اگر ۱۲۳ پر تقسیم کریں تو ۸۱ باقی بچیں اور اگر خارج قسمت میں ۳۶ جوڑ دیں تو حاصل جمع ۸۹ ہو

(۵) دہلی سے مسافر گاڑی جو فی گھنٹہ ۲۴ میل چلتی ہی دوپہر کے وقت الہ آباد کو روانہ ہوئی اور ڈاک گاڑی جو فی گھنٹہ ۳۰ میل چلتی ہی مسافر گاڑی سے ۳ گھنٹہ بعد روانہ ہوئی بتاؤ کہ ڈاک گاڑی مسافر گاڑی کو کہاں اور کسوقت پکڑیگی

(ج)

(۱) ایک بڈھا جسکی عمر ۷۵ برس کی ہی اپنے بڑے بیٹے سے ۳۲ برس بڑا ہی اور چھوٹے بیٹے کی عمر بڑے بیٹے کی عمر سے ۵ برس کم ہی تو بتاؤ کہ چھوٹے بیٹے کی عمر کیا ہی

(۲) الف - پہلے آٹھ اعدادوں کے حاصل ضرب میں اُن کے حاصل جمع کا تقسیم کرو
ب - ایک گھوڑے اور گاڑی کی قیمت ملکر ۲۶ روپیہ ۱۰ پائی ہے لیکن گھوڑے کی قیمت علیحدہ ۴، روپیہ ۱۵ آنہ ہے تو بتاؤ کہ گاڑی کی قیمت علیحدہ کیا ہے

(۳) $۱۲۱ \times ۱۲ + ۱۲۱ \times ۱۳ - ۱۲۱ \times ۱۴$ کو مختصر کرو

(۴) رام اور لچھمن پیر گاڑی پر سوار ہو کر ۲۰۰۰ گز کی دوڑ دوڑے رام جسکی رفتار ۱۰ گز فی سکنڈ تھی لچھمن سے ۵۰ سکنڈ پہلے پہونچا تو بتاؤ کہ لچھمن کی چال فی سکنڈ کیا تھی

(۵) الہ آباد سے بنارس ریل کے راستہ ۱۰۸ میل ہے ۶ بجے صبح کو ایک مسافر گاڑی جو فی گھنٹہ ۲۴ میل چلتی ہے الہ آباد سے بنارس روانہ ہوئی اور اُسی روز ۷ بجے صبح کو ایک مال گاڑی جو فی گھنٹہ ۱۸ میل چلتی ہے بنارس سے الہ آباد کو روانہ ہوئی تو بتاؤ کہ دونوں گاڑیاں کہاں اور کسوقت ملیں گی

(۵)

(۱) $۴۰ + \{۲۰ - [۴ + ۱۰ - (۶ + ۴) + ۱۶]\}$ کو مختصر کرو

(۲) پہلے نو اعدادوں کا حاصل جمع کو ۱۰ سے ضرب کرکے ۹ کا تقسیم کرو

(۳) چار ہندسوں سے بنے ہوئے سب سے چھوٹے عدد اور تین ہندسوں سے بنے ہوئے سب سے بڑے عدد میں فرق دریافت کرو

(۴) اُن سب عددوں میں سے جو اِن تین ہندسوں ۹ و ۸ و ۷ سے بنے ہوئے ہیں اُن سب اعداد کو لکھو اور اُن سب کا حاصل جمع بتاؤ

(ی)

(۱) دعوت کا ہندوؤں میں یہ طریقہ ہے کہ پورے مرد اور عورت کو ۴ لڈو اور ہر لڑکے اور

لڑکی کو دو لڈو پروسے جاتے ہیں تو اُس دعوت کے لئے جسمیں ۵۸۰ مرد اور ۳۲۵ عورتیں اور ۴۵۰ لڑکے اور ۳۳۵ لڑکیاں آنیوالی ہیں تو بتاؤ کہ کتنے لڈو تیار کرانے چاہئیں

(۲) موہن اور سوہن چوسر کھیلنے بیٹھے موہن کے پاس سوہن سے ۱۷ روپیہ زیادہ تھے سوہن اپنے سب روپیہ ہار کر اوٹھ گیا اب اگر موہن کے پاس ۸۹ روپیہ ہیں تو بتاؤ کہ چوسر کھیلنے سے پہلے موہن اور سوہن کے پاس کتنے کتنے روپیہ تھے

(۳) کسی کنجڑے نے پیسہ کی ۵ کے بھاؤ سے ۱۰۵ لکڑیاں خریدیں اور اتنی ہی لکڑیاں پیسہ کی ۷ کے بھاؤ سے خریدیں پھر اُس نے پیسہ کی ۶ کے بھاؤ سے سب لکڑیاں بیچ ڈالیں تو بتاؤ کہ اُسکو کیا نفع یا نقصان ہوا

(۴) کسی بنیئے نے روپیہ کا ۹ سیر کے بھاؤ سے ۲۹۷ سیر گڑ خریدا جب ۹ سیر گڑ چوہے اور بلیاں کھا گئیں تو اُس نے باقی سب گڑ روپیہ کا ۸ سیر کے بھاؤ سے بیچ ڈالا تو بتاؤ کہ اُسے کیا فائدہ ہوا

(۵) کسی مدرسہ کا ماہواری خرچ ۴۸۸ روپیہ ہے اور ۲۲۱ لڑکے ہر روز مدرسہ میں حاضر رہتے ہیں تو بتاؤ کہ ہر لڑکے کی تعلیم میں سالانہ کیا خرچ پڑتا ہے (یکسال میں ۱۲ مہینے ہوتے ہیں)

اعداد مقرون

۶۸- حساب کے عمل جو اب تک بیان ہوئے اعداد مجرد سے یا اُن اعداد مقرون سے متعلق تھے جو ایک ہی درجہ کے نام سے پکارے جاتے تھے اگر سب اعداد مقرون ایک ہی درجہ کے ہوتے مثلاً روپیہ ہی نقدی کی اکائیاں ہوتے اور گز ہی لمبائی کی اکائیاں اور مہینہ ہی وقت کی اکائیاں ہوتے تو صاف ظاہر ہے کہ جو جو قاعدے ہم نے اعداد مجرد کے لئے لکھے ہیں وہ اُن اعداد مقرون کیلئے

بھی کافی ہوتے علاوہ اِسکے اِعداد مقرون کو مختلف درجوں کے بھی ہوتے مگر اُن کے درجوں میں فرق ۱۰ کا یا ۱۰۰ کے اضعاف کا ہوتا تو ایسے اعداد مقرون کیساتھ عمل کرنیمیں ہم اُن قاعدوں سے جو کسور اعشاریہ کے لئے بیان ہوں گے کام لیتے لیکن اعداد مقرون کی جُدا کیفیت ہَی اُن میں ایک درجہ کو دوسرے کے ساتھ یہہ نسبت نہیں ہَی اِسلئے ضرور ہوا کہ طالب علم اُن حدودوں کو یاد کرلے جن سے نقدی کی مختلف اِکائیوں کے درمیان باہمی ارتباط و تناسب و نیز لمبائی و وقت وغیرہ کی مختلف اِکائیوں کے درمیان آپس کا تعلق معلوم ہوتا ہَی ہم اِسجگہ صرف وہ حدودلیں لکھیں گے جو ہماری کتاب کے پڑھنے والوں کو مفید اور کارآمد ہوں

نقدی کے سکّے

کہاں مروج ہیں	نام سکوںکے اور اُنکا باہمی تناسب	کیفیت
ہندوستان	ایک پائی ۳ پائی = ایک پیسہ ۴ پیسہ یا ۱۲ پائی = ایک آنہ ۱۶ آنے = ایک روپیہ ۱۵ روپیہ = ایک مُہر علاوہ اوپر کے سکوّںکے یہ اور سکّے ہیں دھیلا = ۱½ پائی	یہ سکّے ہندوستان میں انگریزوں نے ۱۸۳۵ء میں رائج کئے ہیں اِن سکوّں میں پائی و دھیلا و پیسہ و ادھنّا بنے کے سکّے ہیں اور دوانّی و چوانّی و اٹھنّی یا دھیلی و روپیہ چاندی کے سکّے ہیں اور مہر سونیکا سکّہ ہَی جہاں سکّے بنتے ہیں اُسکو ٹکسال کہتے ہیں اور کلکتہ اور بمبئی اور مدراس میں انگریزی ٹکسالیں موجود ہیں

کہاں مروج ہیں	نام سکوں کے اور اُنکے باہمی تناسب	کیفیت
ہندوستان	ادھنّا = دو پیسہ دوانّی = دو آنہ چوانّی = چار آنہ اٹھنّی یا دھیلی = آٹھ آنہ	اور وہاں یہ سب سکے بناتے جاتے ہیں مُہر میں گیارہ حصّہ خالص سونا اور ایک حصّہ ملاؤ ہی اور چاندی کے سکوں میں بھی گیارہ حصّہ خالص چاندی اور ایک حصّہ ملاؤ ہی روپیہ وزن میں ایک تولہ گنا جاتا ہی ہندوستان کے مختلف حصّوں میں پُرانے وقت کے مختلف سکے اب تک رائج ہیں لیکن اُن کا رواج روز بروز کم ہوتا جاتا ہی سونیکی قیمت بڑھ جانے کے باعث ہندوستان میں مُہر کی قیمت اب پندرہ روپیہ سے زیادہ ہی
جزائر برطانیہ	ایک فارذنگ ۴ فارذنگ = ایک پینی ۱۲ پینیاں یا پنس = ایک شلنگ ۲۰ شلنگ = ایک پونڈ یا سورن ۲۱ شلنگ = ایک گنی علاوہ اِن سکوں کے یہ اور سکے ہیں آدھا پینی سکہ = دو فارذنگ ۳ پینی سکہ = ۳ پینس	یہ سکے جزائر برطانیہ میں مروج ہیں اِن سکوں میں سے فارذنگ و آدھا پینی و پینی تانبے کے سکے ہیں اور تین پینی و چار پینی و چھ پینی و شلنگ و فلورن و آدھا کراؤن اور کراؤن چاندی کے سکے ہیں اور آدھا سورن اور آدھا گنی اور سورن اور گنی سونیکے سکے ہیں سونیکے سکوں میں ۲۲ حصّے خالص سونا اور دو حصّہ ملاؤ ہی اور چاندیکے سکوں میں ۳۷ حصّے خالص چاندی اور ۳ حصّہ ملاؤ ہی ایک فارذنگ اور دو فارذنگ اور تین

کہاں مروج ہیں	نام سکوں کے اور اُنکا باہمی تناسب		کیفیت
ہندوستان برطانیہ	۴ پینی سکہ	= ۴ پینس	فارتنگ کو علیحدہ علیحدہ لکھنے کے بجائے اُن کو پینس کی رقم کیساتھ ترتیب وار ½ و ¼ و ¾ لکھتے ہیں کیونکہ ایک فارتنگ سا ایک پینی کا چوتھائی اور دو فارتنگ آدھا اور تین فارتنگ تین چوتھائی ہے جو اکثر برطانیہ میں اور بھی سکے ہیں لیکن اُن کا رواج روز بروز اُٹھتا جاتا ہے اسلئے اُن کے نام اس جگہ پر نہیں لکھے گئے
	۶ پینی سکہ	= ۶ پینس	
	فلورن	= ۲ شلنگ	
	آدھا کراؤن	= ۲ شلنگ ۶ پینس	
	کراؤن	= ۵ شلنگ	
	آدھا سورن	= ۱۰ شلنگ	
	آدھا گنی	= ۱۰ شلنگ ۶ پینس	

وزن کے باٹ

ہندوستان	۸ خشخاش	= ایک چاول	اِن باٹوں میں خشخاش و چاول و رتی و ماشہ و تولہ سناروں اور جوہریوں و عطاروں کے باٹ ہیں اور چاندی و سونا اور دوائی وغیرہ تولنے میں کام آتے ہیں تولہ وزن میں ایکروپیہ کے برابر ہوتا ہے باقی باٹ چھٹانک و پوسیرا و آدھ سیر و سیر و پنسیری وَمن سے اور اور چیزیں جو بیش قیمت نہیں ہیں تولی جاتی ہیں اور یہ باٹ بموجب قانون ہفتم ۱۸۳۳ء بنائے گئے تھے ہندوستان کے مختلف حصّوں میں مختلف وزن کے باٹ استعمال میں ہیں لیکن اُنکا استعمال روز بروز کم ہوتا جاتا ہے
	۸ چاول	= ایک رتی	
	۸ رتی	= ایک ماشہ	
	۱۲ ماشہ	= ایک تولہ	
	۵ تولہ	= ایک چھٹانک	
	۲۰ تولہ یا ۴ چھٹانک	= ایک پوسیرا	
	۴۰ تولہ یا ۸ چھٹانک	= آدھ سیرا	
	۸۰ تولہ یا ۱۶ چھٹانک	= ایک سیر	
	۵ سیر	= ایک پنسیری	
	۸ پنسیری یا ۴۰ سیر	= ایک من	

کہاں مروج ہیں	نام باٹوں کے اور اُن کا باہمی تناسب	کیفیت
	وزن ٹرُوے	
	۲۴ گرین = ایک پینی ویٹ	اِس وزن کا نام ٹرُوے اِس وجہ سے رکھا گیا ہے کہ
	۲۰ پینی ویٹ = ایک اُونس	یہ سب سے پہلے ملک فرانس کے شہر ٹرُوے میں
	۱۲ اُونس = ایک پُونڈ	جاری ہوا تھا یہ باٹ چاندی وسونا وہیرا و دیگر بیش
		قیمتی چیزوں کے تولنے میں کام آتے ہیں اور ہندوستان
		کے بعض انگریزی سوداگر بھی اِن کا اِستعمال کرتے
		ہیں ایک گرین وزن میں ایک سوکھا ہوا گیہوں کا
		موٹا دانہ ہے جو بال کے بیچوں بیچ سے نکالا گیا ہے
	وزن اپوتھیکری	وزن اپوتھیکری کے باٹ گرین و اُونس و پُونڈ تول
	۲۰ گرین = ایک اِسکروپل	میں وزن ٹرُوے کے باٹ گرین و اُونس و پُونڈ
	۳ اِسکروپل = ایک ڈرام	کے برابر ہوتے ہیں اور دوائیوں کے تولنے میں
	۸ ڈرام = ایک اُونس	مستعمل ہیں ہندوستانیمیں جو انگریزی شفاخانہ اور
	۱۲ اُونس = ایک پُونڈ	انگریزی عطار و نیکی دوکانیں ہیں اُنہیں بھی اِنہیں باٹوں کا
		استعمال ہوتا ہے ایک اُونس وزنمیں قریب ۲½ تولہ کے ہوتا ہے
	وزن اوَرڈیپوے	
	ایک ڈرام	اِس وزن کا نام اوَرڈیپوے اِس وجہ سے
	۱۶ ڈرام = ایک اُونس	رکھا گیا ہے کہ لفظ اوَرڈس کے معنی اسباب کے
	۱۶ اُونس = ایک پُونڈ	ہیں اور پوے کے معنی وزن کے ہیں اور یہ باٹ
	۲۸ پُونڈ = ایک کوارٹر	اسباب و دیگر کم قیمتی وزنی چیزوں کے تولنے میں
		کام آتے ہیں ایک پُونڈ اوَرڈیپوے وزن میں

کہاں مروج ہیں	نام باٹوں کا اور اُنکا باہمی تناسب	کیفیت
ہندوستان اور انگریزی حساب میں	۴ کوارٹر = ایک ہنڈریڈویٹ ۲۰ ہنڈریڈویٹ = ایک ٹن	ایک پونڈ ٹروے سے زیادہ ہوتا ہے ایک پونڈ اور ڈیپوے وزن میں ۱۰۰۰ گرین ٹروے ہے اور ایک پونڈ ٹروے ۷۰۰۰ گرین ٹروے ہے ایک پونڈ کا وزن قریب آدھ سیر کے ہے۔ اِن باٹوں کا اِستعمال ہندوستان کے اکثر کارخانوں میں بھی ہوتا ہے

لمبائی ناپنے کے پیمانے

ہندوستان اور انگریزی حساب میں	تین کھڑے جو = ایک اِنچ ۱۲ اِنچ = ایک فٹ ۳ فیٹ = ایک گز ۶ فیٹ یا ۲ گز = ایک فادم ۵½ گز = ایک روڈ یا پول یا پرچ ۴۰ پول یا ۲۲۰ گز = ایک فرلانگ ۸ فرلانگ = ایک میل ۳ میل = ایک فرسنگ یا لیگ ۶۹½ میل = ایک درجہ ۴ اِنچ = ایک مٹھی یا ہینڈ ۲½ اِنچ یا ۲½ انگل = ایک گرہ ۹ اِنچ = ایک بالشت	ایک مقام سے دوسرے مقام کی دُوری اور زمینوں اور چیزوں کی لمبائی اور چوڑائی اور اونچائی اور گہرائی وغیرہ اِن پیمانوں سے ناپی جاتی ہے صرف گھوڑے ناپنے کے کام آتا ہے

کہاں کہاں ہیں	نام پیمانوں کے اور اُن کا باہمی تناسب	کیفیت
ہندوستان و دیگر ممالک میں	۱۸ انچ یا دو بالشت = ایک ہاتھ دو ہاتھ یا ۳۶ گرہ = ایک گز ۱½ گز یا ۴۰ گرہ = ایک بانس	کپڑا ناپنے میں کام آتے ہیں
ہندوستان و دیگر ممالک میں	۲۲ گز = ایک جریب ۱۰۰ کڑی یا لنک = ایک جریب	زمین ناپنے میں کام آتے ہیں

نوٹ۔ ہندوستان کے مختلف حصوں میں مختلف لمبائی کے گز مثلاً الٰہی یا عمارتی گز وغیرہ وغیرہ اب تک استعمال ہوتے ہیں لیکن سرکاری کاموں میں ان کا رواج جاتا رہا

سطحوں کے ناپنے کے پیمانے

کہاں کہاں ہیں		
ہندوستان و دیگر ممالک میں	۱۴۴ مربع انچ = ایک مربع فٹ ۹ مربع فیٹ = ایک مربع گز ۳۰¼ مربع گز = ایک مربع روڈ یا پول ۴۰ پول = ایک روڈ ۴ روڈ یا ۴۸۴۰ مربع گز = ایک ایکڑ ۶۴۰ ایکڑ = ایک مربع میل ۱۰۰۰۰۰ مربع کڑیاں یا ۱۰ مربع جریب = ایک ایکڑ	مربع اُس چار ضلعے والی شکل کو کہتے ہیں جسکے سب ضلعے برابر ہوں اور وہ ضلعے ایک دوسرے کے ساتھ زاویہ قائمہ بناتے ہوں مربع انچ سے وہ مربع مراد ہے جس کا ہر ضلع ایک انچ لمبا ہو اور مربع فٹ سے وہ مربع مراد ہے جسکا ہر ضلع ایک فٹ لمبا ہو

کہاں مروج ہیں	نام پیمانوں کے اور اُنکا باہمی تناسب	کیفیت
سطح کے ناپنے کے پیمانے		
ممالک متحدہ آگرہ و اودھ	۲۰ کچوانسی = ایک بسوانسی ۲۰ بسوانسی = ایک بسوہ ۲۰ بسوہ = ایک بیگھہ	ایک بیگھہ = ۳۶۰۰ مربع الہی گز = ۳۰۲۵ مربع سرکاری گز
ممالک بنگال	ایک مربع ہاتھ = ایک گنڈہ ۲۰ گنڈہ = ایک چھٹانک ۱۶ چھٹانک = ایک گٹھہ ۲۰ گٹھہ = ایک بیگھہ	ایک بیگھہ بنگال = ۱۶۰۰ مربع گز
ممالک پنجاب	۲۰ مربع کرم = ایک مرلہ ۲۰ مرلہ = ایک کنال ۴ کنال = ایک بیگھہ ۲۰ بیگھہ = ایک گھمان	
جسامت کے ناپنے کے پیمانے		
ہندوستان و جزائر برطانیہ	۱۷۲۸ مکعب انچ = ایک مکعب فٹ ۲۷ مکعب فیٹ = ایک مکعب گز	ایک مکعب انچ سے وہ مکعب مراد ہے جو ایک انچ لمبا اور ایک انچ چوڑا اور ایک انچ اونچا ہو اور اسی قیاس پر ایک مکعب فٹ اور ایک مکعب گز کو خیال کرو یہ پیمانے زمین کی کھدوائی اور دیواروں کے ناپنے کے کام آتے ہیں

کہاں مروج ہیں	نام پیمانوں کے اور اُنکا باہمی تناسب			کیفیت
	۴ جل	=	ایک پینٹ	اِن پیمانوں سے سوائے پانی دودھ بیر کے
	۲ پینٹ	=	ایک کوارٹ	سب قسم کی شراب اور عرق ناپے جاتے ہیں
	۴ کوارٹ	=	ایک گیلن	اِن کا استعمال ہندوستان میں بھی انگریزی
	۱۰ گیلن	=	ایک انکر	سوداگروں کی دوکان میں ہوتا ہے
	۱۸ گیلن	=	ایک زلیٹ	
	۴۲ گیلن	=	ایک پیرس	
	۲ پیرس	=	ایک پنچن	
	۶۳ گیلن	=	ایک ہوگزہیڈ	
	۲ ہوگزہیڈ	=	ایک پیپہ	
	۲ پیپہ	=	ایک ٹن	
	۲ پینٹ	=	ایک کوارٹ	اِن پیمانوں سے ایل اور بیر اور پانی ناپا جاتا ہے
	۴ کوارٹ	=	ایک گیلن	اور ہندوستان میں بھی اِن کا رواج انگریزی
	۹ گیلن	=	ایک فرکن	سوداگروں کی دوکان پر ہے
	۱۸ گیلن	=	ایک کلڈرکن	
	۳۶ گیلن	=	ایک بیرل	
	۵۴ گیلن	=	ایک ہوگزہیڈ	
	۲ ہوگزہیڈ	=	ایک بٹ	
	۲ بٹ	=	ایک ٹن	

کہاں مروج ہیں	نام پیمانوں کے اور اُن کا باہمی تناسب	کیفیت
پیمانے سیال چیزوں کے	۲ کوارٹ = ایک پوٹل ۲ پوٹل = ایک گیلن ۲ گیلن = ایک پیک ۴ پیک = ایک بُشل ۲ بُشل = ایک بیسٹر ایک ۴ بُشل = ایک کومب ۸ بُشل = ایک کوارٹر ۵ کوارٹر = ایک لوڈ ۳ لوڈ = ایک لاسٹ	اِن پیمانوں سے خشک چیزیں مثلاً غلہ وغیرہ ناپا جاتا ہے ہندوستان میں بھی اِن کا رواج انگریزی سوداگروں کی دوکان اور کارخانوں میں ہے

گنتی کے پیمانے

گنتی کے پیمانے	۱۲ اِکائیاں = ایک درجن ۱۲ درجن = ایک گروس ۲۰ اِکائیاں = ایک کوڑی ۱۲۰ اِکائیاں = ایک لونگ ہنڈریڈ ۲۴ تختہ کاغذ = ایک دستہ ۲۰ دستہ = ایک رِم ۱۰ رِم = ایک بیل یا گانٹھ	یہ پیمانے انگریزی ہیں اور اِن کا رواج ہندوستان میں بھی ہے

وقت کے پیمانے

کہاں مروج ہیں	نام پیمانوں کے اور انکا باہمی تناسب	کیفیت
ہندوستان و انگریزستان	۶۰ سکنڈ یا ثانیہ = ایک منٹ	وہ وقت جس میں آفتاب کسی نصف النہار
	۶۰ منٹ = ایک گھنٹہ	سے حرکت کرکے پھر اُسی نصف النہار پر آجاتا
	۲۴ گھنٹہ = ایک دن	ہے دن شمسی کہلاتا ہے
	۷ دن = ایک ہفتہ	آفتاب طریق الشمس کے ایک خاص مقام
	۵۲ ہفتہ = ایک سال	سے حرکت کرکے پھر اُسی مقام پر ۳۶۵/۲۴۲۲۱
	سال کو ۱۲ حصّوں میں بھی تقسیم کیا	دن میں یعنی ۳۶۵ دن ۵ گھنٹہ ۴۸ منٹ ۴۷/۶
	ہے اور ہر حصّہ کو مہینہ کہتے ہیں یہ مہینے	سکنڈ میں آجاتا ہے اور اس عرصہ وقت کو
	پتروں اور جنتریوں میں لکھے جاتے	سال شمسی کہتے ہیں۔ سال جو جنتریوں میں
	ہیں۔ اِن مہینوں کے نام اور	لکھا جاتا ہے وہ ۳۶۵ دن کا ہے اسلئے وہ سال
	جتنے دن ہر مہینہ میں ہوتے ہیں	شمسی سے بقدر ۶ گھنٹہ ۴۸ منٹ ۴۷/۶ سکنڈ
	نیچے لکھے جاتے ہیں	چھوٹا ہے چونکہ ہر سال میں دن کی کوئی کسر ملانا
	انگریزی مہینوں کے نام	مشکل تھا اس لئے اس مشکل کے دور کرنیکو
	نام مہینہ = تعداد دن	جیولیس قیصر نے یہ قانون جاری کیا کہ ہر چوتھا
	جنوری = ۳۱ دن	سال ۳۶۶ دن کا ہو یعنی اُس سال میں فروری
	فروری = ۲۸ دن	۲۹ دن کا شمار کرنا چاہیئے اِس سال کو جسمیں
	مارچ = ۳۱ دن	۳۶۶ دن ہوتے ہیں لوند کا سال کہتے ہیں
	اپریل = ۳۰ دن	جو سنہ عیسوی ۴ پر پورا تقسیم ہو اُسکو لوند
	۳۶۵ دن	

کہاں مروج ہیں	نام پیمانوں کے اور اُنکا باہمی تناسب	کیفیت
ہندوستان و جزائر بحر الشرق	میزان اوّل ۴ ماہ = ۱۲۰ دن	کا سال جانو چوتھے سال میں ایکدن زیادہ کرنے
	مئی = ۳۱ دن	سے اوسط وقت ایکسال کا ۳۶۵ء۲۵ دن کا ہوا
	جون = ۳۰ دن	لیکن سال شمسی ۳۶۵ء۲۴۲۲۱۸ دن کا ہی اور
	جولائی = ۳۱ دن	اِسلئے وہ جیولین سال سے بقدر ۰۰۰۷۷۸ء۰ دن
	اگست = ۳۱ دن	کے چھوٹا ہی اِسلئے چار سو برس میں یہ غلطی اِسقدر
	ستمبر = ۳۰ دن	بڑھ جاتی ہی کہ سال شمسی جیولین سال سے
	اکتوبر = ۳۱ دن	۳ء۱۱۲۸ یعنی ۰۰۰۷۷۸۲۴۳ء۰ دن پہلے
	نومبر = ۳۰ دن	شروع ہوتا ہی جیولیس قیصر کو وقت سے پوپ گریگوری
	دسمبر = ۳۱ دن	کیوقت تک یہ غلطی بڑھ کر دس دن کی ہوگئی یعنی
	میزان کل ۳۶۵ دن	جو تاریخ ۲۱ مارچ ہونی چاہیے تھی اُسکو لوگ
		۱۱ مارچ کہتے تھے اِسلئے پوپ گریگوری نے اُس
		سال میں دس دن کم کرکے آیندہ کیواسطے یہہ
		قانون نکالا کہ جو صدی ۴ پر پوری تقسیم ہوسکے
		اُسکا آخری سال صرف ۳۶۵ دن کا خیال کرنا چاہیے
	وقت کے پیمانے	
ہندوستان و جزائر بحر الشرق	۶۰ پل = ایک پل	وقت جو ایک نئے چاند سے دوسرے نئے چاند
	۶۰ پل = ایک گھڑی	تک گذرتا ہی ۲۹ دن ۱۲ گھنٹے ۴۴ منٹ ۳ سکنڈ کے
	۲½ گھڑی = ایک گھنٹہ	قریب ہوتا ہی اور اُسکو ماہ قمری کہتے ہیں اور ایسے

گنتی رائج ہیں	نام پیمانوں کے اور اُن کا باہمی تناسب	کیفیت
ہندوستان اور اُسکے ہمسایہ ملک	۶۰ گھنٹہ = ایک دِن	بارہ ماہ ہندو اور مسلمان دونوں کے سال میں
	۷ دِن = ایک ہفتہ	ہوتے ہیں اِسلئے سال قمری ۳۵۴ دِن ۸ گھنٹہ
	۳۰ دِن = ایک مہینہ	۴۸ منٹ، ۵۰ سکنڈ کا ہوتا ہے اور سال شمسی سے
	۱۲ مہینہ = ایک سال	بقدر ۱۰ دِن ۲۱ گھنٹہ ۲۳ منٹ ۱۲ سکنڈ کے چھوٹا ہے
	ہندوؤں کے ۱۲ مہینوں کے نام	یہ فرق دو برس ۸ مہینہ ۱۵ دن میں بڑھ کر پورا
	چیت — بیساکھ	ایک مہینہ ہو جاتا ہے اور جب دو یا زیادہ گرہ ایک
	جیٹھ — اساڑھ	ہی گھر میں آملتے ہیں اور سورج بھی اُسی راس کا
	ساون — بھادوں	ہوتا ہے تو ہندو لوگ دوسرے مہینہ کو اُسی نام سے
	کُنوار — کاتک	پکارتے ہیں جس نام سے اُسکے پیشتر کے مہینہ کو پکارتے
	اگھن — پوس	ہیں اِس دوسرے مہینہ کو ملماس یا لوند کا مہینہ
	ماگھ — پھاگن	کہتے ہیں اِس مہینہ کے زیادہ کرنے سے سال شمسی
	مسلمانوں کے ۱۲ مہینوں کے نام	اور قمری دونوں ہر تیسرے برس مطابق ہو جاتے
	محرم — صفر	ہیں مسلمان سال قمری پر حساب لگاتے ہیں جسمیں
	ربیع الاوّل — ربیع الثانی	نیا چاند نکلتا ہے اُسکے دوسرے دن اپنے مہینہ کی
	جمادی الاول — جمادی الثانی	پہلی تاریخ شمار کرتے ہیں مسلمانوں میں کوئی قاعدہ
	رجب — شعبان	سال قمری کو سال شمسی سے مطابق کرنیکا نہیں
	رمضان — شوال	ہے اور اِسلئے اُن کا سال بھی کبھی جاڑوں اور کبھی
	ذیقعدہ — ذی الحجہ	گرمی اور کبھی برسات میں شروع ہوتا ہے

تحویل

۶۹ - جس طریقہ سے ہم بڑے درجہ کے عددوں کو چھوٹے درجہ کے عددوں کی صورت میں یا چھوٹے درجہ کے عددوں کو بڑے درجہ کے عددوں کیصورت میں لاتے ہیں اُسکو تحویل کہتے ہیں مثلاً ایکروپیہ کی قیمت وہی ہے جو ۱۹۲ پائیوں کی ہے اور ۴۸۳ پائیوں کی قیمت وہی ہے جو دو روپیہ کی ہے اور وہ طریقہ جس سے قیمتوں کی یہ برابری دریافت کرتے ہیں **تحویل** ہے

بڑے درجہ کے عددوں کو چھوٹے درجہ کی اکائیوں میں تحویل کرنے کا قاعدہ یہ ہے

قاعدہ - جو عدد بڑے درجہ کا ہو اُسکو اُن اکائیوں سے ضرب دو جو اُس بڑے درجہ کے عدد کی اکائی میں اُس سے دوم درجہ کی اکائیاں ہوں اور پھر حاصل ضرب کے ساتھ اگر کوئی دوسرے درجہ کا عدد ہو تو جمع کرلو اور یہی عمل برابر کرتے جاؤ جب تک نوبت درجہ مطلوب کے عدد پر پہونچے

مثال ۱ ۲۵ روپیہ ۱۳ آنہ ۶ پائی میں کتنی پائیاں ہیں

قاعدہ کے مطابق عمل کرنے سے

۲۵ روپیہ ۱۳ آنہ ۶ پائی

۱۶

۴۰۰ + ۱۳ یعنی ۴۱۳ آنہ

۱۲

۴۹۵۶ + ۶ یعنی ۴۹۶۲ پائیاں

اسلئے ۲۵ روپیہ ۱۳ آنہ ۶ پائی = ۴۹۶۲ پائی

دلیل اوپر کے عمل کی یہ ہے

چونکہ ایک روپیہ میں ۱۶ آنے ہوتے ہیں اسلئے ۲۵ روپیہ میں (۲۵×۱۶) یعنی ۴۰۰ آنہ

ہیں اور اسلئے ۲۵ روپیہ ۱۳ آنہ میں (۴۰۰ + ۱۳) یعنی ۴۱۳ آنہ ہیں

پھر چونکہ ایک آنہ میں ۱۲ پائیاں ہوتی ہیں اسلئے ۴۱۳ آنہ یعنی ۲۵ روپیہ ۱۳ آنہ میں (۴۱۳ × ۱۲) یعنی ۴۹۵۶ پائیاں ہیں اور اسلئے ۲۵ روپیہ ۱۳ آنہ ۶ پائی میں (۴۹۵۶ + ۶) یعنی ۴۹۶۲ پائیاں ہیں

مثال ۲ ۲۳ پونڈ ۱۵ شلنگ میں کتنے پینس ہیں

۲۳ پونڈ ۱۵ شلنگ

۲۰

۴۶۰ + ۱۵ یعنی ۴۷۵ شلنگ

۱۲

۵۷۰۰ پینس

اسلئے ۲۳ پونڈ ۱۵ شلنگ = ۵۷۰۰ پینس

مثال ۳ ۲ من ۲۵ سیر ۹ چھٹانک میں کتنی چھٹانک ہیں

۲ من ۲۵ سیر ۹ چھٹانک

۴۰

۸۰ + ۲۵ یعنی ۱۰۵ سیر

۱۶

۱۶۸۰ + ۹ یعنی ۱۶۸۹ چھٹانک

مثال ۴ ۲ ٹن، ہنڈریڈ ویٹ ۳ کوارٹر میں کتنے پونڈ ہیں

۲ ٹن، ہنڈریڈ ویٹ ۳ کوارٹر

۲۰

۴۰ + ۷ یعنی ۴۷ ہنڈریڈ ویٹ

۴

۱۸۸ + ۳ یعنی ۱۹۱ کوارٹر

۲۸

۱۵۲۸

۳۸۲

۵۳۴۸ پونڈ

مثال ۵ ۳، دن ۲۱ گھنٹہ ۱۰ منٹ ۹ سکنڈ میں کتنے سکنڈ ہیں

۳، دن ۲۱ گھنٹہ ۱۰ منٹ ۹ سکنڈ

۲۴

۷۵۲ + ۲۱ یعنی ۷۳۶۳ گھنٹہ

۶۰

۴۴۱۸۰ + ۱۰ یعنی ۲۶۴۹۰ منٹ

۶۰

۲۶۴۹۰۰ + ۹ یعنی ۱۵۸۹۴۰۹ سکنڈ

مثال ۶ ۲۷ ایکڑ ۱ روڈ ۳۲ پول میں کتنے پول ہیں

۲۷ ایکڑ ۱ روڈ ۳۲ پول

۴

۱۰۸ + ۱ یعنی ۱۰۹ روڈ

۴۰

۴۳۶۰ + ۳۲ یعنی ۴۳۹۲ پول

سوالات زبانی

کتنے آنے ہوتے ہیں

(۱) ایکروپیہ میں دو ایک اٹھنی دو ایک چوانی آتی ہیں (۲) ایکروپیہ اور ایک اٹھنی میں

(۳) ایکروپیہ اور ایک چوانی میں (۴) ایکروپیہ اور ایک اٹھنی اور ایک چوانی میں

(۵) ایکروپیہ کے آدھے میں دو ایکروپیہ کی چوتھائی میں

کتنی پائیاں ہوتی ہیں

(۶) ۳ آنہ میں وہ آنہ میں دو ۴ آنہ میں (۷) ۷ آنہ میں دو ۹ آنہ میں دو ۱۱ آنہ میں

(۸) ۱۵ آنہ میں دو ۱۳ آنہ میں دو ۱۲ آنہ میں دو ۱۴ آنہ میں

(۹) ۵ آنہ ۱ پائی میں دو ۹ آنہ ۱۰ پائی میں (۱۰) ۱۳ آنہ ۶ پائی میں دو ۵ آنہ ۴ پائی میں

(۱۱) ایکروپیہ ۴ آنہ میں دو ایکروپیہ ۳ آنہ میں دو ایکروپیہ ۸ پائی میں دو ۳ چوانی میں دو ۲

ادھنے میں وپا ؤ آنہ میں وپون آنہ میں (۱۲) ۱۰ آنہ میں و۲ آنہ میں و۲۰ آنہ میں کتنے شلنگ ہوتے ہیں

(۱۳) ۳ پونڈ میں و۷ پونڈ میں (۱۴) ۱۳ پونڈ میں وآدھے پونڈ میں

(۱۵) ساڑھے چار پونڈ میں وساڑھے پانچ پونڈ میں

(۱۶) سوا دو پونڈ میں و ڈھائی پونڈ میں وساڑھے تین پونڈ میں

(۱۷) ساڑھے چار پونڈ میں وساڑھے پانچ پونڈ میں

(۱۸) ساڑھے چھ پونڈ میں وساڑھے سات پونڈ میں

(۱۹) ۱۷ پونڈ میں و۱۵ پونڈ میں و۱۳ پونڈ میں و۹ پونڈ میں و۱۱ پونڈ میں و۱۲ پونڈ میں و۱۳ پونڈ میں و۱۵ پونڈ میں

کتنے پینس ہوتے ہیں

(۲۰) ۹ شلنگ میں و۱۱ شلنگ میں (۲۱) ۱۵ شلنگ میں وپون پونڈ میں وآدھے پونڈ میں

(۲۲) چوتھائی پونڈ میں و۵ شلنگ میں وایک پونڈ ۳ شلنگ میں

(۲۳) آدھے شلنگ میں وپون شلنگ میں

(۲۴) چوتھائی شلنگ میں وساڑھے تین شلنگ میں و ڈیڑھ شلنگ میں و سوا دو شلنگ میں

(۲۵) پونے دو شلنگ میں وسوا شلنگ میں و۱۷ شلنگ میں

(۲۶) ۱۲ شلنگ میں و۱۵ شلنگ ۶ پینس میں و۷ شلنگ ۸ پینس میں

(۲۷) ۱۳ شلنگ ۴ پینس میں و۹ شلنگ ۸ پینس میں

کتنے سیر ہوتے ہیں

(۲۸) ۲ من میں و۳ من ۸ سیر میں (۲۹) ۹ من میں و۴ من ۱۶ سیر میں وآدھے من میں پون

من میں (۳۰) سوا من میں ڈیڑھ من میں وچوتھائی من میں

کتنی پسیری ہوتی ہیں

(۳۱) ۳ من ۳۵ سیر میں ۷ من ۱۵ سیر میں

(۳۲) سوا من میں ڈیڑھ من میں ڈھائی من میں ساڑھے چار من میں

کتنی چھٹانک ہوتی ہیں

(۳۳) ۳ سیر میں ۵ سیر میں ساڑھے چھ سیر میں (۳۴) آدھ سیر میں تین پاؤ میں

پون پاؤ میں ڈھائی پاؤ میں (۳۵) سوا سیر میں ڈیڑھ سیر میں

کتنے تولے ہوتے ہیں

(۳۶) ۲ چھٹانک میں ۷ چھٹانک میں ۹ چھٹانک ۳ تولہ میں ۹ چھٹانک ۲ تولہ میں

کتنے ماشے ہوتے ہیں

(۳۷) ۳ تولہ میں آدھے تولہ میں وچوتھائی تولہ میں (۳۸) پاؤ تولہ میں ڈھائی تولہ میں

کتنی رتی ہوتی ہیں

(۳۹) ایک تولہ میں پون تولہ میں ۹ ماشہ میں

مشق ۲۲

(۱) ۲۰ روپیہ ۱۴ آنہ ۹ پائی کی بالیاں اور ۶۰، روپیہ ۱۵ آنے کے آنے اور ۱۱ آنہ کے دھیلے بناؤ

(۲) ۹۱۷ روپیہ ۳ آنہ ۱۱ پائی و ۹۰۴ روپیہ ۷ آنہ ۵ پائی و ۱۰۱۷ روپیہ ۱۲ آنہ ۵ پائی کی بالیاں بناؤ

(۳) ۷، اشلنگ ۱۰ پینس میں کتنے فارونگ ہیں اور ایک پونڈ ۱۱ شلنگ ۲ پینس میں کتنے پینس ہیں

(۴) ۷۰۰ اگنی کے پینس بناؤ اور ۳ پونڈ ۱۰ شلنگ کے شلنگ بناؤ اور ۱۴ پونڈ کے فارونگ بناؤ

(۵) ۲۱ من ۱۸ سیر ۵ چھٹانک ۳ تولہ میں کتنے تولہ ہیں اور ۱۰ چھٹانک ۲ تولہ میں کتنے ماشہ ہیں

(۶) ۴ میل ۴ فرلانگ ۳ پول ۴ گز میں کتنے انچ ہیں اور ۲۳۲۵ ایکڑ میں کتنے مربع گز ہیں
(۷) ۳ ٹن ۳ کوارٹر ۱۲ پونڈ میں کتنے ڈرام ہیں اور ۴ ہنڈریڈ ویٹ ۵ اونس میں کتنے ڈرام ہیں
(۸) ۲۰۳ دن ۲۳ گھنٹہ ۵ منٹ میں کتنے منٹ ہیں اور ۳ دن ۴ گھنٹہ میں کتنے پل ہیں

۷۰ کسی چھوٹے درجہ کے عدد کو بڑے درجہ کی اکائیوں کی صورت میں لانیکا قاعدہ یہ ہے

قاعدہ - عدد معلوم کو اُن اکائیوں پر تقسیم کرو جو اُس عدد کی اکائی کا تناسب اُس سے ایک درجہ اوپر کے عدد کی اکائی کے ساتھ بتلاتے ہیں اور باقی میں جو کچھ بچ رہیگا وہ چھوٹے درجہ کی اکائیاں ہوں گی یہ ہی عمل برابر کرتے جاؤ یہاں تک کہ درجہ مطلوب کا عدد حاصل ہو

مثال! ۲۸۱۹ پائیوں کے کتنے روپیہ آنے وغیرہ ہوتے ہیں

پائی	۲۸۱۹	(۱۲
۱۱ پائی آنہ	۲۳۴	(۱۶
۱۰ آنہ	۱۴	روپیہ

اِسلئے ۲۸۱۹ پائیاں = ۱۴ روپیہ ۱۰ آنہ ۱۱ پائی

دلیل اوپر کے عمل کی یہ ہے

چونکہ ۱۲ پائی = ایک آنہ اِسلئے پائیوں کے عدد معلوم میں ہر ۱۲ پائیوں کی عوض ایک آنہ ہوگا اِسلئے ۲۸۱۹ پائیوں یعنی (۲۸۰۸ + ۱۱) = (۱۲ × ۲۳۴ + ۱۱) پائیوں کے عوض ۲۳۴ آنہ ۱۱ پائی ہوگا پھر چونکہ ۱۶ آنہ = ایک روپیہ اِسلئے آنوں کے کسی دیے ہوئے عدد میں ہر ۱۶ آنوں کے عوض ایک روپیہ ہوگا اِسلئے ۲۳۴ آنوں یعنی (۱۴ × ۱۶ + ۱۰) آنوں میں ۱۴ روپیہ ۱۰ آنہ ہونگے

اِسلئے ۲۳۴ آنہ ۱۱ پائی = ۱۴ روپیہ ۱۰ آنہ ۱۱ پائی
اِسلئے ۲۸۱۹ پائیاں = ۱۴ روپیہ ۱۰ آنہ ۱۱ پائی

مثال ۲ ۱۸۵۹ فارودنگ میں کتنے پونڈ شلنگ وغیرہ ہیں

	۴ | ۱۸۵۹	
۴ فارودنگ	۱۲ | ۴۶۴	۳
۸ پینس	۲۰ | ۳۸	۸
۱۸ شلنگ	۱	۱۸ شلنگ
۱ پونڈ		

اِسلئے ۱۸۵۹ فارودنگ = ایک پونڈ ۱۸ شلنگ ۸ ۳/۴ پینس

مثال ۳ ۲۳۵۷ گز میں کتنے میل فرلانگ وغیرہ ہیں

چونکہ ۵½ گز یعنی ۱۱ ہاتھوں کا ایک پول ہوتا ہے اور ۲۳۵۷ گز = ۱۴۴۷۰ ہاتھ

اِسلئے ۱۴۴۷۰ کو ۱۱ پر تقسیم کرنا چاہیئے

	۱۱ | ۱۴۴۷۰	
۵ ہاتھ	۴۰ | ۱۳۱۵	۵
۳۵ پول	۸ | ۳۲	۳۵
۴ فرلانگ		۴
۰ میل		

اِسلئے ۲۳۵۷ گز = ۴ میل ۳۵ پول ۵ ہاتھ = ۴ میل ۳۵ پول ۲½ گز

مثال ۴ ۳۵۷۸۳۴ پینس کے روپیہ آنے بناؤ جب ایک روپیہ کی قیمت ۲ شلنگ ہے

چونکہ ۲ شلنگ = ایک روپیہ اِسلئے ایک شلنگ = ایک اٹھنی اور ۶ پینس = ایک چوانی

اِسلئے ۳۵۷۸۳۴ پینس = ۵۹۶۳۹ چوانیاں

۶ \| ۳۵۷۸۳۴

۵۹۶۳۹ چوانیاں = ۲۹۸۱۹ اٹھنیاں ایک چوانی

۲ \| ۵۹۶۳۹

۲۹۸۱۹ اٹھنیاں = ۱۴۹۰۹ روپیہ ایک اٹھنی ایک چوانی ½

۲ \| ۲۹۸۱۹

۱۴۹۰۹ روپیہ ۱۲ آنہ = ۱۴۹۰۹ ۳/۴

مثال ۵ ۳۸۳۴۵۶۷ سکنڈ کے دن گھنٹے منٹ وغیرہ بناؤ

	۶۰ | ۳۸۳۴۵۶۷	
۲۷ سکنڈ	۶۰ | ۶۳۹۰۹	۲۷
۹ منٹ	۲۴ | ۱۰۶۵	۹
۵ گھنٹہ		۵
۴۴ دن		

اِسلئے ۷، ۶، ۵، ۴، ۳، ۲ سکنڈ = ۴ دن ۵ گھنٹے ۹ منٹ ۲۷ سکنڈ

سوالات زبانی

(۱) کتنے ہوتے ہیں پیسے ۷۲ پائیوں میں وادھنے ۶۶ پائیوں میں

(۲) دوانیان ۱۲۰ پائیوں میں وچوانیاں ۸۰ پیسوں میں وانٹھنیاں ۲۸۸ پائیوں میں

(۳) روپیہ ۱۰۴ دوانیوں میں وانٹھنیاں ۱۲۸ پیسوں میں

(۴) کتنے ہوتے ہیں پینس ۲۸ فارونگ میں و ۶ پینی سکے ۴۸ پینس میں

(۵) ۲ پینی سکے ۴۸ فارونگ میں وشلنگ ۱۰۸ پینس میں

(۶) فلورن ۱۹۲ فارونگ میں وشلنگ ۴۰ تین پینی سکے میں وشلنگ ۸۰ تین پینی سکوں میں

(۷) کراؤن ۸۰ پینس میں و پونڈ ۳۰ فلورن میں وگنی ۴۸ شلنگ میں و پونڈ ۸۰ تین پینی سکوں میں

(۸) کتنے ہوتے ہیں ماشے ۲۷ رتیوں میں وتولے ۱۰۸ ماشوں میں

(۹) چھٹانک ۲۵ تولوں میں و پوسیرے ۱۲۰ تولہ میں وادھ سیرے ۸۸ چھٹانکوں میں

(۱۰) سیر ۴۴ چھٹانکوں میں وپنسیری ۱۶۰ چھٹانکوں میں ومن ۲۸۰ سیروں میں

مشق ۲۳

(۱) ۱۵۰، ۱۷ پائیوں میں کتنے روپیہ آنے وغیرہ ہیں اور ۱۵۴، آنوں میں کتنے روپیہ وغیرہ ہیں

(۲) ۱۰۷۶ پائیوں کے روپیہ آنے وغیرہ بناؤ اور ۱۰۷۲۴۵ پائیوں کے آنے بناؤ

(۳) ۲۷۶۳۵۴۲ فارونگ میں کتنے پونڈ شلنگ وغیرہ ہیں اور ۶۳۰۰ چار پینی سکوں میں کتنے پونڈ ہیں

(۴) ۵۰۰ شلنگ کے پونڈ بناؤ اور ۱۴۱۰ فارونگ کے شلنگ وغیرہ بناؤ اور ۲۱۲ فارونگ

کے پینس بناؤ

(۵) ۲۵۶۰ تولوں میں کتنے سیر ہیں اور ۲۸۵ تولوں میں کتنے سیر وغیرہ ہیں

(۶) ۲۲۸۳ گرین کے ہینی ویٹ بناؤ اور ۴۱۵۰ اسکروپل کے اُونس بناؤ اور ۳۳۰ ڈرام کے پُونڈ وغیرہ بناؤ

(۷) ۱۴۲۵۸ پول میں کتنے لیگ میل وغیرہ اور ۱۳۶۴۴۲۸ انچ میں کتنے لیگ میل وغیرہ ہیں

(۸) ۲۴۶۲ مربع انچوں کے مربع گز وغیرہ بناؤ اور ۱۵۰۸۴ مربع گز کے ایکڑ وغیرہ بناؤ

(۹) ۳۰۹۴۲۸ مکعب انچ میں کتنے مکعب گز وغیرہ اور ۱۷۱۸۴ گیلن میں کتنے ہوگز ہیڈ وغیرہ انگوری شراب کے ہیں

(۱۰) ۸۴۶۵ ہفتوں میں کتنے سال ہیں اور ۸۳۵۴۲۳ پل میں کتنے دن مہینے وغیرہ ہیں

جمع مرکب

۱۷۱۔ ایک قسم کے عدد جن میں مختلف درجوں کے عدد شامل ہوں اُن کے جمع کرنے کے طریقہ کو **جمع مرکب** کہتے ہیں اور ایسے عددوں کے جمع کرنیکا قاعدہ یہ ہے

قاعدہ۔ سب عددوں کو اس طرح لکھو کہ ایک درجہ کے عدد سب ایک دوسرے کے تلے ہوں اور اُن سب کے تلے ایک آڑی لکیر کھینچو پھر سب سے چھوٹے درجہ کے عددوں کو جمع کرکے تحویل کے قاعدہ سے دریافت کرو کہ حاصل جمع میں اُس سے ایک درجہ اوپر کی کتنی اکائیاں نکلتی ہیں اگر اس تحویل میں کچھ باقی بچے اُسکو آڑی لکیر کے نیچے اُس درجہ میں لکھو جس درجہ کے عددوں کو ابھی جمع کیا ہے اور خارج قسمت کو دوسرے درجہ کے عددوں کے ساتھ ملاؤ اور پھر باقی درجوں کے عددوں کے ساتھ یہی عمل کرو

مثال ۱ ۲ روپیہ ۴ آنہ ۷ پائی و ۳ روپیہ ۵ آنہ ۱۰ پائی و ۱۵ روپیہ ۱۵ آنہ و ۳۳ روپیہ ۱۲ آنہ ۱۱ پائی کو جمع کرو

قاعدہ کے مطابق عمل کرنے سے

روپیہ	آنہ	پائی
۲	۴	۷
۳	۵	۱۰
۱۵	۱۵	۰
۳۳	۱۲	۱۱
۵۵	۶	۴

۷ پائی + ۱۰ پائی + ۱۱ پائی = ۲۸ پائی = ۲ آنہ ۴ پائی اِسلئے ۴ کو پائیوں کے درجہ میں رکھا اور ۲ آنہ کو ہاتھ لگا سمجھکر آنوں کے ساتھ جوڑا

اب ۲ آنہ + ۴ آنہ + ۵ آنہ + ۱۵ آنہ + ۱۲ آنہ = ۳۸ آنہ = ۲ روپیہ ۶ آنہ اِسلئے ۶ کو آنوں کے درجہ میں رکھا اور ۲ روپیہ کو ہاتھ لگا سمجھکر روپیہ کے ساتھ جوڑا

پھر ۲ روپیہ + ۳ روپیہ + ۱۵ روپیہ + ۳۳ روپیہ = ۵۵ روپیہ اس لئے ۵۵ کو روپیہ کے درجہ میں رکھا

جمع کے صحیح اور غلط جانچنے کا قاعدہ وہی ہے جو ہم نے جمع بسیط میں بیان کیا ہے

مثال ۲ ۳۳ پونڈ ۱۶ شلنگ ۳ پینس و ۶۰ پونڈ ۴ پینس و ۳۷ پونڈ ۱۹ شلنگ ۱۰ پینس و ۲۹ پونڈ ۹ شلنگ ۹ ¼ پینس کو جمع کرو

پونڈ	شلنگ	پینس
۳۳	۱۶	۳
۶۰	۰	۴
۳۷	۱۹	۱۰
۲۹	۹	۹ ¼
۲۰۴	۶	۵ ¼

مثال ۳ ۳ من ۴ سیر ۵ چھٹانک و ۵ من ۲۶ سیر ۲ چھٹانک و ۴ من ۶ چھٹانک و ۱ من ۲۹ سیر ۱۱ چھٹانک کو جمع کرو

چھٹانک	سیر	من
۵	۴	۳
۲	۲۶	۵
۶	۰	۴
۱۱	۲۹	۱
۸	۲۰	۱۴

سوالات زبانی

(۱) گوپال نے ۳ نارنگیاں ۲ آنہ ۳ پائی کی خریدیں اور ۱۱ آم ۱۱ آنہ ۱۱ پائی کے بتاؤ کہ اُس نے کل کیا خرچ کیا (جواب) ۱۴ آنہ ۲ پائی

(۲) اگر رام نے مجھ سے سوموار کو ۲ روپیہ ۳ آنہ اور منگل کو ۵ روپیہ ۱۴ آنہ اور بدھ کو ۳ روپیہ ۱۵ آنہ اُدھار لئے تو بتاؤ کہ اُس نے کل کتنے روپیہ اُدھار لئے (جواب) ۱۲ روپیہ

(۳) بتاؤ کہ تمہارے کوٹ کی کیا قیمت ہوگی اگر تمہارا باپ تمکو ۴ روپیہ ۱۱ آنہ کپڑے کی قیمت اور ایک روپیہ سلوائی اور ۶ آنہ بٹن کیواسطے دیوے (جواب) ۶ روپیہ ایک آنہ

(۴) ایک آدمی نے ایک گائے ۴۳ روپیہ ۱۰ آنہ کی خریدی اور اُسکو ۱۶ روپیہ ۱۴ آنہ کے نفع سے فروخت کر ڈالی بتاؤ کہ اُس نے کتنے میں بیچی (جواب) ۶۰ روپیہ ۸ آنہ

(۵) سوہن نے ۴ آنہ کے کیلے و ۹ آنہ کے آم و ۱۲ آنہ کے بسکٹ اور ۱۱ آنہ کی مٹھائی خریدی اور اُسکے پاس ۱۲ آنہ باقی بچے بتاؤ کہ اُسکے پاس کتنے روپیہ تھے (جواب) ۳ روپیہ

(۶) ایک محرر نے ایک آدمی سے انکم ٹیکس کا ۵ روپیہ ۸ آنہ وصول کئے اور ۲ روپیہ ۶ آنہ دوسرے آدمی سے اور ۳ روپیہ ۲ آنہ تیسرے آدمی سے بتاؤ کہ اُس نے کل کتنا انکم ٹیکس وصول

کیا (جواب) ۱۱ روپیہ

(۷) ایک لڑکے نے ایک کتاب ۲ شلنگ ۳ پینس میں اور ایک سلیٹ ۸ پینس میں اور ایک دوات ۶ پینس میں خریدی بتاؤ کہ اُس نے کُل کتنا خرچ کیا (جواب) ۳ شلنگ ۵ پینس

(۸) ایک قصائی نے ۳ بکریاں بحساب ۸ شلنگ و ۱۲ شلنگ ۷ پینس و ۹ شلنگ ۵ پینس کی خریدیں بتاؤ کہ اُس نے کُل کتنا خرچ کیا (جواب) ۲ پونڈ

(۹) موہن نے ایک ٹوپی ۲ شلنگ ۸ پینس میں اور ایک جوتہ ٹوپی کی قیمت سے ۴ شلنگ زیادہ میں خریدا بتاؤ کہ ٹوپی و جوتہ کتنے میں خریدا (جواب) ۹ شلنگ ۴ پینس

(۱۰) ایک آدمی نے ایک گھوڑا ۱۵ پونڈ ۱۱ شلنگ میں خریدا اور اُسپر ۳ گنی نفع لیکر بیچ ڈالا بتاؤ کہ اُس نے کتنے میں بیچا (جواب) ۱۸ پونڈ ۱۴ شلنگ

(۱۱) روہن نے ایک فلورن کے آلو ایک کراؤن کے لیموں و ۳ آدھے سؤرن کے آم خریدے بتاؤ کہ اُس نے کُل کتنے میں خریدے (جواب) ایک پونڈ، ۱ شلنگ

(۱۲) ایک لڑکا پہلی سہ ماہی میں ۵ ہفتہ ۴ دن غیر حاضر رہا اور دوسری سہ ماہی میں ۲ ہفتہ ۳ دن بتاؤ کہ وہ کُل مہینے غیر حاضر رہا (جواب) ۲ ماہ

(۱۳) ایک بڑھئی نے ایک صندوق ۳ دن میں بنایا پہلے دن میں اُس نے ایک گھنٹہ ۴۱ منٹ دوسرے دن ایک گھنٹہ ۲۰ منٹ و تیسرے دن ۵۶ منٹ کام کیا بتاؤ کہ صندوق بنانے میں کتنا وقت صرف ہوا (جواب) ۳ گھنٹہ ۳۰ منٹ

(۱۴) گوپال مدرسہ میں ۸ منٹ ۲ سکنڈ مدرسہ کے وقت سے پیشتر آیا اور رام ۵ منٹ ۴ سکنڈ دیری سے آیا بتاؤ کہ رام گوپال سے کتنی دیر بعد آیا (جواب) ۱۴ منٹ

(۱۵) ایک سیڑھی ۱۹ فیٹ لمبی ہے اگر دوسری سیڑھی جو ۹ گز ایک فٹ لمبی ہے جوڑ دیجاوے

تو بتاؤ کہ وہ کسقدر لمبی ہوجاویگی (جواب) ۱۵ گز ۲ فیٹ

مشق ۲۴

(۱) پائی	آنہ	(۲) پائی	آنہ	(۳) پائی	آنہ	(۴) پائی	آنہ	(۵) پائی	آنہ	روپیہ
۹	۱۳	۹	۸	۹	۱۳	۲	۳	۸	۳	۱
۱۰	۱۲	۱۱	۱۴	۱۰	۱۲	۳	۸	۹	۴	۳
۱۱	۱۴	۹	۱۵	۱۱	۱۵	۲	۱۳	۸	۶	۴
۳	۹	۱۱	۹	۱۴	۹	۵	۱۴	۶	۳	۶

(۶) پائی	آنہ	روپیہ	(۷) پائی	آنہ	روپیہ	(۸) پائی	آنہ	روپیہ
۹	۸	۱۰	۶	۱۰	۵	۱۰	۱۰	۱۰
۶	۶	۳۲	۶	۶	۶	۱۱	۱۱	۱۱
۱۱	۱۵	۶۴	۷	۷	۷	۹	۱۲	۱۲
۱۰	۱۴	۹۹	۸	۸	۸	۱۱	۱۳	۱۳

(۹) پائی	آنہ	روپیہ	(۱۰) پائی	آنہ	روپیہ	(۱۱) پائی	آنہ	روپیہ
۹	۲	۷	۹	۰	۴۱	۶	۸	۱۳
۳	۱	۱۴	۸	۴	۱۷	۱۰	۱۵	۴۱
۱۱	۱۵	۷	۱۱	۱۴	۷	۹	۶	۱۸
۰	۹	۰	۶	۰	۳	۰	۲	۲۱

(۱۲) پائی	آنہ	روپیہ	(۱۳) پائی	آنہ	روپیہ	(۱۴) پائی	آنہ	روپیہ
۶	۳	۱۹	۹	۷	۹	۱۰	۸	۱۷
۸	۱۴	۸	۷	۹	۴۰	۵	۵	۳۰۲
۹	۱۱	۱۰۷	۱۱	۴	۳۱۸	۸	۱۳	۲۱
۷	۲	۱۵	۵	۲	۲۷	۱۱	۴	۱
۵	۶	۱۸	۶	۱۴	۱۰۱	۲	۹	۴۹
۳	۲	۲۵	۸	۹	۱۲	۷	۱۴	۲۰۲
۴	۵	۱۱۹	۳	۶	۱۸	۹	۷	۶۳

(۱۵) پائی	آنہ	روپیہ	(۱۶) پائی	آنہ	روپیہ	(۱۷) پائی	آنہ	روپیہ
۷	۷	۹	۱۰	۸	۱۹	۹	۸	۱۰۱
۰	۴	۱۸	۹	۷	۸	۷	۱۱	۵۳۶
۱۰	۱۳	۲۰۷	۸	۱۰	۳۲	۹	۹	۹۹۹
۶	۲	۱۸	۴	۹	۱۹	۱۰	۱۵	۵۸۱
۹	۱۴	۲۶	۶	۷	۴	۳	۲	۸۳
۱۱	۰	۳۱۷	۱۱	۱۵	۱۷			
۴	۱۵	۳۲۵	۹	۱۱	۵			

(۱۸) پائی	آنہ	روپیہ
۱۰	۱۵	۱۰۵
۹	۱۳	۹۷۶
۷	۰	۵۰۰
۹	۰	۳۱۱
۰	۱۰	۶۴

(۱۹) پینس	شلنگ	پونڈ
۹	۱۱	۵
۸	۷	۶
۱۱	۱۹	۸
۹	۳	۵

(۲۰) پینس	شلنگ	پونڈ
۲	۳	۵۸
۷	۹	۵۳
۹	۸	۹
۱۱	۱۵	۲۳

(۲۱) پینس	شلنگ	پونڈ	من
۷	۱۳	۳۰	۳
۳	۴	۱۱	۰
۱۱	۰	۲۵	۱۵
۴	۳	۵	۱۳
۸	۱۹	۷	۱۱
۵	۱۴	۳۰	۲۲

(۲۲) چھٹانک	سیر
۱۵	۳۳
۶	۳۸
۷	۳۸
۴	۲۲
۹	۲
۳	۹

(۲۳) چھٹانک	سیر	من
۱۴	۲۳	۵۵
۱۳	۳۲	۱۱۱
۳	۳۵	۰
۱۱	۰	۲۱۳

(۲۴) چھٹانک	سیر	من
۷	۲۵	۳۲
۹	۱۳	۲۱۲
۱۱	۱۵	۱۱۳
۹	۳۸	۳۱۴

(۲۵) پونڈ	کوارٹر	ہنڈریڈویٹ	ٹن
۲۵	۲	۱۷	۱۶
۲۰	۰	۱۰	۱۳
۱۹	۲	۱۵	۱۷
۲۷	۳	۰	۸۴
۱۱	۱	۱۱	۱۱

(۲۶) گرین	اسکروپل	ڈرام	اونس
۱۵	۲	۳	۲۲
۱۰	۱	۰	۵۶
۱۱	۲	۲	۳
۹	۱	۶	۱۵
۱۰	۱	۴	۷۹

(۲۷) پینی ویٹ	اونس	پونڈ
۱۷	۱۱	۹
۱۹	۲	۸
۱۴	۷	۲
۸	۶	۱۰
۶	۱۰	۵

انچ	فیٹ	گز
۹	۲	۱۱
۳	۱	۲۷
۱۰	۲	۳۶
۱۱	۲	۴۸
۸	۱	۵۱

(۲۹) پول	روڈ	ایکڑ	(۳۰) مربع انچ	مربع فیٹ	مربع گز	(۳۱) پینٹ	کوارٹ	گیلن
۲۴	۲	۸۲	۱۳۱	۸	۱۵	۱	۰	۹۰۲
۲۷	۳	۱۸	۹۷	۲	۱۸	۰	۱	۸۵
۱۴	۱	۲۰	۱۴۱	۴	۲	۱	۰	۷۱۶
۰	۰	۵۶	۷۵	۶	۷	۱	۲	۸۱۵
۳۰	۳	۴۵	۱۹	۸	۶	۰	۳	۹۷

(۳۲) سکنڈ	منٹ	گھنٹہ	دن	ہفتہ	(۳۳) سکنڈ	منٹ	گھنٹہ	دن	مہینہ
۵۹	۴۵	۷	۳	۰	۴۴	۰	۱۳	۲۱	۲
۴۳	۵۷	۲۱	۵	۱۵	۳۳	۱۷	۰	۱۳	۴
۳۱	۳۸	۱۵	۷	۱۶	۴۷	۵۸	۱۹	۲۳	۱۷
۴۵	۴۹	۱۸	۲	۳	۴۹	۴	۲۳	۱۸	۵
۵۰	۵۱	۱۷	۴	۱۷	۵	۵۶	۲	۱۵	۸

(۳۴) مہادیو نے ایک چاندی کا صندوق ۷۰ روپیہ ۱۳ آنہ ۶ پائی میں خریدا اور اُسکو ۹ روپیہ ۸ آنہ ۳ پائی کے فائدہ سے فروخت کر ڈالا بتاؤ کہ اُس نے اُس صندوق کو کتنے میں بیچا

(۳۵) مچھن کی ماہواری آمدنی ۷۸ روپیہ ۱۱ آنہ ۸ پائی ہے اُسکے بڑے لڑکے کی آمدنی ۴۸ روپیہ ۸ آنہ ۳ پائی ہے اور دوسرے لڑکے کی آمدنی ۱۴۴ روپیہ ۶ پائی ہے اور چھوٹے لڑکے کی آمدنی ۹۵ روپیہ ۹ آنہ ۱۱ پائی ہے تو بتاؤ کہ کل خاندان کی کیا آمدنی ہے

(۳۶) رام ۳۰ روپیہ ۱۱ آنہ ۴ پائی خوراک میں خرچ کرتا ہے اور ۹ روپیہ ۵ آنہ ۱۱ پائی پوشاک میں خرچ کرتا ہے اور ۵ روپیہ ۴ آنہ ۲ پائی خیرات کرتا ہے اور ۱۹ روپیہ ۱۰ آنہ ۵ پائی ماہواری جمع کرتا ہے تو بتاؤ کہ اُس کی ماہواری آمدنی کیا ہے

(۳۷) ایک سوداگر نے ۱۲ کرسیاں بنوائیں اُس نے ۲۵ روپیہ ۹ آنہ لکڑی کے دیئے اور ۱۳ روپیہ ۷ آنہ مزدوری کے دیئے بتاؤ کہ کس حساب سے کرسی بیچے کہ اُسکو ۹ روپیہ فائدہ ہووے

(۳۸) ریل کا کرایہ اوّل درجہ کا آگرہ سے علی گڈھ تک ۱۰ روپیہ ۲ آنہ ہے علی گڈھ سے دہلی تک ۱۱ روپیہ ۳ آنہ ہے اور دہلی سے انبالہ تک ۱۵ روپیہ ۴ آنہ ہے اور انبالہ سے کالکا تک ۲۰ روپیہ ہے

بتاؤ کہ آگرہ سے کالکا تک کا کیا کرایہ ہے

(۲۹) جب موہن پیدا ہوا تو سوہن کی عمر ۲ برس ۹ مہینہ ۴ دن کی تھی اور جب رادھا پیدا ہوئی تو موہن کی عمر ۱۳ برس ۳ دن کی تھی اور جب بلدیو پیدا ہوا تو رادھا کی عمر ۳ برس ۶ مہینہ ۵ دن کی تھی اور جب تلسی پیدا ہوا تو بلدیو کی عمر ۲ برس ۱۱ مہینہ ۲۳ دن کی تھی بتاؤ کہ سوہن کی عمر تلسی کی چھٹی کے دن کیا تھی

(۳۰) ایک کتاب کی ہزار جلدیں ۲۰ رم ۵ دستہ ۱۲ تختہ کاغذ لگا ہے اور دوسری کتاب کی ۵۰۰ جلدیں ۲ رم ۶ دستہ ۸ تختہ کاغذ لگا ہے اور تیسری کتاب کی ۲۰۰ جلدیں ۳۵ رم ۱۵ دستہ ۹ تختہ کاغذ لگا ہے تو بتاؤ کہ ان تینوں کتابوں کی سب جلدوں میں کتنا کاغذ لگا ہے

تفریق مرکب

۲۷۔ دو عددوں کا جن میں مختلف درجوں کے عدد شامل ہیں فرق دریافت کرنیکے طریق کو **تفریق مرکب** کہتے ہیں اور اس فرق کے دریافت کرنے کا قاعدہ یہ ہے

قاعدہ۔ چھوٹے عدد کو بڑے عدد کے تلے اس طرح لکھو کہ ایک درجہ کے عدد اوپر تلے ہوں اور ایک آڑی لکیر اُن کے نیچے لکھو پھر داہنی طرف سے اس طرح عمل شروع کرو کہ اگر ہو سکے تو اوپر کی سطر کے ہر عدد میں سے نیچے کی سطر کے ہر عدد کو جو اُس عدد کے تلے ہے گھٹاؤ اور باقی کو لکیر کے تلے لکھدو لیکن اگر نیچے کی سطر کا کوئی عدد اوپر کی سطر کے عدد سے جو اُس عدد کے اوپر ہے بڑا ہو تو اوپر کی سطر کے عدد میں اُس درجہ کی اتنی اکائیاں ملا کر جتنی اُس عدد سے آگے کے درجہ کی ایک اکائی پیدا کرتی ہیں باقی نکالو اور ایک اکائی نیچے کی سطر کے اُس عدد میں جو ایک درجہ آگے ہے ملاؤ اور پھر اسی طرح عمل آخر تک کرتے جاؤ

مثال ۱ ۳۶۱ روپیہ ۱۳ آنہ ۵ ¾ پائی میں سے ۲۵۲ روپیہ ۱۴ آنہ ۳ ¼ پائی کو تفریق کرو

قاعدہ کے مطابق عمل کرنے سے

روپیہ	آنہ	پائی
۳۶۱	۱۳	۵ ¾
۲۵۲	۱۴	۳ ¼
۱۰۸	۱۵	۱ ¾

ایک چوتھائی پائی سے آدھی یعنی دو چوتھائی پائی بڑی ہے اسلئے ایک پائی یعنی ۴ چوتھائی پائی ایک چوتھائی پائی میں ملاکر ۵ چوتھائی پائی اور ان ۵ چوتھائی پائیوں میں سے دو چوتھائی پائی گھٹاکر ۳ چوتھائی پائیوں کو لکیر کے تلے لکھا اور ایک پائی جو پیشتر اوپر کی سطر میں ملائی تھی نیچے کی سطر کے ۳ میں جوڑکر ۴ پائیوں کو ۵ پائیوں میں سے گھٹاکر باقی ایک پائی کو لکیر کے تلے لکھا پھر ۱۴ آنہ سے ۱۳ آنہ زیادہ ہیں اسلئے ۱۶ آنہ جن کا ایک روپیہ ہوتا ہے ۱۳ آنوں میں ملاکر ۲۹ آنوں میں سے ۱۴ آنہ گھٹاکر باقی ۱۵ آنہ لکیر کے تلے آنہ کے درجہ میں لکھے اور ایک روپیہ ۲۵۲ روپیہ میں ملاکر ۲۵۳ روپیہ کو ۳۶۱ روپیہ میں سے گھٹایا اور باقی ۱۰۸ روپیہ کو لکیر کے تلے روپیہ کے درجہ میں لکھا

مثال ۲ ۴۵ پونڈ ۱۵ شلنگ ۴ پینس میں سے ۲۳ پونڈ ۱۱ شلنگ ۷ پینس تفریق کرو

پینس	شلنگ	پونڈ
۴	۱۵	۴۵
۷	۱۱	۲۳
۹	۳	۲۲ حاصل تفریق

مثال ۳ ۹ من ۵ سیر ۱۳ چھٹانک میں سے ۴ من ۲۳ سیر ۵ چھٹانک تفریق کرو

چھٹانک	سیر	من
۱۳	۵	۹
۱۵	۲۳	۴
۱۴	۲۱	۴ حاصل تفریق

سوالات زبانی

(۱) اگر رام نے ۵ روپیہ ۲ آنہ میں سے ۳ روپیہ ۷ آنہ خرچ کر دیے بتاؤ کہ اُس کے پاس کیا بچا (جواب) ایک روپیہ ۱۱ آنہ

(۲) لچھمن ۲ روپیہ ۴ آنہ لیکر بازار کو گیا اور ۱ روپیہ ۸ آنہ ۸ پائی کے آم لایا بتاؤ کہ اُس کے پاس کیا بچا (جواب) ایک روپیہ ۴ آنہ ۴ پائی

حل - چونکہ دو شلنگ = ایک روپیہ اسلئے ایک پونڈ = ۱۰ روپیہ اور ایک شلنگ = ۸ آنہ اور ایک پینس = ۸ پائی اور ایک آنہ = ۱½ پینس اب ۷ پونڈ ۱۶ شلنگ ۹ پینس + ۱۹ پونڈ ۴ پینس + ۳ پونڈ ۲ شلنگ ۶½ پینس + ۱۴۲ روپیہ ۱۵ آنہ ۱۰ پائی + ۴۳۵ روپیہ ۴ آنہ ۸ پائی + ۱۲۶۹ روپیہ ۴ آنہ ۲ پائی = ۲۹ پونڈ ۱۹ شلنگ ۷½ پینس + ۱۷۶۷ روپیہ ۲ آنہ ۸ پائی = (۲۹ پونڈ ۱۹ شلنگ ۷½ پینس + ۱۷۶۷ پونڈ ۴ شلنگ ۴ پینس) یا (۲۹۹ روپیہ ۱۳ آنہ + ۱۷۶۷ روپیہ ۲ آنہ ۸ پائی) = ۲۰۶۷ پونڈ ۱۳ شلنگ ۱۱½ پینس یا ۲۰۶۶ روپیہ ۱۵ آنہ ۸ پائی

(۲) سونا چاندی کے کڑے کی قیمت جس کا وزن ۶۰ تولہ ہے ۷۷۰ روپیہ ۱۰ آنہ ہے اگر اس کڑے میں جسقدر سونا ہے اس قدر چاندی ہوتی اور جس قدر چاندی ہے اس قدر سونا ہوتا تو اس کی قیمت ۵۳۲ روپیہ ۱۱ آنہ ہوتی یہ بھی معلوم ہے کہ ایک تولہ سونا اور دو تولہ چاندی ۲۲ روپیہ ۱۱ آنہ ۶ پائی کو آتا ہے تو بتاؤ کہ سونا اور چاندی کی فی تولہ کیا کیا قیمت ہے

حل - چونکہ سوال کے پڑھنے سے صاف ظاہر ہے کہ دونوں قسم کے کڑوں میں ملا کر
۶۰ تولہ سونا اور ۶۰ تولہ چاندی ہے
اسلئے ۶۰ تولہ سونے اور ۶۰ تولہ چاندی کی قیمت = ۶۷۷۰ روپیہ ۱۰ آنہ + ۵۳۲۰
روپیہ ۱۱ آنہ = ۱۳۰۰۰ روپیہ ۵ آنہ
اس لئے ۵ تولہ سونے اور ۵ تولہ چاندی کی قیمت = ۱۰۸۰ روپیہ ۵ آنہ ۹ پائی
اس لئے ایک تولہ سونے اور ایک تولہ چاندی کی قیمت = ۲۱ روپیہ ۱۰ آنہ ۹ پائی
لیکن ایک تولہ سونے اور ۲ تولہ چاندی کی قیمت = ۲۳ روپیہ ۱۱ آنہ ۶ پائی
اس لئے ایک تولہ چاندی کی قیمت = (۲۲ روپیہ ۱۱ آنہ ۶ پائی) - (۲۱ روپیہ
۱۰ آنہ ۹ پائی)۔

= ایک روپیہ ۹ پائی

اسلئے ایک تولہ سونے کی قیمت = ۲۱ روپیہ ۱۰ آنہ ۹ پائی - ایک روپیہ
۹ پائی

= ۲۰ روپیہ ۱۰ آنہ

(۳) ایک آدمی نے ایک گھوڑا ۵۰۰ روپیہ کو خریدا اور ۱۵ مہینہ اسکو
رکھکر ۶۲۵ روپیہ کو بیچڈالا اس ۱۵ مہینہ میں گھوڑے نے ۱۹۰ روپیہ ۱۰ آنہ ۶ پائی
کا دانہ ساتب کھایا اور ۱۳۵ روپیہ سائیس اور گراسکٹ کی تنخواہ ہوئی اور ۳۵
روپیہ ۱۴ آنہ ۶ پائی نعلبندی وغیرہ میں صرف ہوئے بتاؤ کہ گھوڑا رکھنے میں اس
آدمی کا اوسط ماہواری خرچ کیا ہوا

		پائی	آنہ	روپیہ
حل۔ گھوڑے کی قیمت	=	۰	۰	۶۵۰
دانہ اور راتب کا خرچ	=	۶	۱۰	۱۹۰
سائیس اور گراسکٹ کی تنخواہ	=	۰	۰	۱۳۵
نعلبندی وغیرہ کا خرچ	=	۶	۱۴	۳۵
اِس لئے کل خرچ	=	۰	۹	۱۱۱۱
جو قیمت گھوڑے کی وصول ہوئی	=	۰	۰	۶۲۵
۱۵ مہینے کا خرچ بعد وصول ہونے قیمت گھوڑے کے	=	۰	۹	۴۸۶

اِسلئے اوسط ماہواری خرچ = ۴۸۶ روپیہ ۹ آنہ ÷ ۱۵ مہینے

= ۳۲ روپیہ ۷ آنہ

(۴) ایک مسافر جو پانڈی چیری سے اوٹاکامنڈ کو جاتا ہے ۹۰ میل دھواں کش جہاز پر سوار ہوا اور ۳۳۰ میل ریل گاڑی پر اور ۳۰ میل گھوڑے پر سوار ہوا اور اُس کو اِس سفر میں ۳ گھنٹے ۵۰ منٹ لگے اگر ریل گاڑی کی چال گھوڑے کی چال سے تگنی اور دھواں کش جہاز کی چال سے ڈیوڑھی ہے تو ریل گاڑی فی گھنٹہ کی میل چلتی ہے

حل۔ چونکہ ریل گاڑی کی چال گھوڑے کی چال سے تگنی اور دھواں کش کی چال سے ڈیوڑھی ہے اِسلئے جسوقت میں مسافر گھوڑے پر ۳۰ میل جاتا ہے اُس وقت میں ریل گاڑی پر ۹۰ میل جاویگا اور جس وقت میں دھواں کش پر ۹۰ میل جاتا ہے اُسوقت میں ریل گاڑی پر ۲۷۰ میل جاوے گا اِسلئے جسوقت میں گھوڑے پر ۳۰ اور ریل گاڑی پر ۳۳۰ اور دھواں کش پر ۹۰ میل جاتا ہے اُس وقت میں ریل گاڑی پر

(۹۰ + ۳۳۰ + ۱۳۵) یعنی ۵۵۵ میل جاویگا

لیکن ۳۰ میل گھوڑے پر اور ۳۳۰ میل ریل گاڑی پر اور ۹۰ میل دھواں کش پر

۳۰ گھنٹہ ۵۰ منٹ یعنی ۱۸۵۰ منٹ میں جاتا ہے

اِسلئے مسافر ریل گاڑی پر ۱۸۵۰ منٹ میں ۵۵۵ میل جاویگا

اِسلئے مسافر ریل گاڑی پر ایک منٹ میں (۵۵۵ ÷ ۱۸۵۰) میل جاویگا

اِسلئے مسافر ریل گاڑی پر ایک گھنٹہ یعنی ۶۰ منٹ میں (۶۰ × ۵۵۵ ÷ ۱۸۵۰)

یعنی ۱۸ میل جاوے گا

(۵) ایک سوداگر نے ۸ سیر چاے ۴ روپیہ ۴ آنہ سیر کے حساب سے اور ۶ سیر چاے

۴ روپیہ ۱۰ آنہ ۸ پائی سیر کے حساب سے اور ۱۲ سیر چاے ۴ روپیہ ۱۳ آنہ ۸ پائی سیر کے

حساب سے خرید کر سب کو ملا دیا بتاؤ کہ وہ کس شرح سے بیچے تاکہ اُسکو لاگت پر ۳۵ روپیہ

۱۲ آنہ کا نفع ہو

حل۔ سوداگر کی لاگت = (۴ روپیہ ۴ آنہ) × ۸ + (۴ روپیہ ۱۰ آنہ ۸ پائی) × ۶

+ (۴ روپیہ ۱۳ آنہ ۸ پائی) × ۱۲ = ۳۴ روپیہ + ۲۸ روپیہ + ۵۸ روپیہ ۴ آنہ = ۱۲۰

روپیہ ۴ آنہ

اور اِس لاگت سے اُس نے (۸ + ۶ + ۱۲) یعنی ۲۶ سیر چاے خریدی

اِسلئے سوداگر کو لاگت پر ۳۵ روپیہ ۱۲ آنہ کا نفع حاصل کرنے کے لئے ۲۶ سیر

چاے ۱۲۰ روپیہ ۴ آنہ + ۳۵ روپیہ ۱۲ آنہ یعنی ۱۵۶ روپیہ کو بیچنی چاہیئے

اِسلئے چاے اُسکو (۱۵۶ ÷ ۲۶) روپیہ یعنی ۶ روپیہ کے نرخ سے بیچنی چاہیئے

(۶) جب چاول روپیہ کے ۱۰ سیر بکتے ہیں تو ایک خاندان میں خوراک کا کل خرچ

ماہواری ۳۰ روپیہ ہے اور جب چاول روپیہ کے ۷ سیر بکنے لگیں تو کل خرچ ماہواری ۳۱ روپیہ ۸ آنہ ہوتا ہے تو بتاؤ کہ اُس خاندان میں کتنے چاول خرچ ہوتے ہیں

حل ۔ اگر اُس خاندان میں چاول صرف ایک روپیہ کے یعنی دس سیر خرچ ہوں تو فی روپیہ ۷ سیر چاول بکنے سے ۳ سیر چاول کی اور ضرورت پڑ گئی لیکن سوال میں فی روپیہ ۷ سیر چاول بکنے سے ایک روپیہ ۸ آنہ جو ۱۰ سیر ۸ چھٹانک کی قیمت ہوئی زیادہ خرچ ہونا لکھا ہے اور چونکہ ۱۰ سیر ۸ چھٹانک میں ۳ سیر ساڑھے تین بار شامل ہے اسلئے اُس خاندان میں ساڑھے تین روپیہ کے چاول یعنی ۳۵ سیر چاول خرچ ہوتے ہیں

(۷) ایسٹ انڈین ریلوے کمپنی فولاد کی پٹریاں جو ۳۵ برس کام دیتی ہیں سڑک پر بچھاتی ہے اور اُن کا خرچ فی میل ۹۷۵۰ روپیہ ۱۲ آنہ ۶ پائی ہے اور اودھ و روہیلکھنڈ ریلوے کمپنی لوہے کی پٹریاں جو دس برس کام دیتی ہیں بچھاتی ہے اور اُن کا خرچ فی میل ۳۹۰۱ روپیہ ۱۰ آنہ ۸ پائی ہے تو بتاؤ کہ کس کمپنی کا انتظام ارزاں ہے

حل ۔ چونکہ ایسٹ انڈین ریلوے کمپنی کا سالانہ خرچ فی میل $= \frac{\text{۹۷۵۰ روپیہ ۱۲ آنہ ۶ پائی}}{۲۵}$

$= \text{۳۹۰ روپیہ ۶ پائی}$

اور اودھ و روہیلکھنڈ ریلوے کمپنی کا سالانہ خرچ فی میل $= \frac{\text{۳۹۰۱ روپیہ ۱۰ آنہ ۸ پائی}}{۱۰}$

$= \text{۳۹۰ روپیہ ۲ آنہ ۸ پائی}$

اسلئے ایسٹ انڈین ریلوے کمپنی کا انتظام ارزاں ہے

(۸) ایسٹ انڈین ریلوے پر دوسرے درجہ کا کرایہ ۹ پائی فی میل ہے اور تیسرے درجہ کا کرایہ ۲½ پائی فی میل ہے ایک مسافر نے جو آگرہ سے اٹاوہ گیا آگرہ سے شکوہ آباد تک دوسرے درجہ کا ٹکٹ اور شکوہ آباد سے اٹاوہ تک تیسرے درجہ کا ٹکٹ لیا اور اُسکے

اِن دونوں ٹکٹ لینے میں ۲ روپیہ ۴ آنہ لگے جب آگرہ سے ریل کی راہ اٹاوہ ۴۷ میل ہے تو بتاؤ کہ آگرہ سے شکوہ آباد کتنی دُور ہے

حل - چونکہ آگرہ سے اٹاوہ تک تیسرے درجہ کا کرایہ = ۴ × ۲ ½ پائی

= ۱۰۵ پائی = ۱۵ آنہ ۵ پائی

اِسلئے اگر وہ مسافر آگرہ سے اٹاوہ تک صرف ایک ٹکٹ تیسرے درجہ کا لیتا تو اُسکو صرف ۱۵ آنہ ۵ پائی دینے پڑتے لیکن اُسکو آگرہ سے شکوہ آباد تک دوسرے درجہ کا ٹکٹ لینے کے باعث ۲ روپیہ ۴ آنہ یعنی ایک روپیہ ۴ آنہ ۷ پائی زیادہ دینے پڑے

اب چونکہ فی میل دوسرے اور تیسرے درجہ کے کرایہ کا فرق ۶ ½ پائی ہے

اِسلئے آگرہ سے شکوہ آباد کی دُوری = $\frac{\text{ایک روپیہ ۴ آنہ ۷ پائی}}{\text{۶ ½ پائی}}$ میل

= (۲۴۷ پائی ÷ $\frac{۱۳}{۲}$ پائی) میل

= $\frac{۲ \times ۲۴۷}{۱۳}$ میل

= ۲ × ۱۹ میل

= ۳۸ میل

سوالات امتحان

(۲)

(۱) ۲۷۴۲۷ اور ۹۰۰۰ کے فرق کو ۳۴ سے تقسیم کرو

(۲) جب مضروب ۸۶۰۷۳۹ ہے اور مضروب فیہ ۹۶۰۰ ہے تو حاصل ضرب بتاؤ

(۳) ایک آدمی نے ۵۴ گھوڑے ۱۰۰۰ پونڈ کو خرید کر ۳۹ پونڈ ۵ شلنگ فی گھوڑے

کے حساب سے فروخت کر ڈالے تو بتاؤ کہ اُسکو کیا فائدہ ہوا

(۴) ایک کسان نے ۲۸۸ روپیہ میں ۸ گھوڑے اور ۲۴ بھیڑیں خریدیں اگر ہر ایک گھوڑے کی قیمت ۲۷ روپیہ ہے تو بتاؤ کہ ہر ایک بھیڑ کی کیا قیمت ہے

(۵) ایک آدمی کے ۳۰ برس کی عمر میں لڑکا پیدا ہوا اور ۱۸۹۴ء میں لڑکے کی عمر ۹ سال کی تھی تو بتاؤ کہ اُس کا باپ کس سنہ میں پیدا ہوا تھا

(ب)

(۶) ۳۷۶ اور ۹۶۸۲ کے حاصل ضرب کو ۴۷ سے تقسیم کرو

(۷) ایک آدمی ۴۲۲ من چاول خرید کر کے ۵۷ من چاول ایک سال میں کھاتا ہے تو بتاؤ کہ اُسکے گھر میں چاولوں کا خرچ یومیہ کیا ہے

(۸) اگر ایک آدمی کو ہفتہ وار تنخواہ ایک روپیہ ۱۰ آنہ ۸ پائی دیجاتی ہے تو بتاؤ کہ ۱۲ آدمیوں کو ۶ ہفتہ کی تنخواہ کا کیا دینا پڑے گا

(۹) اگر مقسوم ۱۹۴۶۰ ہے اور خارج قسمت ۶۹۵ ہے تو مقسوم علیہ کیا ہوگا

(۱۰) ایک آدمی ایک مہر لیکر بازار کو گیا جس میں سے اُس نے ۲ روپیہ ۴ آنہ ۶ پائی میں ایک جوتا اور ۳ روپیہ ۶ آنہ ۶ پائی میں ایک ٹوپی اور ۵ آنہ فی موزہ جوڑی کے حساب سے ۴ جوڑی موزے خریدے تو بتاؤ کہ اب اُسکے پاس کیا بچا

(ج)

(۱۱) ۲۰۶۹۲۵۰۵۲۱۶۲ اور ۱۰۶۰۰ کے حاصل جمع کو ۶۰ سے تقسیم کرو

(۱۲) ۲۷۴۴ روپیہ کو ۵ مرد اور ۶ عورتوں میں اِس طرح بانٹو کہ مرد کو عورت سے دگنا ملے تو بتاؤ کہ ہر مرد اور ہر عورت کو کیا کیا ملا

(۱۳) رام کے پاس ۳ روپیہ ۱۵ آنہ ۸ پائی ہیں شیام کے پاس رام سے ۸ آنہ ۴ پائی زیادہ ہیں اور لچھمن کے پاس رام سے ۶ آنہ ۴ پائی کم ہیں تو بتاؤ کہ تینوں کے پاس کُل مِلا کر کیا ہے

(۱۴) ایک من ۳۸ سیر ۶ چھٹانک چاولوں کو رام اور لچھمن میں اس طرح بانٹو کہ رام کو لچھمن سے ۶ گنا ملے

(۱۵) اُس عدد کو بتاؤ جس کا کہ ۳۶ گنا ۴۸۱۲۳ ہے

(د)

(۱۶) ۵۶۶ اور ۸۰۹ کے حاصل جمع کو اُن کے حاصل ضرب میں سے تفریق کرو

(۱۷) ایک آدمی نے ایک گھوڑا ۲۷ روپیہ ۱۵ آنہ ۶ پائی میں اور ایک گائے گھوڑے سے ۱۰ روپیہ ۱۰ آنہ ۶ پائی زیادہ میں خرید کر دونوں کو ۷۰ روپیہ ۱۳ آنہ میں بیچ ڈالا جس میں سے ایک روپیہ ۳ آنہ ۶ پائی اُس کو چرائی کے دینے پڑے تو بتاؤ کہ اُسکو کیا فائدہ ہوا

(۱۸) ایک آدمی اور اُسکے لڑکے کی تنخواہ ۴ روپیہ ۱۵ آنہ ۶ پائی ہے جس میں سے لڑکے کی تنخواہ ایک روپیہ ۱۰ آنہ ۹ پائی ہے تو بتاؤ کہ اُس آدمی کی تنخواہ اُسکے لڑکے سے کسقدر زیادہ ہے

(۱۹) ۲۲ × ۴۴ − ۴۴ × ۲۱ + ۴۰۰ ÷ ۲۰ × ۸۸ ÷ ۱۱ کو مختصر کرو

(۲۰) ۸۳۴۰ اور ۷، ۹ کے حاصل ضرب ۱۸۰۹ اور ۵۶۹ کے حاصل ضرب کا فرق بتاؤ

(ف)

(۲۱) ۱۱۵² ÷ ۵² − ۱۲² + ۶² + ۵² × ۲² ÷ ۱۰² + ۲۵۱ کو مختصر کرو

(۲۲) ۲۰ من ۲۰ سیر کی چھٹانک بناؤ

(۲۳) ایک کسان ایک گھوڑے کو جس کی قیمت ۳۹ پونڈ ۱۰ شلنگ ہے پنس اور ایک گائے کو جس کی قیمت ۱۵ پونڈ ۱۰ شلنگ ہے کچھ بھیڑوں کے عوض بدلنا چاہتا ہے جن کی قیمت ۶۳ پونڈ ۱۲ شلنگ ۶ پنس ہے تو بتاؤ کہ اُسکو کسقدر نقدی دینی پڑے گی تاکہ حساب صاف ہو جاوے

(۲۴) ایک آدمی ۱۳۰۶ من ۲۹ سیر ۱۲ چھٹانک چاول اپنے ۷ لڑکوں اور ۶ لڑکیوں میں برابر برابر بانٹتا ہے تو بتاؤ کہ ہر ایک کے حصہ میں کتنے چاول آئے

(۲۵) ۸ کتابوں کی کیا قیمت ہوگی جبکہ ۵ کتابوں کی قیمت ۱۰ روپیہ ۵ آنہ ۶ پائی ہے اور ۳ کتابوں کی قیمت ۵ روپیہ ۲ آنہ ۳ پائی ہے اور چھٹی کی قیمت ۵ آنہ ۶ پائی و ساتویں کی قیمت ۲ آنہ ۳ پائی اور آٹھویں کی قیمت ۱۰ آنہ ۹ پائی ہے

(ق)

(۲۶) ۵۰۹۳ کو ۹۶۵ کے حاصل ضرب کو ۷۵۰ اور ۱۰۸ کے حاصل جمع سے تقسیم کرو

(۲۷) ایک سوال میں اگر خارج قسمت ۳۷ اور مقسوم علیہ ۳۵ اور باقی ۲۹ ہے تو مقسوم بتاؤ

(۲۸) ۳۳۴ روپیہ ۶ آنہ میں ۵ آنہ ۶ پائی سیر والی شکر کتنی آویگی

(۲۹) اگر دو رقموں کی حاصل جمع ۲۵۷ روپیہ ۱۵ آنہ ۹ پائی ہے اور چھوٹی رقم اُن میں سے ۵۰ روپیہ ۱۰ آنہ ۶ پائی ہے تو بڑی رقم بتاؤ

(۳۰) ۴۶ سیر چائے کی قیمت ایک روپیہ ۴ آنہ فی سیر اور ۲۰ سیر کافی کی قیمت ۱۲ آنہ فی سیر اور ۱۶ سیر تمباکو کی قیمت ۴ آنہ فی سیر کے حساب سے کل چیزوں کی مجموعی قیمت بتاؤ

(ك)

(۳۱) ۱۸ و ۲۴ کے مربعے دریافت کرو اور ثابت کرو کہ ان دونوں مربعوں کا مجموعہ ۳۰ کے مربع کے برابر ہوگا

(۳۲) ۱۵۷ روپیہ کو رام و لچھمن اور بھرت میں اس طرح تقسیم کرو کہ لچھمن کو رام سے ۱۴ روپیہ زیادہ ملیں اور بھرت کو لچھمن سے ۱۵ روپیہ زیادہ ملیں

(۳۳) $۲^۲ \times ۷^۲ + ۴^۲ \times ۲^۲ - ۴^۲ + ۲^۲ - ۱۴ \div ۱۴ - ۶۰$ کی قیمت دریافت کرو

(۳۴) رام نے ایک آدمی کو ۱۳۷ روپیہ ۱۲ آنہ ۶ پائی قرض دیے جس میں سے ۵۵ روپیہ ۱۳ آنہ اُس آدمی کے باپ نے اور ۴۷ روپیہ ۵ آنہ ۹ پائی اُسکے بھائی نے ادا کردیے بتاؤ کہ اب اُسکو کتنا قرضہ اور دینا رہا

(۳۵) دو عددوں کا مجموعہ ۸ ہے اور اُنکے مربعوں کا فرق ۱۶ ہے تو بتاؤ کہ وہ دونوں اعداد کیا کیا ہیں

(ل)

(۳۶) ۲۰۴۰ کے پانچویں حصہ میں ۴۴۱۶ کا چھٹا حصہ جوڑو اور ۲۶۰۴ کا ساتواں حصہ اُس میں سے گھٹاؤ

(۳۷) جس ٹوکرے میں ۱۲۱۸ امرود ہیں اُس ٹوکرے کے چھٹے حصہ میں کتنے امرود ہونگے

(۳۸) ۹۶۷۶۸ کے اٹھائیسویں حصہ میں سے کونسا عدد گھٹایا جاوے کہ ۲۰ باقی رہیں قیمت دریافت کرو

(۳۹) $۱۰^۲ \div ۱۰^۲ + ۱۰۰^۲ \div ۱۰۰ + ۴۵ + ۲۵۶ \div ۴^۲$

(۴۰) ۱۲۰ من آلو کی قیمت ۳ آنہ ۹ پائی سیر کے حساب سے نکالو

(۴۱) لچھمن نے ۸۰ من ۴ سیر چاول کچھ آدمیوں میں ۱۲ چھٹانک فی آدمی کے حساب سے تقسیم کئے تو بتاؤ کہ کل کتنے آدمی تھے

(م)

(۴۲) اگر ۶ گائے جنکی قیمت ۱۵۰۵ روپیہ ہے ۴ گھوڑے کے بدلے میں آتی ہیں تو بتاؤ کہ ہر ایک گھوڑے کی قیمت الگ الگ کیا ہے

(۴۳) اگر ایک آدمی اپنی تنخواہ میں سے ۲۰۷ روپیہ ۱۱ آنہ ۶ پائی ماہواری بچاتا ہے تو بتاؤ کہ وہ ۸ مہینہ میں کیا بچاویگا

(۴۴) ۱۸۲۱ روپیہ ۱۳ آنہ ۹ پائی ۷ ۲۳۴ روپیہ ۴ آنہ ۳ پائی سے کتنے کم ہیں

(۴۵) ایک آدمی نے کچھ گائیں ۲۲۷ روپیہ ۱۳ آنہ کی خریدیں اور ہر ایک گائے کی قیمت ۳۷ روپیہ ۱۵ آنہ ۶ پائی دی تو بتاؤ کہ کتنی گائیں اُس نے خریدیں

(۴۶) $۴۵۶\frac{۱}{۲} \div ۵\frac{۱}{۲} - ۱۴\frac{۱}{۲} + ۷\frac{۱}{۲} \times ۵\frac{۱}{۲} \div ۱۰\frac{۱}{۲} + ۴۷$

(۴۷) ایک فقیر نے ایک میلہ میں ۵۳ چوانی ۸ ۱۳ دوانی اور ۳ ۱۲۹ پیسہ تقسیم کئے تو بتاؤ کہ کل اُس نے کسقدر روپیہ خرچ کیا

(۴۸) ایک من ۸۰ سیر ۶ چھٹانک کو ۱ اور ب میں اس طرح تقسیم کرو کہ اکوب سے پچگنا ملے

مشق متفرق ۳۵

(۱) اگر ۹ چیزوں کی قیمت ۲۳ روپیہ ۵ آنہ ۴ پائی ہے تو ۱۲ چیزوں کی کیا قیمت ہوگی

(۲) ایک آدمی ۴ آنہ ۶ پائی روز کماتا ہے بتاؤ کہ اُسکو ۲۸ ہفتہ میں کیا ملیگا جب وہ ایک ہفتہ میں ۶ دن کام کرتا ہے

(۳) ایک سوداگر نے ۳۱۷ بھیڑیں بشرح ۳ پونڈ ۱۲ شلنگ ۹ پینس فی بھیڑ کے حساب سے فروخت کیں اور ۳۷ بیل بشرح ۱۴ پونڈ ۱۰ شلنگ ۸ پینس فی بیل کے حساب سے خریدیں تو بتاؤ کہ اُسکے پاس کتنا روپیہ بچا

(۴) ایک دوالیہ کو ۳۰۰۴ روپیہ لوگوں کا دینا ہے اور اُسکے پاس اِتنا مال موجود ہے کہ وہ ایک روپیہ کے عوض ۹ آنہ ۸ پائی دے سکتا ہے تو بتاؤ کہ اُسکے کل مال کی کیا قیمت ہے

(۵) ایک آدمی نے ۹ پونڈ مکھن ۱۱½ پائی فی پونڈ کے حساب سے و ۴۳ پونڈ پنیر ۷½ پائی فی پونڈ کے حساب سے و ۱۵ پونڈ چائے ۲ آنہ ۷½ پائی فی پونڈ کے حساب سے اور ۲۰۰ پونڈ شکر ۲¾ پائی فی پونڈ کے حساب سے خریدی تو بتاؤ کہ اُس نے کل کتنا روپیہ خرچ کیا

(۶) ۱½ ٹن شکر کے عوض جس کو ۲¾ پینس فی پونڈ کے حساب سے ہم نے خریدا ہے کتنا کپڑا بحساب ۱۹ شلنگ ۳ پینس فی گز خرید سکتے ہیں

(۷) ۲۴ پونڈ ۱۳ شلنگ ۴ پینس کو ایسی دو رقموں میں تقسیم کرو کہ ایک رقم میں جتنی گنی ہوں اُتنے دوسری میں آدھے کراؤن ہوں

(۸) ۵۰۰ پونڈ ۱۶ شلنگ ۸ پینس کو ۱ اور ب میں اِس طرح بانٹو کہ ا کو ب سے ۷۰ پونڈ ۸ شلنگ ۲ پینس زیادہ ملیں

(۹) ۳۴ پونڈ کو اِس طرح پر تقسیم کرو کہ برابر برابر سوورن و آدھا سوورن اور آدھا کراؤن اور شلنگ اور ۶ پینی سکے آجاویں

(۱۰) ۴۸ پونڈ ۱۶ شلنگ ۸ پینس کو ا اور ب اور س میں اِس طرح بانٹو کہ ا کو ب سے ۳ پونڈ ۱۰ شلنگ ۸ پینس زیادہ ملیں اور ب کو س سے ۲ پونڈ ۳ پینس زیادہ ملیں

(۱۱) ایک شخص کا انکم ٹیکس بڑھکر ۳ پائی سے ۷ پائی فی روپیہ ہوگیا اور اسکی وجہ سے اُسکو ۱۰۵ روپیہ ۷ آنہ ۶ پائی اور زیادہ دینا پڑا تو بتاؤ کہ اُسکی آمدنی کیا ہے

(۱۲) ایک آدمی ۴ ۲ پونڈ ۳ شلنگ ۹ پینس ہر سہ ماہی میں خرچ کرتا ہے اور اُس نے ۱۵ برس میں ۵۷۳ گنی جمع کئے بتاؤ کہ اُسکی سالانہ آمدنی کیا ہے

(۱۳) ایک عورت نے شکر اور چائے اور کافی خریدی اُس نے ۲ شلنگ شکر اور چائے کے ملا کر دیے اور ایک شلنگ ۹ پینس شکر اور کافی کے ملا کر دیے اور ۲ شلنگ ۳ پینس چائے اور کافی کے ملا کر دیے بتاؤ کہ ہر ایک کے علیحدہ علیحدہ کیا دام دیے

(۱۴) رام نے اپنی جائداد کو ۶ لڑکوں اور ۵ لڑکیوں میں تقسیم کر ڈالی ہر ایک لڑکے کو ۳۵۰ روپیہ ۴ آنہ دیے اور ہر لڑکی کو ۲۵۰ روپیہ ۸ آنہ دیے بتاؤ کہ اُسکی جائداد کی کیا قیمت ہے

(۱۵) ایک گھوڑا رکھنے میں ماہواری خرچ اتنا پڑتا ہے کہ دانہ کیواسطے ۶ روپیہ ۱۲ آنہ ۶ پائی سائیس کی تنخواہ ۵ روپیہ گراسکٹ کی تنخواہ ۳ روپیہ نعلبندی خرچ ۱۴ آنہ اور گھوڑے کے نیچے بچالی بچھانے کیواسطے ۷ آنہ ۶ پائی ہے تو بتاؤ کہ گھوڑا رکھنے کا سالانہ خرچ کیا ہے اگر سائیس کو سال بسال ۶ روپیہ جڑاول کے بھی دیے جاتے ہیں

(۱۶) ایک سوداگر نے اپنے ۷ قرض خواہوں سے ۵۲ پونڈ ۷ شلنگ ۶ پینس فی قرض خواہ کے حساب سے وصول پائے اور ۲۰۰ پونڈ ۶ پینس خیرات میں دیے بتاؤ کہ اُسکے پاس کیا بچا

(۱۷) ایک دوکاندار نے ۸ بدری کھانڈ کی ایک روپیہ ایک آنہ ۶ پائی پنسیری کے حساب سے بیچی اور اُسکو ۲۰ روپیہ ایک آنہ ۴ پائی نفع ہوا جب ہر بدری میں ۲ من

۲۰ سیر کھانڈ ہے تو بتاؤ کہ دوکاندار نے وہ بوری کھانڈ کی کتنے کو خریدی تھیں

(۱۸) ایک بزاز کی ۳ پونڈ ۶ شلنگ ۸ پینس روزانہ آمدنی ہے اُس کی دوکان ایک ماہ میں ۲۷ دن کھلی رہتی ہے اور اُس کا ماہواری خرچ ۱۵ پونڈ ۵ شلنگ ۲ پینس ہے بتاؤ کہ اُسکو کیا فائدہ ہوا

(۱۹) ایک شخص ۴۰ مکس چرٹ کے ۵۵ روپیہ ۸ آنہ میں خرید کر اُنکو ۱۵۰ روپیہ ۸ آنہ میں بیچڈالتا ہے بتاؤ کہ اُسکو فی مکس کیا نفع ہوا

(۲۰) ایک مایوگار ۲۵۰۰ روپیہ کی لاگت میں تیار ہوئی ۳۶ آدمیوں نے ۳۵ روپیہ ۱۲ آنہ فی آدمی کے حساب سے چندہ دیا بتاؤ کہ کسقدر اور روپیہ وصول کرنا چاہیئے

(۲۱) پنڈت راوھا کرشن کی سالانہ آمدنی ۱۳۰۰۰ روپیہ ہے اور روزانہ خرچ ۳۰ روپیہ ۱۱ آنہ ۱ پائی ہے بتاؤ کہ ایک سال میں کسقدر روپیہ اُن کے پاس توفیر میں ہوگا

(۲۲) موہن نے ۳۵ گھڑیاں ۹ شلنگ ۷½ پینس فی گھڑی کے حساب سے خریدیں اور اُنکو ۱۵ شلنگ ۶ پینس کے حساب سے بیچڈالیں بتاؤ کہ اُسکو کیا فائدہ ہوا

(۲۳) ایک کھیت میں ایک سال ۱۵۰ کوارٹر گیہوں پیدا ہوا اور ۳۷ شلنگ فی کوارٹر کے حساب سے بکا دوسرے سال گیہوں کا بھاؤ گھٹ کر ایک پونڈ ۳ شلنگ فی کوارٹر ہو گیا لیکن پیداوار زیادہ ہونے سے بیچنے پر جو قیمت وصول ہوئی وہ اُتنی ہی تھی جتنی پہلے سال وصول ہوئی تھی بتاؤ کہ اُس سال کتنے کوارٹر گیہوں پیدا ہوا

(۲۴) ۶ دن ۱ گھنٹہ ۳۰ منٹ کو ہم ۶۳۲۰ دن ۴ گھنٹہ ۳۰ منٹ میں سے کتنی بار تقسیم سکتے ہیں

(۲۵) ۴۰ گیلن شراب میں کسقدر پانی ملانا چاہیئے کہ اُسکی قیمت ۱۳ شلنگ ۸ پینس فی

گیلن سے گھٹکر ۱ شلنگ ۶ پینس رہجاوے

(۲۶) ایک سوداگر نے ۲۷ ٹن ۵۰۰ روپیہ میں خریدے اور اُنکو ۷ روپیہ ۸ آنہ فی ٹن کے حساب سے بیچڈالے بتاؤ کہ اُسکو کیا نقصان ہوا

(۲۷) موہن اور سوہن اور روہن نے ملکر ایک میدان کی گھاس ۲۷ روپیہ ۱۰ آنہ میں خریدی اور موہن نے ۲۰ بیل اور سوہن نے ۱۲ بیل اور روہن نے ۲۷ بیل اُس میدان میں گھاس چرنے کے واسطے چھوڑے بتاؤ کہ ہر شخص کو کتنا دینا چاہئے

(۲۸) رام نے اپنے لڑکے کو ۵۰ روپیہ خرچ کے لئے دیے اُس نے ایک ٹکٹ کلکتہ کا ۲۸ روپیہ ۱۰ آنہ میں خریدا اور باقی روپیہ کو اُس نے ۶ دن میں خرچ کر ڈالا بتاؤ کہ ہر روز کیا خرچ کیا

(۲۹) ایک شخص سے ہمنے ۲۹۶ گنی اُسوقت قرض لئے جب ایک گنی کی قیمت ۱۰ روپیہ ۱۲ آنہ ہی بتاؤ کہ جب گنی کی قیمت گھٹکر ۱۰ روپیہ ۸ آنہ رہجاوے تو کتنی گنی ہمیں اُسکو واپس دینی چاہئیں

(۳۰) ۵۰ نوہار اور ۲۷ مزدوروں کو ۴۵۸ پونڈ ۲ شلنگ ۱۱ پینس ملتے ہیں اور ایک نوہار کو ۲ پونڈ ۱۶ شلنگ ۷ پینس ملتے ہیں بتاؤ کہ ہر ایک مزدور کو کیا ملتا ہی

(۳۱) ایک کارخانہ کا سال بھر کا نفع ۳۲۹۶۶ روپیہ ۱۱ آنہ ۶ پائی ہی اور اُس شخص کو جو اُس کارخانہ میں ۴ حصّوں کا شریک ہی اُس نفع میں سے ۱۰۲۵۶ روپیہ ۵ آنہ ملے تو بتاؤ کہ اُس کارخانہ میں سب کتنے حصّے ہیں

(۳۲) رام کو ۳ دن میں ۱۰۰ میل کا سفر طے کرنا تھا پہلے دن ۴۲ میل ۷ فرلانگ ۲۶ پول ۵ گز چلا دوسرے دن ۳۴ میل ۶ فرلانگ ۳۰ پول ۵ گز چلا بتاؤ کہ تیسرے دن وہ کتنا

چلے کہ سفر طے ہو جاوے

(۳۳) ایک ٹھیکہ دار نے ۵۰ ٹن شیشم کی لکڑی ۳ ماہ میں دینے کا ٹھیکہ لیا لیکن ۳ ماہ بعد معلوم ہوا کہ اُس نے ۱۲۶ ٹن ۲ ہنڈریڈ ویٹ ۲۰ پونڈ لکڑی دی بتاؤ کہ اُس نے اپنے وعدہ سے کسقدر کم دی

(۳۴) ۳ ۳ ۳ پونڈ ۳ شلنگ ۳ پنس ۳ آدمیوں میں اِس طرح بانٹو کہ دوسرے کو پہلے سے دُونا اور تیسرے کو پہلے سے تگنا اور چوتھے کو پہلے سے چوگنا ملے

(۳۵) ایک سوداگر نے ۵۶ گز ریشم ایک پونڈ ۳ شلنگ ۴ پنس فی گز کے حساب سے بیچڈالا اور ۴۹ گز فلالین ۲ کراؤن ۵ پنس فی گز کے حساب سے بیچڈالی بتاؤ کہ اُسکو کُل کتنا روپیہ فروخت سے ملا

(۳۶) ۸۵ روپیہ ۱۲ آنہ کو ۵ مردوں اور ۶ عورتوں اور ۷ لڑکوں میں اِس طرح بانٹو کہ ہر ایک عورت کو ہر لڑکے سے دُونا اور ہر مرد کو عورت سے تگنا ملے

(۳۷) ایک آدمی کو ۵۰۰ پونڈ پنشن کا سالانہ ملتا ہے اور وہ ۲۱۶ پونڈ ۱۲ شلنگ ۴ پنس ماہواری خرچ کرتا ہے بتاؤ کہ اُس نے سال میں کیا بچایا

(۳۸) اگر ایک شخص ۴ مہینے میں اتنا خرچ کرتا ہے جتنا وہ ۳ مہینے میں پیدا کرتا ہے تو بتاؤ کہ اُسکی سالانہ بچت کیا ہوگی جب اُسکی ششماہی آمدنی ۲۵۰ روپیہ ہے

(۳۹) ایک لڑکا ایک صفحہ باغ و بہار کا ۳ گھنٹہ ۵۰ منٹ ۱۵ سکنڈ میں پڑھتا ہے بتاؤ کہ ۲۵۰ صفحہ کتنی دیر میں پڑھیگا

(۴۰) پیارےلعل اور لاڈلی پرشاد اور الفت رائے میں سے ہر ایک چار سو روپیہ لیکر ماگھ کا میلہ دیکھنے کے لئے متھرا سے الہ آباد گئے اور آپس میں یہ ٹھہرا کہ جو کچھ خرچ پڑیگا اُسکے

سب بحصہ مساوی ذمہ دار ہونگے جسوقت وہ میلہ دیکھکر واپس آئے پیاریلال کے پاس ۱۷ روپیہ ۱۲ آنہ اور لاڈلی پرشاد کے پاس ۴۵ روپیہ اور الفت رائے کے پاس ۱۶ روپیہ ۱۴ آنہ بچے تھے بتاؤ کہ پیاریلال اور لاڈلی پرشاد کسقدر روپیہ الفت رائے کو دیں کہ حساب صاف ہو جاوے

(۴۱) ایک ریل ایک گھنٹہ میں ۲۶ میل ۵ فرلانگ ۲۵ پول ۳ گز چلتی ہے بتاؤ کہ ۱۶ گھنٹہ میں کس قدر چلے گی

(۴۲) ۱۰۰ سنگتروں اور ۵ ۷ انار کی قیمت ۱۰ روپیہ ۲ آنہ ۶ پائی ہے اور ۵ ۷ سنگتروں اور ۱۰۰ انار کی قیمت ۱۱ روپیہ ۱۱ آنہ ۶ پائی ہے بتاؤ کہ ایک سنگترہ کی کیا قیمت اور ایک انار کی کیا قیمت ہے

(۴۳) رام نے ۵۸ گائے ۲۸ روپیہ ۱۲ آنہ ۸ پائی فی گائے کے حساب سے خریدیں ۹ سال میں سے مرگئیں اور ۳۱ گائے کو ۹ روپیہ ۸ آنہ ۶ پائی فی گائے کے فائدے سے بیچ ڈالیں اور باقی گایونکو ۳ روپیہ ۲ آنہ ۴ پائی فی گائے کے نقصان سے بیچ ڈالیں بتاؤ کہ اسکو فائدہ ہوا یا نقصان اور کسقدر

(۴۴) جسقدر روپیہ ہمارے پاس ہے اگر ہم اُسکو ۲۵ میں ضرب دیں اور حاصل ضرب میں ۳۱ روپیہ ۲ آنہ ملا کر ۲۰ پر تقسیم کریں تو خارج قسمت ۲۵ روپیہ ۳ آنہ ۶ پائی ہوتا ہے بتاؤ کہ ہمارے پاس کتنا روپیہ ہے

(۴۵) ۳۶ روپیہ ۱۴ آنہ ۴ پائی میں کم سے کم کسقدر جمع کریں کہ ۲۸ آدمیونکو پورا تقسیم ہو جاوے

(۴۶) ایک سوداگر نے انگلینڈ سے ۱۴۰۰ پونڈ کا کپڑا منگایا اور ۳۰ پونڈ بھاڑے میں صرف

ہوئے جب ہندوستان میں ایک روپیہ دینے پر ایک شلنگ ۱۰ ½ پینس کی ہنڈی ملجاتی ہے تو سودا گر اُس کل کپڑے کو کس قیمت پر بیچے کہ اُسکو ... ۲ روپیہ نفع ہو

(۴۷) اگر ایک ہنڈریڈ ویٹ چائے کی قیمت ۲ پونڈ ۱۲ شلنگ ۴ پینس ہے تو ۳۱۴ پونڈ میں کتنی چائے آسکتی ہے

(۴۸) ایک عدد مقرون کو دوسرے عدد مقرون میں ہم ضرب کیوں نہیں دیسکتے ہیں اور بتاؤ کہ ۱۰ روپیہ کو ۳ روپیہ ۵ آنہ ۴ پائی پر تقسیم کرنے سے کیا مراد ہے

(۴۹) ایک گاڑی کے اگلے پہیہ کا گھیرا ۸ فیٹ ۶ انچ کا ہے اور پچھلے پہیہ کا گھیرا ۱۴ فیٹ ۱۰ انچ زیادہ ہے بتاؤ کہ ۴ میل ۲ فرلانگ میں اگلا پہیہ پچھلے پہیہ سے کتنے زیادہ چکر کرے گا

(۵۰) جو گر ہمنے اپنی کتاب میں لکھے ہیں اُن کا صحیح ہونا ثابت کرو

مشترک مقسوم علیہ اعظم

۸۶۔ جب ایک عدد دوسرے عدد کو پورا تقسیم کردے تو پہلے عدد کو دوسرے عدد کا **وفق** یا **مقسوم علیہ کامل** یا **عاد** کہتے ہیں مثلاً ۶ کا ۲ مقسوم علیہ کامل ہے کیونکہ ۶ کو ۲ پورا تقسیم کردیتا ہے

۸۷۔ جب ایک عدد میں دوسرا عدد پوری دفعہ شامل ہو تو پہلے عدد کو دوسرے عدد کا **ذو اضعاف** یا **مضاعف** یا **ضعف** کہتے ہیں مثلاً ۶ ذو اضعاف ۲ کا ہے کیونکہ ۶ میں ۲ پوری تین دفعہ شامل ہے

۸۸۔ **مقسوم علیہ مشترک** دو یا زیادہ عددوں کا وہ عدد ہے جو اُن عددوں میں سے ہر ایک کو پورا تقسیم کردے مثلاً ۲۰ و ۴۲ و ۵۶ کا مقسوم علیہ مشترک ۷ ہے کیونکہ

اُن عددوں میں سے ہر ایک کو، پورا تقسیم کرتا ہے

۸۹ - بڑے سے بڑا عدد جو دو یا زیادہ عددوں میں سے ہر ایک کو پورا تقسیم کردے اُن عددوں کا مشترک مقسوم علیہ اعظم کہلاتا ہے مثلاً ۴ مشترک مقسوم علیہ اعظم ۲۰ و ۴۲ و ۵۶ کا ہے

۹۰ - ہر کسی دیے ہوئے عدد کے مقسوم علیہوں کامل کی تعداد کی حد مقرر ہے یعنی ہم کہہ سکتے ہیں کہ اُس عدد کے زیادہ سے زیادہ کتنے مقسوم علیہ کامل ہو سکتے ہیں لیکن اُس عدد کے ذو اضعافوں کی تعداد کی حد مقرر نہیں ہے کیونکہ ہم اُس عدد کو بے انتہا عددوں سے ضرب دے سکتے ہیں

۹۱ - کسی عدد کا مقسوم علیہ اُس عدد کے ہر ذو اضعاف کا بھی مقسوم علیہ ہے مثلاً ۵ مقسوم علیہ ۱۵ کا ہے تو ۵ مقسوم علیہ ۱۵ کے ذو اضعافوں ۳۰ و ۴۵ وغیرہ کا بھی ہے کیونکہ $۶ \times ۵ = ۳۰$ اور $۹ \times ۵ = ۴۵$

۹۲ - کسی دو عددوں کا مشترک مقسوم علیہ اُن عددوں کے حاصل جمع اور حاصل تفریق کا بھی مقسوم علیہ ہے مثلاً ۳ مشترک مقسوم علیہ ۱۵ اور ۹ کا ہے تو ۳ مقسوم علیہ اُن عددوں کے حاصل جمع ۲۴ اور حاصل تفریق ۶ کا اور اُن کے ذو اضعافوں ۴۵ اور ۸۱ کے حاصل جمع ۱۲۶ اور حاصل تفریق ۲۷ کا ہے کیونکہ $۲۴ = ۳ \times ۸$ اور $۶ = ۳ \times ۲$ اور $۱۲۶ = ۳ \times ۴۲$ اور $۲۷ = ۳ \times ۹$

۹۳ - کسی دو عددوں کا مشترک مقسوم علیہ اعظم جب وہ عدد بہت چھوٹے چھوٹے ہوں اُن عددوں کے صرف دیکھنے ہی سے دریافت ہو سکتا ہے لیکن جب صرف دیکھنے سے نہ دریافت ہو سکے یا جب وہ بڑے بڑے عدد ہوں تو اُن کے مشترک مقسوم

علیہ اعظم کے دریافت کرنے کا یہ قاعدہ ہے

قاعدہ - دیے ہوئے عددوں میں سے جو بڑا ہو اُسکو چھوٹے پر تقسیم کرو پھر اگر کچھ باقی رہے تو اُس باقی پر پہلے مقسوم علیہ کو تقسیم کرو اور اسی طرح ہر پچھلی باقی پر اُسکے پہلے جو مقسوم علیہ ہے اُسکو تقسیم کرو یہاں تک کہ آخر کو کچھ باقی نہ بچے تو آخر مقسوم علیہ مشترک مقسوم علیہ اعظم ہوگا

مثال ۵۶۱ اور ۸۱۶ کا مشترک مقسوم علیہ اعظم دریافت کرو

اِس مثال میں ۸۱۶ سے ۵۶۱ چھوٹا ہے اِسلئے ۵۶۱) ۸۱۶ (۱

پہلا مقسوم علیہ بنایا ۵۶۱ پہلی باقی ہے ۲۵۵ اِسلئے ۵۶۱ کو ۲۵۵) ۵۶۱ (۲

۲۵۵ پر تقسیم کیا ۵۱ دوسری باقی ہے ۲۵۵ کو ۵۱ پر ۵) ۲۵۵ (۵۱

تقسیم کیا تو کچھ باقی نہ بچا اِسلئے ۵۱ مشترک مقسوم علیہ اعظم ۸۱۶ اور ۵۶۱ کا ہے

دلیل اوپر کے عمل کی یہ ہے

چونکہ ۵۱ پُورا تقسیم کرتا ہے ۲۵۵ کو

اِسلئے ۵۱ پُورا تقسیم کرتا ہے ۲۵۵ × ۲ یعنی ۵۱۰ کو

اِسلئے ۵۱ پُورا تقسیم کرتا ہے ۵۱۰ + ۵۱ یعنی ۵۶۱ کو

لیکن ۵۱ پُورا تقسیم کرتا ہے ۲۵۵ کو بھی

اسلئے ۵۱ پُورا تقسیم کرتا ہے ۵۶۱ + ۲۵۵ یعنی ۸۱۶ کو

اسلئے ۵۱ مقسوم علیہ مشترک ۵۶۱ اور ۸۱۶ کا ہے

اور یہی عدد ۵۱ مشترک مقسوم علیہ اعظم ۵۶۱ اور ۸۱۶ کا ہے

کیونکہ جو عدد ۵۶۱ اور ۸۱۶ کو پُورا تقسیم کرتا ہے وہ اُنکے فرق ۲۵۵ کو بھی پُورا تقسیم

کریگا اور جو عدد ۲۵۵ کو پورا تقسیم کرتا ہے وہ ۲۵۵×۲ یعنی ۵۱۰ کو بھی پورا تقسیم کریگا
پھر جو عدد ۵۶۱ اور ۵۱۰ کو پورا تقسیم کرسکتا ہے وہ اُن کے فرق ۵۱ کو بھی تقسیم کریگا
اِسلئے کوئی عدد جو ۵۱ سے بڑا ہے ۵۶۱ اور ۵۱۰ کو پورا تقسیم نہیں کرسکتا ہے کیونکہ یہ
ثابت ہوچکا ہے کہ جو عدد اُن کو پورا تقسیم کرتا ہے ۵۱ کو بھی پورا تقسیم کریگا
اِسلئے ۵۱ مشترک مقسوم علیہ اعظم ۵۶۱ اور ۵۱۰ کا ہے

۹۴ - جب تین یا زیادہ عددوں کا مقسوم علیہ اعظم مشترک دریافت کرنا ہو تو قاعدہ یہ ہے

قاعدہ - اوّل دو عددوں کا مقسوم علیہ اعظم مشترک دریافت کرو اور پھر اس مقسوم علیہ اعظم مشترک اور تیسرے عدد کا مقسوم علیہ اعظم مشترک دریافت کرو اور اِسی طرح سب دیے ہوئے عددوں پر عمل کرو آخر میں جو مقسوم علیہ اعظم مشترک دریافت ہوگا وہی سب دیے ہوئے عددوں کا مقسوم علیہ اعظم مشترک ہوگا

مثال ۸۴ و ۱۵۴ و ۳۴۳ کا مقسوم علیہ اعظم مشترک دریافت کرو

بموجب اوپر کے قاعدہ کے

۸۴) ۱۵۴ (۱
۸۴
---
۷۰) ۸۴ (۱
۷۰
---
۱۴) ۷۰ (۵
۷۰

∴ ۱۴ مقسوم علیہ اعظم مشترک ۸۴ و ۱۵۴ کا ہے

اب ہم ۱۴ اور ۳۴۳ کا مقسوم علیہ اعظم مشترک دریافت کرتے ہیں

۱۴) ۳۴۳ (۲۴
۲۸

۶۳
۵۶
---
۷) ۱۴ (۲
۱۴

∴ ۷ مقسوم علیہ اعظم مشترک ۸۴ و ۱۵۴ و ۳۴۳ کا ہے

دلیل - قاعدہ کی یہ ہے

جو عدد ۴۵۱۵ اور ۳۴۳۸ کو پورا تقسیم کرتا ہے وہ ۱۴۳ کو بھی جو اُن کا مقسوم علیہ اعظم مشترک ہے پورا تقسیم کرے گا

اِسلئے وہ عدد جو ۴۵۱۵ و ۳۴۳۸ کو پورا تقسیم کرتا ہے ۱۴۳ اور ۳۴۳ کو پورا تقسیم کریگا

اِسلئے وہ عدد جو ۴۵۱۵ و ۳۴۳۸ کا مقسوم علیہ اعظم مشترک ہے ۱۴۳ و ۳۴۳ کا بھی مقسوم علیہ اعظم مشترک ہے

لیکن ۱۴۳ مقسوم علیہ اعظم مشترک ۱۴۳ و ۳۴۳ کا ہے

اِسلئے ۱۴۳ مقسوم علیہ اعظم مشترک ۴۵۱۵ و ۳۴۳۸ کا ہے

۹۵ - دو یا زیادہ عددوں کا مقسوم علیہ اعظم مشترک بعض حالتوں میں ہم اُن عددوں کے اجزا ضربی اولی دریافت کرکر آسانی سے معلوم کر سکتے ہیں

مثال ۱ ۶۲۰ اور ۲۱۰۸ کا مقسوم علیہ اعظم مشترک دریافت کرو

$$۶۲۰ = ۳۱ \times ۵ \times ۲ \times ۲ = ۱۵۵ \times ۲ \times ۲ = ۳۱۰ \times ۲$$

$$۲۱۰۸ = ۳۱ \times ۱۷ \times ۲ \times ۲ = ۵۲۷ \times ۲ \times ۲ = ۱۰۵۴ \times ۲$$

اب چونکہ اجزا ضربی ۲ و ۲ و ۳۱ دونوں عددوں میں مشترک ہے

∴ $۲ \times ۲ \times ۳۱$ یعنی ۱۲۴ مقسوم علیہ اعظم مشترک ۶۲۰ اور ۲۱۰۸ کا ہے

مثال ۲ ۱۰۵ و ۱۲۶ و ۱۴۰ کا مقسوم علیہ اعظم مشترک دریافت کرو

$$۱۰۵ = ۳ \times ۵ \times ۷$$

اور $۱۲۶ = ۳ \times ۳ \times ۲ \times ۷$

اور $۱۴۰ = ۲ \times ۲ \times ۵ \times ۷$

چونکہ جز ضربی ۷ سب عددوں میں مشترک ہے

∴ ۷ مقسوم علیہ اعظم مشترک ۵۰۱ و ۱۲۶ و ۱۴۰ کا ہے

مشق ۳۶

مقسوم علیہ اعظم مشترک دریافت کرو

(۱) ۸۱ و ۲۷ کا (۲) ۵۴ و ۲۷ کا (۳) ۲۷ و ۱۶۲ کا (۴) ۳۰ و ۷۵ کا

(۵) ۱۶۸ و ۳۲۰ کا (۶) ۱۳۲ و ۱۶۵ کا (۷) ۷۲ و ۴۸۰ کا (۸) ۵۴ و ۲۵۲ کا

(۹) ۱۶۲ و ۴۵ کا (۱۰) ۲۱۰ و ۸۴ کا (۱۱) ۱۴۴ و ۱۸۰ کا (۱۲) ۱۲۸ و ۱۹۲ کا

(۱۳) ۵۵۰۰ و ۱۷۵ کا (۱۴) ۳۵۰ و ۹۱۰ کا (۱۵) ۲۰۷ و ۹۶۰ کا (۱۶) ۱۶ و ۱۵۱۲ کا

(۱۷) ۱۱۲ و ۳۴۴ کا (۱۸) ۳۹۴ و ۴۷۲ کا (۱۹) ۵۶۹ و ۹۳۶ کا (۲۰) ۹۴۰۹ و ۳۹۵۲ کا

(۲۱) ۳۹۸۳۹۳۹۳ و ۲۹۳۹ کا (۲۲) ۱۰۸۴۰۱ و ۵۱۴۱ کا (۲۳) ۲۲۰۵۲۰۶۰۵ و ۷ کا

(۲۴) ۸۸۰۷۰۱ و ۵۹۱۶ کا (۲۵) ۵۰۱۱۰ و ۴۰۱۱۵ کا (۲۶) ۱۴ و ۱۸۰ و ۲۴ کا

(۲۷) ۱۳ و ۵۲ و ۸۷ کا (۲۸) ۳۴ و ۶۸ و ۸۵ کا (۲۹) ۱۶ و ۸۴۰ و ۵۴ کا

(۳۰) ۷۲ و ۷۰ و ۸۴ کا (۳۱) ۳۶ و ۳۲ و ۸۰ و ۱۶۰ کا (۳۲) ۴۰ و ۸۰ و ۱۰۰ کا

(۳۳) ۶۰ و ۸۲ و ۱۱۸ کا (۳۴) ۱۳۳ و ۱۵۲ و ۱۷۱ کا (۳۵) ۵۰۸ و ۱۳۱۱ و ۱۹۷۰ کا

(۳۶) ۳۰ و ۶۷ و ۹۵ و ۱۷۱ کا (۳۷) ۱۴۸ و ۵۹۲ و ۸۸۸ و ۱۴۰۶ کا (۳۸) ۶۸۰۴۳۱۶۴۲۸۴۲ کا

(۳۹) ۱۴۳۵ و ۳۵۳۵ و ۵۵۳۷ کا (۴۰) ۱۷۶ و ۱۸۷ و ۱۴۴ کا

(۴۱) ۷۷۴۹۲۹۱۶۲۶۶۲۶۲۶ کا (۴۲) ۱۲۰۴ و ۳۹۷۶۷۸۹۲۴۵۹۲ کا

(۴۳) وہ بڑے سے بڑا عدد دریافت کرو جس پر اگر ۱۶۱۷ و ۲۱۵۶ کو تقسیم کریں تو باقی کچھ نہ بچے

(۴۴) وہ بڑے سے بڑا عدد بتاؤ کہ جو ۳۷۰۶۲ و ۴۶۹۳ میں پوری پوری بار شامل ہے

(۴۵) ہمارے پاس ۲۶ گرہ ململ اور ۳۹ گرہ چلکن اور ۸۷ گرہ گزی ہے تو بتاؤ کہ بڑے سے بڑا ناپ کا پیمانہ کتنا لمبا ہے جس سے تینوں کپڑے پورے پورے ناپ جاویں

(۴۶) بازار میں چھوٹے بڑے سب قسم کے مربع (جن کی لمبائی اور چوڑائی برابر ہے) چوکے پتھر کے گڑھے گڑھائے تیار بکتے ہیں تو بتاؤ ایسے بڑے سے بڑے چوکے کس قسم کے خریدنے چاہئیں کہ ایک کمرہ کے فرش میں جس کی لمبائی ۱۴۴ گرہ اور چوڑائی ۱۲۱ گرہ ہے بغیر کسی چوکے کے توڑنے کے لگسکیں اور یہ بھی بتاؤ کہ اُس قسم کے کتنے چوکے خریدنے چاہئیں

(۴۷) زیادہ سے زیادہ کتنے آدمیوں میں ۴۸۷۵ ناسپاتی اور ۶۸۴۸ نارنگیاں تقسیم کریں تاکہ ہر ایک کو برابر ناسپاتیاں اور نارنگیاں مل جاویں

(۴۸) وہ کونسا بڑے سے بڑا عدد ہے جس پر اگر ۵۵۳ کو تقسیم کریں تو ایک بچ رہے اور اگر ۴۸۷ کو تقسیم کریں تو ۴ بچ رہیں

(۴۹) وہ کونسا بڑے سے بڑا عدد ہے جس پر اگر ۲۰۱ کو تقسیم کریں تو ۶ بچ رہیں اور اگر ۶۷ کو تقسیم کریں تو ۸ بچ رہیں

(۵۰) وہ بڑے سے بڑا عدد دریافت کرو کہ جس پر اگر ۱۰۹۰۶ اور ۱۷۱۷۹ کو تقسیم کریں تو ہر صورت میں ۵ بچ رہیں

مشترک ذوا ضعاف اقل

۹۶- دو یا زیادہ عددوں کا ذوا ضعاف مشترک وہ عدد ہے جس میں دیے ہوئے عددوں میں سے ہر ایک پوری دفعہ بغیر باقی کے شامل ہے مثلاً ۴۳ ذوا ضعاف مشترک ۲ و ۳ و ۴ کا ہے

۹۷- دو یا زیادہ عددوں کا ذوا ضعاف اقل مشترک وہ چھوٹے سے چھوٹا

عدد ہے جس میں دیے ہوئے عددوں میں سے ہر ایک پوری دفعہ بغیر باقی کے شامل ہووے مثلاً ۱۲ ذوا ضعاف مشترک ۲ و ۳ و ۴ کا ہے ۲۴ بھی ذوا ضعاف مشترک ۲ و ۳ و ۴ کا ہے اور ۳۶ و ۴۸ وغیرہ ذوا ضعاف مشترک ۲ و ۳ و ۴ کے ہیں اسلئے ۱۲ و ۲۴ و ۳۶ و ۴۸ وغیرہ ذوا ضعاف مشترک ۲ و ۳ و ۴ کے ہیں لیکن ۱۲ ان سب میں چھوٹا ہے اسلئے ۱۲ ذوا ضعاف اقل مشترک ۲ و ۳ و ۴ کا ہے

۹۸ - دو عددوں کے ذوا ضعاف اقل مشترک دریافت کرنیکا قاعدہ یہ ہے

قاعدہ - دونوں عددوں کے حاصل ضرب کو اُن کے مقسوم علیہ اعظم مشترک پر تقسیم کرو تو خارج قسمت ذوا ضعاف اقل مشترک ہوگا

مثال ۲۴ اور ۳۶ کا ذوا ضعاف اقل مشترک دریافت کرو

۲۴ اور ۳۶ کا مقسوم علیہ اعظم مشترک ۱۲ ہے

اسلئے ۲۴ اور ۳۶ کا ذوا ضعاف اقل مشترک = (۲۴ × ۳۶) ÷ ۱۲

= ۸۶۴ ÷ ۱۲

= ۷۲

دلیل اوپر کے عمل کی یہ ہے

چونکہ ۲۴ = ۲ × ۱۲ اور ۳۶ = ۳ × ۱۲

لیکن ۲ اور ۳ عدد اولی ہیں اسلئے ۱۲ مقسوم علیہ اعظم مشترک ۲۴ اور ۳۶ کا ہے

اسلئے ۱۲ و ۲ و ۳ میں سے ہر ایک اُس عدد کو جو ذوا ضعاف اقل مشترک ۲۴ اور ۳۶ کا ہے پورا تقسیم کرتا ہے

لیکن ۲۴ کے سب ذوا ضعاف ۱۲ و ۲ پر پورے تقسیم ہوتے ہیں اور ۳۶ کے سب

ذوالضعاف ۱۲ اور ۳ پر پورے تقسیم ہوتے ہیں

اِسلئے ۲۴ اور ۳۶ کے سب ذوالضعاف مشترک ۱۲ و ۲ و ۳ پر پورے تقسیم ہوتے ہیں

لیکن سب عددوں میں سے جو ۱۲ و ۲ و ۳ پر پورے تقسیم ہوتے ہیں (۱۲×۲×۳)

یعنی ۷۲ سب سے چھوٹا عدد ہے

اِسلئے ۷۲ ذوالضعاف اقل مشترک ۲۴ اور ۳۶ کا ہے

اب ۷۲ = (۱۲×۲) × (۱۲×۳) ÷ ۱۲

= ۲۴×۳۶ ÷ ۱۲ = ۲۴×۳۶ ÷ مقسوم علیہ اعظم مشترک ۲۴ و ۳۶ کا

اوپر کے قاعدہ کو ہم اِس طرح بھی بیان کر سکتے ہیں کہ دیے ہوئے عددوں میں سے ایک کو اُن کے مقسوم علیہ اعظم مشترک پر تقسیم کرو اور خارج قسمت کو دوسرے عدد سے ضرب دو حاصل ضرب ذوالضعاف اقل مشترک ہوگا

جب دیے ہوئے عدد آپس میں متباین ہیں یعنی اُن کا کوئی مقسوم علیہ مشترک نہیں ہے تو اُن کا حاصل ضرب ہی اُن کا ذوالضعاف اقل مشترک ہوگا

۹۹ - تین یا زیادہ عددوں کے ذوالضعاف اقل مشترک دریافت کرنے کا قاعدہ ہے

قاعدہ - پہلے دو عددوں کا ذوالضعاف اقل مشترک دریافت کرو اور پھر اِس ذوالضعاف اقل مشترک اور تیسرے عدد کا ذوالضعاف اقل مشترک دریافت کرو اور اِسی طرح سب دیے ہوئے عددوں پر عمل کرو آخر میں جو ذوالضعاف اقل مشترک دریافت ہوگا وہی سب دیے ہوئے عددوں کا ذوالضعاف اقل مشترک ہوگا

مثال ۱۲ و ۲۰ و ۴۵ کا ذوالضعاف اقل مشترک دریافت کرو

۱۲ اور ۲۰ کا ذوالضعاف اقل مشترک ۶۰ ہے

اور ۶۰ اور ۴۵ کا ذواضعاف اقل مشترک ۴۰۵ ہے

اِسلئے ۴۰۵ ذواضعاف اقل مشترک ۱۲ و ۲۰ و ۴۵ کا ہے

دلیل اوپر کے عمل کی یہ ہے

۱۲ اور ۲۰ کا ہر ذواضعاف مشترک اُن کے ذواضعاف اقل مشترک ۶۰ کا ذواضعاف ہے

اِسلئے ۱۲ اور ۲۰ اور ۴۵ کا ہر ذواضعاف مشترک ۶۰ اور ۴۵ کا ذواضعاف مشترک ہے

اِسلئے ۱۲ اور ۲۰ اور ۴۵ کا ذواضعاف اقل مشترک ۶۰ اور ۴۵ کا ذواضعاف اقل مشترک ہے

لیکن ۶۰ اور ۴۵ کا ذواضعاف اقل مشترک ۴۰۵ ہے

اِسلئے ۴۰۵ ذواضعاف اقل مشترک ۱۲ و ۲۰ و ۴۵ کا ہے

۱۰۰ - جب بہت سے عددوں کا ذواضعاف اقل مشترک دریافت کرنا ہو تو اُسکے دریافت کرنے کا آسان قاعدہ یہ ہے

قاعدہ - سب عددوں کو برابر ایک سطر میں اُن کے درمیان واؤ رکھکر جُدا جُدا لکھو پھر کسی عدد اولی مثلاً ۲ و ۳ و ۵ و ۷ وغیرہ سے جو اُن عددوں میں سے کم سے کم دو کو پُورا تقسیم کرے تقسیم کرو خارج قسمتوں اور اُن عددوں کو جو پُورے نہ تقسیم ہوں دوسری سطر میں پہلی طرح سے جُدا جُدا لکھو اب اِس دوسری سطر کے عددوں پر بھی وہی عمل کرو جو پہلی سطر کے عددوں پر کیا تھا اور اسی طرح نیچے کی ہر سطر پر عمل کرتے جاؤ جب تک کہ ایسے عددوں کی سطر حاصل ہو جو سب آپس میں متباین ہیں تو حاصل ضرب متواتر اِس سطر کے عددوں اور سب مقسوم علیہوں کا دیے ہوئے عددوں کا ذواضعاف اقل مشترک ہوگا

مثال ۱۲ و ۱۸ و ۹۶ و ۱۴۴ کا ذوالاضعاف اقل مشترک دریافت کرو

قاعدہ کے مطابق عمل کرنے سے

۲	۱۲ و ۱۸ و ۹۶ و ۱۴۴
۲	۶ و ۹ و ۴۸ و ۷۲
۳	۳ و ۹ و ۲۴ و ۳۶
۳	۱ و ۳ و ۸ و ۱۲
۲	۱ و ۱ و ۸ و ۴
۲	۱ و ۱ و ۴ و ۲
	۱ و ۱ و ۲ و ۱

∴ ذوالاضعاف اقل مشترک = ۲ × ۲ × ۳ × ۳ × ۲ × ۲ × ۲ = ۲۸۸

دلیل اوپر کے عمل کی یہ ہے

۱۲ = ۲ × ۲ × ۳ و ۱۸ = ۲ × ۳ × ۳ و ۹۶ = ۲ × ۲ × ۲ × ۲ × ۲ × ۳

و ۱۴۴ = ۲ × ۲ × ۲ × ۲ × ۳ × ۳

چونکہ ۲ × ۲ × ۲ × ۳ × ۳ پورا تقسیم کرتا ہے ۱۲ و ۱۸ کے ذوالاضعاف اقل مشترک کو اور ذوالاضعاف ہے ۱۲ اور ۱۸ کا

لیکن ۲ × ۲ × ۲ × ۳ × ۳ سب سے چھوٹا عدد ہے جسکو ۲ × ۲ × ۲ × ۳ × ۳ پورا تقسیم کرتا ہے

اسلئے ۲ × ۲ × ۲ × ۳ × ۳ ذوالاضعاف اقل مشترک ۱۲ و ۱۸ کا ہے

پھر ذوالاضعاف اقل مشترک ۱۲ و ۱۸ و ۹۶ کا = ذوالاضعاف اقل مشترک ۲ × ۲ × ۲ × ۳ × ۳

اور ۹۶ کا = ذوالاضعاف اقل مشترک ۲ × ۲ × ۲ × ۳ × ۳ اور ۲ × ۲ × ۲ × ۲ × ۲ × ۳ کا

اب چونکہ ۲ × ۲ × ۲ × ۲ × ۲ × ۳ × ۳ پورا تقسیم کرتا ہے ۲ × ۲ × ۳ × ۳ اور ۲ × ۲ × ۲ × ۲ × ۲ × ۳

کے ذوالاضعاف اقل مشترک کو اور ذوالاضعاف مشترک ہے ۱۲ و ۱۸ و ۹۶ کا ہے

لیکن ۲×۲×۲×۲×۲×۳×۳×۳ سب سے چھوٹا عدد ہے جسکو ۲×۲×۲×۲×۳×۳ پورا تقسیم کرتا ہے

اسلئے ۲×۲×۲×۲×۲×۳×۳×۳ ذوالضعاف اقل مشترک ۱۲ و ۱۸ و ۹۶ کا ہے

پھر ذوالضعاف اقل مشترک ۲×۲×۲×۲×۲×۳×۳×۳ اور ۱۴۴ کا

= ذوالضعاف اقل مشترک ۲×۲×۲×۲×۲×۳×۳×۳ اور ۲×۲×۲×۲×۳×۳ کا

= ذوالضعاف اقل مشترک ۲×۲×۲×۲×۲×۳×۳×۳ کا

= ذوالضعاف اقل مشترک ۱۲ و ۱۸ و ۹۶ و ۱۴۴ کا

اسلئے ۲×۲×۲×۲×۲×۳×۳×۳ یعنی ۲۸۸ ذوالضعاف اقل مشترک ۱۲ و ۱۸ و ۹۶ و ۱۴۴ کا ہے

اگر دیے ہوئے عددوں میں سے جن کا ذوالضعاف اقل مشترک دریافت کرنا ہے کوئی عدد ایسا ہو جو اُن عددوں میں سے کسی دوسرے عدد میں پوری دفعہ شامل ہو تو اُس عدد کے نکالڈالنے سے ذوالضعاف اقل مشترک کے دریافت کرنیکا عمل بہت مختصر ہو جاتا ہے مثلاً اوپر کی مثال میں ۱۲ پوری دفعہ شامل ہے ۹۶ میں اور ۱۸ پوری دفعہ شامل ہے ۱۴۴ میں اسلئے ۱۲ و ۱۸ کو نکال کر ۹۶ اور ۱۴۴ کا ذوالضعاف اقل مشترک دریافت کرینگے اور جو ذوالضعاف اقل مشترک دریافت ہوگا وہ ۱۲ و ۱۸ و ۹۶ و ۱۴۴ کا ذوالضعاف اقل مشترک ہوگا

۱۰۱- اگر دو عدد اور اُن کے مقسوم علیہ اعظم مشترک اور ذوالضعاف اقل مشترک میں سے کوئی تین معلوم ہوں تو چوتھا دریافت ہو سکتا ہے

کیونکہ (پہلا عدد × دوسرا عدد) ÷ مقسوم علیہ اعظم مشترک = ذوالضعاف

اقل مشترک

اور (پہلا عدد × دوسرا عدد) ÷ ذواضعاف اقل مشترک = مقسوم علیہ اعظم مشترک

اور (مقسوم علیہ اعظم مشترک × ذواضعاف اقل مشترک) + دوسرا عدد = پہلا عدد

اور (مقسوم علیہ اعظم مشترک × ذواضعاف اقل مشترک) ÷ پہلا عدد = دوسرا عدد

مشق ۳۷

ذواضعاف اقل مشترک دریافت کرو

(۱) ۱۸ و ۲۴ کا
(۲) ۱۲ و ۱۶ کا
(۳) ۱۵ و ۲۵ کا
(۴) ۲۰ و ۳۶ کا
(۵) ۸۷ و ۱۳۰ کا
(۶) ۸۸ و ۱۰۸ کا
(۷) ۳۳۶ و ۴۸۴ کا
(۸) ۱۹۵ و ۳۵۷ کا
(۹) ۱۰۰۰ و ۲۱۲۵ کا
(۱۰) ۳۴۳۲ و ۳۵۷۵ کا
(۱۱) ۹۳۶ و ۲۹۲۵ کا
(۱۲) ۲۳۰۴ و ۴۰۳۲ کا
(۱۳) ۲۴۴۳ و ۳۵۳۷ کا
(۱۴) ۶ و ۹ و ۲۴ کا
(۱۵) ۲۷ و ۲۱ و ۲۴ کا
(۱۶) ۲۷ و ۸۱ و ۳۶ کا
(۱۷) ۷۴ و ۲۱ و ۲۸ کا
(۱۸) ۹ و ۲۴ و ۳۶ و ۵۷ کا
(۱۹) ۵۵ و ۲۵ و ۳۵ کا
(۲۰) ۱۲ و ۲۲ و ۴۴ و ۵۵ کا

(۲۱) ۳۰ و ۸۴ و ۵۶ و ۷۲ کا (۲۲) ۸۴ و ۶۵ و ۶۳ و ۹۹ کا

(۲۳) ۱۷ و ۵۱ و ۱۱۹ و ۲۱۰ کا (۲۴) ۲۷ و ۳۳ و ۴۵ و ۶۹ و ۱۳۲ کا

(۲۵) ۲۶ و ۳۹ و ۴۵ و ۶۵ و ۱۸۰ کا (۲۶) ۵۰ و ۳۸ و ۶۷ و ۷۰ و ۹۷ و ۵۶۳ کا

(۲۷) ۳۰ و ۳۲ و ۳۴ و ۳۵ و ۳۶ و ۴۲ و ۴۸ کا (۲۸) ۷ و ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۱ و ۱۲ و ۱۸ کا

(۲۹) ۳ و ۶ و ۹ و ۱۲ و ۱۵ و ۱۸ و ۲۰ و ۲۱ کا (۳۰) ۸ و ۹ و ۱۰ و ۱۲ و ۲۵ و ۳۲ و ۵۷ و ۸۰ کا

(۳۱) ۱۵ و ۱۶ و ۱۸ و ۲۰ و ۲۴ و ۲۵ و ۲۷ و ۳۰ کا

(۳۲) ۲۴ و ۳۵ و ۲۵ و ۶۰ و ۹۱ و ۱۰۰ و ۲۶ و ۱۵۶ و ۱۷۸ کا

(۳۳) آسے لیکر ۱۰ تک جتنے ہندسہ ہیں اُن کا ذواضعاف اقل مشترک دریافت کرو

(۳۴) دو عددوں کا مقسوم علیہ اعظم مشترک ۸ ہے اور اُن کا حاصل ضرب ۱۵۲۰ ہے اُن دونوں عددوں کا ذواضعاف اقل مشترک دریافت کرو

(۳۵) دو عددوں کا مقسوم علیہ اعظم مشترک ۱۷ ہے اور اُن کا ذواضعاف اقل مشترک ۵۹۵ ہے اُن دونوں عددوں کا حاصل ضرب دریافت کرو

(۳۶) اگر دو عدد ۳۱۹ اور ۷۰۴ کا ذواضعاف اقل مشترک ۱۱۰۰۳ ہے تو اُن عددوں کا مقسوم علیہ اعظم مشترک کیا ہوگا

(۳۷) اگر دو عدد ۳۳۳۰۴ کا مقسوم علیہ اعظم مشترک ۹ ہے تو اُن کا ذواضعاف اقل مشترک کیا ہوگا

(۳۸) اگر کسی دو عددوں کا ذواضعاف اقل مشترک ۳۷۰۵ اور مقسوم علیہ اعظم مشترک ۴۷ ہے اور اُن عددوں میں سے ایک عدد ۹۹ ہے تو دوسرا عدد بتاؤ

(۳۹) وہ سب سے چھوٹی رقم دریافت کرو کہ جسکو پینس یا شلنگ یا فلورن یا نصف

کروڑن یا سوڑن یا کروڑن میں ادا کر سکتے ہیں

(۴۰) ایک آدمی ۵۰ میل دوسرا ۴۵ میل تیسرا ۴۲ میل چوتھا ۳۶ میل ہر روز چلتا ہے بتاؤ کم سے کم کتنے میل میں ہر شخص پورے پورے دن چل سکتا ہے

(۴۱) ایک پالکی گاڑی کے پچھلے پہیہ کا گھیرا ۶۳ انچ ہے اور اگلے پہیہ کا گھیرا ۲۷ انچ ہے بتاؤ کہ کم سے کم کتنی دور چلنے سے گاڑی کے دونوں پہیے پوری دفعہ چکر کھا جائیں گے اور اتنی دوری میں ہر ایک پہیہ کتنے چکر کھائیگا

(۴۲) ۵ کو کونسا چھوٹے سے چھوٹا عدد ہے جو ۵، ۶، ۷، ۸، ۹ میں سے ہر ایک سے پورا پورا تقسیم ہو سکتا ہے

(۴۳) ۵ کو کونسا چھوٹے سے چھوٹا عدد ہے جسکو اگر ۵، ۶، ۷، ۹ پر تقسیم کریں تو ہر صورت میں ۴ بچ رہیں

(۴۴) ایک شخص کے پاس کچھ آم ہیں جو ہزار سے کم ہیں اور جن کو اگر سات سات کرکے گنتے ہیں تو ۳ بچ رہتے ہیں اور اگر آٹھ آٹھ کرکے گنتے ہیں تو ۴ بچ رہتے ہیں اور اگر نو نو کرکے گنتے ہیں تو ۵ بچ رہتے ہیں تو بتاؤ کہ اس شخص کے پاس کتنے آم ہیں

(۴۵) ۲۰۰۰ اور ۴۰۰۰ کے درمیان ۱۹ کا وہ ضعف دریافت کرو کہ جسکو اگر ۵ و ۱۲ و ۱۰ و ۲۱ سے تقسیم کریں تو ہر صورت میں ۷ بچ رہیں

(۴۶) چھ سپاہی ترتیب وار ۲، ۵، ۷، ۱۰، ۱۲ و ۱۴ منٹ میں اپنی اپنی بندوق بھر کر ایک ڈھال پر فیر کر رہے ہیں بتاؤ کہ کب سب سپاہی پہلی بار ایک ساتھ فیر کریں گے اور ہر ایک سپاہی کے اسوقت تک کے فیر ہو نگے

(۴۷) مسٹر رابرٹ صاحب نے کابل پر چڑھائی کرتے وقت جب اپنی فوج کو جو

ڈھائی ہزار سے کم تھی گیارہ گیارہ سپاہیوں کی صفوں میں کھڑا کیا تو ۶ سپاہی بچ رہے اور جب تیرہ تیرہ کی صفوں میں کھڑا کیا تو ۸ سپاہی بچ رہے اور جب پندرہ پندرہ کی صفوں میں کھڑا کیا تو ۱۰ سپاہی بچ رہے بتاؤ کہ اُس فوج میں کتنے سپاہی تھے

(۴۸) ایک کتاب کے جس میں ۹۰۰ سے زیادہ اور ہزار سے کم صفحے ہیں ۴ حصے کئے گئے ہیں اور ہر حصہ بابوں میں تقسیم کیا گیا ہے ہر حصہ میں صفحوں کی تعداد یکساں ہے پہلے حصہ کے ہر باب میں ۲۰ صفحے اور دوسرے حصہ کے ہر باب میں ۴۰ صفحے اور تیسرے حصہ کے ہر باب میں ۶۰ صفحے اور چوتھے حصہ کے ہر باب میں ۸۰ صفحے ہیں بتاؤ کہ اُس کتاب میں کُل کتنے باب ہیں

(۴۹) تین آدمی ایک گول سڑک پر جو ۱۹۸۰ گز لمبی ہے ایک ساتھ دوڑ لگانا شروع کرتے ہیں پہلا ۳۳۰ گز دوسرا ۲۶۴ گز تیسرا ۱۹۸ گز فی منٹ دوڑ سکتا ہے تو بتاؤ کہ کتنے منٹ میں پھر وہ ایک ساتھ ہو جاویں گے

(۵۰) وہ سب سے چھوٹی رقم دریافت کرو جسکو ہم ۵ روپیہ یا ۱۰ روپیہ یا ۲۵ روپیہ یا ۳۰ روپیہ کے نوٹوں میں ادا کر سکتے ہیں

(۵۱) ۴ گھڑیاں ترتیب وار ۳۲ و ۳۵ و ۴۰ و ۶۰ سکنڈ کے وقفہ سے ایک ساتھ بجنا شروع ہوتی ہیں بتاؤ کہ وہ پھر کتنی دیر بعد ایک ساتھ بجیں گی

(۵۲) ایک آدمی کو تین ہنڈوی ۱۵ روپیہ اور ۱۹ روپیہ ۸ آنہ اور ۲۱ روپیہ ۱۲ آنہ کی ایک قسم کے سکوں میں ادا کرنی ہیں بتاؤ کہ وہ سب سے بڑا کون سکہ استعمال کر سکتا ہے

(۵۳) کسی دو عدد کے ذو اضعاف اقل اور مقسوم علیہ اعظم کا جوڑ ۶۰۲۷ ہے اور فرق ۵۹۸۵ ہے اور اُن عددوں میں سے ایک عدد ۲۳۱ ہے بتاؤ کہ دوسرا عدد کیا ہے

(۵۴) وہ تین سب سے چھوٹے عدد بتاؤ جن کا مقسوم علیہ اعظم مشترک ۲۱ ہو

(۵۵) ایک شخص نے ۳۰ پونڈ ۱۵ شلنگ ۸ ½ پینس میں کچھ بکس چائے کے خریدے اور پھر دوبارہ کچھ اور بکس اسی قسم کے اسی بھاؤ سے ۴۸ پونڈ، ۷ شلنگ ۶ ½ پینس کے خریدے تو بتاؤ کہ بڑھ سے بڑھ ہر بکس کی کیا قیمت تھی

(۵۶) ایک سوداگر نے کچھ چیزیں ۳۱۲ روپیہ ۱۳ آنہ کی خریدیں اور پھر اسی قسم کی اور چیزیں اسی شرح سے ۲۶۴ روپیہ ۱۱ آنہ کی خریدیں بتاؤ کہ کم سے کم کتنی چیزیں خریدیں

(۵۷) تین شخص روہن اور سوہن اور موہن ترتیب وار ۳۴۳ روپیہ اور ۲۸۰ روپیہ ۴ آنہ اور ۳۱۳ روپیہ ۸ آنہ لیکر بازار کو گئے تینوں نے ایک ہی قسم کی چیزیں اور ایک ہی بھاؤ سے خریدیں اور اُن کے پاس کچھ نہیں بچا تو بتاؤ کہ زیادہ سے زیادہ ہر چیز کی کیا قیمت ہو گی

(۵۸) ایک آڑھتیے کے پاس ۳۷۷ من گیہوں اور ۲۹۹ من جو اور ۲۴۷ من چاول ہیں وہ اُن کو علیحدہ علیحدہ بڑے سے بڑے برابر ڈھیروں میں اکھٹا کرنا چاہتا ہے ڈھیروں کی تعداد معہ ہر ایک کے وزن کے بتاؤ

(۵۹) وہ کونسا عدد ہے جس میں اگر ۴ جوڑے جاویں تو ۱۴۱ و ۲۱۵ و ۳۵۲ سے پورا تقسیم ہو جائے

(۶۰) وہ کونسا عدد ہے جس میں سے اگر ۷ گھٹا دیے جاویں تو ۱۶ و ۴۳ و ۳۰۷ و ۳۶۵ سے پورا تقسیم ہو جائے

(۶۱) رام کے پاس کچھ روپیہ ہیں اگر وہ ۴۴ روپیہ خواہ ۵۵ روپیہ خواہ ۱۶۵ روپیہ خواہ ۲۶۴ روپیہ کی ڈھیریاں لگا دے تو ہر حالت میں ۷ باقی بچتے ہیں بتاؤ کہ

اُس کے پاس کم سے کم کتنے روپیہ ہیں

(۶۲) رام و لچھمن و مہادیو و موتی ایک گول سڑک کے گرد جو ۸۶۵ گز لمبی ہے ایک ساتھ دوڑے رام ۴۴۰ گز لچھمن ۱۶۵ گز مہادیو ۳۳۰ گز و موتی ۱۱۰ گز فی منٹ دوڑ سکتا ہے تو بتاؤ کہ کتنے منٹ بعد وہ پھر ملجاویں گے

(۶۳) ۸ پونڈ و ۶ پونڈ ۱۰ شلنگ و ۵ شلنگ کا مقسوم علیہ اعظم بتاؤ

(۶۴) وہ بڑی سے بڑی رقم دریافت کرو کہ جو ۵ پونڈ ۸ شلنگ ۶ پینس اور ۷ پونڈ ۶ شلنگ ۴ پینس میں پوری پوری بار شامل ہو

(۶۵) بڑے سے بڑا میعاد وقت کا دریافت کرو جو ۷ ہفتہ ۵ دن ۸ گھنٹہ اور ۸ ہفتہ ۶ دن اور ۱۲ گھنٹہ میں پوری پوری بار شامل ہو

(۶۶) ایک تھیلی میں ۲ ۱۸۰ سیر دوسری میں ۲ ۸۱ سیر چاء ہے۔ چاء کے ہم وزن پیکٹ بنانے ہیں تو بتاؤ کہ ہر ایک پیکٹ میں زیادہ سے زیادہ کسقدر چاء ہونی چاہیئے اور ہر ایک تھیلی میں کتنے پیکٹ ہوں گے

کسور

۱۰۲- اگر کوئی عدد مقرون مثلاً ایک گز آسے بیان ہو تو وہ کئی ایک حصوں میں تقسیم ہو سکتا ہے فرض کرو کہ ایک گز کے تین برابر حصے کئے گئے ہیں اُن تین حصوں میں سے ایک حصہ $\frac{1}{3}$ سے بیان ہوگا اور $\frac{1}{3}$ کو ہم ایک تہائی پڑھینگے اور دو حصے $\frac{2}{3}$ سے بیان ہوں گے اور $\frac{2}{3}$ کو ہم دو تہائی پڑھینگے اور تین حصے یعنی سارا $\frac{3}{3}$ یا آسے بیان ہوگا اگر ایک اور گز کے تین برابر حصے کریں اور اُن میں سے ایک حصہ کو $\frac{1}{3}$ میں ملادیں تو مجموعہ $\frac{4}{3}$ سے بیان ہوگا اور

اگر دو حصّوں کو ملاویں تو مجموعہ $\frac{5}{3}$ سے بیان ہوگا اور اگر تین حصّونکو ملاویں تو مجموعہ $\frac{6}{3}$ یا ۲ سے بیان ہوگا $\frac{1}{3}$ و $\frac{2}{3}$ و $\frac{3}{3}$ و $\frac{4}{3}$ وغیرہ جو واحد کے یعنی کسی چیز کے جو آسے بیان ہوتی ہی حصّوں کی تعداد کو ظاہر کرتے ہیں ٹوٹے ہوئے عدد یا کسور کہلاتے ہیں اسلئے کسر کی یہ تعریف ہی جو نیچے لکھی جاتی ہی

۱۰۳ - واحد کے ایک حصّہ یا کئی حصّوں کو کسر کہتے ہیں کسر دو عددوں سے اِس طرح بیان ہوتی ہی کہ ایک عدد اوپر ہوتا ہی اور دوسرا عدد اُس کے نیچے اور دونوں عددوں کے بیچ میں ایک آڑی چھوٹی لکیر ہوتی ہی نیچے کے عدد کو نسب نما کہتے ہیں اور اُس سے یہ ظاہر ہوتا ہی کہ واحد کے کتنے برابر حصّے کئے ہیں اور اوپر کے عدد کو شمار کنندہ کہتے ہیں اور اُس سے یہ معلوم ہوتا ہی کہ واحد کے اُن حصّوں میں سے کتنے حصّے کسر بنانے کے واسطے لئے ہیں مثلاً $\frac{3}{5}$ کے یہ معنی ہیں کہ واحد کے ۵ برابر حصّے کئے ہیں اور اُن حصّوں میں سے کسر بنانے کے واسطے ۳ حصّے لئے ہیں پس اگر ہم ایک گز کے ۵ حصّے کرکے اُن میں سے تین حصّے لیویں اور ایک گز کو واحد یعنی ۱ سے بیان کریں تو جتنے حصّے ہم نے لئے ہیں اُن کو کسر $\frac{3}{5}$ سے بیان کریں گے پھر $\frac{6}{5}$ سے یہ سمجھا جاتا ہی کہ واحد کے ۵ حصّے کئے ہیں اور ویسے ۵ حصّے لئے ہیں یعنی ایک گز پورا اور دوسرے گز کا جو پہلے گز کی طرح ۵ برابر حصّوں میں تقسیم کیا گیا ہی ایک حصّہ لیا ہی

۱۰۴ - کسر اُس خارج قسمت کو بھی ظاہر کرتا ہی جو شمار کنندہ کو نسب نما پر تقسیم کرنے سے حاصل ہو مثلاً $\frac{2}{3}$ سے ۲ ÷ ۳ ظاہر ہوتا ہی کیونکہ خواہ ہم واحد یعنی ایک اکائی کو ۳ برابر حصّوں میں تقسیم کرکے اُن میں سے دو حصّے لیکر اُن کو

$\frac{۲}{۳}$ سے بیان کریں خواہ دو اکائیوں کو ۳ برابر حصّوں میں تقسیم کرکے اُن میں سے ایک حصّہ لیکر اُسکو دو اکائیوں کے $\frac{۱}{۳}$ حصّے یعنی ۲ ÷ ۳ سے ظاہر کریں دونوں صورتوں میں نتیجہ ایک ہی ہوگا پس $\frac{۲}{۳}$ اور ۲ ÷ ۳ کے ایک ہی معنی ہیں یہ بات لڑکوں کی سمجھ میں نیچے لکھے ثبوت سے بخوبی آجائے گی

۲ گز لمبی لیکر ا ب کھینچو اور اُسکو ۶ برابر حصّوں ا س اور س د اور د ی اور ی ف اور ف ج اور ج ب میں تقسیم کرو

ا س د ی ف ج ب

اب ا ی اور ی ب میں سے ہر ایک میں تین برابر حصّے ہیں اِسلئے ا ی = ی ب لیکن ا ب دو گز لمبی ہے اِسلئے ا ی اور ی ب میں سے ہر ایک ایک گز لمبی ہے

اب ا س اور س د اور د ی آپس میں برابر ہیں اِسلئے ا ی تین برابر حصّوں میں تقسیم ہوئی ہے اور ا د میں ایسے ایسے دو حصّے ہیں اِسلئے ا د = ایک گز کی دو تہائی

پھر چونکہ ا د اور د ف اور ف ب آپس میں برابر ہیں کیونکہ ہر ایک میں ۲ برابر حصّوں میں سے دو دو حصّے ہیں اِسلئے ا د ایک تہائی ا ب کی ہے

اِسلئے ا د = ایک تہائی ۲ گز کی

اِسلئے دو تہائی ایک گز کی = ایک تہائی ۲ گز کی

اِسلئے دو تہائی ایک کی = ایک تہائی ۲ کی

۱۰۵ ۔ کسور جو دو عددوں سے جیسا اوپر ذکر ہوا بیان ہوتے ہیں اُن کو

کسور عام کہتے ہیں

کسور جن کا نسب نما ۱۰ یا ۱۰ کی کوئی قوت ہو دوسری طرز سے بیان کئے جاتے ہیں اور جب وہ اِس طرز سے بیان کئے جاتے ہیں تو اُن کو کسور اعشاریہ کہتے ہیں

کسور عام

۱۰۶۔ کسور عام کی اِتنی قسمیں ہیں

(۱) کسر واجب وہ ہو جس کا شمار کنندہ نسب نما سے چھوٹا ہو مثلاً $\frac{۲}{۳}$ و $\frac{۳}{۴}$ و $\frac{۴}{۵}$ کسر واجب ہیں

(۲) کسر غیر واجب وہ ہو جس کا شمار کنندہ نسب نما کے برابر یا اُس سے بڑا ہو مثلاً $\frac{۳}{۳}$ و $\frac{۴}{۳}$ و $\frac{۶}{۵}$ کسر غیر واجب ہیں

(۳) کسر مفرد وہ ہو جسکے شمار کنندہ اور نسب نما دونوں صحیح یعنی پورے عدد ہوں مثلاً $\frac{۲}{۳}$ اور $\frac{۵}{۶}$ کسر مفرد ہیں

(۴) کسر مرکب یا عدد مخلوط وہ ہو جس میں کسر کے ساتھ صحیح یعنی پورا عدد بھی ہو مثلاً ۵ $\frac{۱}{۲}$ کسر مرکب یا عدد مخلوط ہو کیونکہ اِس میں ۵ اکائیوں کے ساتھ ایک اکائی کا تیسرا حصہ ہو یعنی ۵ $\frac{۱}{۳}$ = ۵ + $\frac{۱}{۳}$

(۵) کسر مضاف وہ ہو جس میں کسر کی کسر ہو مثلاً $\frac{۱}{۲}$ کی $\frac{۲}{۳}$ و $\frac{۱}{۳}$ کی $\frac{۲}{۵}$ کا $\frac{۹}{۱۰}$ کسر مضاف ہیں

(۶) کسر ملتف وہ ہو جس کے شمار کنندہ یا نسب نما یا دونوں میں عدد مخلوط یا کسر مضاف ہوں

مثلاً $\frac{3}{\frac{4}{5}}$ و $\frac{5}{\frac{2}{9}}$ و $\frac{4}{\frac{1}{2}}$ و $\frac{\frac{1}{3}}{\frac{1}{4}}$ و $\frac{\frac{2}{3}}{\frac{2}{4}}$ و $\frac{\frac{1}{3}4}{\frac{1}{4}5}$ و $\frac{\frac{2}{3}}{\frac{5}{3}}$ کا $\frac{5}{\frac{1}{3}}$ کسر ملفف ہیں

اوپر کے بیان سے ظاہر ہے کہ ہر صحیح عدد کو ہم ایسی کسر خیال کر سکتے ہیں جس کا نسب نما ایک ہے

مثلاً $5 = \frac{5}{1}$ کیونکہ اِس صورت میں واحد کا صرف ایک ٹکڑہ کیا گیا ہے جس ٹکڑہ میں کُل واحد شامل ہے اور ایسے ایسے ۵ ٹکڑے یعنی ۵ واحد لئے ہیں

۱۰۸- کسر کو کسی صحیح عدد سے ضرب دینے کا قاعدہ یہ ہے

قاعدہ- کسر کے شمار کنندہ کو اُس عدد سے ضرب دو یا اُس کے نسب نما کو اُس عدد پر تقسیم کرو

مثال ۱ $\frac{2}{5}$ کو ۲ سے ضرب دو

$\frac{4}{5} = 2 \times \frac{2}{5}$

کیونکہ خواہ $\frac{2}{5}$ ہوں خواہ $\frac{4}{5}$ دونوں صورتوں میں واحد یعنی ایک اِکائی ۵ برابر حصّوں میں تقسیم ہوئی ہے اور جتنے برابر حصّے پہلی کسر میں لئے ہیں ویسے ہی حصّوں کے دُونے دوسری کسر میں لئے ہیں

مثال ۲ $\frac{7}{16}$ کو ۴ سے ضرب دو

$\frac{7}{4} = 4 \times \frac{7}{16}$

کیونکہ $\frac{7}{16}$ میں ایک اِکائی جتنے برابر حصّوں میں تقسیم کی گئی ہے اُس سے چوگنے برابر حصّوں میں $\frac{7}{4}$ میں ایک اِکائی تقسیم ہوئی ہے اِسلئے ہر ایک حصّہ پہلے میں چوگنا ہے ہر حصّہ کا جو دوسرے میں ہے اور چونکہ دونوں کسروں میں جو حصّے لئے ہیں

اُن کی تعداد برابر ہے اسلئے پہلی کسر دوسری کسر سے چوگنی ہے

۱۰۹- کسر کو کسی صحیح عدد پر تقسیم کرنیکا قاعدہ یہ ہے

قاعدہ۔ کسر کے شمار کنندہ کو اُس عدد پر تقسیم کرو یا نسب نما کو اُس عدد سے ضرب دو

مثال ۱ $\frac{۶}{۷}$ کو ۳ پر تقسیم کرو

$$\frac{۶}{۷} \div ۳ = \frac{۲}{۷}$$

مثال ۲ $\frac{۴}{۹}$ کو ۴ پر تقسیم کرو

$$\frac{۴}{۹} \div ۴ = \frac{۴}{۳۶}$$

مشق ۳۸

(۱) $\frac{۵}{۶}$ کو ۲ و ۳ و ۵ و ۷ سے الگ الگ ضرب دو

(۲) $\frac{۲۱}{۲۵}$ کو ۳ و ۴ و ۶ و ۷ و ۹ سے الگ الگ ضرب دو

(۳) $\frac{۸}{۹}$ کو ۲ و ۳ و ۴ و ۷ و ۸ پر الگ الگ تقسیم کرو

(۴) $\frac{۱۶}{۱۹}$ کو ۲ و ۴ و ۷ و ۹ پر الگ الگ تقسیم کرو

۱۱۰- اگر کسی کسر کے شمار کنندہ اور نسب نما دونوں ایک ہی عدد سے ضرب دیے جائیں تو کسر کی قیمت میں فرق نہیں آتا مثلاً اگر $\frac{۴}{۵}$ کے شمار کنندہ ۴ اور نسب نما دونوں کو ۴ سے ضرب دیا تو $\frac{۱۶}{۲۰}$ حاصل ہوئے اب ہم ثابت کرینگے کہ $\frac{۴}{۵} = \frac{۱۶}{۲۰}$

فرض کرو کہ اب ایک لکیر ہے اُسکے ۵ برابر حصے اس اور س د اور د ی اور ی ف اور ف ب کرو



تو اف $\frac{۴}{۵}$ ہی اب کا (۱)

پھر ہر حصّہ اس اور س د اور د ی اور ی ف اور ف ب کے چار چار برابر حصّے کرو

تو کل اب میں ایسے ایسے چھوٹے حصّے ۲۰ ہیں

اور اف میں ایسے ایسے چھوٹے حصّے ۱۶ ہیں

اِسلئے اف $\frac{۱۶}{۲۰}$ ہی اب کا (۲)

پھر (۱) اور (۲) کو مقابلہ کرنے سے یہ ثابت ہوتا ہی کہ

$\frac{۴}{۵} = \frac{۱۶}{۲۰}$

۱۱۱- اگر کسی کسر کے شمار کنندہ اور نسب نما دونوں ایک ہی عدد پر تقسیم کیجائیں تو کسر کی قیمت میں فرق نہیں آتا مثلاً اگر ہم $\frac{۱۶}{۲۰}$ کے شمار کنندہ ۱۶ اور نسب نما ۲۰ کو ۴ پر تقسیم کریں تو $\frac{۴}{۵}$ حاصل ہونگے اور یہ ہمنے اوپر کی دفعہ میں ثابت کیا ہی کہ $\frac{۱۶}{۲۰} = \frac{۴}{۵}$

۱۱۲- اوپر کی دفعہ میں جو بیان ہوا ہی اُس سے ظاہر ہی کہ کسی عدد صحیح کو ایک خاص نسب نما کی کسر بنانے کے لئے اُس عدد صحیح کو اُس نسب نما سے ضرب دیکر حاصل ضرب کے نیچے اُس نسب نما کو لکھدینا چاہیئے کیونکہ $۶ = \frac{۶}{۱}$

اب اگر ۶ کو ایسی کسر بنا دیں کہ جس کا نسب نما ۵ یا ۱۴ ہو تو یہ عمل ہوگا

$۶ = \frac{۶}{۱} = \frac{۶ \times ۵}{۱ \times ۵} = \frac{۳۰}{۵}$

$۶ = \frac{۶}{۱} = \frac{۶ \times ۱۴}{۱ \times ۱۴} = \frac{۸۴}{۱۴}$

مشق ۳۹

(۱) ۷، ۹، ۱۱ کی ایسی کسریں بناؤ جن کے نسب نما ترتیب وار ۳، ۵ و ۷، ۹ ہوں

(۲) ۱۳ و ۱۷ و ۲۴ و ۳۵ کی ایسی کسریں بناؤ جنکے نسب نما ترتیب وار ۵ و ۱۱ و ۹ و ۱۲ ہوں

۱۱۳۔ کسی کسر کو کسر مختصر الحدین یا صرف کسر مختصر اُس صورت میں کہتے ہیں جب اُسکے شمار کنندہ اور نسب نما متباین ہوں یعنی ایسے عدد ہوں جن کا کوئی مقسوم علیہ مشترک نہو مثلاً $\frac{۳}{۴}$ و $\frac{۵}{۹}$ و $\frac{۲}{۹}$ کسر مختصر ہیں

جب کسی کسر کے شمار کنندہ اور نسب نما متباین نہیں ہیں تو اُن کا کوئی مقسوم علیہ مشترک ہے اگر ہم شمار کنندہ اور نسب نما دونوں کو اُس مقسوم علیہ مشترک پر تقسیم کریں تو کسر جو حاصل ہوگی وہ اصل کسر کے برابر ہوگی (دفعہ ۱۱۱) لیکن اُسکے شمار کنندہ اور نسب نما اصل کسر کے شمار کنندہ اور نسب نما سے چھوٹے ہونگے لیکن جب کسی کسر کے شمار کنندہ اور نسب نما متباین ہیں تو اُن کا کوئی مقسوم علیہ مشترک نہیں ہے اسلئے اُسکے شمار کنندہ اور نسب نما اِس قسم کی تقسیم سے چھوٹے نہیں ہو سکتے ہیں اور اسلئے ایسی کسر کو کسر مختصر الحدین کہتے ہیں

۱۱۴۔ کسر کے مختصر کرنے کا قاعدہ یہ ہے

قاعدہ۔ کسر کے شمار کنندہ اور نسب نما کو اُن کے مقسوم علیہ اعظم پر تقسیم کرو

مثال ۱ $\frac{۱۸}{۸۱}$ کو مختصر کرو

۱۸ اور ۸۱ کا مقسوم علیہ اعظم ۹ دریافت کیا اور جب ۱۸ اور ۸۱ کو ۹ پر تقسیم کیا تو یہ کسر $\frac{۲}{۹}$ حاصل ہوئی

اوپر کے عمل سے دی ہوئی کسر کی قیمت میں کچھ فرق نہیں آیا (دفعہ ۱۱۱) اور چونکہ ۲ اور ۹ کا کوئی مقسوم علیہ مشترک نہیں ہے اسلئے وہ دونوں کسی ایک ہی عدد پر تقسیم ہو کر چھوٹے نہیں ہو سکتے اسلئے $\frac{۲}{۹}$ کسر مختصر ہے

۱۱۵- کسر کو ہم مختصر اس طرح بھی کر سکتے ہیں کہ پہلے شمار کنندہ اور نسب نما دونوں کے جز ضربی اولی دریافت کرو اور پھر اُن جز ضربی کو جو دونوں میں مشترک ہیں نکالڈالو

مثال ۲ $\frac{۵۶}{۸۴}$ کو مختصر کرو $\frac{۵۶}{۸۴} = \frac{۲\times۲\times۲\times۷}{۲\times۲\times۳\times۷} = \frac{۲}{۳}$

۲×۲×۷، جز ضربی مشترک ہیں اُن کو نکالڈالا کیونکہ اُن کے نکالڈالنے سے وہی مراد ہے جو شمار کنندہ اور نسب نما دونوں کو ۲×۲×۷، پر تقسیم کرنے سے ہے

مشق ۴۰

نیچے لکھی ہوئی کسروں کو مختصر کرو

(۱) $\frac{۲۴}{۸۰}$ (۲) $\frac{۶۲}{۲۸۰}$ (۳) $\frac{۴۲}{۲۱۰}$ (۴) $\frac{۱۹۲}{۵۷۶}$ (۵) $\frac{۵۱۸۴}{۶۹۱۲}$

(۶) $\frac{۱۶۸۰۰}{۱۹۲۰}$ (۷) $\frac{۶۴۰۹}{۷۳۹۵}$ (۸) $\frac{۳۱۹}{۵۶۸۷}$ (۹) $\frac{۹۴۹۵}{۱۵۹۱۵}$ (۱۰) $\frac{۳۱۷۶۸}{۵۲۲۱}$

(۱۱) $\frac{۶۸۵۰}{۳۲۵۰}$ (۱۲) $\frac{۱۴۸۵}{۲۱۶۰}$ (۱۳) $\frac{۱۶۳۲}{۲۹۷۶}$ (۱۴) $\frac{۲۴۶۲}{۳۲۶۴}$ (۱۵) $\frac{۶۴۸}{۱۵۱۲}$

۱۱۶- کسر غیر واجب کو عدد صحیح یا کسر مرکب کی طرف تحویل کرنے یعنی اُن کی صورت میں لانیکا قاعدہ یہ ہے

قاعدہ- کسر غیر واجب کے شمار کنندہ کو نسب نما پر تقسیم کرو اگر کچھ باقی نہ رہے تو خارج قسمت عدد صحیح ہے اور اگر کچھ باقی رہے تو خارج قسمت کو صحیح حصہ بناؤ اور باقی کو شمار کنندہ اور مقسوم علیہ کو نسب نما بنا کر کسری حصہ بناؤ

مثال $\frac{۳۵}{۷}$ اور $\frac{۴۷}{۵}$ کو عدد صحیح یا کسر مرکب کی صورت میں لاؤ

اوپر کے قاعدہ کے مطابق $\frac{۳۵}{۷} = ۵$ عدد صحیح اور $\frac{۴۷}{۵} = ۹\frac{۲}{۵}$

دلیل اوپر کے عمل کی یہ ہے

$$\frac{۳۵}{۷} = \frac{۵\times۷}{۷} = ۵\times\frac{۷}{۷} = ۵\times۱ = ۵$$

اور $\frac{۴۷}{۵} = \frac{۲+۴۵}{۵} = \frac{۲+۹\times۵}{۵} = \frac{۲}{۵}+۹ = ۹\frac{۲}{۵}$

مشق ۱۴

نیچے لکھی ہوئیں کسر غیر واجب کو عدد صحیح یا کسر مرکب کی صورت میں لاؤ

(۱) $\frac{۳۹}{۴}$ (۲) $\frac{۶۳}{۷}$ (۳) $\frac{۸۱}{۸}$ (۴) $\frac{۹۳}{۱۴}$

(۵) $\frac{۴۱}{۳}$ (۶) $\frac{۸۴}{۱۲}$ (۷) $\frac{۹۹}{۱۲}$ (۸) $\frac{۱۱۲}{۱۶}$

(۹) $\frac{۳۰۰}{۷۰}$ (۱۰) $\frac{۶۰۰}{۱۶۰}$ (۱۱) $\frac{۸۰۰}{۱۷}$ (۱۲) $\frac{۶۴۸}{۱۰۸}$

(۱۳) $\frac{۵۸۷۶}{۱۵۷}$ (۱۴) $\frac{۱۰۰۰۰}{۱۱۱}$ (۱۵) $\frac{۱۴۲۶۴}{۲۳۹}$ (۱۶) $\frac{۴۶۳۲۵}{۲۷۲۴}$

۱۱۷- کسر مرکب کو کسر غیر واجب کی صورت میں لانیکا قاعدہ یہ ہے

قاعدہ - صحیح حصّہ کو کسری حصّہ کے نسب نما سے ضرب دو اور حاصل ضرب میں کسری حصّہ کے شمار کنندہ کو جوڑ دو حاصل جمع کو کسر غیر واجب کا شمار کنندہ اور کسری حصّہ کے نسب نما کو کسر غیر واجب کا نسب نما بناؤ

مثال $۳\frac{۲}{۷}$ کو کسر غیر واجب کی صورت میں لاؤ

قاعدہ کے مطابق $۳\frac{۲}{۷} = \frac{۳\times۷+۲}{۷} = \frac{۲+۲۱}{۷} = \frac{۲۳}{۷}$

دلیل اوپر کے عمل کی یہ ہے

$۳\frac{۲}{۷}$ میں کسر $\frac{۲}{۷}$ عدد صحیح ۳ کے ساتھ ملی ہوئی ہے

لیکن $۳ = \frac{۳}{۱}\times\frac{۷}{۷} = \frac{۲۱}{۷}$ $\therefore ۳\frac{۲}{۷} = ۳+\frac{۲}{۷} = \frac{۲۱}{۷}+\frac{۲}{۷} = \frac{۲۳}{۷}$

$\therefore \frac{۲۳}{۷}$ میں ایک اکائی سات برابر حصّوں میں تقسیم ہوئی ہے اور ایسے ایسے حصّے ۲۱ اور ۲ لئے ہیں

مشق ۴۳

نیچے لکھی ہوئیں کسر مرکب کو کسر غیر واجب کی صورت میں لاؤ

(۱) $7\frac{4}{5}$ (۲) $2\frac{3}{4}$ (۳) $9\frac{2}{3}$ (۴) $12\frac{11}{17}$ (۵) $14\frac{5}{99}$

(۱۴) $\frac{۳\frac{۱}{۴}\text{ کا }\frac{۱}{۵}-\frac{۱}{۱۳}\text{ کا }\frac{۵}{۸}}{۳۰\frac{۳}{۴}\text{ کا }۱\frac{۱}{۲}}\times\frac{\frac{۱}{۲}+۳}{۵\frac{۲}{۵}\text{ کا }۵}$

(۱۵) $\frac{۲\frac{۱}{۴}\times\frac{۱}{۳}-\frac{۱}{۴}}{\frac{۲}{۷}\text{ کا }\frac{۷}{۸}+\frac{۵}{۱۶}\text{ کا }\frac{۴}{۵}}\div\frac{۳\text{ کا }\frac{۱}{۸}}{۴\frac{۱}{۲}\text{ کا }\frac{۱}{۱۰}}$

(۱۶) $\frac{۳+۱\frac{۱}{۵}\div\frac{۴}{۱۵}}{۲-\frac{۱}{۱۵}\div\frac{۳}{۱۵}}\div\frac{۹}{۲۰}$

مشق ۵۹

مختصر کرو:

(۱) $۵-\{۱\frac{۱}{۲}-(\frac{۱}{۲}-\frac{۳}{۴})\}$

(۲) $۵-\{۱\frac{۱}{۲}-(\frac{۱}{۲}+\frac{۳}{۴})\}$

(۳) $(\frac{۲}{۵}-\frac{۱}{۷})\times(\frac{۳}{۵}+\frac{۲}{۷})\times۲\frac{۸}{۳۱}+\frac{۱}{۵}$

(۴) $(۱+\frac{۵}{۶}+\frac{۲}{۸}+\frac{۱۱}{۱۲})\div(\frac{۳}{۴}-\frac{۵}{۸})$

(۵) $\frac{(۴\frac{۳}{۴}\times ۸\frac{۶}{۱۱})}{(۱۰\frac{۵}{۶}\div ۱\frac{۱}{۲})} \times \frac{(۶\frac{۱}{۴}\times ۴\frac{۴}{۹})}{(۳+۲\frac{۱}{۳})}$

(۶) $\frac{\frac{۱}{۲}+\frac{۱}{۳}+۱+\frac{۱}{۴}-\frac{۱}{۱۲}}{\frac{۱}{۶}+\frac{۱}{۳}} - \frac{\frac{۱}{۳}+\frac{۱}{۲}}{\frac{۱}{۳}\times ۱\frac{۱}{۲}-۱}$

(۷) $\left\{\frac{۵}{۷}\times\frac{۲}{۹}\times ۱۳\frac{۱}{۲}\right\}\div(\frac{۱}{۹}\times\frac{۵}{۷}+۳۰)$

(۸) $\left(\frac{\frac{۱}{۸}-\frac{۱}{۶}}{\frac{۱}{۸}+\frac{۱}{۶}}-\frac{\frac{۱}{۶}-\frac{۱}{۴}}{\frac{۱}{۶}+\frac{۱}{۴}}\right)\div\left(\frac{\frac{۱}{۴}-\frac{۱}{۳}}{\frac{۱}{۴}+\frac{۱}{۳}}+\frac{\frac{۱}{۳}-\frac{۱}{۲}}{\frac{۱}{۳}+\frac{۱}{۲}}\right)$

(۹) $\dfrac{\frac{۱}{۲}+\frac{۱}{۳}+\frac{۲}{۵}}{۱-\frac{۱}{۲۵}}$
$\overline{۱-\frac{۱}{۷}\times(\frac{۱}{۳}+\frac{۲}{۵})}$
$\overline{۱-\frac{۱}{۲۵}}$

(۱۰) $\left\{۱-(\frac{۱}{۲}+\frac{۱}{۳})\right\}\div\left\{(\frac{۱}{۲۴}+\frac{۱}{۳})\right\}\div\left\{۱-(\frac{۱}{۲}\times\frac{۱}{۳}\times\frac{۱}{۴})\right\}$

(۱۱) $\left\{\frac{۱\frac{۲}{۳}\div ۱\frac{۳}{۵}}{۱\frac{۵}{۶}\div ۱\frac{۴}{۵}}\div\frac{۱\frac{۱}{۲}\div ۱\frac{۵}{۶}}{۱\frac{۹}{۱۰}\div ۱\frac{۴}{۵}}\right\}\div\left\{\frac{\frac{۱}{۱۲}\div\frac{۱}{۱۴}}{\frac{۱}{۱۱}\div\frac{۱}{۱۳}}\div\frac{\frac{۱}{۱۶}\div\frac{۱}{۱۸}}{\frac{۱}{۱۹}\div\frac{۱}{۲۰}}\right\}$

(۱۲) $\dfrac{\frac{۱}{۴}}{(\frac{۱}{۲}-\frac{۱}{۳})(\frac{۱}{۲}-\frac{۱}{۴})} - \dfrac{\frac{۱}{۶}}{(\frac{۱}{۲}-\frac{۱}{۳})(\frac{۱}{۳}-\frac{۱}{۴})} + \dfrac{\frac{۱}{۱۲}}{(\frac{۱}{۳}-\frac{۱}{۴})(\frac{۱}{۴}-\frac{۱}{۶})}$

(۱۳) الف اور ب کا فرق دریافت کرو

(الف) $\frac{\frac{1}{3}-\frac{1}{2}}{\frac{1}{3}+\frac{1}{2}} + \frac{\frac{1}{4}-\frac{1}{3}}{\frac{1}{4}+\frac{1}{3}}$ (ب) $\frac{\frac{1}{8}-\frac{1}{6}}{\frac{1}{8}+\frac{1}{6}} - \frac{\frac{1}{6}-\frac{1}{4}}{\frac{1}{6}+\frac{1}{4}}$

(۱۴) الف اور ب میں سے کونسا بڑا ہے

(الف) $\frac{3}{5}$ کا $\frac{12}{16}$ − $\frac{2\frac{1}{3}}{2\frac{2}{3}}$ کا $\frac{19}{20}$ + $\frac{3}{7}$ کا $\frac{6\frac{5}{12}}{3\frac{2}{3}}$

(ب) $\frac{5}{3}$ کا $\frac{13}{16}$ + $\frac{6\frac{2}{3}}{2\frac{2}{3}}$ کا $\frac{19}{20}$ − $\frac{1}{3}$ کا $\frac{6\frac{5}{12}}{3\frac{2}{3}}$

مشق ۶۰

مختصر کرو

(۱) $\frac{(3\frac{1}{2}-2\frac{1}{2})\div(\frac{1}{2}+\frac{1}{4})}{2\frac{1}{2}\div(\frac{1}{2}+\frac{1}{4})}$ (۲) $\frac{\frac{3}{8}$ کا $\frac{5}{6}}{\frac{7}{8}$ کا $\frac{5}{8} - \frac{5-2\frac{2}{3}$ کا $1\frac{2}{3}}{4\frac{1}{5}}$ − $\frac{\frac{1}{5}2}{\frac{2}{5}1+\frac{4}{3}}$

(۳) $\frac{\frac{2}{3}-\frac{3}{4}+\frac{3}{5}-\frac{4}{6}+\frac{5}{6}-\frac{6}{7}}{\frac{3}{4}-\frac{4}{5}+\frac{5}{6}-\frac{6}{7}+\frac{7}{8}}$ (۴) $4\frac{1}{7}$ کا $\frac{\frac{1}{3}}{1+\frac{1}{5}1}$

(۵) $\left\{\frac{4}{\frac{3}{5}-1}-9\right\} \div \frac{1+\frac{2}{3}\cdot\frac{2}{3}}{1-\frac{2}{3}\frac{2}{5}}$

(۶) $\left\{\frac{4\frac{4}{11}$ کا $1\frac{2}{9}}{3\frac{2}{7}$ کا $1\frac{2}{9}+\frac{2}{3}}\right\} \times 4\frac{3}{10} - \frac{5}{6}$ کا $\frac{4}{5}$

(۷) $\frac{۳}{۴} - (\frac{۷}{۴} - \frac{۵}{۸}) \times ۲\frac{۱}{۲} + \frac{۲\frac{۱}{۴} - \frac{۲}{۳} \text{ کا } ۱\frac{۵}{۹}}{\frac{۴}{۵} \div \frac{۳}{۱۰} + ۱\frac{۴}{۹}}$

(۸) $\frac{(۳\frac{۱}{۳} - ۱\frac{۱}{۲}) \text{ کا } (۱\frac{۱}{۵} - ۱\frac{۱}{۱۲})}{۳\frac{۱}{۳} - ۱\frac{۱}{۲} \text{ کا } ۱\frac{۱}{۵} - ۱\frac{۱}{۱۲}}$

(۹) $(\frac{۱}{۲۴} \times ۳\frac{۱}{۳}) + (\frac{۳}{۸} \div \frac{۹}{۲۴}) - (\frac{۱}{۱۲} - \frac{۶}{۹}) \text{ کا } ۶\frac{۳}{۴}$

(۱۰) $\left\{(\frac{۲}{۱۹} + \frac{۱}{۳}) \div (۳ - \frac{۱}{۳})\right\} \times (\frac{۱}{۳} + \frac{۱}{۵})$

(۱۱) $\cfrac{۱}{۲ + \cfrac{۱}{۳ + \cfrac{۱}{۴ + \frac{۱}{۵}}}}$ (۱۲) $۱ + \cfrac{۲}{۳ + \cfrac{۱}{۴ + \frac{۲}{۵}}}$

(۱۳) $\left(\frac{۱\frac{۲}{۵}}{۱۹ - \frac{۲}{۵}}\right) \div \left(\frac{۱\frac{۱}{۳} + ۲\frac{۱}{۲۳}}{۱۳ - \frac{۹}{۱۱}}\right)$

(۱۴) $۳\frac{۱}{۱۴} \times \frac{۳}{۴} - ۱\frac{۱}{۷} \text{ کا } ۴\frac{۱}{۲} \div ۵\frac{۳}{۴} \text{ کا } ۱\frac{۱}{۴} + ۲\frac{۱}{۱۵} \text{ کا } ۳\frac{۱}{۲}$

(۱۵) $\frac{۱}{۲۴} \times ۳\frac{۱}{۴} + \frac{۳}{۸} \div \frac{۷۵}{۲۷} - ۱\frac{۱}{۲} + \frac{۵}{۴۰}$

(۱۶) $\frac{۱}{۳}\left\{۳ + \frac{۱}{۳}\left\{۳ + \frac{۱}{۳}(۳ + ۱\frac{۱}{۲})\right\}\right\} \div \frac{۱}{۲}$

(۱۷) $\left\{۱\frac{۳}{۴} \text{ کا } ۲۴\frac{۱}{۲} \text{ کا } (۱ - \frac{۳}{۴})\right\} \times ۲\frac{۵}{۷} \text{ کا } (۴\frac{۵}{۶} - ۳\frac{۳}{۴}) \text{ کا } \frac{۱۰۱}{۴۵}$

(۱۸) $۲\frac{۲}{۷} \text{ کا } ۱\frac{۱}{۴} \text{ کا } (\frac{۱۴}{۱۵} + ۳\frac{۱}{۴} \text{ کا } ۲\frac{۱۱}{۱۲} - ۲\frac{۳}{۴}) \times ۳\frac{۲}{۷}$

(۱۹) $\frac{۱۱ \times ۱۱ + ۲۲ \times ۲۲ + ۲ \times ۱۱ \times ۲۲}{۱۱ \times ۲}$ (۲۰) $\frac{۱۱ \times ۱۱ + ۲۲ \times ۲۲ - ۱۱ \times ۲۲}{۱۱ \times ۱۱ + ۲۲ \times ۲۲ \times ۲ \times ۲۲}$

(۲۱) $(\frac{۱}{۲} + \frac{۲}{۳}) \text{ کا } (\frac{۳}{۴} + \frac{۴}{۵}) + (\frac{۱}{۲} + \frac{۳}{۴}) \text{ کا } (\frac{۳}{۴} + \frac{۵}{۶}) + (\frac{۱}{۲} + \frac{۵}{۶}) \text{ کا } (\frac{۳}{۴} + \frac{۴}{۵})$

$\frac{۱}{۲} \text{ کا } (\frac{۳}{۴} + \frac{۴}{۵} + \frac{۵}{۶}) + (\frac{۱}{۲} + \frac{۳}{۴} + \frac{۴}{۵}) \text{ کا } \frac{۳}{۴}$ ۔

۱۳۰- صحیح عددوں کے مقسوم علیہ اعظم مشترک اور ذو اضعاف اقل مشترک نکالنے کے قاعدے ہم پیشتر لکھ چکے ہیں اور کسروں کے مقسوم علیہ اعظم مشترک اور ذو اضعاف اقل مشترک دریافت کرنیکا قاعدہ یہ ہے

قاعدہ - کسروں کو صورت مفرد مختصر میں لاکر اُن کے برابر ایسی کسریں دریافت کرو جن کا نسب نما مشترک یعنی یکساں ہو پھر اُن کے مقسوم علیہ اعظم مشترک دریافت کرنے کے لئے اِن نئی کسروں کے شمار کنندوں کا مقسوم علیہ اعظم مشترک نکالکر اُس کے نیچے نسب نما مشترک لکھدو اور ذو اضعاف اقل مشترک دریافت کرنے کے لئے شمار کنندوں کا ذو اضعاف اقل مشترک نکالکر اُس کے نیچے نسب نما کی جگہ پر نسب نما مشترک لکھدو

مثال ۱/۳ و ۳/۴ و ۵/۶ و ۲/۵ کے مقسوم علیہ اعظم مشترک اور ذو اضعاف اقل مشترک دریافت کرو

۱/۳ و ۳/۴ و ۵/۶ و ۲/۵ صورت مفرد مختصر میں ترتیب وار ۴/۱۲ و ۹/۱۲ و ۱۰/۱۲ و ۵/۱۰ ہیں

اور ۴/۱۲ و ۹/۱۲ و ۱۰/۱۲ و ۵/۱۰ کے برابر ایسی کسریں جن کا نسب نما یکساں ہو ترتیب وار ۴۰/۱۲۰ و ۴۵/۱۲۰ و ۵۰/۱۲۰ و ۲۴/۱۲۰ ہیں

اِن نئی کسروں کے شمار کنندے ۴۰ و ۴۵ و ۵۰ و ۲۴ ہیں اور اُن کے مقسوم علیہ اعظم مشترک اور ذو اضعاف اقل مشترک ترتیب وار ۱ اور ۲۵۲۰۰ ہیں

∴ دی ہوئی کسروں کا مقسوم علیہ اعظم مشترک ۱/۱۲۰ ہے اور ذو اضعاف اقل مشترک ۲۵۲۰۰/۱۲۰ یعنی ۴۲۰ ہے

مشق ۶۱

دی ہوئی کسروں کا مقسوم علیہ اعظم مشترک اور ذو اضعاف اقل مشترک نکالو

(۱) $\frac{1}{3}$ و $\frac{1}{4}$ (۲) $\frac{9}{14}$ و $\frac{3}{4}$ (۳) $\frac{8}{21}$ و $\frac{16}{49}$

(۴) $\frac{2}{5}$ و $\frac{2}{4}$ و $\frac{8}{15}$ (۵) $\frac{2}{7}$ و $\frac{3}{10}$ و $\frac{5}{6}$ (۶) $\frac{1}{3}$ و $\frac{2}{7}$

(۷) $\frac{1}{4}$ و $\frac{3}{8}$ و $\frac{5}{6}$ (۸) $\frac{9}{11}$ و $\frac{35}{33}$ و $\frac{5}{33}$ (۹) $3\frac{1}{2}$ و $5\frac{1}{4}$ و $\frac{1}{12}$

(۱۰) $2\frac{1}{2}$ و $3\frac{1}{2}$ و $4\frac{1}{2}$

پچھلے قاعدوں پر متفرق سوالات حل کئے ہوئے

(۱) $9999\frac{6543}{6543}$ کو 8789 سے تقریب دو

حل چونکہ $9999\frac{6543}{6543} = 10000 - \frac{2}{6543}$

$\therefore 9999\frac{6543}{6543} \times 8789 = (10000 - \frac{2}{6543}) \times 8789$

$= 87890000 - \frac{17578}{6543}$

$= 87889999 + 1 - \frac{17578}{6543}$

$= 87889999 + \frac{6543 - 17578}{6543}$

$= 87889999 + \frac{-11035}{6543}$

$= 87889999 \frac{-11035}{6543}$

(۲) $\frac{(5\frac{1}{3}+3\frac{1}{4})(5\frac{1}{3}+2\frac{1}{4})-(5\frac{1}{3}-3\frac{1}{4})(5\frac{1}{3}-2\frac{1}{4})}{(5\frac{1}{3}+2\frac{1}{4})+(5\frac{1}{3}-3\frac{1}{4})}$ کی قیمت دریافت کرو

حل
$$\frac{(\frac{1}{4}۳+\frac{1}{3}۵)(\frac{1}{4}۳+\frac{1}{3}۵)-(\frac{1}{4}۳-\frac{1}{3}۵)(\frac{1}{4}۳-\frac{1}{3}۵)}{(\frac{1}{4}۳+\frac{1}{3}۵)+(\frac{1}{4}۳-\frac{1}{3}۵)}$$

$$=\frac{(\frac{1}{4}۳+\frac{1}{3}۵)^{۲}-(\frac{1}{4}۳-\frac{1}{3}۵)^{۲}}{(\frac{1}{4}۳+\frac{1}{3}۵)+(\frac{1}{4}۳-\frac{1}{3}۵)}$$

$$=\frac{\{(\frac{1}{4}۳+\frac{1}{3}۵)+(\frac{1}{4}۳-\frac{1}{3}۵)\}\times\{(\frac{1}{4}۳+\frac{1}{3}۵)-(\frac{1}{4}۳-\frac{1}{3}۵)\}}{(\frac{1}{4}۳+\frac{1}{3}۵)+(\frac{1}{4}۳-\frac{1}{3}۵)}$$ (دفعہ ۳۸)

$$=(\frac{1}{4}۳+\frac{1}{3}۵)-(\frac{1}{4}۳-\frac{1}{3}۵)=\frac{1}{3}۵+\frac{1}{3}۵=\frac{2}{3}۵=\frac{2}{3}۱۰=۶\frac{۲}{۳}$$

(۳) وہ کونسا عدد ہے جس میں سے تم اگر $(\frac{۵}{۹}-\frac{۲}{۳})$ گھٹاؤ اور باقی میں وہ خارج قسمت ملا دو جو $\frac{۲}{۱۵}$ کو $۲\frac{۱}{۲}$ پر تقسیم کرنے سے حاصل ہوتی ہے تو مجموعہ $۱\frac{۵}{۶۳}$ ہو

حل اگر $۱\frac{۵}{۶۳}$ میں سے وہ خارج قسمت جو $\frac{۲}{۱۵}$ کو $۲\frac{۱}{۲}$ پر تقسیم کرنے سے حاصل ہوتی ہے گھٹا دیں اور باقی میں $\frac{۵}{۹}-\frac{۲}{۳}$ جوڑ دیں تو مجموعہ عدد مطلوبہ ہوگا یعنی

عدد مطلوبہ $=\left\{۱\frac{۵}{۶۳}-(\frac{۲}{۱۵}\div۲\frac{۱}{۲})\right\}+(\frac{۵}{۹}-\frac{۲}{۳})=(۱\frac{۵}{۶۳}-\frac{۲}{۱۵})+(\frac{۵}{۹}-\frac{۲}{۳})$

$$=\frac{۲۹}{۶۳}+(\frac{۴}{۷۵}-\frac{۱}{۶۳})$$

$$=\frac{۷۷۱۵-۸۴+۴۲۵}{۱۵۷۵}$$

$$=\frac{۸۰۰-۲۵}{۱۵۷۵}=\frac{۲۴۱۶}{۱۵۷۵}=۱\frac{۸۴۱}{۱۵۷۵}$$

(۴) موہن اور سوہن آگرہ سے ایک ہی وقت اور ایک ہی طرف کو چلے موہن ایک چال سے ۱۸ میل ہر روز چلتا ہے اور ۹ دن کے بعد پیچھے لوٹ کر اتنا واپس جاتا ہے جتنا سوہن ان ۹ دنوں میں چلا تھا اب وہ پھر لوٹتا ہے اور سوہن کو اس روز سے ۲۲½ دن میں پکڑ لیتا ہے جس روز یہ پہلے پہل روانہ ہوئے تھے بتاؤ کہ سوہن کتنے میل روز چلتا ہے

حل اگر سوہن بھی موہن کی طرح لوٹ کر جاتا اور پھر واپس آتا تو صاف ظاہر ہے کہ وہ اُس جگہ پر جہاں موہن نے اُسے پکڑا تھا ۲۲½ دن کے بدلے (۲۲½ + ۱۸) یعنی ۴۰½ دن میں پہنچتا

∴ سوہن کی ۴۰½ دن کی چال = موہن کی ۲۲½ دن کی چال

= ۲۲½ × ۱۸ میل

∴ سوہن کی ایک دن کی چال = $\frac{۱۸ \times ۲۲\frac{۱}{۲}}{۴۰\frac{۱}{۲}}$ میل = $\frac{۲ \times ۱۸ \times ۴۵}{۲ \times ۸۱}$

= ۱۰ میل

(۵) ۳½ کا ۳½ کی گنا ہے اور ۴½ کا $\frac{۴\frac{۱}{۲}}{۳\frac{۱}{۲}}$ کونسا حصہ ہے

حل $۳\frac{۱}{۲} \div ۳\frac{۱}{۲} = \frac{۷}{۲} \div \frac{۷}{۲} = \frac{۷}{۲} \times \frac{۲}{۷} = ۱$ ∴ ۳½ ساڑھے تین گنا ۳½ کا ہے

$۴\frac{۱}{۲} \div ۳\frac{۱}{۲} = \frac{۹}{۲} \div \frac{۷}{۲} = \frac{۹}{۲} \times \frac{۲}{۷} = \frac{۹}{۷}$

$\frac{۴\frac{۱}{۲}}{۳\frac{۱}{۲}}$ ∴ ۴½ کا ۳½ دونواں حصہ ہے

(۶) ایک حوض میں جو ۲۰۸ چرسہ پانی سے بھرتا ہے تین نلوں سے پانی آتا ہے ایک منٹ میں جسقدر پانی تیسرے نل سے آتا ہے اُس سے ۱۰ چرسہ پانی زیادہ پہلے نل سے ایک منٹ میں آتا ہے اور دوسرے نل سے ایک منٹ میں تیسرے نل کی بہ نسبت ۵ چرسہ پانی کم آتا ہے تینوں نل ایک ساتھ کھلے رہنے سے ۲۰ منٹ میں حوض بھر جاتا ہے بتاؤ کہ ہر ایک نل سے ایک منٹ میں کسقدر پانی حوض میں آتا ہے

حل چونکہ حوض جس میں ۸۲۰ چرسہ پانی سماتا ہے ۲۰ منٹ میں بھر جاتا ہے
اسلئے ہر ایک منٹ میں تینوں نلوں سے $\frac{۸۲۰}{۲۰}$ یعنی ۴۱ چرسہ پانی حوض میں
آتا ہے

اور چونکہ تیسرے نل کا پانی + دوسرے نل کا پانی + پہلے نل کا پانی
= تیسرے نل کا پانی + (تیسرے نل کا پانی - ۵ چرسہ پانی) + (تیسرے
نل کا پانی + ۱۰ چرسہ پانی)

∴ ۳ × تیسرے نل کا پانی + ۵ چرسہ پانی = ۴۱ چرسہ پانی

∴ ۳ × تیسرے نل کا پانی = ۳۶ چرسہ پانی

∴ تیسرے نل سے $\frac{۳۶}{۳}$ یعنی ۱۲ چرسہ پانی ہر منٹ میں آتا ہے

اور دوسرے نل سے ۱۵ چرسہ پانی اور پہلے نل سے ۱۴ چرسہ پانی ہر
منٹ میں آتا ہے

(۷) ایک حوض میں تین نل لگے ہوئے ہیں پہلے نل سے اسقدر پانی حوض میں
آتا ہے کہ خالی حوض ۱۰ منٹ میں بھر جاتا ہے اور دوسرے نل سے اسقدر پانی حوض
میں آتا ہے کہ حوض ۱۵ منٹ میں بھر جاتا ہے اور تیسرے نل سے اسقدر پانی حوض سے
نکلتا ہے کہ بھرا ہوا حوض ۱۲ منٹ میں خالی ہو جاتا ہے اگر تینوں نل ایک ساتھ کھولدیے
جاویں تو کتنے منٹ میں حوض پانی سے بھر جاویگا

حل چونکہ پہلا نل ایک منٹ میں حوض کا $\frac{۱}{۱۰}$ حصہ بھرتا ہے
اور دوسرا نل ایک منٹ میں حوض کا $\frac{۱}{۱۵}$ حصہ بھرتا ہے
اور تیسرا نل ایک منٹ میں حوض کا $\frac{۱}{۱۲}$ حصہ خالی کرتا ہے

اور چونکہ $\frac{1}{10} + \frac{1}{15} - \frac{1}{12} = \frac{6+4-5}{60} = \frac{5}{60} = \frac{1}{12}$

∴ جب تینوں نل کھلے رہیں تو $\frac{1}{12}$ حصہ حوض کا پانی سے ایک منٹ میں بھرتا ہے

∴ جب تینوں نل ایک ساتھ کھولدیے جاویں گے تو حوض ۱۲ منٹ میں پانی سے بھر جاوے گا

(۸) چھ ہندسوں سے بنا ہوا ایک ایسا عدد صحیح ہے جو ایک لاکھ سے زیادہ اور دو لاکھ سے کم ہے اور جس کے بائیں طرف کے آخری ہندسہ کو اُٹھا کر باقی ہندسوں کے داہنی طرف اگر رکھدیں تو جو عدد اس طرح بنے گا وہ اصل عدد سے تگنا ہوگا بتاؤ کہ وہ کونسا عدد ہے

حل۔ سوال سے ظاہر ہے کہ بائیں طرف کا آخری یعنی چھٹا ہندسہ ایک ہے اور وہ عدد ۱۰۰۰۰۰ اور اُس عدد کا مجموعہ ہے جو داہنی طرف کے پانچ ہندسوں سے بنا ہے

∴ جب اِس ایک کو اُٹھا کر باقی پانچ ہندسوں کے داہنی طرف رکھدیا تو جو عدد اس طرح بنے گا وہ اصل عدد کے داہنی طرف کے پانچ ہندسوں سے بنے ہوئے عدد کے دس گنے اور ایک کا مجموعہ ہوگا کیونکہ داہنی طرف کے پانچ ہندسوں میں سے ہر ایک ہندسہ کے بائیں طرف ایک ایک جگہ ہٹ جانے سے اُس کی دس گنی قیمت ہو جاوے گی

لیکن سوال میں جو شرط ہے اُسکے بموجب یہ نیا عدد اصل عدد کا تگنا ہے

∴ داہنی طرف کے پانچ ہندسوں سے بنے ہوئے عدد کا دس گنا اور ایک ملکر تگنا ہے داہنی طرف کے پانچ ہندسوں سے بنے ہوئے عدد اور ایک لاکھ

کے مجموعہ کا یعنی برابر ہے ..... ۳ کے اور پانچ ہندسوں سے بنے ہوئے عدد کے تگنے کے مجموعہ کے

∴ داہنی طرف کے پانچ ہندسوں سے بنے ہوئے عدد کا سات گنا اور ایک ملکر برابر ہے ..... ۳ کے

∴ داہنی طرف کے پانچ ہندسوں سے بنے ہوئے عدد کا سات گنا = ... ۳-۱

۲۹۹۹۹۹ =

∴ داہنی طرف کے پانچ ہندسوں سے بنا ہوا عدد = $\frac{۲۹۹۹۹۹}{۷}$ = ۴۲۸۵۷

لیکن اصل عدد مجموعہ ہے ..... ۱ اور داہنی طرف کے پانچ ہندسوں سے بنے ہوئے عدد کا

∴ اصل عدد ..... ۱ + ۴۲۸۵۷ یعنی ۱۴۲۸۵۷ ہے

(۹) موہن اور سوہن ملکر ایک کام کو ۱۵ دن میں کرتے ہیں اور سوہن اور سیتا ملکر اُس کو ۱۲ دن میں کر سکتے ہیں اور موہن اور سیتا ملکر اُسکو ۲۰ دن میں کر سکتے ہیں بتاؤ کہ موہن اور سوہن اور سیتا تینوں ملکر اُس کام کو کتنے دنوں میں پورا کر سکیں گے اور اُن میں سے ہر ایک کتنے کتنے دنوں میں ختم کریگا

حل موہن اور سوہن ملکر ایک دن میں $\frac{۱}{۱۵}$ حصہ کام کا کرتے ہیں

اور سوہن اور سیتا ملکر ایک دن میں $\frac{۱}{۱۲}$ حصہ کام کا کرتے ہیں

اور موہن اور سیتا ملکر ایک دن میں $\frac{۱}{۲۰}$ حصہ کام کا کرتے ہیں

∴ موہن اور سوہن اور سیتا تینوں ملکر $\frac{۱}{۱۵} + \frac{۱}{۱۲} + \frac{۱}{۲۰} = (\frac{۴}{۶۰} + \frac{۵}{۶۰} + \frac{۳}{۶۰}$

$= \frac{۱۲}{۶۰} = \frac{۱}{۵}$) یعنی $\frac{۱}{۵}$ حصہ کام کا ۳ دن میں کرتے ہیں

∴ موہن اور سوہن اور سیتا تینوں ملکر ایک دن میں $\frac{1}{10}$ حصّہ کام کا کرتے ہیں
∴ تینوں ملکر کُل کام کو $(1 \div \frac{1}{10})$ یعنی ۱۰ دِن میں پُورا کریں گے
چونکہ موہن اور سوہن اور سیتا تینوں ملکر ایک دن میں $\frac{1}{10}$ حصّہ کام کا کرتے ہیں اور موہن اور سوہن $\frac{1}{15}$ حصّہ اور سوہن اور سیتا $\frac{1}{12}$ حصّہ اور موہن اور سیتا $\frac{1}{20}$ حصّہ کام کام کرتے ہیں
∴ سیتا اکیلا ایک دن میں $(\frac{1}{10} - \frac{1}{15})$ یعنی $\frac{1}{30}$ حصّہ کام کا کرتا ہے اور موہن اکیلا $(\frac{1}{10} - \frac{1}{12})$ یعنی $\frac{1}{60}$ حصّہ اور سوہن اکیلا $(\frac{1}{10} - \frac{1}{20})$ یعنی $\frac{1}{20}$ حصّہ کام کا کرتا ہے
∴ سیتا اکیلا ۳۰ دِن میں اور موہن اکیلا ۶۰ دِن میں اور سوہن اکیلا ۲۰ دِن میں اُس کام کو پُورا کر سکیگا
(۱۰) اگر دو لڑکے اور ایک آدمی ملکر ایک کام کو ۴ گھنٹے میں پُورا کر لیتے ہیں اور اُسی کام کو دو آدمی اور ایک لڑکا ملکر ۳ گھنٹے میں تمام کرتے ہیں تو بتاؤ کہ ایک آدمی اور ایک لڑکا ملکر اُسکو کتنی دیر میں کریں گے
حل ۲ لڑکے اور ایک آدمی ملکر ایک گھنٹہ میں $\frac{1}{4}$ حصّہ کام کا کرتے ہیں
اور ایک لڑکا اور دو آدمی ملکر ایک گھنٹہ میں $\frac{1}{3}$ حصّہ کام کا کرتے ہیں
∴ تین لڑکے اور تین آدمی ملکر ایک گھنٹہ میں $(\frac{1}{4} + \frac{1}{3})$ یعنی $\frac{7}{12}$ حصّہ کام کا کرتے ہیں
∴ ایک لڑکا اور ایک آدمی ملکر ایک گھنٹہ میں $\frac{7}{3 \times 12}$ یعنی $\frac{7}{36}$ حصّہ کام کا کرتے ہیں
∴ کُل کام ایک لڑکا اور ایک آدمی ملکر $(1 \div \frac{7}{36}) = \frac{36}{7}$ یعنی ۵ $\frac{1}{7}$ گھنٹہ

میں پورا کریں گے

(۱۱) اگر ایک ڈونگا ندی کے اوتار پر ۲۰ میل ۴ گھنٹہ میں جاتا ہے اور چڑھاؤ پر ۱۶ گھنٹے میں جاتا ہے تو بتاؤ کہ ملاح فی گھنٹہ کس حساب سے کھیتا ہے اور ندی کی دھار کی فی گھنٹہ کیا چال ہے

حل چونکہ ملاح ڈونگے کو ندی کے اوتار پر یعنی دھار کی مدد سے ۴ گھنٹہ میں ۲۰ میل لیجاتا ہے

∴ ملاح دھار کی مدد سے ایک گھنٹہ میں $\frac{۲۰}{۴}$ یعنی ۵ میل لیجاتا ہے یعنی ندی کا بہاؤ اور ملاح کے کھینے کی طاقت فی گھنٹہ ملکر ۵ میل ہے

پھر چونکہ ملاح ڈونگے کو ندی کے چڑھاؤ پر یعنی دھار کے خلاف ۲۰ میل ۱۶ گھنٹہ میں لیجاتا ہے

∴ ملاح دھار کے خلاف ایک گھنٹہ میں $\frac{۲۰}{۱۶}$ یعنی $۱\frac{۱}{۴}$ میل لیجاتا ہے یعنی ندی کے بہاؤ اور ملاح کے کھینے کی طاقت کا فرق فی گھنٹہ $۱\frac{۱}{۴}$ میل ہے

∴ ملاح ڈونگے کو $\frac{۵ + ۱\frac{۱}{۴}}{۲}$ یعنی $۳\frac{۱}{۸}$ میل فی گھنٹہ کھیتا ہے اور دھار کی چال فی گھنٹہ $\frac{۵ - ۱\frac{۱}{۴}}{۲}$ یعنی $۱\frac{۷}{۸}$ میل ہے

(۱۲) چاندی اور سونا گلا کر ایک اینٹ ۶ مکعب انچ تیار کرائی گئی ہے اور اس کا وزن ۵۰ ۲ تولہ ہے اگر ایک مکعب انچ چاندی کا وزن ۳۰ تولہ اور ایک مکعب انچ سونے کا وزن ۵۰ تولہ ہے تو بتاؤ کہ اس اینٹ میں کتنا سونا اور کتنی چاندی ہے

حل چونکہ ۶ مکعب اِنچ سونا اور چاندی ملکر ۲۵۰ تولہ ہی اور ۶ مکعب اِنچ خالص چاندی ۱۸۰ تولہ ہی

∴ (۲۵۰ − ۱۸۰) یعنی ۷۰ تولہ زیادہ وزن اینٹ میں سونا ہونے کے باعث سے ہوا

لیکن ایک مکعب اِنچ سونے کا وزن ایک مکعب اِنچ چاندی کے وزن سے ۲۰ تولہ زیادہ ہی

∴ ۷۰ تولہ وزن اینٹ میں $\frac{۷۰}{۲۰}$ یعنی ۳$\frac{۱}{۲}$ مکعب اِنچ سونا ہونے کے باعث سے زیادہ ہوا

اِسلئے اینٹ میں ۳$\frac{۱}{۲}$ مکعب اِنچ سونا اور ۲$\frac{۱}{۲}$ مکعب اِنچ چاندی ہی

اِسلئے اینٹ میں سونا ۱۷۵ تولہ اور چاندی ۷۵ تولہ ہی

مشق ۶۲

(۱) ۴$\frac{۳}{۵}$ اور ۳$\frac{۴}{۵}$ کی حاصل جمع کو اُن کے فرق و حاصل جمع کی حاصل ضرب سے مقابلہ کرو

(۲) وہ کونسا چھوٹے سے چھوٹا عدد ہی جسکو اگر $\frac{۱}{۲} + \frac{۱}{۳} + \frac{۱}{۴} - \frac{۱}{۵}$ سے ضرب کریں تو حاصل ضرب ایک پورا عدد ہو

(۳) وہ کونسا بڑے سے بڑا عدد ہی جسکو $\frac{۱}{۵} + \frac{۱}{۶} + \frac{۱}{۷} - \frac{۱}{۳۰}$ پر تقسیم کریں تو خارج قسمت ایک پورا عدد ہو

(۴) ۲۲$\frac{۱}{۲}$ اور ۱۳$\frac{۴}{۵}$ کی حاصل جمع میں اُن کا فرق کی مرتبہ جا سکتا ہی

(۵) فرق دریافت کرو

(۲) $\frac{3}{\frac{3}{5}}$ اور $\frac{3}{\frac{5}{6}}$ کا (ب) $\frac{\frac{4}{7}}{\frac{1}{5}+\frac{1}{4}+\frac{1}{3}}$ اور $\frac{\frac{5}{6}}{\frac{1}{5}+\frac{1}{4}+\frac{1}{3}}$ کا

(۶) $\frac{3}{4}$ کا $\frac{2}{3}+\frac{1}{2}$ کا $\frac{6}{5}$ اور $\frac{3}{4}$ کا $(\frac{2}{3}+\frac{1}{2})$ کا $\frac{6}{5}$ میں کیا فرق ہے

(۷) $\frac{1}{2}\div\frac{5}{4}\times\frac{21}{35}$ کو $\frac{1}{2}\div\frac{5}{4}$ کا $\frac{21}{35}$ میں سے تفریق کرو

(۸) $\frac{4\frac{1}{3}\text{ کا }3-3\frac{1}{4}\text{ کا }3\frac{1}{2}}{3\frac{1}{4}-3\frac{1}{4}}$ اور $\frac{\frac{1}{4}2-\frac{1}{3}3}{6\frac{1}{2}\text{ کا }\frac{1}{11}+4\frac{29}{165}}$ کو جمع کرو

(۹) اگر کسی عدد کا $\frac{1}{4}$ و $\frac{1}{5}$ و $\frac{1}{10}$ حصہ ۳۳ میں سے نکالڈالیں تو کچھ باقی نہیں بچتا ہے بتاؤ کہ وہ کونسا عدد ہے

(۱۰) ۱۲۰۱ روپیہ ۲ آنہ کو ا اور ب میں اِس طرح تقسیم کرو کہ ا کو ب سے تگنا ملے

(۱۱) ا کا $\frac{1}{3}$ حصہ روپیہ کا برابر ہے ب کا $\frac{1}{4}$ حصہ روپیہ کے اور ب کا حصہ برابر ہے س کے $\frac{1}{4}$ حصہ روپیہ کے اور س کا $\frac{1}{2}$ حصہ روپیہ کا برابر ہے، روپیہ کے تو بتاؤ کہ ا کے پاس کسقدر روپیہ ہے

(۱۲) رام نے اپنے روپیہ کے $\frac{5}{6}$ حصہ سے ایک گائے خریدی اور جو کچھ بچا اُس کا $\frac{3}{4}$ اُس نے خیرات میں خرچ کر دیا اب اُس کے پاس ایک پونڈ ۱۳ شلنگ ۴ پنس بچے بتاؤ کہ اُسکے پاس کسقدر نقدی تھی

(۱۳) $\frac{5}{6}$ اور $\frac{6}{7}$ کی درمیانی کسر دریافت کرو جس کا نسب نما ۴۰ ہو

(۱۴) ۲ عددوں کا ۶ گنا حاصل ضرب ۱۰۰۸ ہے اور پہلے عدد کا $\frac{1}{2}$ کا $\frac{3}{4}$ برابر ہے ۳ کے تو دونوں عدد بتاؤ

(۱۵) اگر ۱/۱۵ گنی کو ۵ پونڈ کا ۳/۱۲ کا ۲/۹ میں سے تفریق کریں تو بتاؤ کہ ۳ پونڈ ۹ شلنگ کی کونسی کسر باقی رہجاوے گی

(۱۶) اگر ۳ ۲/۵ پونڈ چائے ۱۵ شلنگ ۳ پینس میں آتی ہے تو بتاؤ کہ ۴ پونڈ ۳ شلنگ ۱۰ ½ پینس میں کسقدر چائے آویگی

(۱۷) ۴/۷ کا $\frac{۲\frac{۲}{۵} + \frac{۳}{۵} \text{ کا } \frac{۱}{۲} - (۲ \div \frac{۱}{۲۰})}{\frac{۲}{۵} - (\frac{۱}{۱۶} \times \frac{۱}{۵} \text{ کا } ۳)}$ کو مختصر کرو

(۱۸) ۱ کا پانچواں حصہ برابر ہے ب کے چوتھے حصہ کے اور دونوں کے پاس ۴۵ پونڈ ہیں بتاؤ کہ ہر ایک کے پاس کتنے کتنے پونڈ ہیں

(۱۹) مچھمن نے اپنے روپیہ کا ½ خرچ کر ڈالا اور جو کچھ بچا اُس کا ¾ برابر ہے ۱۵ آنہ کے بتاؤ کہ اُسکے پاس کسقدر نقدی تھی

(۲۰) اگر مقسوم ۴/۱۱ ہے اور خارج قسمت ۳/۱۳ ہے تو بتاؤ کہ مقسوم علیہ کیا ہوگا

(۲۱) ۴ ½ ÷ ۳ ¼ × ۵ ½ و ۴ ½ ÷ ۳ ¼ کا ۵ ½ کو مختصر کرو

(۲۲) ۱ ایک کام کو ۱۰ دن میں کرسکتا ہے اور ۱ اور ب اُسی کام کو ۶ دن میں بتاؤ کہ ب اکیلا اُس کام کو کتنے دنوں میں کریگا

(۲۳) ۱ ایک کام کو ۱۰ دن میں کرسکتا ہے ب ۱۵ دن میں اور س ۲۰ دن میں بتاؤ کہ تینوں ملکر کتنے عرصہ میں اُس کام کو ختم کرلیں گے

(۲۴) ۱ ایک کام کو ۵ دن میں کرسکتا ہے ب ۶ دن میں اور س ۷ دن میں بتاؤ کہ ۲ دن میں وہ ملکر کتنا کام کریں گے

(۲۵) ۱۳ گز ۲ فیٹ ۳ انچ ایک میل کی کونسی کسر ہے

(۲۶) $\dfrac{۲\frac{۸}{۱۲}\text{ا}}{۳\frac{۱}{۴}+\frac{۱\frac{۵}{۶}}{۴\frac{۳}{۵}-\frac{۲}{۵}}}$ کو مختصر کرو

(۲۷) دو درجوں میں ۲۲ گز کا فاصلہ ہے لیکن ناپنے والے نے چھوٹے گز سے جو $\frac{۳}{۴}$ انچ کم ہے ناپا بتاؤ کہ اصل میں دونوں درجوں میں کس قدر فاصلہ ہے

(۲۸) وہ کونسا عدد ہے جس میں اگر $۲\frac{۱}{۲}$ جوڑ دیں اور حاصل جمع کو $۴\frac{۱}{۲}$ سے ضرب دیں اور حاصل ضرب میں ۳ جوڑ دیں اور حاصل جمع کو $۱\frac{۱}{۵}$ سے تقسیم کریں تو خارج قسمت ۲۵ حاصل ہو

(۲۹) رام کے ۴ لڑکیاں تھیں اُس نے مرتے وقت اپنی جائداد کا $\frac{۲}{۵}$ حصہ بڑی لڑکی کو دیا اور بڑی لڑکی کے حصہ کا $\frac{۳}{۴}$ دوسری لڑکی کو اور دوسری لڑکی کے حصہ کا $\frac{۲}{۳}$ تیسری لڑکی کو اور باقی ۵۰۰ پونڈ چوتھی لڑکی کو بتاؤ کہ اُس کے پاس کسقدر پونڈ تھے

(۳۰) $\frac{۲}{۵}+\frac{۴}{۷}$ کا $۲۱\div\frac{۳}{۵}+۲۱\times\frac{۵}{۴۹}\div\frac{۳}{۵}$ کا $۴\frac{۶}{۷}$ کو مختصر کرو

مشق ۶۳

(۱) $\dfrac{۳\frac{۲}{۳}\text{ کا }۲\frac{۱۳}{۵}+۲\frac{۲}{۷}-\frac{۲\frac{۱}{۳}}{۱\frac{۸}{۱۱}}}{۳\frac{۲}{۵}\text{ کا }۳+۱\frac{۹}{۱۶}+\frac{۲}{۷}\text{ کا }۲\frac{۵}{۱۱}\times۶\frac{۲}{۳}}$ کو $\dfrac{۱}{۳\frac{۱}{۴}+۱\frac{۱}{۶}+\frac{۱}{۱۲}}$ کے گنتی $\frac{۴}{۵}\text{ کا }۱\frac{۴}{۹}\text{ کا }۳+\frac{۳}{۴}$ کا ہے

(۲) $3\frac{1}{2} \times \frac{1}{\frac{3}{4}+1} \div \frac{\frac{1}{2}+\frac{1}{3}}{1}$ کی قیمت دریافت کرو

(۳) ایک جائداد کا $\frac{3}{4}$ رادھا کرشن نے خریدا اور $\frac{5}{12}$ سیتا رام نے خریدا اور باقی گوری شنکر نے خریدا بتاؤ کہ جائداد کا کونسا حصہ گوری شنکر نے خریدا اور جب گوری شنکر نے اپنے حصہ کی قیمت ۳۱۲۰ روپیہ دیے تو رادھا کرشن اور سیتا رام نے اپنے اپنے حصہ کی کیا کیا قیمت دی

(۴) نندو اور رادھے اور کندن اور دوار کا ایک دوکان میں شریک ہیں نندو اور رادھے کے حصہ ملکر کندن اور دوار کا کے حصوں کے مجموعہ کے برابر ہیں اور رادھے کا حصہ کندن کے حصہ سے دُونا ہے اور دوار کا کا حصہ رادھے اور کندن کے حصوں کے مجموعہ کے برابر ہے اُن سب کو اُس دوکان میں ۴۰۰۰ روپیہ کا فائدہ ہوا بتاؤ کہ ہر ایک کے حصہ میں کتنا کتنا روپیہ آیا

(۵) ایسی دو کسریں دریافت کرو کہ جن کا جوڑ $\frac{1}{15}$ ہو اور ایک کسر دوسری کسر کا $\frac{1}{15}$ ہو

(۶) دو عددوں کا مقسوم علیہ اعظم مشترک ۵۳۷ ہے اور اُن کا ذو اضعاف اقل مشترک ۱۸۷۹۵ ہے اگر اُن عددوں میں سے چھوٹا عدد $= 105 \times \frac{\frac{1}{2}}{\frac{2}{3}}$ ہے تو بڑا عدد کیا ہوگا $\frac{3623}{840} \times$

(۷) ایک آدمی جو پہاڑی سے اُترتے میں ۴$\frac{1}{2}$ میل فی گھنٹہ اور پہاڑی پر چڑھنے میں ۳$\frac{1}{4}$ میل فی گھنٹہ چلتا ہے پہاڑی پر کچھ دُور چڑھکر اپنی جگہ ۴$\frac{2}{15}$ گھنٹہ میں

لوٹ آیا بتاؤ کہ وہ پہاڑی پر کتنی دُور تک چڑھا

(۸) موہن نے ۳۰ دن میں کسی کام کا $\frac{3}{5}$ کرکے اپنی مدد کے لئے سوہن کو اُس کام پر لگایا اور دونوں نے ملکر باقی کام کو ۶ دن میں ختم کر دیا بتاؤ کہ سوہن اکیلا پورے کام کو کتنے دن میں کر سکتا ہے

(۹) $\frac{1}{1+\frac{1}{1+\frac{1}{2+\frac{1}{3+\frac{1}{4+\frac{1}{5}}}}}} + \frac{1}{1+\frac{1}{2+\frac{1}{3+\frac{1}{4+\frac{1}{5}}}}}$ کی قیمت دریافت کرو

(۱۰) فرق دریافت کرو $\frac{5}{6}$ اور $\frac{4}{7}$ کا و $\frac{\frac{4}{5}}{\frac{1}{3}+\frac{1}{4}+\frac{1}{5}}$ اور $\frac{\frac{23}{30}}{\frac{1}{3}-\frac{1}{4}+\frac{1}{5}}$ کا

(۱۱) $\frac{\frac{2}{3}\text{ کا }\frac{3}{4}}{\frac{1}{2}}$ اور $\frac{\frac{1}{5}\text{ کا }\frac{5}{6}}{\frac{1}{4}\text{ کا }\frac{2}{9}}$ کا حاصل جمع انہیں کے فرق کا کیا گنا ہے

(۱۲) دو عددوں میں چھوٹا عدد $\frac{\frac{3}{5}\text{ کا }\frac{5}{4}}{\frac{2}{3}\text{ کا }\frac{1}{6}}$ ہے اور اِن دونوں عددوں کا فرق $\frac{\frac{5}{9}}{\frac{9}{19}}$ ہے تو بتاؤ کہ بڑا عدد کیا ہے

(۱۳) $3\frac{1}{9}$ کو $3\frac{1}{2}$ سے ضرب دو اور $20\frac{3}{4}$ کو $4\frac{1}{2}$ پر تقسیم کرو اور حاصل ضرب اور خارج قسمت کے مجموعہ اور فرق کا فرق دریافت کرو

(۱۴) میں نے غلطی سے $\frac{1}{3\times15} + \frac{1}{20\times36}$ بجائے $\frac{1}{3\times15} + \frac{1}{20\times63}$ کے اپنی کتاب میں درج کیا بتاؤ کہ میں نے کتنی غلطی کی

(۱۵) ایک لڑکے نے ایک سوال میں $\frac{3}{4}$ کا $\frac{1}{2} - \frac{1}{3}$ بجائے $\frac{3}{4}$ - $\frac{1}{2}$ کا $\frac{1}{2}$ کے لکھا تو بتاؤ

کہ اُس نے کتنی غلطی کی

(۱۶) ایک کسر ہے جو کہ ۳ ۱/۴ سے بقدر ۴ ۱/۴ بڑی ہے اور ایک دوسری کسر ہے جو کہ ۴ ۱/۴ سے بقدر ۱ ۱/۴ کم ہے بتاؤ کہ اُن دونوں کسروں کے حاصل جمع اور حاصل ضرب میں کیا فرق ہے

(۱۷) دو کسور کا شمار کنندہ ۵ ہے اگر ایک کا نسب نما جو کہ ۷ ۱/۲ ہے دوسری کے نسب نما سے ۷ ۱/۱۰ زیادہ ہو تو ان دونوں کسور کی حاصل جمع دریافت کرو

(۱۸) رام و لچھمن ایک کام کو ۳ ۱/۴ دن میں کرتے ہیں اور رام و مہادیو ۲ ۳/۴ دن میں اور رام و لچھمن و مہادیو ۱ ۱/۲ دن میں بتاؤ کہ رام اکیلا کتنے دن میں کر سکیگا

(۱۹) ایک آدمی اپنی آمدنی کا سولھواں حصہ ٹیکس میں دیکر باقی کا سولھواں حصہ خیرات کرتا ہے اور پھر اُسکے پاس ۱۷۵ روپیہ بچ رہتے ہیں بتاؤ کہ اُس کی آمدنی کیا ہے

(۲۰) اگر ۴ بھیڑ کی قیمت ۲ پونڈ کا ۲/۵ ہے اور ۳/۵ بھیڑ کی قیمت ایک گائے کی قیمت کا ۱/۵ ہے تو بتاؤ کہ ۵۰ گائے کی کیا قیمت ہوگی

(۲۱) وہ کونسا عدد ہے جو ۱ ۱/۵ + ۱ ۱/۲۱ میں ملکر ۳ ۲۳/۴۲ ہو جاوے اور وہ کونسا عدد ہے جسکو اگر ۲ ۱/۱۶ پر تقسیم کریں تو خارج قسمت ۴/۱۵ ہو

(۲۲) ایک شخص نے مدرسہ کا مکان ۶۰ دن میں بنوانے کا ٹھیکہ لیا اور اُس پر اوّل ۳۰ آدمی لگائے اور ۴۰ دن میں صرف آدھا کام ہوا تو بتاؤ کہ اب وہ کتنے آدمی زیادہ کرے تاکہ مدرسہ کا مکان مقررہ وقت میں بالکل تیار ہو جاوے

(۲۳) ۴½ میل چلکر رام کو معلوم ہوا کہ وہ اپنے سفر کا $\frac{2\frac{1}{2}-1\frac{1}{3}\text{ کا }2\frac{1}{3}+1\frac{1}{4}}{(2\frac{1}{2}-1\frac{1}{3})\text{ کا }(2\frac{1}{3}+1\frac{1}{4})}$ کا $\frac{\frac{1}{2}+\frac{2}{11}}{\frac{7}{11}-\frac{1}{4}}$ ختم کر چکا ہے تو بتاؤ کہ اُسکو اب کتنے میل اور چلنا ہے

(۲۴) ایک شخص نے اپنے تین لڑکوں میں کچھ جائداد تقسیم کی بڑے لڑکے کو کُل جائداد کا $\frac{3}{5}$ دیا اور دوسرے لڑکے کو $\frac{2}{15}$ دیا اور باقی تیسرے کو دیا جب جائداد فروخت ہوئی تو تیسرے کو دوسرے سے ۲۰۰۰ روپیہ زیادہ ملا تو بتاؤ کہ کل جائداد کتنے میں فروخت ہوئی

(۲۵) ایک کیڑا جو دن کے ۱۲ گھنٹوں میں ۳۱ انچ ایک لٹھ پر چڑھ جاتا ہے اور رات کے ۱۲ گھنٹوں میں ۱۶ انچ نیچے پھسل آتا ہے تو ۴۲۰ انچ اونچے لٹھ کے سرے پر کتنے گھنٹوں میں پہونچ جاویگا

(۲۶) متھرا ایک کام کو اکیلا ۴۳ دن میں کرسکتا ہے اور برندابن اکیلا اُسی کام کو ۳۸ دن میں کرسکتا ہے متھرا اور برندابن دونوں نے ملکر اُس کام کو شروع کیا اور متھرا کام کے ختم ہونے تک لگا رہا لیکن برندابن کام کے ختم ہونے سے ۴ روز پیشتر چلا گیا بتاؤ کہ کام کتنے دن میں ختم ہوا

(۲۷) اُس عدد کا مربع دریافت کرو جسکو اگر $\frac{2}{3}\times\frac{3}{5}\times1\frac{1}{2}$ پر تقسیم کریں تو خارج قسمت ۱ آہو

(۲۸) $2\frac{1}{3}+\frac{3\frac{1}{3}-\frac{1}{3}}{\frac{1}{4}+\frac{1}{3}}-2\frac{2}{7}$ کا $\frac{4}{7}$ میں کونسی کسر جوڑی جاوے کہ مجموعہ ۳ ہووے

(۲۹) ۵۲۰ کے ایسے دو حصے کرو کہ ایک حصہ کا ۱۱ گنا اور دوسرے حصہ کا ۱۲ گنا

بلکہ ۶۳۷۰۰ ہوں

(۳۰) وہ کونسا عدد ہے جس میں سے اگر $\frac{2}{3}$ × $3-\frac{1}{2}$ گھٹایا جاوے اور جو کچھ باقی رہے اُسکو $(5\frac{1}{2} \div 16\frac{2}{3})$ پر تقسیم کیا جاوے تو خارج قسمت $\frac{1}{4}$ ہو

(۳۱) ایک ریل گاڑی کو ۵۶ میل کا سفر ۳ گھنٹہ میں کرنا ہے اگر اُسکے چلنے میں پاؤ گھنٹہ کی دیری ہو جاوے تو فی گھنٹہ کتنے میل اُسکو اپنی رفتار بڑہانی چاہیے جس سے وہ ٹھیک وقت پر پہونچ جاوے

(۳۲) موہن اور سوہن اور روہن ایک کام کرنے کو نوکر رکھے گئے ۵ روز کے بعد جب ایک تہائی کام ہو چکا موہن چھوڑا دیا گیا اور سوہن اور روہن کام کرتے رہے پھر ۲۰ دن کے بعد جب ایک تہائی کام اور ہو چکا سوہن بھی چھوڑا دیا گیا اور روہن نے باقی کام ۳۰ دن میں ختم کر دیا بتاؤ کہ موہن اور سوہن اور روہن اکیلے اکیلے اُس کام کو کتنے دنوں میں کر سکتے ہیں

(۳۳) ایک سوداگر نے اپنی پونجی کا $\frac{1}{4}$ پہلے سال میں پیدا کیا اور $\frac{1}{5}$ دوسرے سال میں اور جو کچھ اُس نے اِن دونوں سال میں پیدا کیا اُسکا $\frac{2}{3}$ اُس عرصہ میں خرچ کر ڈالا دوسرے سال کے آخر میں اُس کی پونجی سے ۳۰۰۰ روپیہ زیادہ تھے بتاؤ کہ اُس کی کسقدر پونجی تھی

(۳۴) ایک حوض میں دو چھوٹے بڑے نلوں سے پانی آتا ہے اور ایک موری سے اُس کا پانی نکلتا ہے جس وقت میں حوض خالی تھا دونوں نل کھولدیے گئے اور حوض ۴ گھنٹے میں بھر گیا پھر جب بڑے نل کو بند کر دیا اور موری کھولدی تو ۴۰ گھنٹہ میں حوض بالکل خالی ہو گیا پھر آخر میں چھوٹے نل کو بند کر کے بڑے نل کو کھولدیا تو ۶۰ گھنٹے میں

حوض پھر بھر گیا بتاؤ کہ چھوٹے نل سے کتنے گھنٹوں میں اور بڑے نل سے کتنے گھنٹوں میں حوض بھرا جا سکتا ہے

(۳۵) وہ سب سے بڑی کسر دریافت کرو کہ جس سے اگر ۴ و ۲ ۴/۹ و ۲ ۲/۵ و ۲ ۴/۷ کو تقسیم کریں تو خارج قسمت ایک پورا عدد حاصل ہو

(۳۶) چار گھنٹہ ایک ساتھ سے بجنے شروع ہوئے پہلا گھنٹہ ایک سکنڈ دوسرا گھنٹہ ۱ ۱/۲ سکنڈ تیسرا گھنٹہ ۱ ۱/۱۲ سکنڈ چوتھا گھنٹہ ۱ ۳/۱۲ سکنڈ کے وقفہ سے بجتا ہے بتاؤ کہ کتنی دیر بعد دوبارہ سب ایک ساتھ بجیں گے

۱۳۱- قبل اس کے کہ ہم تحویل کسور کا ذکر کریں ہم اُس قسم کے ضرب مرکب اور تقسیم مرکب کے جن میں مضروب فیہ اور مقسوم علیہ عدد مخلوط ہو قاعدے لکھیں گے

۱۳۲- جب کسی عدد مقرون کو جن میں ایک جنس کے ایک یا زیادہ درجوں کے عدد شامل ہیں کسی عدد مخلوط سے ضرب دینا ہو تو اُس کے لئے قاعدے یہ ہیں

قاعدہ ۱- پہلے مضروب کو مضروب فیہ کے عدد صحیح سے ضرب دیکر حاصل ضرب دریافت کرو پھر مضروب کو مضروب فیہ کے کسری حصّہ سے ضرب دیکر حاصل ضرب دریافت کرو ان دونوں حاصل ضرب کو جمع کرو حاصل جمع حاصل ضرب مطلوب ہوگا

مثال ۱ ۱۹ روپیہ ۱۴ آنہ ۸ پائی کو ۷ ۳/۴ سے ضرب دو

چونکہ (۱۹ روپیہ ۱۴ آنہ ۸ پائی) × ۷ = ۱۳۹ روپیہ ۶ آنہ ۸ پائی

اور (۱۹ روپیہ ۱۴ آنہ ۸ پائی) × ۳/۴ = ۵۹ روپیہ ۱۲ آنہ = ۷ روپیہ ۷ آنہ ۶ پائی

اِسلئے کُل حاصل ضرب = ۱۳۹ روپیہ ۶ آنہ ۸ پائی + ۷ روپیہ ۷ آنہ ۶ پائی

= ۱۴۶ روپیہ ۱۴ آنہ ۲ پائی

قاعدہ ۲- مضروب فیہ کے عدد مخلوط کو پہلے کسر غیر واجب کی صورت میں لاؤ اُس کے شمار کنندہ سے مضروب کو ضرب دیکر جو کچھ حاصل ضرب ہو اُس کو نسب نما پر تقسیم کرو خارج قسمت حاصل ضرب مطلوب ہوگا یا مضروب کو کسر غیر واجب کے نسب نما پر تقسیم کرکے جو کچھ خارج قسمت ہو اُس کو شمار کنندہ سے ضرب دو حاصل ضرب جو دریافت ہوگا وہ حاصل ضرب مطلوب ہوگا

مثال ۲ ۲۰ روپیہ ۱۵ آنہ ۶ پائی کو ۶ ۳/۴ سے ضرب دو

(۲۰ روپیہ ۱۵ آنہ ۶ پائی) × ۶ ۳/۴ = (۲۰ روپیہ ۱۵ آنہ ۶ پائی) × ۳۰/۴

= (۲۰ روپیہ ۱۵ آنہ ۶ پائی) × ۲۰ / ۳

= ۴۱۹ روپیہ ۶ آنہ / ۳ = ۱۳۹ روپیہ ۱۲ آنہ ۸ پائی

یا اِس طرح پر

(۲۰ روپیہ ۱۵ آنہ ۶ پائی) × ۶ ۳/۴ = (۲۰ روپیہ ۱۵ آنہ ۶ پائی) × ۳۰/۴

= (۲۰ روپیہ ۱۵ آنہ ۶ پائی) × ۲۰ / ۳

= (۶ روپیہ ۱۵ آنہ ۱ پائی) × ۲۰

= ۱۳۹ روپیہ ۱۲ آنہ ۸ پائی

مشق ۶۴

ضرب کرو

(۱) ۲۵ روپیہ ۱۳ آنہ ۶ پائی کو ۳ ۵/۶ سے (۲) ۵۳ روپیہ ۲ آنہ ۹ پائی کو ۷ ۱/۳ سے
(۳) ۶۴ روپیہ ۹ آنہ ۴ پائی کو ۱۱ ۱/۲ سے (۴) ۲ پونڈ ۵ شلنگ کو ۲/۹ سے
(۵) ۳ شلنگ ۴ ۱/۴ پینس کو ۱ ۱/۳ سے (۶) ۱۵ پونڈ ۹ شلنگ ۳ پینس کو ۲ ۳/۱۶ سے
(۷) ۱۰۱ پونڈ ۱۷ شلنگ ۵ پینس کو ۳ ۱/۲۲ سے (۸) ۱۷ پونڈ ۱۷ شلنگ ۷ ۱/۴ پینس کو ۴ ۵/۴۸ سے
(۹) ۵۳ پونڈ ۱۵ شلنگ ۳ پینس کو ۶ ۱۱/۱۲ سے

(۱۰) ۱۰ من ۳ سیر ۸ چھٹانک کو ۴ ۳/۴ سے (۱۱) ۵ تولہ ۳ ماشہ ۴ رتی کو ۱۰ ۱/۴ سے
(۱۲) ۱۶ ہنڈریڈ ویٹ ۳ کوارٹر ۱۲ پونڈ کو ۷ ۲/۵ سے
(۱۳) ۳ دن ۴ گھنٹہ ۴۵ منٹ ۲۷ سکنڈ کو ۴ ۴/۲۷ سے
(۱۴) ۲ گنی کا ۵/۱۶ + ۲ کراؤن کا ۵/۱۶ + ۷ پونڈ ۵ شلنگ کا ۵/۶ کی قیمت بتاؤ
(۱۵) ۲ پونڈ کا ۳/۸ کا ۱ ۱/۴ + ۵ شلنگ کا ۱/۳ کا ۱ ۱/۴ + ۱ شلنگ ۹ پینس کا ۳/۴ کی قیمت بتاؤ

۱۳۳- جب کسی عدد مقرون کو جس میں ایک جنس کے ایک یا زیادہ درجوں کے عدد شامل ہیں کسی عدد مخلوط پر تقسیم کرنا ہو تو اُس کے لئے یہہ قاعدہ ہے

قاعدہ - عدد مخلوط کو کسر غیر واجب کی صورت میں لاؤ پھر اُس کے نسب نما سے مقسوم کو ضرب دیکر حاصل ضرب کو شمار کنندہ پر تقسیم کرو یا مقسوم کو شمار کنندہ پر تقسیم کرکے خارج قسمت کو نسب نما سے ضرب دو

مثال ۴۴ روپیہ ۸ آنہ ۳ پائی کو ۲ ۳/۴ پر تقسیم کرو

(۴۴ روپیہ ۸ آنہ ۳ پائی) + ۲ ۳/۴ = (۴۴ روپیہ ۸ آنہ ۳ پائی) ÷ ۱۱/۴

= (۴۴ روپیہ ۸ آنہ ۳ پائی) × ۴ / ۱۱

= ۱۷۸ روپیہ ایک آنہ / ۱۱ = ۱۶ روپیہ ۳ آنہ

یا اِس طرح پر

(۴۴ روپیہ ۸ آنہ ۳ پائی) ÷ ۲ ۳/۴ = (۴۴ روپیہ ۸ آنہ ۳ پائی) ÷ ۱۱/۴

= ۴۴ روپیہ ۸ آنہ ۳ پائی / ۱۱ × ۴

= (۴ روپیہ ۹ پائی) × ۴ = ۱۶ روپیہ ۳ آنہ

مشق ۶۵

تقسیم کرو

(۱) ۷۸ روپیہ ۲ آنہ ۱۰ پائی کو ۳ ۲/۳ پر (۲) ۱۸۴ روپیہ ۱۳ آنہ ۴ پائی کو ۵ ۲/۵ پر

(۳) ۹۱۲ روپیہ ۱۴ آنہ ۶ پائی کو ۷ ۲/۳ پر (۴) ۳۵ پونڈ ۵ شلنگ ۸ پینس کو ۶ ۱/۱۲ پر

(۵) ۳۶ پونڈ ۲ شلنگ ۹ پینس کو ۴ ۱/۵ پر (۶) ۵۰ پونڈ ۱۰ شلنگ ۷ پینس کو ۱/۸ پر

(۷) ۲۵ منٹ ۲۵ ۱/۱۲ سکنڈ ÷ ۵/۱۲ (۸) ۲ میل ۶۰ × گز ÷ ۲ ۱/۵

(۹) ۹ من ۳۵ سیر ۱۲ چھٹانک کو ۸ ۳/۱۱ پر (۱۰) ۵۹۷ ہنڈریڈ ویٹ ۲ کوارٹر ۲۰ پونڈ کو ۱۳ ۱/۳ پر

(۱۱) ۶۴۹۱ برس ۸ مہینہ کو ۳۰ ۲/۱۱ پر (۱۲) ۵۷۵ گز ۱۳ اِنچ کو ۲۳ ۵/۶ پر

(۱۳) ۱۵ شلنگ ۹ پینس ÷ $\frac{2\frac{1}{2}}{3\frac{1}{2}\text{ کا }2}$

(۱۴) ۴ پونڈ ۴ شلنگ ۱۰ ۱/۲ پینس ÷ $\frac{3\frac{1}{4}-\frac{1}{2}2}{2+(\frac{1}{2}3-\frac{1}{2}4)}$

(۱۵) ۲۰ پونڈ ۴ شلنگ ۱ ۱/۲ پینس کا $\frac{4\div\frac{1}{2}5}{2}$ + ۲۷ پونڈ ۳ شلنگ ۳ پینس کا $\frac{6\frac{1}{2}}{2}$

تحویل کسور

۱۳۴۔ کسی درجہ یا درجوں کی جنس کے عدد کے کسر کی قیمت اُس سے ادنیٰ درجہ کی جنس کے یا اُسی درجہ کی جنس کے صحیح عدد یا عددوں میں دریافت کرنے کا قاعدہ یہ ہے

قاعدہ ۔ عدد معلوم کو کسر کے شمار کنندہ میں ضرب مرکب کے قاعدہ سے ضرب دو اور جو کچھ حاصل ضرب ہو اُس کو تقسیم مرکب کے قاعدہ سے نسب نما پر تقسیم کرو خارج قسمت قیمت مطلوب ہوگی

مثال ۱ ۲ روپیہ کے $\frac{۷}{۹}$ کی قیمت دریافت کرو

قاعدہ کے مطابق عمل کرنے سے

۲ روپیہ کا $\frac{۷}{۹}$ = $\frac{۲ \text{ روپیہ} \times ۷}{۹}$ = $\frac{۱۴ \text{ روپیہ}}{۹}$ = ایک روپیہ ۸ آنہ ۱۰ $\frac{۲}{۳}$ پائی

مثال ۲ ۶ روپیہ ۲ آنہ کے $\frac{۵}{۹}$ کی قیمت دریافت کرو

۶ روپیہ ۲ آنہ × $\frac{۵}{۹}$ = $\frac{۳۰ \text{ روپیہ } ۱۰ \text{ آنہ}}{۹}$ = ۳ روپیہ ۱۳ آنہ ۳ پائی

مثال ۳ ۷ پونڈ ۱۵ شلنگ ۳ پینس کے $\frac{۴}{۱۲}$ کی قیمت دریافت کرو

۷ پونڈ ۱۵ شلنگ ۳ پینس × $\frac{۴}{۱۲}$ = $\frac{۵۴ \text{ پونڈ } ۶ \text{ شلنگ } ۹ \text{ پینس}}{۱۲}$ = ۴ پونڈ ۱۰ شلنگ ۶ $\frac{۳}{۴}$ پینس

مثال ۴ ۲ من ۳۵ سیر ۱۰ چھٹانک کے $\frac{۱۳}{۱۶}$ کی قیمت دریافت کرو

۲ من ۳۵ سیر ۱۰ چھٹانک × $\frac{۱۳}{۱۶}$ = $\frac{۳۷ \text{ من } ۲۳ \text{ سیر } ۲ \text{ چھٹانک}}{۱۶}$ = ۲ من ۱۳ سیر ۱۰ $\frac{۱}{۲}$ چھٹانک

مثال ۵ (۱۶ روپیہ ۳ آنہ کا $\frac{۱}{۴}$ + ۲ روپیہ ۱۳ آنہ ۴ پائی کا $\frac{۱}{۳}$ + ۵ روپیہ ۴ آنہ

۸ پائی کا $\frac{11}{12}$) کی قیمت دریافت کرو

چونکہ ۱۶ روپیہ ۳ آنہ کا $\frac{1}{4}$ = $\frac{۱۱۳ \text{ روپیہ } ۵ \text{ آنہ}}{9}$ = ۱۲ روپیہ ۹ آنہ ۵ $\frac{1}{3}$ پائی

اور ۲ روپیہ ۱۳ آنہ ۴ پائی × $\frac{1}{3}$ = $\frac{۲ \text{ روپیہ } ۱۳ \text{ آنہ } ۴ \text{ پائی}}{3}$ = ۱۵ آنہ ۱ $\frac{1}{3}$ پائی

اور ۵ روپیہ ۴ آنہ ۸ پائی × $\frac{11}{12}$ = $\frac{۵۵ \text{ روپیہ } ۳ \text{ آنہ } ۴ \text{ پائی}}{12}$ = ۴ روپیہ ۱۳ آنہ ۷ $\frac{1}{3}$ پائی

اِس لئے ۱۶ روپیہ ۳ آنہ کا $\frac{1}{4}$ + ۲ روپیہ ۱۳ آنہ ۴ پائی کا $\frac{1}{3}$ + ۵ روپیہ ۴ آنہ ۸ پائی کا $\frac{11}{12}$

= ۱۲ روپیہ ۹ آنہ ۵ $\frac{1}{3}$ پائی + ۱۵ آنہ ۱ $\frac{1}{3}$ پائی + ۴ روپیہ ۱۳ آنہ ۷ $\frac{1}{3}$ پائی

= ۱۸ روپیہ ۶ آنہ ۲ پائی

مثال ۶ (۶۵ روپیہ کا $\frac{3}{4}$ + ۶۳ روپیہ ۵ آنہ ۳ پائی کا $\frac{5}{8}$ − ۱۵۵ روپیہ ۱۴ آنہ ۲ پائی کا $\frac{3}{5}$ + ۴۴ روپیہ ۱۲ آنہ ۸ پائی کا $\frac{1}{2}$ − ۹۸ روپیہ ۳ آنہ ۳ پائی کا $\frac{4}{9}$) کی قیمت دریافت کرو

چونکہ ۶۵ روپیہ × $\frac{3}{4}$ = $\frac{۱۹۵ \text{ روپیہ}}{4}$ = ۴۸ روپیہ ۱۲ آنہ

اور ۶۳ روپیہ ۵ آنہ ۳ پائی × $\frac{5}{8}$ = $\frac{۳۱۶ \text{ روپیہ } ۱۰ \text{ آنہ } ۳ \text{ پائی}}{8}$ = ۳۵ روپیہ ۳ آنہ ۹ پائی

اور ۱۵۵ روپیہ ۱۴ آنہ ۲ پائی × $\frac{3}{5}$ = $\frac{۴۶۷ \text{ روپیہ } ۱۰ \text{ آنہ } ۶ \text{ پائی}}{5}$ = ۹۳ روپیہ ۸ آنہ ۶ پائی

اور ۴۴ روپیہ ۱۲ آنہ ۸ پائی × $\frac{1}{2}$ = $\frac{۳۱۳ \text{ روپیہ } ۸ \text{ آنہ } ۸ \text{ پائی}}{8}$ = ۳۹ روپیہ ۳ آنہ ایک پائی

اور ۹۸ روپیہ ۳ آنہ ۳ پائی × $\frac{4}{9}$ = $\frac{۳۵۶ \text{ روپیہ } ۱۳ \text{ آنہ}}{9}$ = ۳۹ روپیہ ۱۰ آنہ ۴ پائی

اِسلئے ۶۵ روپیہ کا $\frac{3}{4}$ + ۶۳ روپیہ ۵ آنہ ۳ پائی کا $\frac{5}{8}$ − ۱۵۵ روپیہ ۱۴ آنہ ۲ پائی کا $\frac{3}{5}$ + ۴۴ روپیہ ۱۲ آنہ ۸ پائی کا $\frac{1}{2}$ − ۹۸ روپیہ ۳ آنہ ۳ پائی کا $\frac{4}{9}$

= ۴۸ روپیہ ۱۲ آنہ + ۳۵ روپیہ ۳ آنہ ۹ پائی − ۹۳ روپیہ ۸ آنہ ۶ پائی + ۳۹

روپیہ ۳ آنہ ایک پائی - ۳۹ روپیہ ۱۰ آنہ ۴ پائی = ۳۳ ۱۳ روپیہ ۲ آنہ ۱۰ پائی - ۱۳۳
روپیہ ۲ آنہ ۱۰ پائی = ۰

مثال ۷ (ایک گنی کا $\frac{3}{4}$ + ایک کراؤن کا $\frac{3}{8}$ + ۷ شلنگ ۶ پینس کا $\frac{3}{5}$ - ۲ پینس کا $\frac{3}{4}$) کی قیمت دریافت کرو

چونکہ ایک گنی × $\frac{3}{4}$ = $\frac{3}{4}$ گنی = $\frac{63 \text{ شلنگ}}{4}$ = ۱۵ شلنگ ۹ پینس

اور ایک کراؤن × $\frac{3}{8}$ = $\frac{3}{8}$ کراؤن = $\frac{5 \text{ شلنگ}}{8}$ = ایک شلنگ ۱۰½ پینس

اور ۷ شلنگ ۶ پینس × $\frac{3}{5}$ = $\frac{22 \text{ شلنگ } 6 \text{ پینس}}{5}$ = ۴ شلنگ ۶ پینس

اور ۲ پینس × $\frac{3}{4}$ = $\frac{6 \text{ پینس}}{4}$ = ۱½ پینس

اِس لئے ایک گنی کا $\frac{3}{4}$ + ایک کراؤن کا $\frac{3}{8}$ + ۷ شلنگ ۶ پینس کا $\frac{3}{5}$ - ۲ پینس کا $\frac{3}{4}$

= ۱۵ شلنگ ۹ پینس + ایک شلنگ ۱۰½ پینس + ۴ شلنگ ۶ پینس - ۱½ پینس

= ایک پونڈ ۲ شلنگ ۱½ پینس - ۱½ پینس = ایک پونڈ ۲ شلنگ

مشق ۶۶

قیمت دریافت کرو

(۱) ۱۰ روپیہ کے $\frac{2}{3}$ کی و ۱۰ روپیہ کے $\frac{2}{3}$ کی و ۱۰ روپیہ ۸ آنہ کے $\frac{3}{4}$ کی و ۱۰ روپیہ ۸ آنہ کے $\frac{5}{6}$ کی

(۲) ۱۵ روپیہ کے $\frac{3}{4}$ کی و ۲۰ روپیہ کے $\frac{2}{3}$ کی و ایک روپیہ ۴ آنہ کے $\frac{3}{5}$ کی و ۶ روپیہ ۱۲ آنہ کے $\frac{3}{5}$ کی

(۳) ۱۰ روپیہ کے $\frac{13}{24}$ کی و ۸ آنہ کے $\frac{5}{16}$ کی و ۳ روپیہ ۵ آنہ ۴ پائی کے $\frac{3}{4}$ کی و

ایک روپیہ ۱۲ آنہ کے $\frac{3}{4}$ کی

(۴) ۷ شلنگ ۶ پینس کے $2\frac{3}{4}$ کی و ۲ پونڈ ۳ شلنگ ۹ پینس کے $\frac{5}{6}$ کی و ۵ ۱۳ پونڈ ۱۶ شلنگ ۱۰ $\frac{1}{2}$ پینس کے $\frac{2}{3}$ کی

(۵) ۱۶ پونڈ ۸ شلنگ ۱ $\frac{1}{2}$ پینس کے $\frac{4\frac{4}{9}}{\frac{5}{12}\text{ کا }1\frac{1}{3}}$ کی و ۲ پونڈ کا $\frac{3}{4}$ کا ۱۲ $\frac{1}{2}$ کا ۱ $\frac{2}{5}$ کا $\frac{3}{4}$ کی

(۶) ۳ من ۱۴ سیر ۵ چھٹانک کا $\frac{4}{15}$ کی و ۵ من ۳ سیر ۸ چھٹانک کا ۱ $\frac{3}{4}$ کی و ۴ من کا $\frac{\frac{1}{4}-\frac{1}{3}}{\frac{1}{4}+\frac{1}{3}}$ کی

(۷) ۸ من ۱۳ سیر ۱۴ چھٹانک کے $\frac{3}{5}\times\frac{5}{6}\times1\frac{4}{5}\times1\frac{1}{4}$ کی و ۸ تولہ ۹ ماشہ ۷ رتی کے $\frac{3}{2\frac{1}{4}}$ کی

(۸) ایک ہنڈریڈویٹ کے $\frac{5}{16}$ کی و ایک پونڈ اَوَرڈیوپوے کے $\frac{3}{4}$ کی و ایک میل کے $\frac{4}{5}$ کی و ایک بسوہ ۴ بسوانسی ۵ کچوانسی کے $\frac{4}{5}$ کی

(۹) ۲ ہنڈریڈویٹ ۲ کوارٹر کے $\frac{1}{14}$ اور ایک ہنڈریڈویٹ ۳ پونڈ کے $\frac{1}{3}$ کے فرق کے ۵۰۰ گنے کی

(۱۰) (۳ روپیہ ۴ آنہ ۶ پائی کا $\frac{1}{2}$) + ۵ $\frac{1}{2}$ کی و (۵ روپیہ ۶ آنہ ۸ پائی) کا $\frac{3}{4}$ ÷ ۲ $\frac{2}{3}$ کی

(۱۱) (۵ روپیہ ۸ آنہ کا $\frac{3}{4}$ + ۳ روپیہ ۸ آنہ ۷ پائی کا $1\frac{1}{2}$ + ۶ روپیہ ۵ آنہ ۳ پائی کا $\frac{5}{12}$) کی

(۱۲) (۷ روپیہ کا $\frac{1}{2}$ + ۶ روپیہ ۳ آنہ کا $\frac{1}{4}$ - ۷ روپیہ ۲ آنہ ۸ پائی کا $\frac{1}{4}$ - ۹ روپیہ ۳ آنہ کا $\frac{1}{4}$) کی

(۱۳) (۸ روپیہ ۲ آنہ ۰ پائی کا $\frac{1}{2}$ - ۱۳ روپیہ ۵ آنہ ۴ پائی کا $\frac{3}{4}$ + ۱۷ روپیہ کا $\frac{2}{5}$) کا ۳$\frac{1}{2}$ کی

(۱۴) (۲ روپیہ ۸ آنہ ۹ پائی کا $\frac{1}{3}$ - ۳ روپیہ ۴ آنہ ۰ پائی کا $\frac{3}{4}$) ÷ ۲$\frac{1}{2}$ کی

(۱۵) (۷ روپیہ ۳ آنہ کا $\frac{2}{5}$ - ۷ روپیہ ۳ آنہ کا $\frac{4}{5}$) کا ۳۰۰ کی

(۱۶) (ایک پونڈ کا $\frac{2}{5}$ - ایک شلنگ کا $\frac{2}{5}$ + ایک گنی کا $\frac{2}{5}$ - ایک پونڈ، شلنگ کا $\frac{2}{5}$) کی

(۱۷) (ایک پونڈ ۱۲ شلنگ کا $\frac{2}{4}$ + ۳ پونڈ ۵ شلنگ کا $\frac{2}{5}$ + ۱$\frac{1}{2}$ گنی کا $\frac{1}{11}$) کی

(۱۸) (۲ گنی کا $\frac{4}{5} - \frac{1}{10}$ کا $\frac{2}{\frac{1}{2}3}$ + ۵ پونڈ کا $\frac{\frac{1}{2}1 + \frac{3}{5}}{\frac{2}{3} - \frac{2}{5}2}$) کی

(۱۹) (۷ فرلانگ ۲۹ پول ۳ $\frac{1}{2}$ گز کا $\frac{3}{5}$ + ۵ میل ۳ فرلانگ ۷ پول ۴ $\frac{1}{2}$ گز کا $\frac{2}{5}$ کی

(۲۰) (۹ ایکڑ ۳ روڈ ۳۶ پول ۲ $\frac{3}{4}$ گز کا $\frac{1}{11}$ - ۷ ایکڑ ۲ روڈ ۱۷ پول ۲۵ $\frac{1}{4}$ گز کا $\frac{3}{5}$) کی

(۲۱) ۳ دن ۸ گھنٹہ ۳۰ منٹ کا $\frac{3 \text{ من } 15 \text{ سیر}}{3 \text{ من } 30 \text{ سیر}} \times \frac{16 \text{ گز } 9 \text{ گرہ}}{9 \text{ گز } 15 \text{ گرہ}}$ کی

(۲۲) ۴ روپیہ ۵ آنہ کا $\frac{25 \text{ پونڈ } 12 \text{ شلنگ } 4 \text{ پینس}}{14 \text{ پونڈ } 5 \text{ شلنگ}}$ کا $\frac{5 \text{ روپیہ } 9 \text{ آنہ } 7 \text{ پائی}}{11 \text{ روپیہ } 3 \text{ آنہ } 2 \text{ پائی}}$ کی

۱۳۵ - ایک جنس کے کسی درجہ کے عدد یا کسر کو اُس جنس کے اُسی درجہ یا کسی اور درجہ کے عدد کی کسر میں تحویل کرنیکا قاعدہ یہ ہے

قاعدہ - عدد یا کسر کے برابر جسکو تحویل کرنا ہے اور نیز اُس عدد کے برابر جس کی کسر میں تحویل کرنا ہے ایسی ایسی رقمیں دریافت کرو جن کا درجہ

ایک ہی ہو پھر پہلی رقم کو شمار کنندہ اور دوسری رقم کو نسب نما بنا دو اس طرح جو کسر بنے گی وہی کسر مطلوب ہو گی

مثال ۱ ۶ آنہ ۹ پائی کو ایک روپیہ کی کسر کی طرف تحویل کرو

۶ آنہ ۹ پائی = ۹۷ پائی اور ایک روپیہ = ۱۶ آنہ = ۱۹۲ پائی

اِسلئے کسر مطلوب = $\frac{97}{192}$

دلیل اوپر کے عمل کی یہ ہے

اِس صورت میں ایک روپیہ یعنی اِکائی ۱۹۲ برابر حصّوں میں تقسیم ہوئی ہے اور ہر ایک حصّہ $\frac{1}{192}$ سے بیان کیا جاتا ہے اب چونکہ ایسے حصّے ۹۷ لئے گئے ہیں اِسلئے کسر مطلوب $\frac{97}{192}$ سے بیان ہوئی ہے

مثال ۲ ایک آنہ ۴ پائی کا $\frac{5}{8}$ کو ۲۷ آنہ کی کسر میں لاؤ

ایک آنہ ۴ پائی کا $\frac{5}{8}$ = ۱۶ پائی × $\frac{5}{8}$ = ۱۰ پائی

اور ۲۷ آنہ = ۲۷ × ۱۲ پائی = ۳۲۴ پائی

اِسلئے کسر مطلوب = $\frac{10}{324}$ = $\frac{5}{162}$

مثال ۳ ایک روپیہ کے $\frac{3}{11}$ کو ۶ آنہ ۶ پائی کی کسر میں لاؤ

ایک روپیہ کا $\frac{3}{11}$ = $\frac{3}{11}$ روپیہ = $\frac{48}{11}$ آنہ = ۴ آنہ ۷ پائی

اور ۶ آنہ ۶ پائی = ۶۶ پائی

اِسلئے کسر مطلوب = $\frac{12}{66}$ = $\frac{2}{11}$

مثال ۴ ۳ روپیہ ۲ آنہ ۸ پائی کو ۵ روپیہ ۶ آنہ ۹ پائی کی کسر میں لاؤ

۳ روپیہ ۲ آنہ ۸ پائی = ۵۰ آنہ ۸ پائی = ۶۰۸ پائی

اور ۵ روپیہ ۶ آنہ ۹ پائی = ۸۰۶ آنہ ۹ پائی = ۱۰۴۱ پائی

اِسلئے کسر مطلوب = $\frac{۶۰۸}{۱۰۴۱}$

مثال ۵ ۲ پونڈ ۵ شلنگ کے $\frac{۳}{۱۶}$ کو ۴ پونڈ ایک شلنگ کے $\frac{۱}{۳}$ کی کسر میں لاؤ

۲ پونڈ ۵ شلنگ کا $\frac{۳}{۱۶}$ = ۴۵ شلنگ × $\frac{۳}{۱۶}$ = $\frac{۱۳۵}{۱۶}$ شلنگ

اور ۴ پونڈ ایک شلنگ کا $\frac{۱}{۳}$ = ۸۱ شلنگ × $\frac{۱}{۳}$ = $\frac{۸۱}{۳}$ شلنگ = ۲۷ شلنگ

اِسلئے کسر مطلوب = $\frac{۱۳۵}{۲۷}$ = $\frac{۵}{۱۶}$

مثال ۶ ۳ من ۱۵ سیر ۱۲ چھٹانک کا ۲ من ۱۰ سیر ۸ چھٹانک کونسا حصہ ہے

۳ من ۱۵ سیر ۱۲ چھٹانک = ۱۳۵ سیر ۱۲ چھٹانک = ۲۱۷۲ چھٹانک

اور ۲ من ۱۰ سیر ۸ چھٹانک = ۹۰ سیر ۸ چھٹانک = ۱۴۴۰ چھٹانک

اِسلئے کسر مطلوب = $\frac{۱۴۴۰}{۲۱۷۲}$ = $\frac{۲}{۳}$

مثال ۷ ۲ ٹن کے $\frac{۱}{۴}$ کا ۴ ہنڈریڈ ویٹ کا $\frac{۱}{۷}$ کا ۱ $\frac{۱}{۳}$ کا ۲ $\frac{۲}{۳}$ کونسا حصہ ہے

۴ ہنڈریڈ ویٹ کا $\frac{۱}{۷}$ کا ۱ $\frac{۱}{۳}$ × ۲ $\frac{۲}{۳}$ = ۴ ہنڈریڈ ویٹ × $\frac{۱}{۷}$ × $\frac{۴}{۳}$ × $\frac{۸}{۳}$

= ۴ × $\frac{۱}{۷}$ × $\frac{۴}{۳}$ × $\frac{۸}{۳}$ ہنڈریڈ ویٹ

اور ۲ ٹن کا $\frac{۱}{۴}$ = ۴۰ ہنڈریڈ ویٹ × $\frac{۱}{۴}$ = ۴۰ × $\frac{۱}{۴}$ ہنڈریڈ ویٹ

اِسلئے کسر مطلوب = $\frac{۴ \times ۴ \times ۸ \times ۴ \times ۴}{۴۰ \times ۳ \times ۳ \times ۷}$ = $\frac{۳ \times ۸ \times ۴ \times ۴}{۴۰ \times ۳ \times ۳ \times ۷}$ = $\frac{۴ \times ۴}{۵ \times ۳ \times ۷}$ = $\frac{۱۶}{۱۰۵}$

مشق ۶۷

تحویل کرو

(۱) ۱۱ پائی کو ایک آنہ کی کسر کی طرف اور ۳ آنہ کو ۲ روپیہ کی کسر کی طرف اور

۳ پائی کو ایک اٹھنی کی کسر کی طرف

(۲) ۶ آنہ ۲ پائی کو ایک روپیہ کی کسر کی طرف اور ۲ روپیہ ۴ آنہ کو ۹ روپیہ کی کسر کی طرف اور ایک روپیہ ۸ آنہ کو ۱۰ روپیہ کی کسر کی طرف

(۳) ایک روپیہ، ۱۴ آنہ ۴ پائی کو ۱۱ روپیہ ۱۰ آنہ ۸ پائی کی کسر کی طرف اور ۲ روپیہ ۵ آنہ ۴ پائی کو ۱۶ روپیہ ۵ آنہ ۴ پائی کی کسر کی طرف

(۴) ۳ روپیہ ۲ آنہ ۶ پائی کو ۵ روپیہ ۵ آنہ کی کسر کی طرف اور ۳ روپیہ ۲ آنہ ۸ پائی کو ۱۹ روپیہ کی کسر کی طرف

(۵) ایک پونڈ ۳ شلنگ ۴ پینس کو ۹ پونڈ ۶ شلنگ ۸ پینس کی کسر کی طرف اور ۴ شلنگ ۱/۴ پینس کو ۱۰ شلنگ ۴ پینس کی کسر کی طرف

(۶) ۴ پونڈ، ۱ شلنگ ۴ پینس کو ۵ پونڈ کی کسر کی طرف اور ۸ پونڈ، شلنگ ۴ پینس کو ۲ پونڈ کی کسر کی طرف

(۷) ۳ سیر ۱۲ چھٹانک کو ایک من کی کسر کی طرف اور ۱۰ من ۱۲ سیر کو ۳ من کی کسر کی طرف

(۸) ۳ کوارٹر ۱۹ پونڈ کو ایک ٹن کی کسر کی طرف اور ۳ کوارٹر ۴ پونڈ کو ۲ ہنڈریڈ ویٹ کی کسر کی طرف

(۹) ۲۲۹ گز ۲ فیٹ ۶ انچ کو ایک میل کی کسر کی طرف اور ۶ مکعب فیٹ ۱۰۰ مکعب انچ کو ایک مکعب گز کی کسر کی طرف

(۱۰) ۲ ایکڑ ایک روڈ کو ۹ ایکڑ ۲ روڈ کی کسر کی طرف اور ۳ بسوہ ۴ بسوانسی کو ۵ بیگھہ ۴ بسوہ کی کسر کی طرف

(۱۱) ۱۰ $\frac{۵}{۶}$ مہینہ کو ۱۳ مہینے کی کسر کی طرف اور ۲ $\frac{۱}{۲}$ گنتی کو ۲ $\frac{۱}{۲}$ پونڈ کی کسر کی طرف اور ۳ $\frac{۱}{۲}$ دستہ کو ۲ $\frac{۱}{۲}$ رم کی کسر کی طرف

(۱۲) ۲ روپیہ ۸ آنہ ۸ پائی کے $\frac{۳}{۴}$ کو ۲ روپیہ کی کسر کی طرف اور ۵ روپیہ ۵ آنہ کے $\frac{۱}{۲}$ کو ۵ روپیہ ۱۵ آنہ کی کسر کی طرف

(۱۳) ۳ روپیہ ۵ آنہ ۴ پائی کو ۲۰ روپیہ کے $\frac{۲}{۳}$ کی کسر کی طرف اور ۲ روپیہ ۲ آنہ کے $\frac{۳}{۴}$ کو ۵ روپیہ ۴ آنہ کے $\frac{۳}{۴}$ کی کسر کی طرف

(۱۴) ۱۰ شلنگ ۶ پینس کے $\frac{۴}{۵}$ کو ایک پونڈ کی کسر کی طرف اور ایک شلنگ کے $\frac{۲۵}{۱۲}$ کو ۲ شلنگ ۶ پینس کی کسر کی طرف

(۱۵) ۴ پونڈ ۳ شلنگ ۴ پینس کے $\frac{۱}{۲}$ کو ۲۰ پونڈ کی کسر کی طرف اور ایک پونڈ ۷ شلنگ کے $\frac{۱}{۲}$ کو ۳ $\frac{۱}{۲}$ گنتی کی کسر کی طرف

(۱۶) ۲ سیر ۳ چھٹانک کے $\frac{۳}{۵}$ کو ۳ سیر ۱۵ چھٹانک کی کسر کی طرف اور ۲۵ سیر کے $\frac{۳}{۵}$ کو ایک من کے $\frac{۳}{۵}$ کی کسر کی طرف

(۱۷) ایک ہینی ویٹ کے $\frac{۳}{۵}$ کو ایک پونڈ کی کسر کی طرف اور ۲ پونڈ کے $\frac{۵}{۶}$ کو ۲ $\frac{۱}{۲}$ ٹن کی کسر کی طرف

(۱۸) ایک کراؤن کے $\frac{۳}{۵}$ کو ۷ شلنگ ۶ پینس کے $\frac{۱}{۲}$ کی کسر کی طرف اور ایک مربع انچ کے $\frac{۱۶}{۲۲۵}$ کو ایک مربع گز کی کسر کی طرف

کونسا حصہ ہے

(۱۹) ۵ روپیہ ۱۳ آنہ ۱۱ پائی کا ایک روپیہ ۴ آنہ ۵ پائی اور ۸ روپیہ ۹ آنہ ۶ پائی کا ۹ آنہ ۲ پائی

(۲۰) ۷ گنی کا ایک پونڈ و ۷ شلنگ کا $\frac{۲}{۳}$ اور ۹ پونڈ کا ۲ شلنگ ۶ پینس × $\frac{۹}{۱۰}$ × $\frac{۱}{۲}$

(۲۱) ایک لیگ کے $\frac{۳}{۴}$ کا ایک میل کا $\frac{۱}{۴}$ اور ایک ایکڑ کے $\frac{۱}{۳}$ کا ۲۵ $\frac{۹}{۱۱}$ پول

(۲۲) اِن تینوں میں کون سب سے بڑا اور کون سب سے چھوٹا ہے

ایک پونڈ کا $\frac{۱}{۲۱}$ و ایک گنی کا $\frac{۱}{۲۲}$ و ۳ شلنگ ۹ $\frac{۱}{۲}$ پینس کا $\frac{۱}{۴}$

(۲۳) اِن تینوں کو قیمت کی بیشی اور کمی کے مطابق ترتیب وار لکھو

۲ روپیہ ۴ آنہ ۲ $\frac{۱}{۴}$ پائی کا $\frac{۱}{۴}$ و ۶ روپیہ ۲ آنہ کا $\frac{۱}{۴}$ و ۵ روپیہ ۸ آنہ ۱۱ پائی کا $\frac{۱}{۲۴}$

(۲۴) {ایک پونڈ کا $\frac{۱۹}{۱۲۰}$ - ایک شلنگ کا $\frac{۱}{۲۰}$} کے $\frac{۳}{۱۳۱}$ کو ۱۳ شلنگ ۶ پینس کی کسر کی طرف تحویل کرو

(۲۵) {ایک روپیہ ۴ آنہ کا $\frac{۱}{۲}$ + ۱۰ روپیہ ۸ آنہ کا $\frac{۲}{۳}$ - ۸ پائی کا $\frac{۱}{۲}$ + ۱۰ روپیہ کا $\frac{۵}{۶}$} کو ۵۰ روپیہ کی کسر کی طرف تحویل کرو

(۲۶) ۵ آنہ ۴ پائی میں ایک روپیہ کا کونسا حصہ ملا دیں تاکہ حاصل جمع ایک اٹھنی ہو

(۲۷) گنٹر جریب میں جو ۲۲ گز لمبی ہے ۱۰۰ کڑیاں ہیں بتاؤ ہر کڑی ایک انچ کی کونسی کسر ہے

کسور اعشاریہ

۱۳۶- ۱۰ کے مختلف صنعت ۱۰ و ۲۰ و ۳۰ و ۴۰ و ۵۰ وغیرہ ہیں (دفعہ ۶۶)

۱۰ کی مختلف قوتیں ۱۰ و ۱۰۰ و ۱۰۰۰ و ۱۰۰۰۰ و ۱۰۰۰۰۰ وغیرہ ہیں اور اُن کو ترتیب وار ۱۰ کی پہلی قوت دوسری قوت تیسری قوت چوتھی قوت پانچویں قوت وغیرہ کہتے ہیں (دفعہ ۳۵)

۱۳۷- کسور جن کے نسب نما ۱۰ کی مختلف قوتوں میں سے کوئی قوت ہو

کسور اعشاریہ کہلاتے ہیں کسور عام اور کسور اعشاریہ میں یہ فرق ہے کہ کسور عام کے نسب نما کے لئے کوئی قید نہیں ہے ہر عدد اُس کا نسب نما ہو سکتا ہے لیکن کسور اعشاریہ کے نسب نما کے لئے یہ قید ہے کہ وہ ایسا عدد ہو جو ۱۰ کی کوئی قوت ہے کسور اعشاریہ کے نسب نما لکھے نہیں جاتے ہیں لیکن عددوں کی تالیف کا ایسا طریقہ رکھا گیا ہے جس سے ہر کسر اعشاریہ کا نسب نما معلوم ہو جائے اور وہ طریقہ نیچے لکھی ہوئی مثالوں کے دیکھنے سے بخوبی سمجھ میں آجائے گا

۳، بجائے $\frac{3}{10}$ کے لکھا جاتا ہے اور اُس کو تین دسواں پڑھتے ہیں

۲۵، بجائے $\frac{25}{100}$ کے لکھا جاتا ہے اور اُس کو پچیس سواں پڑھتے ہیں

۳۵۷، بجائے $\frac{357}{1000}$ کے لکھا جاتا ہے اور اُس کو تین سو ستاون ہزارواں پڑھتے ہیں

اِن ہندسوں سے جو ۰ کے داہنی طرف ہیں بنا ہوا عدد ہر صورت میں کسر کا شمار کنندہ ہے اور ہندسوں کی تعداد سے ۰ کی وہ قوت ظاہر ہوتی ہے جو اُس کسر کا نسب نما ہے اِس ۰ کو علامت اعشاریہ کہتے ہیں

اب چونکہ ۰ کی پہلی قوت آ کے داہنی طرف ایک صفر لکھنے سے اور دوسری قوت آ کے داہنی طرف دو صفر لکھنے سے اور اِسی طرح تیسری قوت اور چوتھی قوت اور پانچویں قوت وغیرہ آ کے داہنی طرف ترتیب وار تین اور چار اور پانچ صفر وغیرہ لکھنے سے ظاہر ہوتی ہے اِسلئے ہر صورت میں ہم نسب نما کو آ کے داہنی طرف اُتنے صفر جتنے ۰ کے داہنی طرف ہندسے ہیں

رکھکر لکھ سکتے ہیں مثلاً ۹ ۸ ۶ ۲ ۳ ۰ ۰ ۰ کو کسر عام کی شکل میں اس طرح $\frac{۳۲۶۸۰۰۹}{۱۰۰۰۰۰۰۰}$ لکھتے ہیں یعنی نسب نما میں آکے داہنی طرف چھ صفر رکھتے ہیں کیونکہ تعداد ہندسوں کی جو ۰ کے داہنی طرف ہیں چھ ہے

اور ۰٫۰۰۷ = $\frac{۷}{۱۰۰۰}$ اور ۰٫۰۰۹ = $\frac{۹}{۱۰۰۰}$ اور ۰٫۰۲۳ = $\frac{۲۳}{۱۰۰۰}$

صفر جو ۰ اور ۷ کے اور ۰ اور ۹ کے اور ۰ اور ۲۳ کے درمیان ہیں شمار کنندوں میں نہیں رکھے گئے ہیں کیونکہ ۷ اور ۰۰۷ سے ایک ہی مراد ہے اور ۹ اور ۰۰۹ سے ایک ہی عدد سمجھا جاتا ہے اور ۲۳ اور ۰۲۳ ایک ہی عدد کو ظاہر کرتے ہیں یعنی ایسے صفروں کے نکال ڈالنے سے شمار کنندوں کی قیمت پر کچھ اثر نہیں ہوتا ہے

۱۳۸۔ کسور اعشاریہ کے داہنی طرف صفر زیادہ کرنے سے اُس کی قیمت پر کچھ اثر نہیں ہوتا

مثلاً ۰٫۷ اور ۰٫۷۰ اور ۰٫۷۰۰ سب آپس میں برابر ہیں

کیونکہ ۰٫۷ = $\frac{۷}{۱۰}$ اور ۰٫۷۰ = $\frac{۷۰}{۱۰۰}$ = $\frac{۷}{۱۰}$ اور ۰٫۷۰۰ = $\frac{۷۰۰}{۱۰۰۰}$ = $\frac{۷}{۱۰}$

لیکن کسور اعشاریہ میں جسکے بعد جو عدد ہے اُس کے بائیں طرف یعنی ۰ اور اُس عدد کے درمیان صفر زیادہ کرنے سے قیمت پر اثر ہوتا ہے مثلاً ۰٫۷ اور ۰٫۰۷ آپس میں برابر نہیں ہیں کیونکہ ۰٫۷ = $\frac{۷}{۱۰}$ اور ۰٫۰۷ = $\frac{۷}{۱۰۰}$ چونکہ $\frac{۷}{۱۰۰}$ دسواں حصہ $\frac{۷}{۱۰}$ کا ہے اسلئے ۰ کے داہنی طرف ایک صفر زیادہ کرنے یعنی ۰ کے ایک جگہ بائیں طرف ہٹ جانے سے نئی کسر جو پیدا ہوئی وہ اصلی کسر کی قیمت کا دسواں حصہ ہے اسی طرح دو تین وغیرہ صفر زیادہ کرنے

سے جو قیمتیں پیدا ہوں گی وہ ترتیب وار اصل قیمت کا سواں ہزارواں وغیرہ حصّہ ہوں گی

۱۳۹- کسور اعشاریہ کے ظاہر کرنے کے لئے اصل میں وہی ترتیب ہندسوں کی جاری رکھی گئی ہے جو صحیح عددوں کے ظاہر کرنے کے لئے ہے جیسا کہ نیچے کے بیان پر خیال کرنے سے معلوم ہوگا

جس طرح سے ہر ہندسہ کی مقامی قیمت اُسکے ایک ایک جگہہ داہنے سے بائیں کو ہٹنے میں دس دس مرتبہ بڑھتی جاتی ہے اُسی طرح ہر ہندسہ کی مقامی قیمت اُس کے ایک ایک جگہہ بائیں سے داہنے کو ہٹنے میں دس دس دفعہ کم ہوتی جاتی ہے اِس لئے اگر ہم کوئی سطر ہندسوں کی اکائی کے داہنی طرف لکھیں تو چونکہ اُن ہندسوں میں ہر ہندسہ کی قیمت جگہہ کے مطابق اُس کی اُس قیمت کا دسواں حصّہ ہے جو اُس کے ایک جگہہ بائیں طرف ہٹ جانے پر ہے ایک سلسلہ کسور کا اکائی کے داہنی طرف پیدا ہوگا جن کے نسب نما ۱۰ اور ۱۰۰ اور ۱۰۰۰ وغیرہ ہیں اور جن کے شمار کنندے صفر سے ۹ تک کے ہندسوں میں سے ہیں مثلاً $۳۵۶۷۳ = ۳ + ۱۰ \times ۴ + \frac{۵}{۱۰} + \frac{۶}{۱۰۰} + \frac{۷}{۱۰۰۰} + \frac{۳}{۱۰۰۰۰}$

۱۴۰- عدد جو کسی عدد صحیح اور کسر اعشاریہ سے مرکب ہے اُس کو کسر عام کی صورت میں لانیکا قاعدہ یہ ہے

قاعدہ- علامت اعشاریہ کی یعنی (د) دُور کرکے اُسکے کل ہندسے شمار کنندہ کی جگہہ پر لکھو اور نسب نما میں آ لکھکر اُسکے داہنی طرف اُتنے صفر لکھو جتنے اس عدد میں د کے داہنی طرف ہندسے ہیں

مثال ۱ ۳٫۴ کو کسر عام کی صورت میں لاؤ

$$۳٫۴ = \frac{۳۴}{۱۰} \text{ کیونکہ } ۳٫۴ = ۳ + ۴ = ۳ + \frac{۴}{۱۰} = \frac{۳۰}{۱۰} + \frac{۴}{۱۰} = \frac{۳۴}{۱۰}$$

مثال ۲ ۸۵٫۰۳۴ کو کسر عام کی صورت میں لاؤ

$$۸۵٫۰۳۴ = \frac{۸۵۰۳۴}{۱۰۰۰}$$

$$\text{کیونکہ } ۸۵٫۰۳۴ = ۸۵ + ۰٫۰۳۴ = ۸۵ + \frac{۳۴}{۱۰۰۰} = \frac{۸۵۰۰۰}{۱۰۰۰} + \frac{۳۴}{۱۰۰۰} = \frac{۸۵۰۳۴}{۱۰۰۰}$$

۱۴۱۔ کسر جس کا نسب نما جو ۱ کے بائیں کوئی قوت ہو لکھا ہوا ہو اُس کو کسر اعشاریہ کی صورت میں لانے کا قاعدہ یہ ہے

قاعدہ۔ جتنے کسر کے نسب نما میں آ کے ساتھ صفر ہیں اُتنے ہندسے داہنی طرف کے کسر کے شمار کنندہ میں سے لیکر اُن ہندسوں کے بائیں طرف دہ لکھدو اگر شمار کنندہ میں اُتنے ہندسے نہوں جتنے نسب نما میں آ کے بعد صفر ہیں تو جتنے ہندسے کم ہیں اُتنے صفر اُن ہندسوں کے بائیں طرف رکھکر دہ لکھدو

مثال ۱ $\frac{۸۳۴۵۶۹۲}{۱۰۰۰۰۰۰}$ کو کسر اعشاریہ کی صورت میں لاؤ

$$\frac{۸۳۴۵۶۹۲}{۱۰۰۰۰۰۰} = ۸۳٫۴۵۶۹۲$$


رقبہ = (۳۱ × ۱۶) مربع انچ = ۴۹۶ مربع انچ

یا لمبائی کا پیمانہ ایک فٹ خیال کرنے اور اِسلئے رقبہ کا پیمانہ ایک مربع فٹ خیال کرنے سے

رقبہ = (۲ ۱/۱۲ × ۱ ۱/۳) مربع فیٹ = ۳۱/۹ مربع فیٹ = ۳ ۴/۹ مربع فیٹ

مثال ۳ ایک مربع میدان کا رقبہ دریافت کرو جسکی لمبائی یا چوڑائی ۴۹ گز ہے

ایک گز لمبائی کا پیمانہ خیال کرنے سے

رقبہ = (۴۹ × ۴۹) مربع گز = ۲۴۰۱ مربع گز

لڑکوں کو یہ بات ضرور خیال رکھنی چاہیئے کہ ۴۹ گز مربع اور ۴۹ مربع گزیں بڑا فرق ہے اوّل سے وہ مربع مُراد ہے جسکے ہر کنارہ کی لمبائی ۴۹ گز ہے اور جس کا رقبہ ۲۴۰۱ مربع گز ہے اور دوسرے سے وہ سطح مُراد ہے جسکا رقبہ ۴۹ مربع گز ہے

مثال ۴ جس کمرہ کی لمبائی ۲۴ فیٹ اور چوڑائی ۱۸ فیٹ اور اونچائی ۱۵ فیٹ ہے اُسکے اندر فرش کا رقبہ اور چاروں دیواروں کی سطح کا رقبہ کتنا کتنا ہے

فرش کی لمبائی اور چوڑائی وہی ہے جو کمرہ کی لمبائی اور چوڑائی ہے

اِسلئے فرش کا رقبہ = (۲۴ × ۱۸) مربع فیٹ = ۴۳۲ مربع فیٹ

پھر چونکہ کمرہ کی دو دیواروں میں سے ہر ایک کی لمبائی وہی ہے جو کمرہ کی لمبائی ہے اور دو دیواروں میں سے ہر ایک کی لمبائی وہی ہے جو کمرہ کی چوڑائی ہے اور ان چاروں دیواروں میں سے ہر ایک کی چوڑائی وہی ہے جو کمرہ کی اونچائی ہے اِسلئے چاروں دیواروں کو ملا کر ایک دیوار خیال کرنے سے اُس دیوار کی لمبائی کمرہ کی لمبائی اور چوڑائی کے مجموعہ کی دُونی ہے اور چوڑائی وہی ہے جو کمرہ کی اونچائی ہے اِسلئے چاروں دیواروں کی سطح کا رقبہ = {۲ × (۱۸ + ۲۴)} × ۱۵ مربع فیٹ

= (۱۵×۴۲×۲) مربع فیٹ = ۱۲۶۰ مربع فیٹ

مثال ۵- ایک قائم الزاویہ باغ کے جس کی لمبائی ۲۵۰ فیٹ اور چوڑائی ۱۷۵ فیٹ ہے چاروں طرف ۶ فیٹ چوڑی سڑک تیار کرائی ہے بتاؤ کہ اُس سڑک میں کتنی زمین گھری ہے



فرض کرو کہ ا ب س د باغ ہے اور اُسکے چاروں طرف ۶ فیٹ چوڑی سڑک ہے تو اُس زمین کی جس میں باغ اور سڑک دونوں ہیں لمبائی (۲۵۰+۱۲) یعنی ۲۶۲ فیٹ ہے اور چوڑائی (۱۷۵+۱۲) یعنی ۱۸۷ فیٹ ہے

اِسلئے اُس زمین کا رقبہ جسمیں باغ اور سڑک ہیں = (۲۶۲×۱۸۷) مربع فیٹ

= (۱۸۳۴+۴۷۱۶۰) مربع فیٹ

= ۴۸۹۹۴ مربع فیٹ

لیکن اُس زمین کا جس میں صرف باغ ہے رقبہ = (۲۵۰×۱۷۵) مربع فیٹ

= ۴۳۷۵۰ مربع فیٹ

اِسلئے اُس زمین کا جسمیں سڑک تیار کرائی جاوے گی رقبہ = (۴۸۹۹۴-۴۳۷۵۰) مربع فیٹ

= ۵۲۴۴ مربع فیٹ

مثال ۶- ایک قائم الزاویہ زمین کے ٹکڑہ میں جس کی لمبائی ۲۰۰ فیٹ اور چوڑائی ۱۲۵ فیٹ ہے ۵ فیٹ چوڑی زمین چاروں طرف روس کے لئے چھوڑ کر باقی زمین میں درخت لگائے گئے ہیں بتاؤ کہ اُس حصہ زمین کا رقبہ جس میں درخت لگائے گئے ہیں کتنا ہے

فرض کرو کہ ا ب س د کل زمین ہے اور ی ف ج ہ وہ حصہ ہے جس میں درخت لگائے گئے ہیں تو ی ف ج ہ کی لمبائی (۲۰۰ - ۱۰) یعنی ۱۹۰ فیٹ ہے اور چوڑائی (۱۲۵ - ۱۰) یعنی ۱۱۵ فیٹ ہے



اِسلئے ی ف ج ہ کا رقبہ = (۱۹۰ × ۱۱۵) مربع فیٹ = ۲۱۸۵۰ مربع فیٹ

مثال ۷ ایک مستطیل باغ میں جس کی لمبائی ۴۲۵ فیٹ اور چوڑائی ۲۲۵ فیٹ ہے چوپڑکی سڑک ۱۲½ فیٹ چوڑی بنی ہوئی ہے بتاؤ کہ کتنی زمین سڑک میں گھری ہوئی ہے

فرض کرو کہ ا ب س د ایک مستطیل باغ ہے جس میں چوپڑکی سڑک ہے

چونکہ اُس سڑک کی لمبائی جسکے سرے ا د اور ب س پر ہیں ۴۲۵ فیٹ ہے اور اُس سڑک کی لمبائی جسکے سرے ا ب اور س د پر ہیں ۲۲۵ فیٹ ہے اور ہر سڑک کی چوڑائی ۱۲½ فیٹ ہے



اِسلئے دونوں سڑکوں کا رقبہ ملکر = (۴۲۵ + ۲۲۵) × ۱۲½ مربع فیٹ

$= \frac{۶۵۰ \times ۲۵}{۲}$ مربع فیٹ

= ۸۱۲۵ مربع فیٹ

لیکن چوپڑکی سڑک میں حصہ ی (شکل کو دیکھو) جو ۱۲½ فیٹ مربع یعنی $\frac{۶۲۵}{۴}$ مربع فیٹ ہے دونوں سڑکوں میں شامل ہے

اِسلئے چوپڑکی سڑک کا رقبہ = (۸۱۲۵ - $۱۵۶\frac{۱}{۴}$) مربع فیٹ = $۷۹۶۸\frac{۳}{۴}$ مربع فیٹ

۱۶۹ - چونکہ اوپر کی دفعہ میں بیان ہوا ہے کہ قائم الزاویہ کے رقبہ کے مربع

پیمانوں کا شمار لمبائی اور چوڑائی کے پیمانوں کا حاصل ضرب ہے

اسلئے اگر تینوں چیزوں یعنی رقبہ اور لمبائی اور چوڑائی میں سے کوئی دو معلوم ہوں تو تیسری دریافت ہو سکتی ہے

یعنی رقبہ کے مربع پیمانوں کا شمار = لمبائی کے پیمانوں کا شمار × چوڑائی کے پیمانوں کا شمار

اور لمبائی کے پیمانوں کا شمار = رقبہ کے مربع پیمانوں کا شمار ÷ چوڑائی کے پیمانوں کا شمار

اور چوڑائی کے پیمانوں کا شمار = رقبہ کے مربع پیمانوں کا شمار ÷ لمبائی کے پیمانوں کا شمار

مثال ۱ ایک قائم الزاویہ کیاری ۴ فیٹ ۳ انچ چوڑی ہے اور اُس کا رقبہ ۳۴ مربع فیٹ ہے بتاؤ کہ اُس کیاری کی لمبائی کیا ہے

لمبائی کے پیمانوں کی تعداد = $\frac{۳۴}{۴\frac{۱}{۴}} = \frac{۱۳۶}{۱۷} = \frac{۴ \times ۳۴}{۱۷} = ۸$

اسلئے لمبائی = ۸ فیٹ

مثال ۲۔ جس قائم الزاویہ کھیت کا رقبہ ۳۳۰۰ مربع فیٹ اور لمبائی ۲۷٫۵ فیٹ ہے اُس کی چوڑائی کیا ہے

چوڑائی کے پیمانہ کی تعداد = $\frac{۳۳۰۰}{۲۷٫۵} = ۱۲۰$

اسلئے چوڑائی ۱۲۰ فیٹ ہے

مثال ۳۔ ایک مستطیل کھیت کی لمبائی چوڑائی سے دُونی ہے اور اُس کا رقبہ ۲۰۴۸ مربع گز ہے اُس کھیت کی لمبائی اور چوڑائی بتاؤ



فرض کرو کہ اب س د ایک کھیت ہے

جسکی لمبائی اب چوڑائی ب س سے دُونی ہے

اگر لمبائی اب کے نقطہ ی پر دو برابر حصّے کئے جاویں اور ی سے ی ف متوازی ادبا

ب س کا کھینچا جائے تو ا د ف ی اور ی ف س ب میں سے ہر ایک ایسا مربع ہے جس کی لمبائی اور چوڑائی وہی ہے جو کھیت کی چوڑائی ہے اور جسکا رقبہ کھیت کے رقبہ کا آدھا ہے

اِسلئے ا د ف ی اور ی ف س ب میں سے ہر ایک کا رقبہ = ۱۰۲۴ مربع گز

اِسلئے کھیت کی چوڑائی = $\sqrt{۱۰۲۴}$ گز = $\sqrt{۸×۸×۱۶}$ گز = $\sqrt{۴×۴×۸×۸}$ مربع گز

= ۸×۴ گز = ۳۲ گز

اِسلئے کھیت کی لمبائی = (۲×۳۲) گز = ۶۴ گز

مثال ۴ ایک کمرہ کا رقبہ جس کی لمبائی چوڑائی سے تگنی ہے فرش کا رقبہ ۴۳۲ مربع فیٹ ہے اور چاروں دیواروں کی سطح کا رقبہ ۱۴۴۰ مربع فیٹ ہے اُس کمرہ کی لمبائی اور اونچائی کیا کیا ہے

فرش کو ۳ برابر حصّوں میں تقسیم کرنے سے ہر مربع حصّہ کا رقبہ = $\frac{۴۳۲}{۳}$ مربع فیٹ

= ۱۴۴ مربع فیٹ

اِسلئے کمرہ کی چوڑائی = $\sqrt{۱۴۴}$ فیٹ = ۱۲ فیٹ

اِسلئے کمرہ کی لمبائی = ۳×۱۲ فیٹ = ۳۶ فیٹ

اب چونکہ کمرہ کی لمبائی ۳۶ فیٹ اور چوڑائی ۱۲ فیٹ ہے

اِسلئے چاروں دیواروں کو ایک دیوار خیال کرنے سے اُس دیوار کی لمبائی ۲×(۳۶+۱۲) یعنی ۹۶ فیٹ ہے اور اُس کا رقبہ ۱۴۴۰ مربع فیٹ دیا ہوا ہے

اِسلئے اُس دیوار کی چوڑائی = $\frac{۱۴۴۰}{۹۶}$ فیٹ = ۱۵ فیٹ

اِسلئے کمرہ کی اونچائی = ۱۵ فیٹ

۱۷۰- تحریر اقلیدس کے پہلے مقالہ کی شکل ۴۷ میں ثابت ہوا ہے کہ مثلث قائم الزاویہ میں زاویہ قائمہ کے سامنے کے ضلع پر کا مربع برابر ہے اُن دو مربعوں کے مجموعہ کے جو زاویہ قائمہ بنانیوالے ضلعوں پر بناتے جائیں گے اِسلئے زاویہ قائمہ کے سامنے کے ضلع کے پیمانوں کی تعداد کا مربع برابر ہوگا زاویہ قائمہ بنانیوالے ضلعوں کے پیمانوں کی تعدادوں کے مربعوں کے مجموعہ کے

مثال ۱- مستطیل کھیت کی لمبائی ۵۶ فیٹ اور چوڑائی ۴۲ فیٹ ہے اُسکے آمنے سامنے کے کونوں کی دُوری ایک دوسرے سے کیا ہے

دُوری کے پیمانوں کی تعداد کا مربع = ۵۶×۵۶ + ۴۲×۴۲

= ۳۱۳۶ + ۱۷۶۴ = ۴۹۰۰

اِسلئے دُوری کے پیمانوں کی تعداد = $\sqrt{۴۹۰۰}$ = $\sqrt{۷۰×۷۰}$ = ۷۰

اِسلئے دُوری ۷۰ فیٹ ہے

مثال ۲- ایک مستطیل کھیت کے جس کی لمبائی ۳۰۰ فیٹ اور چوڑائی ۱۲۵ فیٹ ہے بیچوں بیچ میں ایک آم کا درخت ہے بتاؤ کہ وہ آم کا درخت کھیت کے ہر کونہ سے کتنی دُور ہے

آمنے سامنے کے کونوں کی آپس کی دُوری کے پیمانوں کی تعداد کا مربع

= ۳۰۰×۳۰۰ = ۱۲۵×۱۲۵ + ۹۰۰۰۰ = ۱۵۶۲۵ + ۱۰۵۶۲۵

اِسلئے کونوں کی دُوری کے پیمانوں کی تعداد = $\sqrt{۱۰۵۶۲۵}$ = $\sqrt{۴۲۲۵×۲۵}$

= $\sqrt{۱۳×۱۳×۲۵×۲۵}$ = $\sqrt{۱۶۹×۲۵×۲۵}$

= ۱۳×۲۵ = ۳۲۵

اِسلئے کونوں کی دُوری = ۳۲۵ فیٹ

اِسلئے ہر کونہ سے درخت کی دُوری = $\frac{۳۲۵}{۲}$ فیٹ = ۱۶۲ فیٹ ۶ انچ

مثال ۳ جس مستطیل کھیت کی لمبائی ۳۶ گز ہے اور آمنے سامنے کے کونوں کی دُوری ۴۵ گز ہے اُس کا رقبہ کتنا ہے

چونکہ چوڑائی کھیت کی = $\sqrt{(۴۵ \times ۴۵ - ۳۶ \times ۳۶)}$ گز = $\sqrt{(۴۵+۳۶)(۴۵-۳۶)}$ گز

= $\sqrt{۹ \times ۸۱}$ گز = (۳ × ۹) گز

= ۲۷ گز

اِسلئے رقبہ = (۳۶ × ۲۷) مربع گز = ۹۷۲ مربع گز

۱۷۱- **حد**- دائرہ وہ شکل ہے جو ایک منحنی خط سے جس کو محیط کہتے ہیں گھری ہو اور اُس کے اندر ایک خاص نقطہ ایسا ہو کہ جتنے خط مستقیم اُس نقطہ سے محیط تک کھینچے جائیں وہ سب آپس میں برابر ہوں اور ایسے نقطہ کو اُس دائرہ کا مرکز کہتے ہیں اور جو خط مستقیم اُس نقطہ سے محیط تک کھینچا جاتا ہے اُس کو دائرہ کا نصف قطر کہتے ہیں اور وہ خط مستقیم جو دائرہ کے مرکز میں ہو کر گذرے اور جس کے دونوں سرے محیط پر ہوں دائرہ کا قطر کہلاتا ہے

دائرہ کا محیط قطر کا قریب قریب $۳\frac{۱}{۷}$ گنا ہوتا ہے مثلاً اگر قطر ۴۲ فیٹ ہے تو محیط $(۴۲ \times \frac{۲۲}{۷})$ یعنی ۱۳۲ فیٹ ہے

اگر کسی دائرہ کا قطر یا محیط معلوم ہو تو اُس دائرہ کا رقبہ اِس قاعدہ سے دریافت کرتے ہیں

قاعدہ- نصف قطر کی لمبائی کے پیمانوں کی تعداد کے مربع کو $\frac{۲۲}{۷}$ میں ضرب دو حاصل ضرب قریب قریب دائرہ کے مربع پیمانوں کی تعداد ہو گا

مثال ۱ - اگر ایک کمرہ کے گول یعنی دائرہ نما فرش کا قطر ۲۱ فیٹ ہو تو اُسکا رقبہ کیا ہوگا

رقبہ کے مربع پیمانوں کی تعداد = $\frac{۲۱}{۲} \times \frac{۲۱}{۲} \times \frac{۲۲}{۷} = \frac{۱۱ \times ۳ \times ۲۱}{۲}$

$= \frac{۶۹۳}{۲} = ۳۴۶\frac{۱}{۲}$

اِسلئے رقبہ $۳۴۶\frac{۱}{۲}$ مربع فیٹ ہے

مثال ۲ جس گول کھیت کا نصف قطر ۳۵ گز ہے اُس کا رقبہ کیا ہے

رقبہ کے مربع پیمانوں کی تعداد = $\frac{۲۲}{۷} \times ۳۵ \times ۳۵ = ۲۲ \times ۳۵ \times ۵$

$= ۲۲ \times ۱۷۵ = ۳۸۵۰$

اِسلئے رقبہ ۳۸۵۰ مربع گز ہے

چونکہ دائرہ کے محیط کے پیمانوں کی تعداد قطر کے پیمانوں کی تعداد کی $۳\frac{۱}{۷}$ گنی ہے اور دائروں کے رقبہ کے مربع پیمانوں کی تعداد نصف قطر کے پیمانوں کی تعداد کے مربع کی $۳\frac{۱}{۷}$ گنی ہے اِسلئے اگر کسی دائرہ کا رقبہ یا محیط معلوم ہو تو اُس کا قطر اِن دو قاعدوں سے معلوم ہو سکتا ہے

قاعدہ ۱ - محیط کے پیمانوں کی تعداد کو $۳\frac{۱}{۷}$ پر تقسیم کرو خارج قسمت قطر کے پیمانوں کی تعداد ہوگی

قاعدہ ۲ - رقبہ کے مربع پیمانوں کی تعداد کو $۳\frac{۱}{۷}$ پر تقسیم کرو خارج قسمت کا جذر نصف قطر کے پیمانوں کی تعداد ہوگی

مثال ۱ جس گول تالاب کا محیط ۵۵۰ گز ہے اُس کا قطر کیا ہوگا

حل - قطر کے پیمانے = $۵۵۰ \div \frac{۲۲}{۷} = \frac{۵۵۰ \times ۷}{۲۲} = ۲۵ \times ۷ = ۱۷۵$ گز

اِسلئے قطر ۱۷۵ گز ہے

مثال ۲۔ جس گول کھیت کا رقبہ ۶۱۶ مربع گز ہے اُس کا قطر کیا ہوگا

حل نصف قطر کے پیمانوں کی تعداد = $\sqrt{۶۱۶ \div \frac{۲۲}{۷}} = \sqrt{\frac{۶۱۶ \times ۷}{۲۲}}$

$= \sqrt{\frac{۷ \times ۷ \times ۸۸}{۲۲}} = \sqrt{۷ \times ۷ \times ۴} = ۷ \times ۲ = ۱۴$

اِسلئے نصف قطر ۱۴ گز ہے اور اِسلئے قطر ۲۸ گز ہے

مثال ۳۔ ایک گول باغ کے جسکا رقبہ ۱۳۸۶ مربع فیٹ ہے گرد ۷ فیٹ چوڑی سڑک تیار کرانی ہے بتاؤ کہ اُس سڑک میں کتنی زمین ہے



حل۔ فرض کرو کہ اب س کھیت ہے جس کا مرکز ہے اور ی فج سڑک کا باہری کنارہ ہے

تو کھیت کا نصف قطر اد = $\sqrt{۱۳۸۶ \div \frac{۲۲}{۷}}$ فیٹ

$= \sqrt{\frac{۷ \times ۱۳۸۶}{۲۲}}$ فیٹ $= \sqrt{۷ \times ۶۳}$ فیٹ $= \sqrt{۷ \times ۷ \times ۳ \times ۳}$ فیٹ

$= (۷ \times ۳)$ فیٹ

$= ۲۱$ فیٹ

اب چونکہ سڑک ۷ فیٹ چوڑی ہے اِس لئے دی $= (۲۱ + ۷)$ فیٹ $= ۲۸$ فیٹ

اِسلئے کُل دائرہ ی فج کا رقبہ $= (\frac{۲۲}{۷} \times ۲۸ \times ۲۸)$ مربع فیٹ

$= (۴ \times ۲۸ \times ۲۲)$ مربع فیٹ $= ۲۴۶۴$ مربع فیٹ

اِسلئے سڑک کی زمین کا رقبہ $= (۲۴۶۴ - ۱۳۸۶)$ مربع فیٹ $= ۱۰۷۸$ مربع فیٹ

مثال ۴۔ جس مستطیل باغ کی لمبائی ۶۰ گز اور چوڑائی ۴۵ گز ہے اُس کے بیچوں بیچ میں ایک گول حوض پانی کا ہے جس کی سطح کا رقبہ ۱۵۴ مربع گز ہے بتاؤ کہ باغ کے ہر کونہ سے پانی کا کنارہ کم سے کم کتنی دُور ہے



حل - فرض کرو کہ اب س د مستطیل کھیت ہے اور ی ف ج اُسکے بیچوں بیچ میں گول حوض ہے جسکا مرکز ہ ہے

چونکہ ا ہ = $\frac{\text{ا س}}{۲}$ = $\frac{۱}{۲}$ $\sqrt{}$ ۶۰ × ۶۰ + ۴۵ × ۴۵ گز

= $\frac{۱}{۲}$ $\sqrt{}$ ۱۵ × ۱۵ × (۴ × ۴ + ۳ × ۳) گز

= $\frac{۱}{۲}$ $\sqrt{}$ ۲۵ × ۱۵ × ۱۵ گز = $\frac{۱}{۲}$ (۵ × ۱۵) گز = $\frac{۷۵}{۲}$ گز = ۳۷ $\frac{۱}{۲}$ گز

اور ہی ہ = ۱۵۴ ÷ ۲ = $\frac{۲۲}{۷}$ گز = $\frac{۷}{۲۲}$ × ۱۵۴ گز = $\sqrt{}$ ۷ × ۷ گز = ۷ گز

اِسلئے ا ی یعنی کونہ سے پانی کے کنارہ کی دُوری = (۳۷ $\frac{۱}{۲}$ - ۷) گز = ۳۰ $\frac{۱}{۲}$ گز

مثال ۵ - اگر ایک گول کمرہ کے فرش کا قطر ۳۵ فیٹ ہے اور اُس کمرہ کی اونچائی ۲۰ فیٹ ہے تو اُس کے فرش کا رقبہ اور دیوار کی سطح کا رقبہ کیا ہوگا

حل - فرش کا رقبہ = $\frac{۳۵}{۲}$ × $\frac{۳۵}{۲}$ × $\frac{۲۲}{۷}$ مربع فیٹ = $\frac{۱۱ × ۵ × ۳۵}{۲}$ مربع فیٹ

= $\frac{۱۹۲۵}{۲}$ مربع فیٹ = ۹۶۲ $\frac{۱}{۲}$ مربع فیٹ

چونکہ دیوار کی لمبائی فرش کا محیط ہے اور اُس کی چوڑائی کمرہ کی اونچائی ہے

اِسلئے دیوار کی سطح کا رقبہ = (۲۲ × $\frac{۳۵}{۲}$ × ۲۰) مربع فیٹ = (۲۲ × ۵ × ۲۰) مربع فیٹ

= ۲۲۰۰ مربع فیٹ

مثال ۶ - جس گول کمرہ کے فرش کا رقبہ ۱۵۴ مربع فیٹ ہے اور اُس کی دیوار کی سطح کا رقبہ ۲۳۲ مربع فیٹ ہے اُس کے فرش کا قطر کتنا اور اُس کی اونچائی کتنی ہے

حل - چونکہ فرش کا نصف قطر = $\sqrt{}$ ۱۵۴ ÷ $\frac{۲۲}{۷}$ فیٹ = $\sqrt{}$ $\frac{۳۷۸۳}{۸}$ × $\frac{۷}{۲۲}$ فیٹ

= $\sqrt{}$ $\frac{۷ × ۳۴۳}{۱۶}$ فیٹ

= $\sqrt{}$ $\frac{۷ × ۷ × ۷ × ۷}{۴ × ۴}$ فیٹ

$= \frac{49}{4}$ فیٹ $= 12\frac{1}{4}$ فیٹ

اِس لئے فرش کا قطر $= 12\frac{1}{4} \times 2$ فیٹ $= 24\frac{1}{2}$ فیٹ

اِسلئے فرش کا محیط $= 24\frac{1}{2} \times \frac{22}{7}$ فیٹ $= \frac{22 \times 49}{7 \times 2}$ فیٹ $= 11 \times 7$ فیٹ $= 77$ فیٹ

لیکن دیوار کی سطح کا رقبہ ۱۲۳۲ مربع فیٹ ہے

اِسلئے کمرہ کی اونچائی $= (1232 \div 77)$ فیٹ $= 16$ فیٹ

مشق ۵۰

اُن قائم الزاویوں کے رقبے دریافت کرو جن کی لمبائیاں اور چوڑائیاں نیچے لکھی ہیں

(۱) لمبائی $13\frac{1}{2}$ فیٹ اور چوڑائی ۱۰ فیٹ

(۲) لمبائی $22\frac{1}{2}$ فیٹ اور چوڑائی $13\frac{1}{2}$ فیٹ

(۳) لمبائی ۵ فیٹ ۴ اِنچ اور چوڑائی ۲ فیٹ ۳ اِنچ

(۴) لمبائی ۷ فیٹ ۵ اِنچ اور چوڑائی ۵ گز ۲ فیٹ

(۵) لمبائی ۵ گز ایک فٹ اور چوڑائی ۲ گز ایک فٹ ۵ اِنچ

(۶) لمبائی ۶ گز ۲ فیٹ ۳ اِنچ اور چوڑائی ۲ گز ایک فٹ ۵ اِنچ

اُن مربعوں کے رقبے دریافت کرو جن کے ہر ایک ضلع کی لمبائی نیچے لکھی ہے

(۷) ۱۰ $\frac{3}{4}$ فیٹ (۸) ۳۷ $\frac{1}{2}$ فیٹ (۹) ۹ فیٹ ۷ اِنچ

(۱۰) ۳ فیٹ ۴ اِنچ (۱۱) ۷ گز ایک فٹ ۵ اِنچ

اُن قائم الزاویوں کی چوڑائی بتاؤ جسکے رقبے اور لمبائیاں نیچے لکھی ہیں

(۱۲) رقبہ ۶۷ مربع فیٹ اور لمبائی ۱۱ فیٹ

(۱۳) رقبہ ۱۷ مربع فیٹ ۱۰۰ مربع اِنچ اور لمبائی ۹ فیٹ ۸ اِنچ

(۱۴) رقبہ ۵ ایکڑ اور لمبائی ۲۷۵ گز

(۱۵) رقبہ ۵ ایکڑ ایک روڈ ۳۶ پول اور لمبائی ۲۶۷ گز ۲ فیٹ

اُن مربعوں کے ضلعے دریافت کرو جن کے رقبے نیچے لکھے ہیں

(۱۶) ۱۲۱ مربع فیٹ (۱۷) ۲۵۶ مربع فیٹ

(۱۸) ۱۱۷۸ مربع گز ۷ مربع فیٹ (۱۹) ۳۳ ایکڑ ۴۳۰۵ مربع گز

(۲۰) ایک مستطیل کھیت کی لمبائی ۲۲۵ گز اور چوڑائی ۱۲۰ گز ہے اُس سیدھی پگڈنڈی کی لمبائی بتاؤ جو اُس کھیت میں ایک کونہ سے اُسکے سامنے کے کونہ تک ہے

(۲۱) جس مستطیل باغ کی چوڑائی ۸۰ گز اور رقبہ ۲½ ایکڑ ہے اُسکے آمنے سامنے کے کونوں کی دُوری کیا ہے

(۲۲) جس مربع کھیت کا رقبہ ۲۹۰۶۲۵ مربع فیٹ ہے اُسکے آمنے سامنے کے کونوں کی آپس کی دُوری کیا ہے

(۲۳) ایک مستطیل کھیت جس کی لمبائی چوڑائی سے ڈیوڑھی ہے اور رقبہ ۲۶۴۶ مربع گز ہے اُسکی لمبائی اور چوڑائی بتاؤ

(۲۴) ایک مستطیل کھیت جس کی لمبائی چوڑائی سے ۱½ گُنی ہے اور آمنے سامنے کے کونوں کی آپس کی دُوری ۲۵۰ فیٹ ہے بتاؤ کہ اُس کھیت کا رقبہ کتنا ہے

(۲۵) ایک مستطیل زمین کے ٹکڑے میں جس کی لمبائی ۹۶ فیٹ اور چوڑائی ۸۴ فیٹ ہے چار مستطیل کیاریاں پھولوں کی ہیں جس میں سے ہر ایک ۲۲½ فیٹ لمبی اور ۱۸ فیٹ چوڑی ہے اور باقی زمین پر روس بنی ہوئی ہے بتاؤ کہ روس نے کتنی زمین گھیری ہے

(۲۶) ایک مستطیل باغ میں جس کی لمبائی ۹۶ فیٹ اور چوڑائی ۸۰ فیٹ ہے ایک سڑک

چاروں طرف ۶ فیٹ چوڑی اور ایک چوپڑکی سڑک ۴ فیٹ چوڑی ہے اور چار کیاریاں ہیں جو ان سڑکوں کے بیچ میں ہیں اور جن میں درخت لگے ہیں بتاؤ کہ چاروں کیاریوں میں کتنی زمین گھری ہے

(۲۷) ایک کمرہ میں جس کی لمبائی ۳۴ فیٹ اور چوڑائی ۲۸ فیٹ اور اونچائی ۲۱ فیٹ ہے چار دروازے جن میں سے ہر ایک ۷ فیٹ لمبا اور ۵ فیٹ چوڑا ہے اور ۸ کھڑکیاں جن میں سے ہر ایک ۳ فیٹ لمبی اور ۲ فیٹ چوڑی ہے ہیں بتاؤ کہ دروازوں اور کھڑکیوں کو چھوڑکر دیواروں کی سطح کا رقبہ کیا ہے

(۲۸) ایک کمرہ کے جس کی لمبائی ۳۵ فیٹ اور چوڑائی ۱۸ فیٹ اور جس کی دیوار ایک فٹ ۶ انچ آثار کی ہے چاروں طرف ۶ فیٹ چوڑا برآمدہ تیار کرانا ہے بتاؤ کہ کتنی زمین اُس برآمدہ میں گھیرے گی

(۲۹) ایک مستطیل کمرہ ہے جس کی لمبائی ۲۴ فیٹ اور چوڑائی ۱۸ فیٹ ہے اگر اُس کمرہ کی دیواریں ایک مربع کمرہ کو گھیریں تو اُس مربع کمرہ میں مستطیل کمرہ سے کتنی زیادہ زمین ہوگی

(۳۰) اگر ایک مربع کھیت کے اندر جسکا ایک ضلع ۵۰۰ گز ہے ایک مستطیل تالاب ہے جس کی چوڑائی ۲۵۰ گز ہے اور جس کا رقبہ کھیت کے رقبہ کا چوتھائی ہے تو اُس تالاب کی لمبائی بتاؤ

(۳۱) ایک مربع کمرہ کے فرش کا رقبہ ۲۰۲۵ مربع فیٹ ہے اور چاروں دیوار کی سطح کا رقبہ ۳۶۰۰ مربع فیٹ ہے تو اُس کمرہ کی اونچائی بتاؤ

(۳۲) ایک گول باغ اور ایک مربع باغ میں سے ہر ایک کے گرد ۱۰ گز تار لگا ہے بتاؤ کس باغ کا رقبہ زیادہ اور کتنا زیادہ ہے

(۳۳) ایک گول باغ کے اندر ایک گول کنڈ ہی جس نے باغ کی آدھی زمین گھیری ہی اگر باغ کا قطر ۱۰ گز ہی تو کنڈ کا قطر کیا ہی

(۳۴) ایک مستطیل کھیت کا رقبہ ۲۴۰۰۰ مربع گز اور چوڑائی ۱۰۰ گز ہی اور اُسکے بیچوں بیچ میں ایک گول کنڈ ہی جس کے پانی کی سطح کا رقبہ ۳۸۵۰ مربع گز ہی بتاؤ کہ پانی کا کنارہ کھیت کے ہر کونہ سے کم سے کم کتنی دُور ہی

(۳۵) ایک کمرہ کے فرش کا رقبہ ۵۶۰ مربع فیٹ ہی اگر اُس کمرہ کی چوڑائی ۳ فیٹ زیادہ ہوتی تو رقبہ ۶۰۴ مربع فیٹ ہوتا بتاؤ کہ اُس کمرہ کی لمبائی اور چوڑائی کتنی کتنی ہی

(۳۶) ایک کھیت کی لمبائی چوڑائی سے دُونی ہی اور اُس کا رقبہ ایک دوسرے کھیت کے رقبہ سے ۶۰۰ مربع گز کم ہی اگر یہ دوسرا کھیت پہلے کھیت سے ۵۰ گز زیادہ لمبا اور ۱۰ گز زیادہ چوڑا ہی تو ہر ایک کھیت کی لمبائی اور چوڑائی کتنی کتنی ہی

کمرہ میں دری یا چٹائی وغیرہ بچھانا اور دیوار و نیر کا غذ منڈھنا یا سفیدی کرنا

۱۷۲۔ اگر ہم کمرہ کے فرش کا رقبہ جانتے ہیں تو ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ کتنے مربع انچ یا کتنے مربع فیٹ دری یا چٹائی اُس فرش پر بچھائی جائیگی کیونکہ دری یا چٹائی اُتنی ہی ہونی چاہیے جتنا اُس فرش کا جسپر دری یا چٹائی بچھانا چاہتے ہیں رقبہ ہی اسی طرح کمرہ کی دیواروں کا رقبہ معلوم ہونے سے ہم یہ جان سکتے ہیں کہ کتنا کاغذ اُن دیواروں کے منڈھنے کے لئے چاہیے چونکہ دری یا چٹائی اور کاغذ وغیرہ کی پٹیاں اکثر بکتی ہیں اس لئے اگر اُن پٹیوں کی چوڑائی معلوم ہی تو ہم یہ بتا سکتے ہیں کہ کتنے گز لمبی پٹی دری یا چٹائی کسی کمرہ کے

فرش کے لئے اور کتنے گز لمبی پٹی کاغذ کی اُس کمرہ کی دیواریں منڈھنے کیلئے درکار ہوگی اور جب ہمکو لمبائی دری یا چٹائی یا کاغذ وغیرہ کی معلوم ہوگئی اور یہ بھی معلوم ہے کہ دری یا چٹائی یا کاغذ وغیرہ فی گز کس درسے بکتا ہے تو ہم یہ بتا سکتے ہیں کہ کسی کمرہ میں دری یا چٹائی بچھوانے میں اور اُس کی دیواروں پر کاغذ منڈھوانے میں کتنا کتنا صرف پڑے گا دیواروں پر سفیدی کرانے کی در اکثر فی ۱۰۰ مربع فیٹ کے حساب سے مقرر ہے اب ہم چند سوال حل کریں گے جن سے جو کچھ اوپر لکھا ہے لڑکوں کی سمجھ میں بخوبی آجائیگا

مثال ۱ ایک کمرہ ۱۵ فیٹ لمبا اور ۱۳ فیٹ چوڑا ہے اُس میں ۲۷ انچ چوڑی چٹائی کی پٹی کتنی لگے گی اور جب وہ پٹی فی گز ۹ پائی کی درسے بکتی ہے تو چٹائی بچھوانے میں کیا صرف ہوگا

چونکہ کمرہ کے فرش کا رقبہ = (۱۵ × ۱۳) مربع فیٹ = (۱۵ × ۱۳ × ۱۴۴) مربع انچ

اور چٹائی کی چوڑائی = ۲۷ انچ

اسلئے لمبائی چٹائی کی جو کمرہ میں لگے گی = $\frac{۱۵ \times ۱۳ \times ۱۴۴}{۲۷}$ انچ

= $\frac{(۵ \times ۱۳ \times ۱۶) \times ۵}{۳ \times ۱۲}$ انچ = $\frac{۲۶۰}{۴}$ گز = ۲۰ $\frac{۱}{۴}$ گز

پھر چونکہ چٹائی کی پٹی فی گز ۹ پائی کی درسے بکتی ہے

اسلئے کمرہ میں چٹائی بچھوانے کا خرچ = ($\frac{۲۶۰}{۴}$ × ۹ پائی) = ۲۶۰ پائی = ۲۱ آنہ ۸ پائی برابر ہے ایک روپیہ ۵ آنہ ۸ پائی کے

مثال ۲ جس کمرہ کی لمبائی ۱۹ فیٹ اور چوڑائی ۱۶ فیٹ اور اونچائی ۱۵ فیٹ ہے اُس کی دیواروں پر ۲ فیٹ چوڑا کتنا کاغذ منڈھایا جاویگا اور جب کاغذ ۳ $\frac{۱}{۲}$ پائی فی

گز مکتا ہے تو اُس کی کیا قیمت ہوگی

چونکہ چاروں دیواروں کی سطح کا رقبہ = ۲ × (۱۹ + ۱۶) × ۱۵ فیٹ = (۲ × ۳۵ × ۱۵) مربع فیٹ اور کاغذ کی چوڑائی ۲ فیٹ ہے

اِسلئے کاغذ کی لمبائی = $\frac{۲ \times ۳۵ \times ۱۵}{۲}$ فیٹ = ۵۲۵ فیٹ = ۱۷۵ گز

پھر چونکہ کاغذ کی پٹی ۳ ½ پائی فی گز کے درسے بکتی ہے

اِسلئے کاغذ کی قیمت چودیواروں پر منڈھا جائیگا = (۱۷۵ × ۳ ½) پائی

= (۵۲۵ + ۸۷ ½) پائی

= ۶۱۲ ½ پائی

= ۵۱ آنہ ½ پائی

= ۳ روپیہ ۳ آنہ ½ پائی

مثال ۳ - ایک کمرہ کی لمبائی ۳۰ فیٹ اور چوڑائی ۲۰ فیٹ اور اونچائی ۱۶ فیٹ ہے اس کی دیواروں اور چھت پر سفیدی کرانے میں ۱۲ آنہ فی ۱۰۰ مربع فیٹ کے حساب سے کیا خرچ پڑے گا

چونکہ دیواروں کی سطح کا رقبہ = {۲ × (۳۰ + ۲۰) × ۱۶} مربع فیٹ

= ۱۶۰۰ مربع فیٹ

اور چھت کا رقبہ برابر ہے (۳۰ × ۲۰) مربع فیٹ = ۶۰۰ مربع فیٹ

اِسلئے کل رقبہ جسپر سفیدی ہوگی = (۱۶۰۰ + ۶۰۰) مربع فیٹ = ۲۲۰۰ مربع فیٹ

پھر چونکہ سفیدی ۱۲ آنہ فی ۱۰۰ مربع فیٹ یعنی $\frac{۱۲}{۱۰۰}$ آنہ فی مربع فیٹ کے حساب سے ہوتی ہے

اسلئے سفیدی کرانے کا خرچ = $\frac{12}{192} \times 2200$ آنہ = ۲۶۴ آنہ = ۱۶ روپیہ ۸ آنہ

مثال ۴ - ایک کمرہ کے چاروں طرف جس کی لمبائی ۲۴ فیٹ اور چوڑائی ۱۸ فیٹ اور جس کی دیوار کا آثار ۱½ فیٹ ہے ایک برآمدہ ۸ فیٹ چوڑا ہے اُس برآمدہ میں پتھر کا فرش کرانے میں ۴ آنہ فی مربع فیٹ کے حساب سے کیا خرچ پڑیگا

چونکہ برآمدہ کا رقبہ = $\{(24+3+16)\times(18+3+16)-(3+24)\times(3+18)\}$

مربع فیٹ = $(43\times37-27\times21)$ مربع فیٹ = $(1591-567)$ مربع فیٹ = ۱۰۲۴ مربع فیٹ

اسلئے پتھر کا فرش کرانے کا خرچ = (4×1024) آنہ

= ۴۰۹۶ آنہ = ۲۵۶ روپیہ

مثال ۵ - ایک باغ کے اندر جو ۸۶ گز لمبا اور ۷۶ گز چوڑا ہے کنارہ کنارہ ۵ فیٹ چوڑی کنکڑ کی سڑک تیار کرانے ہیں ایک روپیہ ۹ آنہ فی ۱۰۰ مربع گز کے حساب سے کیا خرچ پڑے گا

چونکہ سڑک کا رقبہ = $\{(86\times76)-(80\times70)\}$ مربع گز = $(6536-5600)$ مربع گز = ۹۳۶ مربع گز

اسلئے خرچ کنکڑ کی سڑک تیار کرانے کا = $936\times\frac{1\text{ روپیہ }9\text{ آنہ}}{100} = \frac{25\times936}{100}$ آنہ

= ۲۳۴ آنہ = ۱۴ روپیہ ۱۰ آنہ

مشق ۸۸

(۱) ایک کمرہ کے فرش کے لئے جو ۲۵ فیٹ ۹ انچ لمبا اور ۲۳ فیٹ ۶ انچ چوڑا ہے گز بھر چوڑی دری کی کتنی لمبی پٹی کی ضرورت ہوگی اور اُسکے دام ۱۲ آنہ فی گز کے

حساب سے کیا ہونگے

(۲) جس کمرہ کی لمبائی ۳۴ فیٹ ۸ انچ اور چوڑائی ۱۳ فیٹ ۳ انچ ہے اُس میں دری کا فرش کرانے میں کیا خرچ پڑے گا جب دری کا عرض ۱۲ گرہ ہے اور ۹ آنہ ۹ پائی گز بکتی ہے

(۳) جو کمرہ ۲۰ فیٹ ۶ انچ لمبا اور ۱۷ فیٹ ۶ انچ چوڑا اور ۹ فیٹ اونچا ہے اُس کی دیواروں کو ۲۰ انچ عرض کے کاغذ سے جو ۵ پائی فی گز کی درسے بکتا ہے منڈھنے میں کیا لاگت پڑیگی

(۴) ایک کمرہ ۴۰ فیٹ لمبا اور ۳۰ فیٹ چوڑا اور ۲۰ فیٹ اونچا ہے اور اُس میں دو دروازے ہیں جن میں سے ہر ایک ۸ فٹ لمبا اور ۵ فیٹ چوڑا ہے اور ۴ کھڑکیاں ہیں جن میں سے ہر ایک ۵ فیٹ لمبی اور ۳ فیٹ چوڑی ہے بتاؤ کہ اُس کی دیواروں پر رنگت کرانے میں ۹ پائی فی مربع گز کے حساب سے کیا خرچ پڑے گا

(۵) ایک مربع کمرہ کی جس کا فرش ۳۲ مربع گز اور ایک مربع فیٹ ہے اونچائی ۱۱ فیٹ ۶ انچ ہے بتاؤ کہ اُس کی دیواروں اور چھت پر رنگت کرانے میں ایک آنہ ۴ پائی فی مربع گز کے حساب سے کیا لاگت ہوگی

(۶) ایک کمرے کے کل فرش پر جو ۸ ½ گز لمبا اور ۶ ⅔ گز چوڑا ہے ۲ فیٹ عرض کی دری بچھانے میں ۶ روپیہ ۱۱ آنہ ۶ پائی لاگت بیٹھی ہے بتاؤ کہ وہ دری کیا گز بکتی ہے

(۷) اگر ایک کمرہ کی جو ۸ ½ گز لمبا اور ۶ ⅔ گز چوڑا ہے دیواروں پر ۲ فیٹ عرض کے کاغذ سے جو ۲ آنہ ۸ پائی گز بکتا ہے منڈھنے کی لاگت ۲۹ روپیہ ۱۳ آنہ ۴ پائی بیٹھتی ہے تو اُس کمرہ کی اونچائی بتاؤ

(۸) ایک کمرہ ۱۹ فیٹ ۵ انچ لمبا اور ۱۶ فیٹ ۷ انچ چوڑا ہے اور اُس کی دیواروں پر، آنہ ۹ پائی مربع گز کے حساب سے رنگت کرانے میں ۳۴ روپیہ ۳ آنہ خرچ ہوتے ہیں اُس کمرہ کی اونچائی بتاؤ

(۹) اُس کمرہ کی جو ۱۶ گز ۲ فیٹ لمبا اور ۱۰ گز ۵ فیٹ چوڑا اور ۱۲ فیٹ اونچا ہے دیواروں پر کاغذ ۳ آنہ ۴ پائی فی مربع گز کے حساب سے منڈھوانے میں کیا خرچ پڑیگا اُس کمرہ میں دو دروازے اور ۲ کھڑکیاں ہیں اور ہر دروازہ ۸ فیٹ لمبا اور ۵ فیٹ چوڑا اور ہر کھڑکی ۶ فیٹ لمبی اور ۴½ فیٹ چوڑی ہے

(۱۰) دری ۳۱۳ مربع فیٹ تھی اُس میں سے ایک کمرے کا جو ۱۶ فیٹ ۹ انچ لمبا اور ۱۲ فیٹ ۱۱ انچ چوڑا تھا فرش بنایا بتاؤ کسقدر دری بچ رہی اور فرش کی لاگت ۱۱ آنہ ۳ پائی فی مربع گز کے حساب سے کیا ہوئی

(۱۱) ایک جاجم کی لمبائی چوڑائی سے پانچ گنی ہے اور اُس کی قیمت ۴ آنہ ۹ پائی مربع گز کے حساب سے ۲۳ روپیہ ۱۲ آنہ ہے اُس جاجم کی لمبائی اور چوڑائی بتاؤ

(۱۲) اگر ڈاک کے ادھنی ٹکٹ سے جن کی لمبائی ایک انچ اور چوڑائی ⅝ انچ ہے اُس کمرہ کی دیواریں منڈھی جاویں جو ۱۶ فیٹ ۱۰ انچ لمبا اور ۱۵ فیٹ ۹ انچ چوڑا اور ۱۲ فیٹ ۶ انچ اونچا ہے تو بتاؤ کتنے ٹکٹ لگیں گے اور اُن کی کیا قیمت ہوگی

(۱۳) ایک شخص نے اپنے باغ میں جو ۲۰۰ فیٹ لمبا اور ۲۰۰ فیٹ چوڑا ہے کنارہ کنارہ ایسی سڑک کنکر کی بنوائی ہے جس نے باغ کی زمین کا ⅛ حصہ گھیر لیا ہے بتاؤ کہ اُس سڑک کی چوڑائی کیا ہے اور اُس کے تیار کرانے کی بحساب ۲ آنہ مربع گز کیا لاگت ہے

(۱۴) ایک کمرہ کی گولائی ۷۲ فیٹ اور اونچائی ۱۰½ فیٹ ہے اُسکی دیوار کی رنگت

میں بحساب ۱۰ ½ پائی فی مربع گز کیا لاگت بیٹھے گی

(۱۵) ایک مستطیل باغ میں جس کی لمبائی ۴۰۰ گز اور چوڑائی ۳۰۰ گز ہے ایسی دو سڑکیں نکالی گئیں ہیں جو باغ کے چار مستطیل پارچہ کر دیتی ہیں اگر سڑکوں کی چوڑائی ۱۰ فیٹ ہے تو اُن پر بجری ڈلوانے میں ۲ پائی مربع فیٹ کے حساب سے کیا لاگت بیٹھے گی

(۱۶) ایک مربع مکان جس میں چار کمرے ہیں اور ہر کمرہ ۲۰ فیٹ لمبا اور ۲۰ فیٹ چوڑا اور دیواروں کا آثار ۱½ فیٹ اور اُن کی اونچائی بھیتر سے ۱۲ فیٹ اور مکان کے باہر طرف ۱۵ فیٹ ہے تو اُس مکان کی چھت اور دیواروں پر بھیتر اور باہر کی طرف سفیدی کرانے میں بحساب ۲ روپیہ ۸ آنہ فی ۱۰۰ مربع فیٹ کیا خرچ پڑے گا

(۱۷) ایک سہ منزلہ مکان ہے جس کی ہر منزل میں ۲۰ کھڑکیاں ہیں تینوں منزل کی کھڑکیاں چوڑائی میں یکساں ہیں یعنی ہر کھڑکی ۴ فیٹ ۲ انچ چوڑی ہے لیکن پہلی منزل کی ہر کھڑکی ۸ فیٹ ۶ انچ لمبی اور دوسری منزل کی ہر کھڑکی ۷ فیٹ ۸ انچ لمبی اور تیسری منزل کی ہر کھڑکی ۷ فیٹ ۴ انچ لمبی ہے ہم اُن سب کھڑکیوں میں شیشے لگایا چاہتے ہیں بتاؤ کہ کسقدر شیشہ کی ضرورت ہوگی اور ۳ آنہ فی مربع فیٹ کے حساب سے کیا دام ہونگے

(۱۸) ایک کمرہ کی گولائی ۶۳ فیٹ اور اونچائی ۱۶ فیٹ ہے اُس کمرہ کی دیوار اور چھت پر ۲ آنہ ۹ پائی فی مربع گز کے حساب سے رنگت کرانے میں کیا خرچ پڑیگا

(۱۹) ایک گول کنڈے کے گرد ۷ فیٹ چوڑی پتھر کی سڑک بنوانے کا خرچ کیا ہوگا جب کنڈے کا قطر ۶۳ گز ہے اور ایک مربع گز سڑک ۱۳ آنہ ۶ پائی میں تیار ہوتی ہے

(۲۰) ایک بازار میں جو ۴۰ فیٹ چوڑا ہے اور ایک میل لمبا ہے دونوں طرف ایک ایک نالی ہے اور اُن نالیوں نے بازار کی زمین کا دسواں حصہ گھیر لیا ہے بتاؤ کہ ہر نالی کی چوڑائی کیا ہے اور اُن کو پتھر سے ڈھکوانے میں ۹ آنہ مربع گز کے حساب سے کیا لاگت بیٹھے گی

(۲۱) ایک کمرہ میں جو ۱۸ فیٹ لمبا ہے دری بچھوانے کی لاگت ۳۶ روپیہ ہے اگر اُس کمرہ کی چوڑائی ۴ فیٹ کم ہوتی تو لاگت ۲۷ روپیہ ہوتی بتاؤ کہ وہ کمرہ کتنا چوڑا اور لمبا ہے

(۲۲) ایک کمرہ ۳۰ فیٹ لمبا اور ۱۵ فیٹ چوڑا اور ۱۵ فیٹ اونچا ہے اُس کی دیواروں پر ۱½ گز عرض کا کاغذ مٹھوانے میں بحساب ۴ آنہ ۶ پائی گز کیا خرچ پڑیگا اگر ایک دوسرا کمرہ ایسا بنایا جاوے جو اُس کمرہ سے دُونا لمبا اور دُونا چوڑا اور دُونا اونچا ہو تو اُس کی دیواروں پر ویسا ہی کاغذ منڈھوانے کی کیا لاگت ہوگی

(۲۳) ایک کمرہ جس کی لمبائی چوڑائی سے دُونی ہے اُسکے لئے جاجم کا فرش ۵ آنہ مربع گز کے حساب سے ۷ روپیہ ۱۰ آنہ ۶ پائی میں تیار ہوتا ہے اور اُس کی دیواروں پر سفیدی کرانے میں ایک پائی مربع فیٹ کے حساب سے ۳ روپیہ ۱۴ آنہ ۶ پائی لگتے ہیں اُس کمرہ کی اونچائی بتاؤ

(۲۴) ایک گول کمرہ کے لئے قالین کا فرش ۸ آنہ مربع فٹ کے حساب سے ۲۳۵ روپیہ ۱۳ آنہ میں تیار ہوتا ہے اور اُس کی دیواروں پر رنگت کرانے میں ۵ روپیہ فی ۱۰۰ مربع فیٹ کے حساب سے ۷، ۵ روپیہ ۱۲ آنہ خرچ ہوتے ہیں اس کمرہ کی اونچائی بتلاؤ

جسموں کی ناپ

حدود

۱۷۳-۱- مجسم یا جسم وہ ہے جس میں لمبائی اور چوڑائی اور گہرائی یا اونچائی یا موٹائی تینوں ہوں

۲- مجسم کا حجم یا جسامت وہ چیز ہے جس میں مجسم کی لمبائی اور چوڑائی اور گہرائی سمائی ہوں

۳۔ مجسم متوازی السطوح اُس جسم کو کہتے ہیں جو ایسی ذوار بعۃ الاضلاع سطحوں سے گھرا ہو جس میں سے دو دو آمنے سامنے کی سطحیں متوازی ہوں

۴۔ مجسم متوازی السطوح قائم الزاویہ وہ مجسم ہے جس میں ذوار بعۃ الاضلاع سطحیں جن سے وہ گھرا ہوا ہے قائم الزاویہ ہوں

پیمانہ جس سے ہم کسی مجسم کا حجم یا کسی برتن کی گنجایش ناپتے ہیں اُسکی اصل یا جڑ لمبائی کا پیمانہ ہے مثلاً اگر لمبائی کا پیمانہ ہم ایک انچ مقرر کریں اور ایسا مکعب بناویں جس کا ہر کنارہ ایک انچ لمبا ہو تو یہ مکعب انچ حجم کا پیمانہ مقرر کیا جائیگا اور جتنی بار یہ پیمانہ کسی مجسم کے حجم میں شامل ہوگا وہ اُس مجسم کی ناپ ہوگی

فرض کرو کہ اب س د ایک سطح قائم الزاویہ ہے جسکا ضلع اب ۴ انچ لمبا اور ضلع ب س ۳ انچ لمبا ہے تو اب س د میں ۱۲ مربع انچ ہونگے (دفعہ ۲۰۴)



اب ہم اگر لکڑی کے ایسے پاسے بناویں جن میں سے ہر ایک ایک انچ لمبا اور ایک انچ چوڑا اور ایک انچ اونچا ہو یعنی ہر ایک کا حجم ایک مکعب انچ ہو اور اُن میں سے ایک ایک اب س د کے ہر ایک مربع پر رکھیں اور پھر پہلی تہ کے ہر ایک پاسہ پر ایک ایک پاسہ رکھکر دوسری تہ بناویں اور اسی طرح پاسہ پر پاسہ رکھتے جائیں یہاں تک کہ پاسوں کی پانچ تہ ہو جاویں تو اِن پاسوں سے ایک ایسا مجسم قائم الزاویہ بنجائیگا جو ۴ انچ لمبا اور ۳ انچ چوڑا اور ۵ انچ اونچا ہوگا اور اُس بنے ہوئے مجسم میں جتنے مکعب انچ

ہیں اُن کا شمار اس طرح پر دریافت کرتے ہیں کہ چونکہ اب س د کے ہر ایک مربع پر پانچ پانچ پاسہ یعنی پانچ پانچ مکعب پانچ ہیں اور اب س د میں ۱۲ مربع ہیں اِسلئے مجسم قائم الزاویہ میں ۱۲ × ۵ یعنی ۶۰ مکعب انچ ہیں پس کسی مجسم قائم الزاویہ کے حجم کے ناپ دریافت کرنے کا یہ قاعدہ نکلا

قاعدہ ۔ مجسم قائم الزاویہ کی لمبائی اور چوڑائی اور اونچائی کا حاصل ضرب متواتر دریافت کرو یہ حاصل ضرب مجسم کے مکعب پیمانوں کی تعداد ظاہر کریگا

مثال ۱ ۔ ایک قائم الزاویہ لکڑی کے لٹھ کا جسکی لمبائی ۷٫۴ فیٹ اور چوڑائی ۴ فیٹ اور موٹائی ۳ فیٹ ہے حجم دریافت کرو

لمبائی کا پیمانہ ایک فٹ اور اِسلئے حجم کا پیمانہ ایک مکعب فٹ خیال کرنیسے

حجم کے پیمانوں کی تعداد = ۷٫۴ × ۴ × ۳ = ۵۶۴

∴ حجم اُس لٹھ کا ۵۶۴ مکعب فیٹ ہے

مثال ۲ ۔ اُس کمرہ میں جو ۲۲ فیٹ ۶ انچ لمبا اور ۱۸ فیٹ ۳ انچ چوڑا اور ۱۰ فیٹ اونچا ہے کتنی گنجایش ہے

کمرہ کی گنجایش = $(22\frac{1}{2} \times 18\frac{1}{4} \times 10)$ مکعب فیٹ = $\frac{45 \times 73 \times 10}{2 \times 4}$ مکعب فیٹ

= $\frac{32850}{8}$ مکعب فیٹ = $4106\frac{1}{4}$ مکعب فیٹ

مثال ۳ ۔ اگر ایک قائم الزاویہ تالاب جس میں پانی سب جگہ یکساں گہرا ہے ۴۳۰ گز لمبا اور ۲۷۰ گز چوڑا ہے اور اُس میں ۳۱۴۳۰۰۰ مکعب فیٹ پانی ہے تو بتاؤ کہ اُس تالاب میں پانی کتنا گہرا ہے

پانی کی سطح کا رقبہ = (۴۳۰ × ۳ × ۲۷۰ × ۳) مربع فیٹ

∴ پانی کی گہرائی = $\frac{۷۳۱۴۳۰۰}{۳×۲۷۰×۳×۴۳۰}$ فیٹ = $\frac{۸۱۲۷}{۲۷×۴۳}$ فیٹ

= $\frac{۳۰۱}{۴۳}$ فیٹ = ۷ فیٹ

مثال ۴ - ایک جھیل جسکے پانی کی سطح کا رقبہ ۴۵ ایکڑ ہے ۳ انچ موٹی برف سے ڈھکی ہوئی ہے اگر ایک مکعب فٹ برف کا وزن ۲۸ سیر ۱۲ چھٹانک ہے تو کل برف کا وزن کیا ہے

برف کا حجم = {(۴۵×۴۸۴۰×۹) × $\frac{۱}{۴}$} مکعب فیٹ

= (۴۵×۱۲۱۰×۹) مکعب فیٹ = (۹×۵۴۴۵۰) مکعب فیٹ

= ۴۹۰۰۵۰ مکعب فیٹ

چونکہ ایک مکعب فٹ برف کا وزن = ۲۸ سیر ۱۲ چھٹانک

اسلئے کل برف کا وزن = ۴۹۰۰۵۰ × (۲۸ سیر ۱۲ چھٹانک)

= (۱۳۷۲۱۴۰۰ + ۲۴۵۰۲۵ + ۱۲۲۵۱۲ + $\frac{۱}{۲}$) سیر

= ۱۴۰۸۸۹۳۷ سیر ۸ چھٹانک

= ۳۵۲۲۲۳ من ۱۷ سیر ۸ چھٹانک

مثال ۵ اُس دیوار کی جسامت بتاؤ جس کی لمبائی ۲۰ گز اور اونچائی ۷ $\frac{۱}{۲}$ فیٹ اور جس کا آثار ۱۴ انچ ہے اور یہ بھی بتاؤ کہ کتنی اینٹ اُس دیوار میں لگیں گی اگر اینٹ ۹ انچ لمبی اور ۳ $\frac{۱}{۲}$ انچ چوڑی اور ۲ $\frac{۱}{۲}$ انچ موٹی ہے

دیوار کی جسامت = (۲۰×۳×$\frac{۱۵}{۲}$ × $\frac{۱۴}{۱۲}$) مکعب فیٹ

= (۷×۱۵×۵) مکعب فیٹ = ۵۲۵ مکعب فیٹ

اور ایک اینٹ کی جسامت = ($\frac{۹}{۱۲}$ × $\frac{۷}{۲۴}$ × $\frac{۵}{۲۴}$) مکعب فیٹ = $\frac{۳۵}{۴۶۰۸}$ مکعب فیٹ

اسلئے شمار اُن اینٹوں کا جو دیوار میں لگیں گی = ۵۲۵ ÷ $\frac{۳۵}{۴۶۰۸}$ = $\frac{۴۶۰۸×۵۲۵}{۳۵}$

$= ۱۱۵۲۰ = ۷۶۸ \times ۱۵ =$

مثال ۶ - ایک صندوق جو ۴ فیٹ لمبا اور ۳ فیٹ چوڑا اور ۲½ فیٹ اونچا ہے ایک انچ موٹے تختہ کا بنا ہوا ہے بتاؤ کہ اُس میں کس قدر لکڑی لگی ہے

اگر صندوق کو ٹھوس خیال کیا جائے تو اُس کی جسامت $= (۴ \times ۳ \times \frac{۵}{۲})$ مکعب فیٹ

$= ۳۰$ مکعب فیٹ

لیکن چونکہ صندوق پولا ہے اور جو پولی جگہ صندوق کے اندر ہے اُس کی لمبائی $(۴ - \frac{۲}{۱۲})$ یعنی ۳ $\frac{۱۰}{۱۲}$ فیٹ اور چوڑائی $(۳ - \frac{۲}{۱۲})$ یعنی ۲ $\frac{۱۰}{۱۲}$ فیٹ اور اونچائی $(۲\frac{۱}{۲} - \frac{۲}{۱۲})$ یعنی ۲$\frac{۱}{۳}$ فیٹ ہے

اِسلئے پولی جگہ کی گنجایش $= (۳\frac{۱۰}{۱۲} \times ۲\frac{۱۰}{۱۲} \times ۲\frac{۱}{۳})$ مکعب فیٹ

$= \frac{۴۳ \times ۳۴ \times ۷}{۴ \times ۶ \times ۶}$ مکعب فیٹ $= \frac{۲۷۳۷}{۱۰۸}$ مکعب فیٹ

$= ۲۵\frac{۳۷}{۱۰۸}$ مکعب فیٹ

اِسلئے صندوق میں $(۳۰ - ۲۵\frac{۳۷}{۱۰۸})$ یعنی ۴$\frac{۷۱}{۱۰۸}$ مکعب فیٹ لکڑی لگے گی

مثال ۷ - ایک قائم الزاویہ کٹھوتا جو ۲ فیٹ لمبا اور ۱½ فیٹ چوڑا اور ایک فٹ اونچا ہے اور ۱½ انچ موٹے تختہ کا بنا ہوا ہے اور جب وہ پانی سے بھرا ہوا ہے تو اُس کا وزن ایک من ۸ سیر ہے بتاؤ کہ کٹھوتے کی لکڑی کا وزن فی مکعب فٹ کیا ہے جب ایک مکعب فٹ پانی کا وزن ۲۰ سیر ہے

چونکہ کٹھوتے اور پانی دونوں کا حجم $= (۲ \times ۱\frac{۱}{۲} \times ۱)$ مکعب فٹ $= ۳$ مکعب فیٹ

اور صرف پانی کا حجم $= (۲ - \frac{۱}{۴})(۱\frac{۱}{۲} - \frac{۱}{۴})(۱ - \frac{۱}{۸})$ مکعب فیٹ $= \frac{۷ \times ۵ \times ۷}{۸ \times ۴ \times ۴}$ مکعب فیٹ $= \frac{۲۴۵}{۱۲۸}$ مکعب فیٹ $= ۱\frac{۱۱۷}{۱۲۸}$ مکعب فیٹ

اِسلئے کھٹوتے کی لکڑی کا حجم = (۳ − ۱۱/۱۲۸) یعنی ۱۱۷/۱۲۸ مکعب فیٹ

پھر چونکہ ایک مکعب فٹ پانی کا وزن ۶۲ سیر ہے

اِسلئے کھٹوتے کے پانی کا وزن = ۲۴۵/۱۲۸ × ۶۲ سیر = ۱۲۲۵/۳۲ سیر = ۳۸ ۹/۳۲ سیر

لیکن کھٹوتے اور پانی دونوں کا وزن ملکر = ۴۸ سیر

اِسلئے کھٹوتے کی لکڑی کا حجم ۱۱/۱۲۸ یعنی ۱۳۹/۱۲۸ مکعب فیٹ ہے وزن = ۴۸ سیر

− ۳۸ ۹/۳۲ سیر = ۹ ۲۳/۳۲ سیر = ۳۱۱/۳۲ سیر

∴ ایک مکعب فٹ لکڑی کا وزن = (۱۳۹/۱۲۸ ÷ ۳۱۱/۳۲) = ۴۴۵۴/۳۱۱ سیر = ۱۴۴/۱۳۹ سیر

= ۱ ۱۳۲/۱۳۹ سیر

مشق ۸۹

اُن قائم الزاویہ مجسموں کا حجم بتاؤ جن کی لمبائیاں اور چوڑائیاں اور اونچائیاں نیچے لکھی ہوئیں ہیں

(۱) لمبائی ۸ فیٹ اور چوڑائی ۷ فیٹ اور اونچائی ۶ فیٹ

(۲) لمبائی ۱۰ ½ فیٹ اور چوڑائی ۸ ½ فیٹ اور اونچائی ۶ ½ فیٹ

(۳) لمبائی ۵ فیٹ ۶ انچ اور چوڑائی ۴ فیٹ ۳ انچ اور اونچائی ۳ فیٹ ۷ انچ

(۴) لمبائی ۱۱ فیٹ ۸ انچ اور چوڑائی ۹ فیٹ ۱۰ انچ اور اونچائی ۷ فیٹ ۵ انچ

(۵) لمبائی ۶ گز ۲ فیٹ ۴ انچ اور چوڑائی ۳ گز ایک فٹ ۷ انچ اور اونچائی ۴ فیٹ ۱۱ انچ

(۶) ایسی دیوار کے بنانے کے لئے جو ۵۰ فیٹ لمبی اور ۶ فیٹ اونچی ہو اور جسکا آثار ½ فیٹ کا ہو کتنی اینٹوں کی ضرورت ہوگی جب ہر ایک اینٹ ۹ انچ لمبی اور

۴ ½ اِنچ چوڑی اور ۳ انچ موٹی ہے

(۷) ایک پتھر کے مربع ٹکڑے کا جو ۲ فیٹ موٹا ہے حجم ۵ مکعب فیٹ ۲۴ مکعب انچ ہے اُسکے کنارہ کی لمبائی بتاؤ

(۸) ایک قائم الزاویہ حوض جس کی لمبائی ۴ فیٹ اور چوڑائی ۲ فیٹ ۶ انچ اور گہرائی ۲ فیٹ ۳ انچ ہے پانی سے لبالب بھرا ہوا ہے بتاؤ کہ اُس میں کتنا پانی ہے جب ایک مکعب فٹ پانی کا وزن ۲۵ سیر ہے

(۹) ایک مکعب فٹ پانی کا وزن ۲۵ سیر ہے اُس مکعب حوض کے کنارہ کی لمبائی بتاؤ جو ۱۰۳ من ۳۵ سیر ۶ چھٹانک پانی سے لبالب بھر جاتا ہے

(۱۰) دو قائم الزاویہ حوض ہیں اور اُن میں برابر پانی سماتا ہے ایک حوض ۹ فیٹ لمبا اور ۵ فیٹ ۴ انچ چوڑا اور ۲ فیٹ ۹ انچ گہرا ہے اور دوسرا حوض ۸ فیٹ لمبا اور ۵ فیٹ ۶ انچ چوڑا ہے تو دوسرے حوض کی گہرائی بتاؤ

(۱۱) ایک مربع تالاب کے کھدانے میں ۳۳۶ مکعب گز مٹی نکالی گئی جب تالاب کا ایک کنارہ ۱۲ گز کا ہے تو بتاؤ کہ وہ تالاب کتنا گہرا ہے

(۱۲) اُس کھائی کی لمبائی بتاؤ جو ۱۰ فیٹ ۰ انچ چوڑی اور ۶ فیٹ ۶ انچ گہری ہے اور جس کی گنجایش ۴۰۰ مکعب فیٹ ہے

(۱۳) ایک نہر ۷ فیٹ ۳ انچ گہری اور ۲۰ فیٹ ۴ انچ چوڑی اور ۱ میل لمبی ہے بتاؤ کہ اُس میں کس قدر پانی سما سکتا ہے

(۱۴) ایک لکڑی کے لٹھ میں جو ۲۰ فیٹ لمبا اور ۳ فیٹ چوڑا اور ۲ ½ فیٹ موٹا ہے کتنے مکعب فیٹ لکڑی ہے

(۱۵) ایک لکڑی کا لٹھ جس کی لمبائی ۵ فیٹ ۶ انچ اور چوڑائی ۱۰ انچ اور موٹائی ۸ انچ ہے وزن میں ۱۱ من ۲۲ سیر ہے اور دوسرا لٹھ جس کا ہر ایک سرا ایک مربع فٹ ہے وزن میں ۲۸ من ہے تو اُس دوسرے لٹھ کی لمبائی بتاؤ

(۱۶) ایک گیلن کی گنجایش ۲۷۷٫۲۷۴ مکعب انچ ہے تو ایک حوض میں جو ۸ فیٹ لمبا اور ۵٫۶ فیٹ چوڑا اور ۶ فیٹ گہرا ہے زیادہ سے زیادہ کتنے گیلن پانی آسکتا ہے

(۱۷) اگر ایک مکعب فٹ ہوا کا وزن ۰٫۵۲۹ اُونس اَور ڈیپوئے ہے تو بتاؤ کہ اُس کمرہ میں جو ۳۰ فیٹ لمبا اور ۱۸ فیٹ چوڑا اور ۱۶ فیٹ اونچا ہے کتنی ہوا ہے

(۱۸) ۳۰ آدمیوں کے لئے ایک بارک ۳۷½ فیٹ لمبی اور ۲۴¾ فیٹ چوڑی بنائی جاتی ہے تو اُس بارک کا پتا و کتنا اونچا ہونا چاہیئے تاکہ ہر ایک آدمی کے حصہ میں ۱۰۰۰ مکعب فیٹ ہوا آوے

(۱۹) ایک قائم الزاویہ ٹین کے برتن کی باہر سے لمبائی ۱۴ انچ اور چوڑائی ۱۰ انچ اور اونچائی ۹ انچ ہے اور ٹین ¼ انچ موٹا ہے خالی برتن کا وزن ۱۵۰۰ اُونس ہے اور جب وہ پانی سے بھرا ہوا ہے تو اُس کا وزن ۲۰۰۴٫۵۶ اُونس ہے بتاؤ کہ ایک مکعب فٹ پانی کا کیا وزن ہے

(۲۰) ایک آدمی اپنی زمین جو ۲۰۰ فیٹ لمبی ہے اور ۱۰۰ فیٹ چوڑی ہے سب جگہ سے ۲ فیٹ اونچا کرنا چاہتا ہے اور اس مطلب کے لئے وہ اُس زمین کے گرد ۷ گز چوڑی خندق کھدواتا ہے اگر خندق کی گہرائی سب جگہ یکساں رہے تو بتاؤ کہ کتنی گہری خندق کھدوائی جاوے کہ اُس میں سے زمین اونچا کرنے کے لئے کافی مٹی نکل آوے

(۲۱) ایک کھائی ۲۷۰ گز لمبی اور ۶ فیٹ ۳ انچ چوڑی ایسی کھودی گئی ہے کہ

آدھی ۴ فیٹ ۶ انچ گہری اور آدھی ۵ فیٹ ۳ انچ گہری ہے اور ایک مکعب گز کی کھدائی ۸ آنہ ۳ پائی ہے تو کل کھائی کی کھدانے میں کیا خرچ پڑے گا

(۲۲) ۱۲ انچ لمبی اور ۴ انچ چوڑی اور ۳ انچ موٹی کتنی اینٹیں ایک دیوار کے لئے چاہئیں جو ۸ فیٹ ۸ انچ لمبی اور ۱۲ فیٹ ۶ انچ اونچی ہو اور جس کا آٹھواں ۹ انچ ہو اور جس میں ایک دروازہ ۶ فیٹ ۳ انچ لمبا اور ۲ فیٹ ۸ انچ چوڑا ہو

(۲۳) ایک گانوں میں جس میں ۲۵ ایکڑ زمین ہے کسی تاریخ کو ایک انچ بارش ہوئی اگر ایک مکعب فٹ پانی کا وزن ۱۰۰۰ اونس ہے تو بتاؤ کہ کتنا پانی اُس گانوں میں پڑا

(۲۴) اگر کسی صندوقچہ کے اندر جو بھیتر ۳ فیٹ ۶ انچ لمبا اور ایک فٹ ۱۰ انچ چوڑا اور ایک فٹ ۷ انچ گہرا ہے ۱۶ کتابیں جن میں سے ہر ایک ۹ ½ انچ لمبی اور ۶ ¼ انچ چوڑی اور ۱ ¾ انچ موٹی ہے رکھی گئی ہیں تو بتاؤ کہ اُس صندوقچہ میں جو جگہ خالی رہی ہے اُس میں ایسی کتابیں جو ۷ انچ لمبی اور ۴ ½ انچ چوڑی اور ایک انچ موٹی ہے کتنی سما سکتی ہیں

(۲۵) ایک مستطیل زمین میں جو ۲۷ گز لمبی اور ۵۴ گز چوڑی ہے ۴ مستطیل پارچے گھاس کے ہیں جن میں سے ہر ایک پارچہ ۲۷ فیٹ لمبا اور ۱۳ ½ فیٹ چوڑا ہے اور اُس کے بیچوں بیچ میں ایک مربع تالاب جس کا گھیرا ۲۴ گز ہے بنا ہوا ہے اور اُس تالاب میں ۲۵۲ مکعب گز پانی سماتا ہے اور خالی زمین پر بجری پڑوانی ہے تو بتاؤ کہ تالاب کتنا گہرا ہے اور بجری پڑوانے کا خرچ کتنا ہوگا جب ایک مربع گز پر بجری ۸ پائی میں پڑتی ہے

ضرب چلیپا یا ضرب اثنا عشری

۱۷۴ - اِس جگہ اتنا بیان کرنا ضرور ہے کہ جتنے سوال سطح کے رقبہ یا جسم کے

حجم کی ناپ کے ہم نے اوپر حل کئے ہیں اُن کے حل کرنے میں پہلے ہم نے مختلف درجوں کے سب عددوں کو یا تو سب سے ادنیٰ درجہ کی طرف تحویل کیا ہے یا سب سے اعلیٰ درجہ کی صورت میں لاتے ہیں اور پھر عمل ضرب کا کیا ہے لیکن ایک اور ترکیب ضرب کی ہے جس میں اس تحویل کی ضرورت نہیں پڑتی اس ترکیب کا نام ضرب چلیپا یا ضرب اثنا عشری ہے رنگساز اور معمار وغیرہ اسی ترکیب کو اکثر عمل میں لاتے ہیں جو کام وہ بناتے ہیں اُن کی لمبائی اور چوڑائی اور اونچائی وغیرہ کو فٹ اور انچوں کے ایسے حصّہ میں شمار کرتے ہیں کہ ہر حصّہ اپنے داہنی طرف کے ہر حصّہ سے بارہ ۱۲ گنا ہے مثلاً ایک فٹ اپنے ہر حصّہ کا جس کو انچ یا اولیہ کہتے ہیں بارہ ۱۲ گنا ہے اور ایک اولیہ اپنے ہر حصّہ کا جسکا نام ثانیہ ہے بارہ ۱۲ گنا اور ایک ثانیہ اپنے ہر حصّہ کا جو ثالثہ کہلاتا ہے بارہ ۱۲ گنا اور اسی طرح ثالثہ اپنے ہر حصّہ کا جس کا نام رابعہ ہے بارہ ۱۲ گنا ہے تمیز کے لئے اولیہ کے درجہ کے عدد پر یہ نشان ، یعنی ایک زبر اور ثانیہ کے درجہ کے عدد پر یہ نشان ،، یعنی دو زبر اور ثالثہ کے درجہ کے عدد پر یہ نشان ،،، یعنی تین زبر اور اسی طرح رابعہ کے درجہ کے عدد پر چار زبر اوپر کو بائیں طرف لکھدیتے ہیں مثلاً ۳ ۶ ۵ ۔ سے ، فیٹ ۵ اولیہ ۶ ثانیہ ۳ ثالثہ مراد ہے

ضرب چلیپا کے عمل کا قاعدہ یہ ہے

قاعدہ۔ مضروب فیہ کی رقموں کو مضروب کی رقموں کے نیچے اس طرح لکھو کہ مضروب فیہ اور مضروب دونوں کے ایک درجہ کی رقمیں اوپر تلے ہوں پھر مضروب کی ہر رقم کو ادنیٰ درجہ سے شروع کرکے مضروب فیہ کی

ہر رقم میں اعلیٰ درجہ سے شروع کرکے ضرب دو حاصل ضرب کو جو فٹ کے درجہ کا نہ ہو ۱۲ پر تقسیم کرو اور خارج قسمت کو آگے کے حاصل ضرب میں ملاؤ اور جو کچھ باقی بچا ہو اُسکو اگر مضروب فیہ کا درجہ فٹ ہو مضروب کی اُس رقم کے نیچے لکھدو جسکو ابھی ضرب دیا ہو اور اگر مضروب فیہ کا درجہ اولیہ ہو تو ایک مرتبہ داہنی طرف ہٹاکر اور اگر ثانیہ ہو تو دو مرتبے داہنی طرف ہٹاکر اور اگر ثالثہ ہو تو تین مرتبے داہنی طرف ہٹاکر اور اسی طرح رابعہ وغیرہ کے لئے چار مرتبے داہنی طرف ہٹاکر لکھدو پھر حاصل ضربوں کو جمع کرو اور ہر بارہ کے لئے ایک ہاتھ لگا سمجھو تو حاصل جمع جواب مطلوب ہوگا

مثال ۱ ۴ فیٹ ۷ انچ کو ۹ فیٹ ۶ انچ سے ضرب دو

قاعدہ کے مطابق عمل کرنے سے

فیٹ	انچ	
۴	۷	
۹	۶	
۴۱	۳	
۲	۳	۶
۴۳	۶	۶

یہی حاصل ضرب مطلوب ہو اور = ۴۳ مربع فیٹ

+ $\frac{6}{12}$ مربع فیٹ (یا ۶ مسطح اولیہ) + $\frac{6}{12}$ مسطح اولیہ یعنی $\frac{6}{144}$ مربع فیٹ (یا ۶ مسطح ثانیہ)

ہم اس حاصل ضرب کو مربع فٹ اور مربع انچوں میں اس طرح ظاہر کرسکتے ہیں

کہ (۴۳ + $\frac{6}{12}$ + $\frac{6}{144}$) مربع فیٹ = ۴۳ مربع فیٹ + $\frac{6\times12+6}{144}$ مربع فیٹ =

۴۳ مربع فیٹ + $\frac{78}{144}$ مربع فیٹ = ۴۳ مربع فیٹ ۷۸ مربع انچ

دلیل اوپر کے عمل کی یہ ہو

۹ فیٹ × ۴ فیٹ = ۳۶ مربع فیٹ

۹ فیٹ × ۷ = (۵ × $\frac{7}{12}$) مربع فیٹ = $\frac{63}{12}$ مربع فیٹ = ۳ + $\frac{6}{12}$ مربع فیٹ

= ۵ مربع فیٹ + $\frac{۲}{۱۲}$ مربع فیٹ = ۵ مربع فیٹ + ۲ مسطح اولیہ

۶′ × ۴″ فیٹ = ($\frac{۶}{۱۲}$ × ۴) مربع فیٹ = $\frac{۲۴}{۱۲}$ مربع فیٹ = ۲ مربع فیٹ

۶′ × ۷′ = ($\frac{۶}{۱۲}$ × $\frac{۷}{۱۲}$) مربع فیٹ = $\frac{۴۲}{۱۴۴}$ مربع فیٹ = ($\frac{۶+۳۶}{۱۴۴}$) مربع فیٹ

= ($\frac{۶}{۱۴۴}$ + $\frac{۳}{۱۲}$) مربع فیٹ

= ۳ مسطح اولیہ + ۶ مسطح ثانیہ

اب ۳۶ مربع فیٹ + ۵ مربع فیٹ + ۲ مسطح اولیہ + ۲ مربع فیٹ + ۳ مسطح اولیہ + ۶ مسطح ثانیہ = ۴۳ مربع فیٹ + ۶ مسطح اولیہ + ۶ مسطح ثانیہ = (۴۳ + $\frac{۶}{۱۲}$ + $\frac{۶}{۱۴۴}$) مربع فیٹ

= (۴۳ + $\frac{۱۲ \times ۶+۶}{۱۴۴}$) مربع فیٹ = ۴۳ مربع فیٹ ۸۰ مربع انچ

مثال ۲ ۱۷ فیٹ ۳ انچ ۶ حصہ کو ۱۲ فیٹ ۶ انچ ۳ حصوں میں ضرب دو

	انچ	فیٹ
۶‴	۳′	۱۷
۳‴	۶′	۱۲
۰‴	۶′	۲۰۷
۹‴	۷′	۸
۱۰‴	۳′	۴
۱۰‴	۰′	۲۱۶
۶		

= ۲۱۶ مربع فیٹ + ($\frac{۶}{۱۲}$ + $\frac{۱۰}{۱۴۴}$ + $\frac{۶}{۱۴۴ \times ۱۲ \times ۱۲}$) مربع فیٹ

= ۲۱۶ مربع فیٹ + ($\frac{۷۲}{۱۴۴}$ + $\frac{۱۰}{۱۴۴ \times ۱۲}$ + $\frac{۶}{۱۴۴ \times ۱۲ \times ۱۲}$) مربع فیٹ

= ۲۱۶ مربع فیٹ + $\frac{۱}{۱۴۴}$ (۷۲ + $\frac{۱۰}{۱۲}$ + $\frac{۶}{۱۲ \times ۱۲}$) مربع فیٹ

= ۲۱۶ مربع فیٹ + (۷۲ + $\frac{۱۲}{۱۴۴}$) مربع انچ = ۲۱۶ مربع فیٹ ۷۲ $\frac{۱}{۱۲}$ مربع انچ

مثال ۳- ایک مکعب لکڑی کے کُندہ کا حجم جس کا کنارہ ۲ فیٹ ۸ انچ ہے ضرب چلیپا سے دریافت کرو اور جواب کی صحت کسور عام سے ثابت کرو

فیٹ	انچ		
۲	۸		
۲	۸		
۵	۴		
۱	۹	۴	
۷	۱	۴	
۲	۸		
۱۴	۲	۸	
۴	۸	۱۰	۸
۱۸	۱۱	۶	۸

$= ۱۸$ مکعب فیٹ $+ (\frac{۱۱}{۱۲} + \frac{۶}{۱۴۴} + \frac{۸}{۱۷۲۸})$ مکعب فیٹ

$= ۱۸$ مکعب فیٹ $+ \frac{۸+۷۲+۱۵۸۴}{۱۷۲۸}$ مکعب فیٹ

$= ۱۸ \frac{۱۶۶۴}{۱۷۲۸}$ مکعب فیٹ

$= ۱۸$ مکعب فیٹ ۱۶۶۴ مکعب انچ

کسور عام سے ثبوت

حجم $= (۲\frac{۲}{۳} \times ۲\frac{۲}{۳} \times ۲\frac{۲}{۳})$ مکعب فیٹ $= (\frac{۸}{۳} \times \frac{۸}{۳} \times \frac{۸}{۳})$ مکعب فیٹ

$= \frac{۵۱۲}{۲۷}$ مکعب فیٹ $= ۱۸ \frac{۲۶}{۲۷}$ مکعب فیٹ

$= ۱۸$ مکعب فیٹ $\frac{۲۶ \times ۱۷۲۸}{۲۷}$ مکعب انچ

$= ۱۸$ مکعب فیٹ ۱۶۶۴ مکعب انچ

۱۷۵- ضرب چلیپا کی مثالوں میں ہم دیکھتے ہیں کہ قطاس عشری اور اثنا عشری دونوں سے کام لیا گیا ہے فٹوں کے ہندسے تو معمولی طور پر

ظاہر ہوئے ہیں اور ضرب دیے گئے ہیں لیکن اور جگہہ پر بجائے ۱۰ کے ۱۲ کام میں آیا ہے اسلئے ضرب چلیپا کو ضرب اثنا عشری کہنا مناسب نہیں معلوم ہوتا ہے کیونکہ مختلف درجوں میں تو ایک دوسرے سے ۱۲ کا ربط ہے لیکن ہندسوں کی ترتیب جو اُن مختلف درجونکے عدد ونکو ظاہر کرتے ہیں معمولی طور پر یعنی ۱۰ کے مطابق ہے

مشق ۹۰

ضرب چلیپا سے اُن مستطیل زمین کے ٹکڑوں کا رقبہ دریافت کرو جنکی لمبائی اور چوڑائی نیچے لکھی ہوئی ہیں

(۱) لمبائی ۸ فیٹ ۹ انچ اور چوڑائی ۱۴ فیٹ ، انچ

(۲) لمبائی ۲۳ فیٹ ۸ انچ اور چوڑائی ۱۶ فیٹ ۹ انچ

(۳) لمبائی ۲۴ فیٹ ۳ انچ اور چوڑائی ۱۵ فیٹ ۴ انچ

(۴) لمبائی ۷ فیٹ ۹ انچ اور چوڑائی ۱۳ فیٹ ۵ انچ

(۵) لمبائی ۲ گز ۲ فیٹ ۶ انچ اور چوڑائی ۱ گز ، انچ

(۶) لمبائی ۳ گز ۲ فیٹ ۵ انچ اور چوڑائی ۸ فیٹ ، انچ

ضرب چلیپا سے اُن قائم الزاویہ مجسم کا حجم دریافت کرو جن کی لمبائی اور چوڑائی اور اونچائی نیچے لکھی ہوئی ہیں

(۷) لمبائی ۳ فیٹ ۵ انچ اور چوڑائی ۲ فیٹ ۳ انچ اور اونچائی ایک فٹ ۸ انچ

(۸) لمبائی ۷ فیٹ ۳ انچ اور چوڑائی ۶ فیٹ ۶ انچ اور اونچائی ۵ فیٹ ۲ انچ

(۹) لمبائی ۱۴ فیٹ ۳ انچ اور چوڑائی ۱۰ فیٹ ۶ انچ اور اونچائی ۳ فیٹ ۸ انچ

(۱۰) لمبائی ۳ گز ایک فٹ ۸ انچ اور چوڑائی ۲ گز ۲ فیٹ ۶ انچ اور اونچائی ۴ فیٹ ۳ انچ

یونیٹری طریقہ

۱۷۶- جو اصول حساب کے ہم ابتک بیان کر چکے ہیں اُن کی مدد لیکر ہم اُن سوالات کو جو قواعد ارلعہ متناسبہ وغیرہ سے جن کا بیان آگے ہوگا متعلق کئے جاتے ہیں ایک خاص طریقہ سے جسکو انگریزی میں یونیٹری طریقہ کہتے ہیں بآسانی حل کر سکتے ہیں اور وہ طریقہ نیچے لکھی ہوئی مثالوں سے بخوبی سمجھ میں آجائیگا اِس طریقہ میں سوائے ضرب اور تقسیم کے کوئی عمل نہیں کرنا پڑتا ہے

مثال ۱ اگر ۳۵ گز کپڑے کی قیمت ۶۵ روپیہ ۱۰ آنہ ہے تو ایک گز کپڑے کی کیا قیمت ہوگی

چونکہ ۳۵ گز کپڑے کی قیمت = ۶۵ روپیہ ۱۰ آنہ

اِسلئے ایک گز کپڑے کی قیمت = $\frac{\text{۶۵ روپیہ ۱۰ آنہ}}{۳۵}$ = ایک روپیہ ۱۴ آنہ

مثال ۲ ۳۶ بیلوں کی قیمت ۷۷۰ روپیہ ۸ آنہ ہے تو ۱۵ بیلوں کی کیا قیمت ہوگی

چونکہ ۳۶ بیلوں کی قیمت = ۷۷۰ روپیہ ۸ آنہ

اِسلئے ایک بیل کی قیمت = $\frac{\text{۷۷۰ روپیہ ۸ آنہ}}{۳۶}$

اِسلئے ۱۵ بیلوں کی قیمت = $\frac{۱۵ \times (\text{۷۷۰ روپیہ ۸ آنہ})}{۳۶} = \frac{۵ \times \text{۷۷۰۸ روپیہ ۸ آنہ}}{۱۲}$

$= ۵ \times (\text{۶۴ روپیہ ۱۴ آنہ}) = \text{۳۲۴ روپیہ ۶ آنہ}$

مثال ۳ اگر ۲۷ آدمی ایک خندق کو ۱۴ دن میں کھود سکتے ہیں اگر وہ ہر روز ۱۰ گھنٹہ کام کریں تو ۱۲ آدمی ہر روز ۹ گھنٹہ کام کرکے کتنے دن میں کھود سکیں گے

چونکہ ۲۷ آدمی ایک خندق کو (۱۴×۱۰) یعنی ۱۴۰ گھنٹہ میں کھودتے ہیں

اِسلئے ایک آدمی اُس خندق کو ۲۷ × ۴۰ گھنٹہ میں کھودیگا

اِسلئے ۱۲ آدمی اُس خندق کو $\frac{۲۷ \times ۴۰}{۱۲}$ یعنی ۳۱۵ گھنٹہ میں کھودیں گے

اب چونکہ ۱۲ آدمیوں نے ۴۵ دِن میں ۳۱۵ گھنٹہ کام کیا

اِسلئے اُنھوں نے ایک دِن میں $\frac{۳۱۵}{۴۵}$ یعنی ۷ گھنٹہ کام کیا

مثال ۴ اگر ایک کھیت کو ۱۵ بیل ۵ دِن میں جوت سکتے ہیں تو اُس کھیت کو ۳ دِن میں جوتنے کے لئے کتنے بیل چاہئیں

چونکہ کھیت کو ۵ دِن میں جوتنے کے لئے ۱۵ بیل چاہئیں

اِسلئے اُسکو ایک دِن میں جوتنے کے لئے ۱۵ × ۵ بیل چاہئیں

اِسلئے اُسکو تین دِن میں جوتنے کے لئے $\frac{۱۵ \times ۵}{۳}$ یعنی ۲۵ بیل چاہئیں

مثال ۵ کسی جائداد کے $\frac{۳}{۴}$ حصہ کی قیمت ۱۵۰۰۰ روپیہ ہے تو اُس جائداد کے $\frac{۴}{۵}$ حصہ کی کیا قیمت ہے

چونکہ جائداد کے $\frac{۳}{۴}$ حصہ کی قیمت ۱۵۰۰۰ روپیہ ہے

اِسلئے جائداد کے $\frac{۱}{۴}$ حصہ کی قیمت $\frac{۱۵۰۰۰}{۳}$ روپیہ ہے

اِسلئے کُل جائداد کی قیمت $\frac{۱۵۰۰۰ \times ۴}{۳}$ روپیہ ہے

اِسلئے جائداد کے $\frac{۱}{۵}$ حصہ کی قیمت $\frac{۱۵۰۰۰ \times ۴}{۳ \times ۵}$ روپیہ ہے

اِسلئے جائداد کے $\frac{۴}{۵}$ حصہ کی قیمت $\frac{۱۵۰۰۰ \times ۴ \times ۴}{۳ \times ۵}$ یعنی ۱۶۰۰۰ روپیہ ہے

مثال ۶ اگر ایک دلاّل ۱۰۰ روپیہ کا کپڑا کسی بزاز کا بکوا کر ۳ روپیہ ۲ آنہ دلاّلی لیتا ہے تو وہ ۳۵۰ روپیہ کا کپڑا بکوا کر کتنی دلاّلی لیگا

چونکہ دلاّل ۱۰۰ روپیہ کا کپڑا بکوا کر ۳ روپیہ ۲ آنہ یعنی ۵۰ آنہ دلاّلی لیتا ہے

اِسلئے ایک روپیہ کا کپڑا بکواکر $\frac{۵}{۱۶}$ یعنی $\frac{۱}{۴}$ آنہ دلالی لیگا
اِسلئے ۳۵۵ روپیہ کا کپڑا بکواکر ۳۵۵ × $\frac{۱}{۴}$ آنہ = ۲۶۷ $\frac{۱}{۴}$ آنہ یعنی ۱۶ روپیہ ۱۱ آنہ ۹ پائی دلالی لیگا

مثال ۷ اگر ۱۲ آدمی، ۷ گز لمبی اور ۴ گز چوڑی اور ۲ فیٹ آنار کی دیوار ۵ دِن میں بناتے ہیں تو ۳ آدمی ۵ گز لمبی اور ۳ $\frac{۱}{۲}$ گز چوڑی اور ۱ $\frac{۱}{۲}$ فیٹ آنار کی دیوار کتنے دِنوں میں بنادیں گے

حل چونکہ ۱۲ آدمی، ۷ گز لمبی ۴ گز چوڑی اور ۲ فیٹ آنار کی دیوار ۵ دِن میں بناتے ہیں
اِسلئے ایک آدمی، ۷ گز لمبی اور ۴ گز چوڑی اور ۲ فیٹ آنار کی دیوار ۱۲ × ۵ دِن میں بناویگا

اِسلئے	〃	۱	〃 〃 〃	〃	$\frac{۱۲ \times ۵}{۷}$ 〃
اِسلئے	〃	〃	۱ 〃 〃	〃	$\frac{۱۲ \times ۵}{۴ \times ۷}$ 〃
اِسلئے	〃	〃	〃 〃 ایک فٹ	〃	$\frac{۱۲ \times ۵}{۲ \times ۴ \times ۷}$ 〃
اِسلئے	〃	۵ گز	〃 〃 〃	〃	$\frac{۱۲ \times ۵ \times ۵}{۲ \times ۴ \times ۷}$ 〃
اِسلئے	〃	〃	〃 ۳ $\frac{۱}{۲}$ یعنی $\frac{۷}{۲}$ گز چوڑی 〃	〃	$\frac{۱۲ \times ۵ \times ۵ \times ۷}{۲ \times ۴ \times ۷ \times ۲}$ 〃
اِسلئے	〃	〃	〃 〃 ۱ $\frac{۱}{۲}$ فیٹ آنار کی دیوار	〃	$\frac{۱۲ \times ۵ \times ۵ \times ۷ \times ۳}{۲ \times ۴ \times ۷ \times ۲ \times ۲}$ 〃

اِسلئے ۳ آدمی ۵ گز لمبی ۳ $\frac{۱}{۲}$ گز چوڑی ۱ $\frac{۱}{۲}$ فیٹ آنار کی دیوار $\frac{۱۲ \times ۵ \times ۵ \times ۷ \times ۳}{۲ \times ۴ \times ۷ \times ۲ \times ۲ \times ۳}$ یعنی ۹ $\frac{۱}{۲}$ دِن میں بنادیں گے

نوٹ - جہاں یہ نشان 〃 لکھے ہیں اُس سے اُس کے اُوپر کی عبارت مُراد ہے

مثال ۸ - موہن ایک کام کو ۵ دِن میں اور سوہن اُس کام کو ۷ $\frac{۱}{۲}$ دِن میں کرسکتا ہے تو بتاؤ کہ دونوں مِلکر اُس کام کو کتنے دِن میں کرسکتے ہیں

چونکہ ۵ دِن میں موہن ایک کام کو تمام کرتا ہے
اِسلئے ایک دِن میں موہن اُس کام کا $\frac{1}{5}$ تمام کرتا ہے
پھر چونکہ ۷$\frac{1}{2}$ دِن میں سوہن اُس کام کو تمام کرسکتا ہے
اِسلئے ایک دِن میں سوہن اُس کام کا $\frac{1}{7\frac{1}{2}}$ یعنی $\frac{2}{15}$ تمام کرسکتا ہے
اِسلئے موہن اور سوہن دونوں ملکر ($\frac{1}{5}$ + $\frac{2}{15}$) یعنی $\frac{1}{3}$ کام ایکدن میں کرسکتے ہیں
اِسلئے موہن اور سوہن دونوں ملکر پورے کام کو ۳ دِن میں کرسکتے ہیں

مثال ۹ - ایک کام کو سیتا رام اور رادھا کرشن ۱۵ دِن میں اور سیتا رام اور گوری شنکر ۲۰ دِن میں اور رادھا کرشن اور گوری شنکر ۲۵ دِن میں کرسکتے ہیں تو بتاؤ کہ سیتا رام اور رادھا کرشن اور گوری شنکر تینوں ملکر کتنے دِنوں میں اور اُن میں سے ہر ایک کتنے دِنوں میں کرسکیگا

چونکہ سیتا رام اور رادھا کرشن ۱۵ دِن میں اور سیتا رام اور گوری شنکر ۲۰ دِن میں اور رادھا کرشن اور گوری شنکر ۲۵ دِن میں ایک کام کو کرسکتے ہیں
اِسلئے سیتا رام اور رادھا کرشن ایک دِن میں اُس کام کا $\frac{1}{15}$ کرسکتے ہیں
اور سیتا رام اور گوری شنکر " " $\frac{1}{20}$ "
اور رادھا کرشن اور گوری شنکر " " $\frac{1}{25}$ "
اِسلئے سیتا رام کی طاقت کے ۲ آدمی اور رادھا کرشن کی طاقت کے ۲ آدمی اور گوری شنکر کی طاقت کے ۲ آدمی ملکر ایک دِن میں اُس کام کا ($\frac{1}{15}$ + $\frac{1}{20}$ + $\frac{1}{25}$) یعنی $\frac{47}{300}$ کرسکتے ہیں
اِسلئے سیتا رام اور رادھا کرشن اور گوری شنکر تینوں ملکر اُس کام کا $\frac{47}{300}$

ایک دِن میں کرسکتے ہیں

اب چونکہ سیتا رام اور رادھا کرشن اور گوری شنکر تینوں مِلکر اُس کام کا $\frac{۴۷}{۴۰}$ اور اُن میں سے دو یعنی سیتا رام اور رادھا کرشن مِلکر $\frac{۱}{۱۵}$ اور دو یعنی سیتا رام اور گوری شنکر مِلکر $\frac{۱}{۲۰}$ اور دو یعنی رادھا کرشن اور گوری شنکر مِلکر $\frac{۱}{۲۵}$ کرسکتے ہیں اِسلئے سیتا رام اکیلا اُس کام کا $(\frac{۴۷}{۴۰} - \frac{۱}{۲۵})$ یعنی $\frac{۲۳}{۱۰۰}$ اور رادھا کرشن اکیلا $(\frac{۴۷}{۴۰} - \frac{۱}{۲۰})$ یعنی $\frac{۱۹}{۱۰۰}$ اور گوری شنکر اکیلا $(\frac{۴۷}{۴۰} - \frac{۱}{۱۵})$ یعنی $\frac{۱۷}{۱۰۰}$ ایک دِن میں کرسکتا ہے

اِسلئے کُل کام سیتا رام اکیلا $\frac{۱۰۰}{۲۳}$ یعنی ۴ $\frac{۲}{۲۳}$ دِن میں اور رادھا کرشن اکیلا $\frac{۱۰۰}{۱۹}$ یعنی ۵ $\frac{۵}{۱۹}$ دِن میں اور گوری شنکر اکیلا $\frac{۱۰۰}{۱۷}$ یعنی ۵ $\frac{۸}{۱۷}$ دِن میں کرسکتا ہے

مثال ۱۰ - ۱ ، ۱ دِن میں اُتنا کام کرتا ہے جتنا ب اور س اور د مِلکر ۴ دِن میں کرتے ہیں اور ب ، دِن میں اُتنا کام کرتا ہے جتنا ۱ اور س اور د مِلکر ۳ دِن میں کرتے ہیں اور س ۱۳ دِن میں اُتنا کام کرتا ہے جتنا ب اور د مِلکر ، دِن میں کرتے ہیں اب بتاؤ کہ جس کام کو د ۱۳ دن میں کرتا ہے اُس کو ۱ اور ب اور س مِلکر کتنے دِن میں کریں گے

چونکہ ۱ کا ۱، دِن کا کام	= ب ۱ اور س اور د کا ۴ دِن کا کام
اور س کا ۱۳ دِن کا کام	= ب اور د کا ۷ دن کا کام
∴ ۱ کا ۱۹ دِن کا کام	= ب ۱ اور س اور د کا ۲۸ دن کا کام
اور ب اور د کا ۲۸ دِن کا کام	= س کا ۵۲ دن کا کام
∴ ۱ کا ۱۹ دِن کا کام	= س کا (۵۲ + ۲۸) یعنی ۸۰ دِن کا کام

∴ ۱ کا ایک دن کا کام = س کا $\frac{۸۰}{۱۱۹}$ دن کا کام

∴ ۱ کا ۳ دن کا کام = س کا $\frac{۲۴۰}{۱۱۹}$ دن کا کام

لیکن ب کا ۷ دن کا کام = ۱ اور س اور د کا ۳ دن کا کام

∴ ب کا ۷ دن کا کام = د کا ۳ دن کا کام اور س کا ۳ $\frac{۲۴۰}{۱۱۹}$ دن کا کام

∴ ب اور د کا ۷ دن کا کام = د کا ۱۰ دن کا کام اور س کا $\frac{۵۹۷}{۱۱۹}$ دن کا کام

لیکن ب اور د کا ۷ دن کا کام = س کا ۱۳ دن کا کام

∴ س کا ۱۳ دن کا کام = د کا ۱۰ دن کا کام اور س کا $\frac{۵۹۷}{۱۱۹}$ دن کا کام

∴ س کا (۱۳ − $\frac{۵۹۷}{۱۱۹}$) یعنی $\frac{۹۵۰}{۱۱۹}$ دن کا کام = د کا ۱۰ دن کا کام

∴ س کا ایک دن کا کام = د کا $\frac{۱۱۹}{۹۵}$ دن کا کام

∴ س کا ۸۰ دن کا کام = د کا $\frac{۱۱۹ \times ۸۰}{۹۵}$ دن کا کام

لیکن س کا ۸۰ دن کا کام = ۱ کا ۱۱۹ دن کا کام

∴ ۱ کا ۱۱۹ دن کا کام = د کا $\frac{۱۱۹ \times ۸۰}{۹۵}$ دن کا کام

∴ ۱ کا ایک دن کا کام = د کا $\frac{۸۰}{۹۵}$ دن کا کام

پھر چونکہ ب کا ۷ دن کا کام = ۱ اور س اور د کا ۳ دن کا کام

اور ۱ کا ۳ دن کا کام = د کا $\frac{۲۴۰}{۹۵}$ دن کا کام

اور س کا ۳ دن کا کام = د کا $\frac{۳۵۷}{۹۵}$ دن کا کام

∴ ب کا ۷ دن کا کام = د کا $\frac{۲۴۰ + ۳۵۷ + ۲۸۵}{۹۵}$ یعنی $\frac{۸۸۲}{۹۵}$ دن کا کام

∴ ب کا ایک دن کا کام = د کا $\frac{۱۲۶}{۹۵}$ دن کا کام

∴ ۱ اور ب اور س کا ایک دن کا کام = د کا $\frac{۸۰ + ۱۲۶ + ۱۱۹}{۹۵}$ یعنی $\frac{۶۵}{۱۹}$ دن کا کام

∴ ۱ اورب اورس کا ۱۹ دن کا کام = ۵ کا ۶ دن کا کام

∴ ۵ کا ۱۳ دن کا کام = ۱ اورب اورس کا $\frac{19}{5}$ یعنی ۳$\frac{4}{5}$ دن کا کام

یعنی جس کام کو ۱۳ دن میں کرتا ہے ۱ اورب اورس بلکر ۳$\frac{4}{5}$ دن میں کریں گے

مثال ۱۱۔ اگر ۳ مرد اور ۴ عورت کی ۸ دن کی مزدوری ۹ روپیہ ۱۲ آنہ ہے اور ۲ مرد اور ۳ عورت کی ۵ دن کی مزدوری ۴ روپیہ ۴ آنہ ۹ پائی ہے تو ۹ مرد اور ۷ عورت کتنے دنوں میں ۳۵ روپیہ ۷ آنہ مزدوری کے پاویں گے

چونکہ ۳ مرد اور ۴ عورت ۸ دن میں ۹ روپیہ ۱۲ آنہ پاتے ہیں اور ۲ مرد اور ۳ عورت ۵ دن میں ۴ روپیہ ۴ آنہ ۹ پائی پاتے ہیں

∴ ایک دن میں ۳ مرد اور ۴ عورت ایک روپیہ ۳ آنہ ۶ پائی اور ۲ مرد اور ۳ عورت ۳ آنہ ۹ پائی پاتے ہیں

∴ ایک دن میں ایک مرد اور ایک عورت ۵ آنہ ۹ پائی پاتے ہیں

∴ ایک دن میں ۴ مرد اور ۴ عورت ایک روپیہ ۷ آنہ پاتے ہیں

لیکن ایک دن میں ۳ مرد اور ۴ عورت ایک روپیہ ۳ آنہ ۶ پائی پاتے ہیں

∴ ایکدنمیں ایکمرد ۳ آنہ ۶ پائی پاتا ہے اور اسلئے ایک عورت ۲ آنہ ۳ پائی پاتی ہے

∴ ایکدنمیں ۹ مرد ایکروپیہ ۱۵ آنہ ۶ پائی اور ۷ عورت ۱۵ آنہ ۹ پائی پاتے ہیں

∴ (ایکروپیہ ۱۵ آنہ ۶ پائی + ۱۵ آنہ ۹ پائی) یعنی ۲ روپیہ ۱۵ آنہ ۳ پائی ۹ مرد اور ۷ عورت بلکر ایک دن میں پاتے ہیں

∴ $\frac{189}{64}$ روپیہ ۹ مرد اور ۷ عورت بلکر ایک دن میں پاتے ہیں

∴ ۱۸۹ " " " " ۶۴ " "

∴ ایک روپیہ ۹ مرد اور ۷ عورت مِلکر $\frac{64}{189}$ دِن میں پاتے ہیں

∴ ۳۵ روپیہ ۷ آنہ یعنی ۳۵ $\frac{7}{16}$ روپیہ ۹ مرد اور ۷ عورت $\frac{64 \times 567}{189 \times 16}$ یعنی ۱۲ دِن میں پاتے ہیں

مثال ۱۲ ۲۱ امرود کی قیمت اُتنی ہے جتنی ۴ ناسپاتی کی ہے اور ۲۱ سیب کی قیمت ۲۳ ناسپاتی کی قیمت کے برابر ہے اور ۵ ناسپاتی ۳ آنہ کو بکتی ہیں یہ سب پھل ایک میوہ فروش کے یہاں ہیں اور ہمارے پاس سوائے دوانیوں کے پیسہ نہیں ہے بتاؤ کہ ہمیں کم سے کم کتنی دوانیاں خرچ کرنی پڑیں گی جس سے گنتی میں سب پھل برابر برابر مول لے سکیں

چونکہ ۵ ناسپاتی کی قیمت = ۳ آنہ ∴ ایک ناسپاتی کی قیمت = $\frac{3}{5}$ آنہ

پھر چونکہ ۲۱ امرود کی قیمت = ۴ ناسپاتی کی قیمت = $\frac{12}{5}$ آنہ

∴ ایک امرود کی قیمت = $\frac{12}{5 \times 21}$ آنہ = $\frac{4}{35}$ آنہ

پھر چونکہ ۲۱ سیب کی قیمت = ۲۳ ناسپاتی کی قیمت = $\frac{69}{5}$ آنہ

∴ ایک سیب کی قیمت = $\frac{69}{21 \times 5}$ آنہ = $\frac{23}{35}$ آنہ

∴ ایک ناسپاتی اور ایک امرود اور ایک سیب کی قیمت = $(\frac{3}{5} + \frac{4}{35} + \frac{23}{35})$ آنہ

= $\frac{24}{35}$ آنہ = $\frac{24}{35}$ دوانی

∴ ۳۵ ناسپاتی اور ۳۵ امرود اور ۳۵ سیب کی قیمت = ۲۴ دوانی

∴ ۲۴ دوانیاں خرچ کرنے پر سب پھل برابر برابر ملیں گے

مثال ۱۳ - ایک حوض میں تین ایسے نل پانی کے لگے ہوئے ہیں کہ اگر ایک نل کھولیں تو حوض ۲ گھنٹہ میں اور اگر دو سرا نل کھولیں تو حوض ۳ گھنٹہ میں اور اگر تیسرا

نل کھولیں تو حوض ۸ گھنٹہ میں پانی سے بھر جاوے بتاؤ کہ اگر تینوں نل ایک ساتھ کھولدیے جاویں تو حوض کتنی دیر میں پانی سے بھر جائیگا

چونکہ تینوں نل ملکر $(\frac{1}{12} + \frac{1}{8} + \frac{1}{24})$ یعنی $\frac{23}{24}$ حصہ حوض کا ایک گھنٹہ میں بھرتے ہیں

∴ اُتنے بڑے ۲۳ حوض تینوں نل ملکر ۲۴ گھنٹوں میں بھر دیں گے

∴ ایک حوض تینوں نل ملکر $\frac{24}{23}$ یعنی $1\frac{1}{23}$ گھنٹہ میں بھر دیں گے

مثال ۱۴ - ایک حوض میں دو نل سے پانی آتا ہے اور ایک موری سے پانی نکلتا ہے ایک نل کے کھولنے سے حوض ۵ گھنٹہ میں بھر جاتا ہے اور دوسرے نل کے کھولنے سے ۸ گھنٹہ میں بھر جاتا ہے اور موری سے اِسقدر پانی نکلتا ہے کہ بھرا ہوا ۴ گھنٹہ میں خالی ہو جاتا ہے بتاؤ کہ اگر دونوں نل اور موری ایک ساتھ کھولدیے جاویں تو حوض کتنی دیر میں بھر جائے گا

چونکہ $(\frac{1}{5} + \frac{1}{8})$ یعنی $\frac{13}{40}$ حصہ حوض کا دونوں نل ملکر ایک گھنٹہ میں بھرتے ہیں اور حوض کے $\frac{1}{4}$ حصہ کا پانی موری کی راہ ایک گھنٹہ میں نکلجاتا ہے

∴ حوض کے $(\frac{13}{40} - \frac{1}{4})$ یعنی $\frac{3}{40}$ حصہ کا پانی ایک گھنٹہ میں حوض میں رہجاتا ہے

∴ حوض $\frac{40}{3}$ یعنی ۱۳ گھنٹہ ۲۰ منٹ میں بھر جائیگا

مثال ۱۵ - دھومی اور جنگی نے ملکر بزازی کی دوکان کی جتنا روپیہ دوکان میں لگا اُسکا $\frac{2}{5}$ دھومی کا تھا لیکن دوکان اُٹھنے پر دھومی کو نفع کا $\frac{3}{7}$ ملا اور جنگی نے $\frac{4}{7}$ لے لیا کیونکہ دھومی کا روپیہ ۱۰ $\frac{1}{2}$ مہینے دوکان میں لگا رہا تھا بتاؤ کہ جنگی کا روپیہ کتنے مہینہ لگا رہا

چونکہ اُس روپیہ کا جو دُوکان میں لگا تھا $\frac{2}{5}$ دھومی نے ۱۰ $\frac{1}{2}$ مہینے لگا کر نفع کا $\frac{3}{5}$ حاصل کیا

∴ اُس روپیہ کا جو دُوکان میں لگا تھا $\frac{2}{5}$ دھومی ایک مہینہ تک لگا کر نفع کا $\frac{3}{5}$ حاصل کرے گا

∴ نفع کا $\frac{1}{2}$ حاصل کرنے کے لئے اُس روپیہ کا جو دوکان میں لگا ہے $\frac{5}{6}$ ایک مہینہ تک لگانا چاہیئے

∴ نفع کا $\frac{3}{5}$ حاصل کرنے کے لئے اُس روپیہ کا جو دوکان میں لگا ہے، گُنا ایک مہینہ تک لگانا چاہیئے

∴ نفع کا $\frac{3}{5}$ حاصل کرنے کے لئے اِتنا روپیہ جتنا دوکان میں لگا ہے اُس کا ۳ گُنا $\frac{5}{6}$ مہینہ تک لگانا چاہیئے

∴ نفع کا $\frac{3}{5}$ حاصل کرنے کے لئے جتنا روپیہ دوکان میں لگا ہے اُسکا $\frac{3}{5}$ گُنا $\frac{5}{6} \times 3$ یعنی $\frac{5}{2}$ مہینہ تک لگانا چاہیئے

لیکن جنگی جس نے نفع کا $\frac{3}{5}$ لیا ہے جتنا روپیہ دُوکان میں لگا ہے اُس کا $\frac{11}{2}$ لگایا ہے

∴ جنگی کا روپیہ $\frac{5}{2} \times 11$ یعنی ۱۱ $\frac{2}{3}$ مہینے تک لگا رہا

مثال ۱۶۔ ایک خرگوش جب ایک کتے نے اُس کا پیچھا کیا کتے سے اپنی ۶۰ چھلانگ آگے تھا اور جتنی دیر میں خرگوش ۵ چھلانگ مارتا ہے اُتنی دیر میں کتا ۴ چھلانگ مارتا ہے لیکن خرگوش ایک چھلانگ میں ۱ $\frac{1}{2}$ گز جاتا ہے اور کتا ایک چھلانگ میں ۲ $\frac{1}{2}$ گز جاتا ہے بتاؤ کہ کتا کتنی چھلانگ مارنے پر خرگوش کو پکڑ لیگا

چونکہ خرگوش کتے کے چلنے کے وقت اپنی ۹۰ چھلانگ یا ۹۰ × ۱½ یعنی ۱۳۵ گز آگے تھا

∴ خرگوش کے پکڑنے کے لئے کتے کو ۱۳۵ گز خرگوش سے زیادہ چلنا چاہیئے

لیکن جتنی دیر میں خرگوش ۵ چھلانگ مارتا ہے یعنی ۷½ گز چلتا ہے اتنی دیر میں کتا ۴ چھلانگ مارتا ہے یعنی ۹ گز چلتا ہے

∴ کتا ۴ چھلانگ مارنے پر خرگوش سے (۹ - ۷½) گز یعنی ۱½ گز زیادہ چلتا ہے

∴ کتا ایک چھلانگ مارنے پر خرگوش سے ⅜ گز زیادہ چلتا ہے

∴ خرگوش سے ۳ گز زیادہ چلنے کے لئے کتے کو ۸ چھلانگ مارنی چاہیئے

∴ خرگوش سے ایک گز زیادہ چلنے کے لئے کتے کو ⅜ چھلانگ مارنی چاہیئے

∴ خرگوش سے ۱۳۵ گز زیادہ چلنے کے لئے کتے کو ⅜ × ۱۳۵ یعنی ۴۸۰ چھلانگ مارنی چاہیئے

∴ کتا ۴۸۰ چھلانگ مارنے پر خرگوش کو پکڑے گا

مثال ۱۷ - ایک قلعہ میں ۴۰۰ آدمی گھرے ہوئے ہیں اور اُن کے پاس ۴۰ دن کے لئے خوراک کا سامان موجود ہے لیکن ۱۵ روز کے بعد ۱۰۰ آدمی دشمن سے بھاگ کر قلعہ میں چلے آئے بتاؤ کہ اگر جتنی خوراک پہلے ہر آدمی کو دیجاتی تھی اُس کی ⅔ دی جاوے تو کتنے دنوں کے لئے باقی سامان کافی ہوگا

چونکہ بعد ۱۵ دن کے سامان خوراک کا ۴۰۰ آدمیوں کو ۲۵ دن کیلئے کافی ہوگا

∴ ایک آدمی کو سامان خوراک کا (۴۰۰ × ۲۵) دن کو کافی ہوگا

∴ (۴۰۰ + ۱۰۰) یعنی ۵۰۰ آدمیوں کو سامان خوراک $\frac{۴۰۰ \times ۲۵}{۵۰۰}$ یعنی

۳۰ دِن کو کافی ہوگا

∴ جب خوراک ایک تہائی کر دیجاوے تو سامان خوراک ۵ ہزار آدمیوں کو ۶۰ دِن کے لئے کافی ہوگا

∴ جب خوراک دو تہائی کر دیجاوے تو سامان خوراک ۵ ہزار آدمیوں کو ۳۰ دِن کے لئے کافی ہوگا

مثال ۱۸۔ ایک دوکاندار نے ۲۲۴۰ من چونا خریدا اور پھر اُسے ۱۲ آنہ فی پیمانہ کے حساب سے بیچڈالا جس سے اُسے ۴۰ روپیہ کا نفع ہوا اگر وہ اُسے ۱۰ آنہ ۸ پائی فی پیمانہ کے حساب سے بیچتا تو اُسے ۶۰ روپیہ کا نقصان ہوتا تو بتاؤ کہ دُوکاندار نے چونا کس بھاؤ سے خریدا تھا اور پیمانہ کا کیا وزن تھا

چونکہ چونا فی پیمانہ ۱۲ آنہ کے حساب سے بیچنے میں ۴۰ روپیہ نفع اور ۱۰ آنہ ۸ پائی کے حساب سے بیچنے میں ۶۰ روپیہ نقصان ہوتا ہے

∴ چونے کی اِن دونوں قیمتوں میں (۴۰ + ۶۰) یعنی ۱۰۰ روپیہ کا فرق ہوا

پھر چونکہ (۱۲ آنہ − ۱۰ آنہ ۸ پائی) یعنی $\frac{1}{12}$ روپیہ کا فرق ایک پیمانہ کی قیمتوں میں ہے

∴ ایک روپیہ فرق ۱۲ پیمانوں کی قیمتوں میں ہوا

∴ ۱۰۰ روپیہ فرق ۱۲۰۰ پیمانوں کی قیمتوں میں ہوا

پس چونا ۱۲۰۰ پیمانہ ہے

چونکہ کُل چونے کا جو ۱۲۰۰ پیمانہ ہے وزن ۲۲۴۰ من ہے

∴ ایک پیمانہ چونے کا وزن = $\frac{2240}{1200}$ من = $\frac{28}{15}$ من = ایکمن ۳۴ سیر ۱ $\frac{2}{3}$ چھٹانک

چونکہ دو کاندار ایک پیمانہ یعنی $\frac{25}{12}$ من چونا ۱۲ آنہ کو بیچتا ہے

∴ دو کاندار ایک من چونا $\frac{12 \times 12}{25}$ یعنی $5\frac{7}{25}$ آنہ کو بیچتا ہے

پھر چونکہ ۲۲۴۰ من چونا بیچنے میں ۴۰ روپیہ نفع ہوتا ہے

∴ ایک من چونا بیچنے میں $\frac{40}{2240}$ روپیہ یعنی $\frac{1}{56}$ آنہ نفع ہوا

∴ ایک من چونے کی لاگت = $(5\frac{7}{25} - \frac{1}{56})$ آنہ = $\frac{4343}{1400}$ آنہ = ۶ آنہ ۱ پائی

مثال ۱۹- ۳ مرد اور ۵ عورتیں مِلکر ایک کام کو ۸ دِن میں کر سکتے ہیں اور اُسی کام کو ۲ مرد اور ۷ لڑکے مِلکر ۱۲ دِن میں کر سکتے ہیں اب اگر اُسی کام کو ۱۳ مرد اور ۱۴ لڑکے اور ۱۵ عورتیں مِلکر کریں تو کتنے دِنوں میں کر لیں گے

چونکہ اُس کام کو ۳ مرد اور ۵ عورتیں مِلکر ۸ دِن میں اور ۲ مرد اور ۷ لڑکے مِلکر ۱۲ دن میں کرتے ہیں

اِسلئے ایکدن میں ۳ مرد اور ۵ عورتیں مِلکر اُس کام کا $\frac{1}{8}$ اور ۲ مرد اور ۷ لڑکے مِلکر اُس کام کا $\frac{1}{12}$ حصّہ کرتے ہیں

∴ ایک دِن میں ۵ مرد اور ۵ عورتیں اور ۷ لڑکے مِلکر اُس کام کا $(\frac{1}{8} + \frac{1}{12})$ یعنی $\frac{5}{24}$ کریں گے

∴ ایک دِن میں ۱۰ مرد اور ۱۰ عورتیں اور ۱۴ لڑکے مِلکر اُس کام کا $\frac{10}{24}$ کریں گے

لیکن ایک دِن میں ۳ مرد اور ۵ عورتیں مِلکر اُس کام کا $\frac{1}{8}$ کرتے ہیں

∴ ایک دِن میں ۱۳ مرد اور ۱۵ عورتیں اور ۱۴ لڑکے اُس کام کا $(\frac{10}{24} + \frac{1}{8})$ یعنی $\frac{13}{24}$ کریں گے

∴ ۱۳ مرد اور ۱۴ لڑکے اور ۱۵ عورتیں مِلکر اُس کام کو $(1 \div \frac{13}{24})$ یعنی $1\frac{11}{13}$ دِن

ہیں کریں گے

مثال ۲۰۔ جس شخص کی آمدنی ۱۵۰۰ روپیہ سے کم ہے اُس کو ۴ پائی فی روپیہ اور جس کی ۱۵۰۰ روپیہ سے زیادہ ہے اُس کو ۶ ۵ پائی فی روپیہ ٹیکس دینا پڑتا ہے بتاؤ کہ اُس شخص کی آمدنی ۱۵۰۰ روپیہ سے کتنی زیادہ ہے جسکے پاس ٹیکس دینے کے بعد ۱۴۹۵ روپیہ کی آمدنی والے سے ۵ آنہ ۲ پائی کم رہیں

چونکہ ۱۴۹۵ روپیہ کی آمدنی والے کو ۴ پائی فی روپیہ ٹیکس دینا پڑتا ہے

∴ اُسکو جو ٹیکس دینا پڑتا ہے وہ = (۴×۱۴۹۵) پائی = ۵۹۸۰ پائی = ۳۱ روپیہ ۲ آنہ ۴ پائی

∴ اُسکے پاس ٹیکس دینے کے بعد (۱۴۹۵ روپیہ − ۳۱ روپیہ ۲ آنہ ۴ پائی)

یعنی ۱۴۶۳ روپیہ ۱۳ آنہ ۸ پائی رہتا ہے

∴ ۱۵۰۰ روپیہ سے زیادہ کی آمدنی والے کے پاس ٹیکس دینے کے بعد ۱۴۶۳ روپیہ ۸ آنہ ۶ پائی رہتا ہے

چونکہ ۱۵۰۰ روپیہ سے زیادہ کی آمدنی والے کو ۵ ۳/۵ پائی فی روپیہ ٹیکس دینا پڑتا ہے

∴ اُسکے پاس ٹیکس دینے کے بعد (ایک روپیہ − ۵ ۳/۵ پائی) یعنی ۲۳۳/۲۴۰ روپیہ ہر روپیہ میں بچ رہتا ہے

∴ اُسکے پاس ۱۴۶۳ روپیہ ۸ آنہ ۶ پائی یعنی ۴۶۸۳۳/۳۲ روپیہ ٹیکس دینے کے بعد ۴۶۸۳۳/۳۲ روپیہ یعنی ۱۵۰۰ روپیہ ۸ آنہ کی آمدنی میں بچ رہیگا

۲۳۳/۲۴۰

∴ اُس کی آمدنی ۱۵۰ روپیہ سے ۱ روپیہ ۸ آنہ زیادہ ہی

پیشتر اِسکے کہ ہم گھڑی کے متعلق سوال لکھکر اُن کو حل کریں گھڑی کی شکل کھینچکر ہمیں اُس کا کچھ حال بیان کرنا ضرور ہی



گھڑی کی شکل جو کھچی ہوا اُسکے بیچوں بیچ میں یعنی دائرہ کے مرکز پر ایک کیل ہی جسپر گھنٹہ کی سوئی گھ اور منٹ کی سوئی م دونوں گھومتی ہیں اور دائرہ ۱۲ حصّوں میں جن پر ۱ و ۲ و ۳ وغیرہ کے عدد لکھے ہیں منقسم ہی اور اِن ۱۲ حصّوں میں سے ہر ایک حصّہ پانچ پانچ حصّوں میں منقسم ہی یعنی کل دائرہ میں یہ چھوٹے حصّہ ۶۰ ہیں اب لڑکوں کو یہ جاننا ضرور ہی کہ جس وقت دِن یا رات کے ۱۲ بجتے ہیں تو گھنٹہ اور منٹ دونوں سوئیوں کی نوک ۱۲ کے عدد کی طرف ہوتی ہی اور ۱۲ بجنے کے بعد ہر گھنٹہ میں منٹ کی سوئی م دائرہ کا ایک پورا چکر کرکے ۱۲ پر آتی ہی یعنی دائرہ کے سب چھوٹے حصّے جو گنتی میں ۶۰ ہیں طے کرآتی ہی اور گھنٹہ کی سوئی گھ صرف ۵ چھوٹے حصّے یعنی ایک بڑا حصّہ طے کرتی ہی یعنی منٹ کی سوئی گھنٹہ کی سوئی سے ایک گھنٹہ میں ۵ چھوٹے حصّے زیادہ طے کرتی ہی

یہ بھی جاننا ضرور ہی کہ نقطہ ا پر زاویہ نہیں گے وہ سب چار قائموں کے برابر ہیں اِسلئے جب ایک سوئی دوسری کے ساتھ ایک زاویہ قائمہ بناویگی تو دونوں سوئی کی نوکوں کے درمیان دائرہ کا چوتھائی حصّہ یعنی دائرہ کے ۱۵ چھوٹے حصّہ ہوں گے اور جب دونوں سوئی ایک ہی سیدھ میں ہوں گی تو آدھا دائرہ یعنی ۳۰ چھوٹے حصّے سوئیوں کے ایک طرف اور ۳۰ چھوٹے حصّے سوئیوں کے دوسری

طرف ہوں گے اب اتنا بیان کرکے ہم کچھ سوال گھڑی کے متعلق لکھکر حل کریں گے

مثال ۲۱ ۔ ۱۲ اور ایک بجے کے درمیان کب دونوں سوئیاں گھڑی کی ایک دوسری کے ساتھ زاویہ قائمہ بنادیں گی اور کب دونوں ایک سیدھ میں ہونگی

چونکہ ۱۲ بجے پر دونوں سوئیاں ایک دوسری کے اوپر ہیں اور ان کی نوکیں ۱۲ کے عدد کی طرف ہیں اسلئے منٹ کی سوئی کو گھنٹہ کی سوئی کے ساتھ زاویہ قائمہ بنانے کے لئے دائرہ کے جتنے چھوٹے حصے گھنٹہ کی سوئی طے کرے اس سے ۱۵ یا ۴۵ حصے زیادہ طے کرنا چاہئے اور گھنٹہ کی سوئی کی سیدھ میں ہونے کے لئے ۳۰ چھوٹے حصے زیادہ طے کرنا چاہئے

لیکن منٹ کی سوئی گھنٹے کی سوئی سے دائرہ کے ۵۵ چھوٹے حصے زیادہ ایک گھنٹہ یعنی ۶۰ منٹ میں طے کرتی ہے

∴ منٹ کی سوئی گھنٹہ کی سوئی سے دائرہ کا ایک چھوٹا حصہ زیادہ $\frac{60}{55}$ منٹ میں طے کرتی ہے

∴ منٹ کی سوئی گھنٹہ کی سوئی سے دائرہ کے ۱۵ چھوٹے حصے زیادہ $\frac{60\times15}{55}$ یعنی ۱۶ $\frac{4}{11}$ منٹ میں اور ۳۰ چھوٹے حصے زیادہ $\frac{60\times30}{55}$ یعنی ۳۲ $\frac{8}{11}$ منٹ میں اور ۴۵ چھوٹے حصے زیادہ $\frac{60\times45}{55}$ یعنی ۴۹ $\frac{1}{11}$ منٹ میں طے کرے گی

اسلئے ۱۲ بجے کے بعد ۱۶ $\frac{4}{11}$ منٹ اور ۴۹ $\frac{1}{11}$ منٹ پر دونوں سوئیاں ایک دوسری کے ساتھ زاویہ قائمہ بنادیں گے اور ۳۲ $\frac{8}{11}$ منٹ پر وہ دونوں ایک ہی سیدھ میں ہوں گی

مثال ۲۲ ۔ ۲ اور ۳ بجے کے درمیان کب دونوں سوئیاں اوپر تلے ہوں گی

گی اور کب ایک دوسری کے ساتھ زاویہ قائمہ بناویں گی

دو بجے کے وقت منٹ کی سوئی کی نوک ۱۲ پر ہے اور گھنٹہ کی سوئی کی نوک ۲ پر ہے اسلئے دونوں سوئیوں کے درمیان دائرہ کے ۱۰ چھوٹے حصے ہیں یعنی گھنٹہ کی سوئی منٹ کی سوئی سے ۱۰ چھوٹے حصے آگے ہے اسلئے منٹ کی سوئی کو گھنٹہ کی سوئی پر ہونے کے لئے ۱۰ چھوٹے حصے زیادہ اور گھنٹہ کی سوئی کے ساتھ زاویہ قائمہ بنانے کے لئے (۱۰ + ۱۵) یعنی ۲۵ یا (۱۰ + ۴۵) یعنی ۵۵ چھوٹے حصے زیادہ طے کرنے چاہئیں

لیکن منٹ کی سوئی گھنٹہ کی سوئی سے دائرہ کے ۵۵ چھوٹے حصے زیادہ ایک گھنٹہ یعنی ۶۰ منٹ میں طے کرتی ہے

∴ منٹ کی سوئی گھنٹہ کی سوئی سے دائرہ کا ایک چھوٹا حصہ زیادہ $\frac{60}{55}$ منٹ میں طے کرتی ہے

∴ منٹ کی سوئی گھنٹہ کی سوئی سے دائرہ کے ۱۰ چھوٹے حصے زیادہ $\frac{10\times60}{55}$ یعنی ۱۰ $\frac{10}{11}$ منٹ میں اور ۲۵ چھوٹے حصے زیادہ $\frac{25\times60}{55}$ یعنی ۲۷ $\frac{3}{11}$ منٹ میں اور ۵۵ چھوٹے حصے زیادہ $\frac{55\times60}{55}$ یعنی ۶۰ منٹ میں طے کرگی

اسلئے دو بجے کے بعد ۱۰ $\frac{10}{11}$ منٹ پر دونوں سوئیاں اوپر تلے ہوں گی اور ۲۷ $\frac{3}{11}$ منٹ پر ایک دوسری کے ساتھ زاویہ قائمہ بناویں گی یا ٹھیک ۳ بجے پر بھی ایک دوسری کے ساتھ زاویہ قائمہ بناویں گی

مثال ۲۳ - ۴ اور ۵ بجے کے درمیان کب گھڑی کی دونوں سوئیاں ایک دوسری کے ساتھ زاویہ قائمہ بناویں گی

چونکہ ۴ بجے پر منٹ کی سوئی گھنٹہ کی سوئی سے دائرہ کے ۲۰ چھوٹے حصّے پیچھے ہے اِسلئے ۴ اور ۵ بجے کے درمیان دو دفعہ سوئیاں ایک دوسری کے ساتھ زاویہ قائمہ بناویں گی ایک دفعہ تو اُسی وقت جب منٹ کی سوئی پانچ حصّے زیادہ طے کرکے ۱۵ حصّے پیچھے رہیگی اور ایک دفعہ اُسوقت جب وہ ۱۵ حصّے گھنٹہ کی سوئی سے آگے ہوگی یعنی اُس سے ۳۵ چھوٹے حصّے زیادہ طے کرے گی

لیکن منٹ کی سوئی گھنٹہ کی سوئی سے دائرہ کے ۵۵ چھوٹے حصّے زیادہ ۶۰ منٹ میں طے کرتی ہے

∴ منٹ کی سوئی گھنٹہ کی سوئی سے دائرہ کا ایک چھوٹا حصّہ زیادہ $\frac{۶۰}{۵۵}$ منٹ میں طے کرتی ہے

∴ منٹ کی سوئی گھنٹہ کی سوئی سے دائرہ کے پانچ چھوٹے حصّے زیادہ $\frac{۵\times۶۰}{۵۵}$ یعنی ۵ $\frac{۵}{۱۱}$ منٹ میں اور ۳۵ چھوٹے حصّے زیادہ $\frac{۳۵\times۶۰}{۵۵}$ یعنی ۳۸ $\frac{۲}{۱۱}$ منٹ میں طے کرے گی

اِسلئے ۴ بجے کے بعد ۵ $\frac{۵}{۱۱}$ منٹ اور ۳۸ $\frac{۲}{۱۱}$ منٹ پر دونوں سوئیاں ایک دوسری کے ساتھ زاویہ قائمہ بناویں گی

مثال ۲۴ - ۸ اور ۹ بجے کے درمیان کب گھڑی کی دونوں سوئیاں آمنے سامنے ایک ہی سیدھ میں ہوں گی

جب دونوں سوئیاں آمنے سامنے ہوتی ہیں تو اُن کے درمیان دائرہ کے ۳۰ چھوٹے حصّے ہوتے ہیں اور ۸ بجے کے وقت اُن کے درمیان ۴۰ چھوٹے حصّے ہیں اِسلئے منٹ کی سوئی کو ۷۰ چھوٹے حصّے زیادہ طے کرنا چاہیئے

چونکہ منٹ کی سوئی گھنٹہ کی سوئی سے دائرہ کے ۵۵ چھوٹے حصے زیادہ ۶۰ منٹ میں طے کرتی ہے

∴ منٹ کی سوئی گھنٹہ کی سوئی سے دائرہ کا ایک چھوٹا حصہ زیادہ $\frac{60}{55}$ منٹ میں طے کریگی

∴ منٹ کی سوئی گھنٹہ کی سوئی سے دائرہ کا ۱۰ چھوٹے حصے زیادہ $\frac{10\times60}{55}$ یعنی ۱۰$\frac{10}{11}$ منٹ میں طے کریگی

∴ آٹھ بجے کے بعد ۱۰$\frac{10}{11}$ منٹ پر دونوں سوئیاں آمنے سامنے ہونگی

مشق ۹۱

(۱) اگر ۴ دن میں کوئی آدمی ۶۲ میل چلتا ہے تو وہ ہر روز کتنے میل چلتا ہے

(۲) اگر ایک بورہ میدہ کا ۹ آدمیوں کو ۴ دن کے لئے کافی ہوتا ہے تو وہ ایک آدمی کو کتنے دن کے لئے کافی ہوگا

(۳) اگر اُس آدمی کو جس کی آمدنی ۲۶۵۰ روپیہ ہے ۶۶ روپیہ ۴ آنہ انکم ٹیکس دینا پڑتا ہے تو فی روپیہ کیا انکم ٹیکس ہے

(۴) اگر ۱۲ آدمی ایک کھیت کو ۴ دن میں کاٹ سکتے ہیں تو ۳۲ آدمی ویسے ۲ کھیت کو کتنے دنوں میں کاٹ سکینگے

(۵) اگر ۳۵۰ ایکڑ زمین کی قیمت ۱۲۲۵۰ پونڈ ہے تو ۲۷۳ ایکڑ زمین کی کیا قیمت ہوگی

(۶) جس کام کو ۱۵ آدمی ۲۰ دن میں کر سکتے ہیں اُسکو ۱۲ آدمی کتنے دنوں میں کر سکیں گے

(۷) اگر کسی آدمی کی سالانہ آمدنی ۴۰۰۸ روپیہ ہیں تو اُس کی ۱۵ دن کی آمدنی کتنی ہے

(۸) جو آدمی ۲۰ منٹ میں ایک میل ایک فرلانگ، پول چلتا ہے وہ کتنی دیر میں آگرہ سے شکوہ آباد پہونچیگا جب آگرہ سے شکوہ آباد ۴۱ میل ۲ فرلانگ ۱۲ پول ہے

(۹) اگر ۷ سیر چنے کے دانے کی قیمت ۹ آنہ ۱۱ پائی ہے تو ۱۴ من دانہ کی کیا قیمت ہوگی

(۱۰) اگر کسی جائداد کے $\frac{3}{5}$ کی قیمت ۷۵۲۰ پونڈ ہے تو اُس جائداد کے $\frac{2}{3}$ کی کیا قیمت ہوگی

(۱۱) اگر کسی کام کا $\frac{2}{11}$ حصہ ۲۵ دن میں تمام ہوتا ہے تو $11\frac{2}{3}$ دن میں کتنا حصہ اُس کام کا تمام ہوگا

(۱۲) ۱۵۵۰ من اسباب ۱۰ میل لیجانے کے لئے گاڑی کا کرایہ ۳۱ روپیہ ہے تو اُتنے ہی کرایہ میں ۳۲۵ من اسباب کتنی دور لیجا سکتے ہیں

(۱۳) اُس جائداد کے $\frac{1}{132}$ حصہ کی قیمت کیا ہوگی جب ایک آدمی جو اُس جائداد میں $\frac{3}{11}$ کا حصہ دار ہے اپنے حصہ کا $\frac{4}{7}$ دوسرے حصہ دار کے ہاتھ ۳۵۰۰ روپیہ کو بیچڈالتا ہے

(۱۴) ۸ $\frac{1}{2}$ انچ لمبی چربی کی بتیاں ۱۲ آنہ فیدرجن کے حساب سے بکتی ہیں اور اُتنی ہی موٹی اور ویسی ہی عمدہ ۱۰ $\frac{1}{2}$ انچ لمبی بتیاں ۱۴ آنہ ۸ پائی فی درجن کے حساب سے بکتی ہیں بتاؤ کہ کس قسم کی بتیاں خریدنے کے لئے صلاح دوگے

(۱۵) موہن ایک کام کو ۳۵ دِن میں اور سوہن ۴۰ دِن میں اور روہن ۴۵ میں کرسکتا ہَے تو تینوں مِلکر اُس کام کو کتنے دِنوں میں کرسکیں گے

(۱۶) سیتارام ایک کام کا ۱/۴ حصّہ ۱۴ دِن میں تمام کرکے لچھمن کو اپنی مدد کے لئے بلاتا ہَے اور دونوں مِلکر ۲ دِن میں اُس کام کو ختم کر دیتے ہیں بتاؤ کہ اگر لچھمن اکیلا شروع سے کام کرتا تو کُل کام کو کتنے دِنوں میں ختم کرتا

(۱۷) ا اکیلا ایک کام کو ۳ گھنٹہ میں کرسکتا ہَے اور ب اور س مِلکر اُس کام کو ۱½ گھنٹہ میں اور ا اور س مِلکر ۱½ گھنٹہ میں کرسکتے ہیں بتاؤ کہ ب اکیلا اُس کام کو کتنی دیر میں کرے گا

(۱۸) ا اکیلا ایک کام کو ۲۰ دِن میں کرسکتا ہَے اور ب اکیلا اُس کام کو ۱۵ دِن میں کرسکتا ہَے اُس کام پر ا اکیلا ۱۲ دِن لگا رہا اور ب اکیلا ۵ دِن لگا رہا پھر جو کچھ باقی رہا اُس کو س نے ۴ دِن میں ختم کر دیا بتاؤ کہ س اکیلا پورے کام کو کتنے دِنوں میں ختم کرسکتا ہَے

(۱۹) جنا کام ا ۳ دِن میں کرسکتا ہَے اُس کا تِگُنا ب ۸ دِن میں اور اُسکا پچگُنا س ۱۲ دِن میں کرسکتا ہَے بتاؤ کہ جو کام ا اکیلا ۹ دِن میں کرسکتا ہَے اُس کو ا اور ب اور س تینوں مِلکر کتنے دِنوں میں کرسکیں گے

(۲۰) ایک کام کو ا اکیلا ۱۲ دِن میں اور ب اکیلا ۱۶ دِن میں کرسکتا ہَے اُس کام پر ا اور ب دونوں ۳ دِن لگے رہے بعد اُسکے اے چھوڑ دیا اور ب لگا رہا ۲ دِن کے بعد س نے ب سے مِلکر اُس کام کو ۳ دِن میں ختم کر دیا بتاؤ کہ س اکیلا پورے کام کو کتنے دِن میں کرسکتا تھا

(۲۱) ایک کام کو ا اور ب ملکر ۱۰ دن میں اور ب اور س ملکر ۱۵ دن میں اور ا اور س ملکر ۲۰ دن میں کرسکتے ہیں اُن تینوں نے ملکر اُس کام کو شروع کیا ۴ دن کے بعد اے چھوڑ دیا اور ب اور س اُس کام پر لگے رہے جب ان دونوں کو ۸ دن اور ہو گئے تو ب نے کام چھوڑ دیا بتاؤ کہ جو کچھ کام باقی رہگیا اُس کو کتنے دنوں میں س ختم کردیگا

(۲۲) ا اور ب نے ایک کام کرنے کا ۱۵ روپیہ میں ٹھیکہ لیا اگر اُس کام کو ا اکیلا کرتا تو ۴ دن میں کرسکتا تھا اور ب اکیلا کرتا تو ۵ دن میں کرسکتا تھا لیکن اُن دونوں نے ایک لڑکے کو شامل کرکے اُس کام کو ۲ دن میں ختم کردیا بتاؤ کہ ۱۵ روپیہ جو اُن کو ملا ہے وہ کس طرح آپس میں تقسیم کریں

(۲۳) جتنا کام س اور د ملکر ایک دن میں کرتے ہیں اُتنا ا اور ب ملکر ۲ دن میں کرسکتے ہیں اور جتنا کام ا اور ب اور س اور د چاروں ملکر ایک دن میں کرتے ہیں اُتنا کام ا اور س ملکر ۲ دن میں کرسکتے ہیں اگر ا اور ب اور س اور د چاروں کسی دیوار کے بنانے پر دن بھر کام کرتے تو چاروں ملکر اُس دیوار کو ۸ دن میں بنا لیتے لیکن ا تو دن میں چاروں پہر کام کرتا ہے اور ب ۳ پہر اور س دو پہر اور د ایک پہر کام کرتا ہے بتاؤ کہ دیوار کتنے دنوں میں بن جائیگی

(۲۴) اگر ۱۵ مرد یا ۴۰ عورتیں ایک کام کو ۱۲ دن میں کرسکتی ہیں تو ۱۰ مرد اور ۲۰ عورتیں اُس کام کا ستگنا کتنے دنوں میں کرسکیں گے

(۲۵) ایک دیوار کو ۳۰ مرد ۳۶ دن میں جب دن ۸ گھنٹہ کا ہوتا ہے بنا سکتے ہیں بتاؤ کہ جب دن ۱۲ گھنٹہ کا ہوتا ہو تو ۸ مرد اور ۶۰ عورتیں اُس دیوار کو کتنے

دِنوں میں بنالیں گے یہ فرض کرو کہ ہر مرد چھوٹے دِنوں میں جتنا کام فی گھنٹہ کرتا ہے اُس کا ۱½ فی گھنٹہ بڑے دِنوں میں کرتا ہے اور ۲ عورتوں کا کام ۳ مرد کے کام کے برابر ہوتا ہے

(۲۶) ایک کام کو ایک لڑکا اور ایک جوان ہر روز باری باری سے کرتے ہیں جس کو صرف لڑکا ہی ۱۳ دِن میں کرسکتا ہے اگر اوّل دِن لڑکا کام شروع کرے اور دونوں اپنی اپنی باری سے کام کرتے رہیں تو اُس کام کے تمام ہونے میں آدھے دِن کی دیری بہ نسبت اُسوقت کے لگتی ہے جو کہ جوان کے اوّل دِن شروع کرنے میں لگتا اگر لڑکا اور جوان دونوں ملکر اُس کام کو کرتے تو کتنے دنوں میں کرلیتے

(۲۷) ایک شخص کچھ روپیہ لیکر ایک کتب فروش کی دوکان پر جاتا ہے اور ۲۰ کتابیں ۲ روپیہ ۴ آنہ فی کتاب کے حساب سے خرید کر دیکھتا ہے کہ جتنی نقدی لایا تھا اُس کی ⅔ رہ گئی بتاؤ کہ وہ کسقدر نقدی دوکان پر لایا تھا

(۲۸) ایک ٹھیکہ دار نے ۱۰½ لاکھ اینٹوں کا ایک بازک کے لئے دینے کا ٹھیکہ لیا اور ہر ہزار اینٹوں کے بنوانے اور پکوانے میں اُس کا ۳ روپیہ ۸ آنہ صرف ہوتا ہے اور اُن اینٹوں میں سے ۱۲½ اینٹیں فی سیکڑہ ایسی نکمی نکلتی ہیں کہ منظوری کے قابل نہیں ہیں بتاؤ کہ اپنا وعدہ پورا کرنے کے لئے اُسے کتنی اینٹیں بنوانا اور پکوانا چاہئیں اور فی ہزار اینٹ کی کیا قیمت مقرر کرنی چاہیئے کہ لاگت پر فی سیکڑہ ۲۵ روپیہ نفع ہو

(۲۹) ایک حوض میں دو نل ہیں جن سے پانی آتا ہے اور ایک موری ہے جس

سے پانی نکلتا ہے ایک نل سے اسقدر پانی آتا ہے کہ خالی حوض ۱۰ منٹ میں بھر جاتا ہے اور دوسرے نل سے اسقدر پانی آتا ہے کہ خالی حوض ۲۰ منٹ میں بھر جاتا ہے اور موری سے اسقدر پانی نکلتا ہے کہ بھرا ہوا حوض ۴۰ منٹ میں خالی ہو جاتا ہے بتاؤ کہ حوض خالی ہونے پر دونوں نل اور موری کھول دی جاویں تو ۱ منٹ میں کتنا حوض بھر جاوے گا

(۳۰) ایک خالی حوض کو ایک نل ۳ گھنٹہ میں اور دوسرا نل ۴ گھنٹہ میں پانی سے بھر دیتا ہے اور تیسرا نل بھرے ہوئے حوض کو ایک گھنٹہ میں خالی کر دیتا ہے حوض کے خالی ہونے پر اگر پہلا نل دوپہر کے بعد ۳ بجے اور دوسرا نل ۴ بجے اور تیسرا نل ۵ بجے کھولا جاوے تو کس وقت حوض خالی ہو جاوے گا

(۳۱) ایک خالی حوض کو نل ا ۴۰ منٹ میں اور نل ب ۵ منٹ میں بھر سکتا ہے اور بھرے ہوئے حوض کو نل س ۲ $\frac{2}{5}$ منٹ میں خالی کر سکتا ہے پہلے نل ا کو کھولدیا اور پھر ۵ منٹ کے بعد نل ب بھی کھولدیا اور پھر ایک اور منٹ کے بعد نل س بھی کھولدیا اس کھولنے کے وقت حوض میں ۳۶۱ گیلن پانی ہے بتاؤ کہ ان کھولنے کے بعد کتنے منٹ میں حوض بھر جائیگا اور حوض میں نل ا سے کتنے گیلن اور نل ب سے کتنے گیلن پانی آیا

(۳۲) تالاب میں ایک نل سے جس کا سوراخ ایک مربع فٹ ہے اور جس میں پانی ۶ فیٹ فی سکنڈ کے حساب سے بہتا ہے پانی آتا ہے اور تالاب ۲ گھنٹہ میں بھر جاتا ہے تالاب جیٹھ کے مہینے میں خشک ہو گیا اور برسات میں جسقدر بارش ایک ایکڑ زمین پر ہوئی اُس کا سب پانی اس تالاب میں آیا بتاؤ کہ کتنے انچ گہرا اُس

زمین پر پانی پڑنا چاہیئے کہ تالاب بھر جاوے

(۳۳) ایک حوض میں جو ۱۲ فیٹ ایک انچ لمبا اور ۱۱ فیٹ ۸ انچ چوڑا اور ۵ فیٹ ۴ انچ گہرا ہے پانی ایک نل سے جس کا سوراخ ۱۰ مربع انچ ہے اور جس میں پانی ۲½ فیٹ فی سکنڈ بہتا ہے آتا ہے اور ایک موری کے راستہ سے جس میں پانی ۲ فیٹ ۵/۸ انچ فی سکنڈ بہتا ہے پانی حوض کا نکلتا ہے اگر نل اور موری دونوں ایک ساتھ کھولدی جاویں تو خالی حوض ۲ گھنٹہ میں پانی سے بھر جاتا ہے بتاؤ کہ موری کا سوراخ کتنا بڑا ہے

(۳۴) جادو اپنی شکر مادھو کو چاول کے بدلے میں جو ۱½ آنہ سیر بکتے ہیں دیتا ہے لیکن اپنی شکر تولنے میں وہ ایک کم وزن کے من کا باٹ استعمال کرتا ہے مادھو کو جادو کا یہ فریب معلوم ہو گیا بجائے اسکے کہ شکر دوبارہ تولی جاوے مادھو نے اپنے چاول کی قیمت ۲½ آنہ فی سیر اس غرض سے کردی کہ دونوں میں سے کسی کو نقصان نہو بتاؤ کہ جادو نے جو من کا باٹ استعمال کیا وہ کتنے وزن کا تھا

(۳۵) ڈاک کا ہرکارہ متھرا سے دوپہر کو روپیہ لیکر اریکہ میں سوار ہو کر بندرابن گیا اور وہاں ڈاک منشی کو روپیہ سپرد کرکے ۴ بجے ۱۲ منٹ پر پیدل متھرا لوٹ آیا ہرکارہ کو ایک گھنٹہ روپیہ سپرد کرنے میں لگا اور یکہ کی چال ۵ میل فی گھنٹہ اور ہرکارہ کی پیدل چال ۳ میل فی گھنٹہ ہے بتاؤ کہ متھرا سے بندرابن کتنی دور ہے

(۳۶) ۳ سپاہی ا اور ب اور س ۷۰ کارتوس آپس میں اس طرح بانٹ لیتے ہیں کہ جب ا ۴ کارتوس لیتا ہے اتنی بار ب ۳ کارتوس لیتا ہے اور جب ا ۶ کارتوس لیتا ہے اتنی بار س ۷ کارتوس لیتا ہے بتاؤ کہ ہر ایک کے حصہ میں کتنے کتنے کارتوس آئے

(۳۷) ہم نے ۱۲۸ گز کپڑا ۱۰۰ روپیہ کو خریدا اور ضرورت کیوقت اتنے نقصان سے بیچڈالا جتنی ہمیں ۱۲ گز کی قیمت ملی بتاؤ کہ ہم نے کپڑا فی گز کس حساب سے بیچا

(۳۸) جتنی ۵ انار کی قیمت ہے اتنی ۴ ناسپاتی کی ہے اور جتنی ۷ ناسپاتی کی قیمت ہے اتنی ۳ سیب کی ہے اور جتنی ۵ سیب کی قیمت ہے اتنی ۸ انناس کی قیمت ہے اور ۲۴ سیب ۲ پیسے کو آتے ہیں یہ سب پھل ایک میوہ فروش کے پاس ہیں اور ہمارے پاس نقدی میں پیسے سے چھوٹا سکہ نہیں ہے بتاؤ کہ کم سے کم کتنا خرچ کرنے پر سب پھل برابر برابر خرید سکتے ہیں

(۳۹) ہمیں اسوقت ایک خاص مقام پر ایک مقررہ عرصہ میں پہنچنا ہے اگر ہم ۴ میل فی گھنٹہ کے حساب سے چلیں تو پہنچنے میں ۵ منٹ کی دیری ہو جائے گی اور اگر ہم ۵ میل فی گھنٹہ کے حساب سے چلیں تو ہم ۱۰ منٹ جلدی پہنچیں گے بتاؤ کہ وہ مقام جہاں ہمیں پہونچنا ہے کتنی دور ہے

(۴۰) ایک برتن میں ۳ چوتھائی دودھ اور ایک چوتھائی پانی ہے بتاؤ کہ دودھ پانی کتنا نکال لیا جاوے اور اسکے عوض اتنا پانی برتن میں ڈالدیا جاوے کہ برتن میں آدھا دودھ اور آدھا پانی ہو جاوے

(۴۱) جتنی گھاس ایک بکری چرتی ہے اس سے دوگنی ایک بیل اور تگنی ایک گھوڑا چرتا ہے ایک میدان کی گھاس چھ سو روپیہ کو اور ب نے ملکر مول لی اے نے اپنے ۱۰ گھوڑے ۱½ مہینے اور ۳۰ بیل ۲ مہینے اور ۱۰۰ بکریاں ۳½ مہینے چرائیں اور ب نے اپنے ۲۰ گھوڑے ایک مہینہ اور ۴۰ بیل ۱½ مہینے اور ۲۰۰ بکریاں ۴ مہینے چرائیں بتاؤ کہ ا اور ب کو کتنا کتنا روپیہ دینا چاہئے

(۴۲) متھرا کے مدرسہ میں ماسٹروں کا شمار ماسٹروں اور لڑکوں (دونوں ملاکر) کے شمار کا ۱/۱۶ ہے لیکن جب ۴۰ لڑکے نئے اور داخل ہوئے تو ماسٹروں کا شمار کل شمار کا ۱/۱۵ ہوا بتاؤ کہ نئے لڑکے داخل ہونے سے پہلے اُس مدرسہ میں کتنے ماسٹر اور کتنے لڑکے تھے

(۴۳) گھڑی کی دونوں سوئیاں اوپر تلے اوّل ۶ اور ۷ بجے کے درمیان اور دوسرے ۹ اور ۱۰ بجے کے درمیان کب ہوں گی

(۴۴) گھڑی کی سوئیاں ایک دوسری کے ساتھ اوّل ۷ اور ۸ بجے کے درمیان اور دوسرے ۱۱ اور ۱۲ بجے کے درمیان کب زاویہ قائمہ بناوینگی

(۴۵) گھڑی کی سوئیاں آمنے سامنے اوّل ایک اور ۲ بجے کے درمیان اور دوسرے ۱۰ اور ۱۱ بجے کے درمیان کب ہوں گی

(۴۶) ۱۱ اور ۱۲ بجے کے درمیان گھڑی کی سوئیاں ایسی جگہوں پر ہیں کہ اُن کے درمیان محیط کا ۱/۴ ہے بتاؤ کہ کیا وقت ہے

(۴۷) ایک گھڑی جو فی گھنٹہ ۲۴ سکنڈ زیادہ چلتی ہے پونے پانچ بجے اُس کی سوئیاں ٹھیک جگہ پر کردی گئی ہیں ۸ اور ۹ بجے کے درمیان جب ہم نے اُس گھڑی کو دیکھا تو معلوم ہوا کہ دونوں سوئیاں آمنے سامنے ہیں بتاؤ کہ ٹھیک وقت کیا ہے

(۴۸) ایک گھڑی ایسی ہے جو ۲۴ گھنٹہ میں ۷ ۱/۲ منٹ زیادہ چلتی ہے اتوار کی آدھی رات کو اُس گھڑی میں ۱۲ بجے کے بعد ۲ منٹ ہوئے ہیں بتاؤ کہ بدھ کے دن دوپہر کے ۴ بجے پر اُس گھڑی میں کیا وقت ہوگا

(۴۹) آج ٹھیک ۷ ۱/۲ بجے شام کو ہمارے الہ آباد جانے کی ساعت نکلی ہے اور ہماری

گھڑی ۳ ½ منٹ زیادہ دن رات میں چلتی ہے تو بتاؤ کہ آج ٹھیک دوپہر کو اُس گھڑی میں کیا وقت کر دیں کہ ساعت کے وقت گھڑی میں ٹھیک ۱ ½ بجیں

(۵۰) ہمارے پاس دو گھڑیاں ہیں ایک فی ۱۲ گھنٹہ ۴ منٹ جلد چلتی ہے اور دوسری فی ۴ ۲ گھنٹہ ۴ منٹ سست چلتی ہے آج سوموار کو دوپہر کے ۱۲ دونوں گھڑیوں میں ٹھیک وقت پر بجے ہیں بتاؤ کہ جب دونوں گھڑیوں کے وقتوں میں ۱۶ ½ منٹ کا فرق ہے تو ہر گھڑی میں کس روز کا کیا کیا وقت ہے

(۵۱) منگل کی صبح دو گھڑیوں میں ۹ ایک ساتھ بجتے ہیں بدھ کے روز جب ایک گھڑی میں دن کے ۱۱ بجتے ہیں تو دوسری گھڑی میں ۱۱ بجنے میں ۱۰ منٹ باقی ہیں بتاؤ کہ جلد چلنے والی گھڑی کی منٹ والی سوئی کتنی پیچھے ہٹا دی جاوے کہ بدھ کی رات کے ۹ دونوں گھڑیوں میں ایک ساتھ بجیں

(۵۲) ایک تھیلی میں ۵۰ اسکے ہیں جن میں کچھ تو سورن اور کچھ ہاف کروَن اور کچھ شلنگ ہیں ہاف کروَن اور شلنگ کی جمع کی نقدی سورن کی نقدی کے برابر ہے اور جتنے ہاف کروَن اُس تھیلی میں ہیں اُس کے دوتہائی سورن ہیں بتاؤ کہ اُس تھیلی میں ان تینوں سکوں میں سے ہر ایک کتنے کتنے ہیں

(۵۳) ایک مزدور اس شرط پر نوکر رکھا گیا کہ جس روز کام پر آویگا اُس روز کے ۲ آنہ پائیگا اور جس روز کام سے غیر حاضر رہیگا اُس روز ۹ پائی اُس پر جرمانہ ہوگا جتنے روز وہ کام پر آیا اُن کے آدھے روز وہ کام سے غیر حاضر رہا اور جرمانہ کٹکر اُس کو ۲ روپیہ ۷ آنہ ملے بتاؤ کہ وہ کتنے دن کام پر آیا اور کتنے دن کام سے غیر حاضر رہا

(۵۴) ایک سوداگر نے ۱۰ گھوڑے ۴۰ روپیہ فی گھوڑے کے حساب سے اور ۲۰ گھوڑے

۵۰۰ روپیہ فی گھوڑے کے حساب سے اور ۴ گھوڑے ۶۰۰ روپیہ فی گھوڑے کے حساب سے خریدے اور اُن گھوڑوں کو ۶ مہینے رکھکر جس میں ۱۵ روپیہ ماہواری فی گھوڑا خرچ پڑا ایسی قیمت پر بیچڈالا کہ اُس کو لاگت پر ۱۲½ روپیہ سیکڑہ نفع ہوا بتاؤ کہ سب گھوڑوں کی اُس نے کیا قیمت لی

(۵۵) جب روئی کا بھاؤ ۱۱ روپیہ ۴ آنہ من ہو تو ۱۲ گرہ عرض کی ۲۵۰۰ گز گزی ۱۲۵۰ روپیہ کو آتی ہے بتاؤ کہ جب روئی کا بھاؤ ۱۶ روپیہ ۱۴ آنہ من ہوگا تو ۱۰ گرہ عرض کی ۳۶۰۰ گز گزی کتنے روپیہ کو آوے گی کپڑا دونوں قسم کی گزی کا یکساں ہے

نسبت و تناسب اربعہ متناسبہ

۱۷۷ - اگر ا اور ب ایک ہی جنس کے عدد ہوں تو ربط جو ا کو ب کے ساتھ بلحاظ مقدار کے ہے اُسکو ا کی نسبت ب کے ساتھ" کہتے ہیں

ایک عدد کی دوسرے عدد کے ساتھ نسبت اُس کسر سے بیان کی جاتی ہے جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ جب دوسرا عدد گنتی یا ناپ یا نقدی یا وزن وغیرہ کا واحد ہے تو پہلا عدد اُس واحد کا کونسا اضعاف یا کونسا حصہ ہے مثلاً ۵ شلنگ ہمارا واحد ہے تو ۳ شلنگ اُس واحد کا ۳/۵ حصہ ہے اور اسلئے ۳ شلنگ کی نسبت ۵ شلنگ کے ساتھ کسر ۳/۵ سے بیان کی جاتی ہے

یہ الفاظ "۳ شلنگ کی نسبت ۵ شلنگ کے ساتھ" مختصر طور پر اس طرح لکھے جاتے ہیں

۳ شلنگ : ۵ شلنگ

یعنی ۳ شلنگ اور ۶ شلنگ کے بیچ میں دو نقطے : اوپر تلے لکھتے ہیں اور ان دو نقطوں کی اصل تقسیم کی علامت (÷) ہے جس میں سے آڑی لکیر دور کر دیگئی ہے

اگر دو عدد جن کے درمیان نسبت دریافت کرنی ہے ایک جنس کی مختلف درجوں کے ہوں تو اُن سب کو ایک ہی درجہ کی طرف تحویل کر لینا چاہیئے

مثلاً ۵ فیٹ کی نسبت ۳ گز کے ساتھ کسر $\frac{۵}{۳}$ سے نہیں بیان ہوتی ہے لیکن وہ کسر $\frac{۵}{۳\times۳}$ یعنی $\frac{۵}{۹}$ سے بیان ہوتی ہے

نسبتوں کے دریافت کرنے میں ہم عدد مقرون کو عدد مجرد خیال کر سکتے ہیں مثلاً ۵ فیٹ : ۹ فیٹ کو ۵ : ۹ خیال کر سکتے ہیں

جن عددوں سے نسبت بنتی ہے اُن کو ارقام نسبت کہتے ہیں اور پہلا عدد جس کا مقابلہ کیا جاوے اُسکو مقدم نسبت اور دوسرے عدد کو جس کے ساتھ مقابلہ کیا جاوے تالی نسبت کہتے ہیں

مثلاً ۳ : ۵ میں ۳ اور ۵ ارقام نسبت ہیں اور اُن میں سے ۳ مقدم نسبت اور ۵ تالی نسبت ہے

۱۷۵- دو نسبتوں کا ایک دوسرے کے ساتھ مقابلہ کرنے کے لئے ہم اُن کسروں کا آپس میں مقابلہ کرتے ہیں جنسے وہ نسبتیں بیان ہوتی ہیں

مثلاً ۲ پینس : ۵ پینس کسر $\frac{۲}{۵}$ سے بیان ہوتی ہے

اور ۳ پینس : ۷ پینس کسر $\frac{۳}{۷}$ سے بیان ہوتی ہے

اب چونکہ $\frac{۲}{۵} = \frac{۱۴}{۳۵}$ اور $\frac{۳}{۷} = \frac{۱۵}{۳۵}$

∴ کسر $\frac{۳}{۷}$ کسر $\frac{۲}{۵}$ سے بڑی ہے

اور ∴ ۳ پینس : ۷ پینس بڑی ہے ۲ پینس : ۵ پینس سے

جب ہم دو عددوں کے درمیان کی نسبت کو دوسرے دو عدد کے درمیان کی نسبت کے ساتھ مقابلہ کریں تو یہ ضرور نہیں ہے کہ چاروں عدد ایک ہی جنس کے ہوں لیکن اتنا ضرور ہے کہ دو دو عدد جن کے درمیان نسبت ہے ایک ایک جنس کے ہوں مثلاً ہم اُس نسبت کو جو ۴ شلنگ کو ۷ شلنگ کے ساتھ ہے اُس نسبت کے ساتھ مقابلہ کر سکتے ہیں جو ۷ دن کو ۱۲ دن کے ساتھ ہے اور جب ہمیں یہ معلوم ہوا کہ کسر $\frac{4}{7}$ کسر $\frac{7}{12}$ سے چھوٹی ہے تو ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ ۴ شلنگ : ۷ شلنگ چھوٹی ہے ۷ دن : ۱۲ دن سے

۱۷۹- جب کئی نسبتیں ہوں اور اُن سب کے مقدم کو آپس میں ضرب دیکر حاصل ضرب نکالیں اور سب کے تال کو آپس میں ضرب دیکر حاصل ضرب دریافت کریں تو اُس نسبت کو جو پہلے حاصل ضرب کو دوسرے حاصل ضرب کے ساتھ ہے نسبت مولفہ اُن نسبتوں کا کہیں گے مثلاً ۲ : ۳ اور ۵ : ۷ دو نسبتیں ہیں اُن دونوں نسبتوں کی نسبت مولفہ ۱۰ : ۲۱ ہے

۱۸۰- دو نسبتوں کے برابر ہونے سے تناسب پیدا ہوتا ہے اور اسلئے تناسب کی حسابی جانچ یہ ہے کہ کسریں جو اُن دو نسبتوں کو بیان کریں برابر ہوں

مثلاً نسبت ۶ : ۱۲ برابر ہے نسبت ۴ : ۸ کے کیونکہ کسر $\frac{6}{12} = \frac{4}{8}$ چاروں عدد ۶، ۱۲، ۴ و ۸ جب وہ اُن نسبتوں کی ترتیب میں لکھے ہیں جنکے برابر ہونے سے تناسب پیدا ہوتا ہے عدد تناسب کہلاتے ہیں اور اُن عددوں کا یہ ربط اس طرح پر بیان ہوتا ہے

۶ : ۱۲ : : ۴ : ۸ یعنی دو نسبتوں کے بیچ میں جو آپس میں برابر ہیں چار نقطے لکھتے ہیں اور اِسطرح پڑھتے ہیں کہ ۶ وہ نسبت رکھتا ہے ۱۲ سے جو وہ نسبت رکھتا ہے ۴ سے اکثر چار نقطوں کے بجائے برابری کی یہ علامت = اِستعمال کرکے تناسب کو اِسطرح لکھتے ہیں

۶ : ۱۲ = ۴ : ۸

۶ و ۸ جو دونوں سروں پر ہیں تناسب کی طرفین اور رقمیں ۱۲ و ۴ جو بیچ میں ہیں تناسب کی وسطین کہلاتی ہیں

۱۸۱- جب چار عدد متناسب ہوں تو طرفوں کا حاصل ضرب وسطوں کے حاصل ضرب کے برابر ہوتا ہے مثلاً ۶ : ۱۲ = ۴ : ۸ تو ۶ × ۸ = ۴ × ۱۲

کیونکہ جب $\frac{۶}{۱۲} = \frac{۴}{۸}$ (فرض) اور $\frac{۶}{۱۲} = \frac{۶ \times ۸}{۸ \times ۱۲}$ اور $\frac{۴}{۸} = \frac{۱۲ \times ۴}{۱۲ \times ۸}$

$\therefore \frac{۱۲ \times ۴}{۱۲ \times ۸} = \frac{۸ \times ۶}{۸ \times ۱۲}$

اب چونکہ اِن دونوں برابر کسروں کے نسب نما آپس میں برابر ہیں اِس لیے اُن کے شمار کنندے بھی آپس میں برابر ہونے چاہئیں یعنی ۸ × ۶ = ۱۲ × ۴

اِس سے اب یہ ظاہر ہے کہ جب اُن چار عددوں میں سے جن سے تناسب بنتا ہے کوئی تین عدد معلوم ہوں تو چوتھا عدد دریافت ہو سکتا ہے

مثال ۱- ایسا عدد دریافت کرو جو ۵ کے ساتھ وہی نسبت رکھے جو ۳ نسبت ۷ کے ساتھ رکھتا ہے

عدد مطلوب : ۵ = ۳ : ۷

∴ عدد مطلوب × ۷ = ۳ × ۳۵

∴ عدد مطلوب = $\frac{۳ \times ۳۵}{۷}$ = ۱۵

مثال ۲ - ۴ و ۷ و عدد نامعلوم و ۲۱ چاروں عدد متناسب ہیں عدد نامعلوم کو دریافت کرو

۴ : ۷ :: عدد نامعلوم : ۲۱

∴ ۷ × عدد نامعلوم = ۴ × ۲۱

∴ عدد نامعلوم = $\frac{۴ \times ۲۱}{۷}$ = ۱۲

مثال ۳ - جب چار عدد متناسب میں سے پہلا اور تیسرا اور چوتھا عدد ترتیب وار ۵ و ۷ و ۹ ہیں تو دوسرا عدد بتاؤ

۵ : عدد مطلوب :: ۷ : ۹

∴ ۷ × عدد مطلوب = ۵ × ۹

∴ عدد مطلوب = $\frac{۵ \times ۹}{۷}$ = ۶ $\frac{۳}{۷}$

مثال ۴ - چار عدد متناسب میں سے پہلا اور دوسرا اور تیسرا ترتیب وار ۸ و ۱۵ و ۱۸ ہیں چوتھا عدد دریافت کرو

۸ : ۱۵ :: ۱۸ : عدد مطلوب

∴ ۸ × عدد مطلوب = ۱۵ × ۱۸

∴ عدد مطلوب = $\frac{۱۵ \times ۱۸}{۸}$ = ۳۳ $\frac{۳}{۴}$

۱۸۲ - جب تین عدد ایسے ہوں کہ پہلا عدد وہ نسبت دوسرے عدد کیساتھ رکھتا ہے جو نسبت دوسرا عدد تیسرے کے ساتھ رکھتا ہے تو وہ عدد متناسب

علی التوالی کہلاتے ہیں مثلاً ۳ و ۶ و ۱۲ عدد متناسب علی التوالی ہیں کیونکہ $\frac{۳}{۶} = \frac{۶}{۱۲}$

ایسے تناسب میں دوسرے عدد کو عدد متناسب متوسط کہتے ہیں

مثال ۱ - ۸ و ۱۸ کے درمیان عدد متناسب متوسط دریافت کرو

۸ : عدد مطلوب :: عدد مطلوب : ۱۸

∴ عدد مطلوب × عدد مطلوب = ۸ × ۱۸

∴ عدد مطلوب کا مربع = ۱۴۴

∴ عدد مطلوب = $\sqrt{۱۴۴}$ = $\sqrt{۱۲ \times ۱۲}$ = ۱۲

مشق ۹۲

نیچے لکھی ہوئی نسبتوں میں سے کونسی نسبت بڑی ہے

(۱) ۲ : ۵ و ۴ : ۹ (۲) ۱۷ : ۳۹ و ۱۹ : ۴۱

(۳) ۴ : ۷ و ۸ : ۱۵ و ۱۳ : ۲۴

نیچے لکھی ہوئی نسبتوں میں سے نسبت مؤلفہ بتاؤ

(۴) ۳ : ۷ و ۴ : ۵ (۵) ۵ : ۸ و ۷ : ۶ و ۹ : ۵

(۶) ۱۳ : ۱۵ و ۲۱ : ۹۱ و ۴ : ۹

(۷) چار عدد متناسب میں سے پہلا اور دوسرا اور تیسرا ترتیب وار $\frac{۲}{۳}$ و $\frac{۴}{۵}$ و $\frac{۵}{۶}$ ہے چوتھا عدد دریافت کرو

(۸) چار عدد متناسب میں سے پہلے تین عدد ترتیب وار ۵ و ۷ و ۱۵ ہیں چوتھا عدد دریافت کرو

(۹) چار عدد متناسب میں سے پہلا اور دوسرا اور تیسرا ترتیب وار ۳ و ۶ و ۹ ہیں چوتھا عدد دریافت کرو

(۱۰) چار عدد متناسب میں سے پہلا اور دوسرا اور چوتھا ترتیب وار ۵ و ۶ و ۱۰ ہیں تیسرا عدد دریافت کرو

(۱۱) چار عدد متناسب میں سے پہلا اور تیسرا اور چوتھا ترتیب وار ۷ و ۲۱ و ۹ ہیں دوسرا عدد دریافت کرو

(۱۲) چار عدد متناسب میں سے دوسرا اور تیسرا اور چوتھا ترتیب وار ۹ و ۱۲ و ۱۵ ہیں پہلا عدد دریافت کرو

نیچے لکھے ہوئے عددوں کے درمیان عدد متناسب متوسط دریافت کرو

(۱۳) ۱۴ اور ۵۶ (۱۴) $\frac{5}{63}$ اور $\frac{35}{81}$ (۱۵) ۰٫۵۷ اور ۱۳٫۵

(۱۶) ۲ $\frac{1}{3}$ اور ۵ $\frac{1}{2}$

(۱۷) اگر ا = ۳ $\frac{1}{3}$ × ب اور س = ۵ $\frac{1}{5}$ × ب تو بتاؤ کہ ا کو س کیساتھ کیا نسبت ہے

(۱۸) اگر ا = ۶٫۶ × ب اور ب = ۶٫۶ × س تو ا کی نسبت س کے ساتھ بتاؤ

(۱۹) ۱۵۸۷ روپیہ کو ا اور ب اور س اور د میں اس طرح تقسیم کرو کہ ا کا حصہ : ب کا حصہ = ۶ : ۵ اور ب کا حصہ : س کا حصہ = ۴ : ۳ اور س کا حصہ : د کا حصہ = ۳ : ۲

اربعہ متناسبہ

۱۸۳- جب تناسب کی کوئی تین رقمیں معلوم ہوں تو ہم چوتھی رقم دفعہ ۱۸۱ سے دریافت کر سکتے ہیں اور اربعہ متناسبہ تناسب مفرد کا وہ حصہ ہے جس کے

ذریعہ سے ہم چوتھی رقم دریافت کرتے ہیں جب پہلی تین رقمیں معلوم ہوں

اربعہ متناسبہ کے ہر سوال میں اُن تین رقموں میں سے جو معلوم ہیں دو رقمیں ایک جنس کی ہوتی ہیں اور تیسری رقم اُس جنس کی ہوتی ہے جس جنس کی وہ رقم ہوتی ہے جسکو دریافت کرنا ہے مثلاً اِس سوال میں "اگر ۱۵ گز چھینٹ کی قیمت ۴ روپیہ ۱۱ آنہ ہے تو ۳۵ گز چھینٹ کی کیا قیمت ہوگی"؟ دو رقمیں ۱۵ گز اور ۳۵ گز ایک جنس کی ہیں اور باقی رقم یعنی ۴ روپیہ ۱۱ آنہ اُس جنس کی ہے جس جنس کا ہمارا جواب ہوگا یہ ظاہر ہے کہ ۱۵ گز کو ۳۵ گز کے ساتھ وہی نسبت ہے جو ۱۵ گز کی قیمت یعنی ۴ روپیہ ۱۱ آنہ کو ۳۵ گز کی قیمت سے ہوگی یہ رقمیں اِس طرح لکھی جا سکتی ہیں

۱۵ گز : ۳۵ گز :: ۴ روپیہ ۱۱ آنہ : ۳۵ گز کی قیمت

اربعہ متناسبہ کے سوال کے بیان کرنے اور حل کرنے کا قاعدہ یہ ہے

قاعدہ - تین رقمیں جو سوال میں معلوم ہیں اُن میں سے اُس رقم کو جو جواب مطلوب کے جنس کی ہے تناسب کی تیسری رقم کی جگہ پر لکھو پھر باقی دو رقموں میں سے جو ایک جنس کے ہیں سوال کی حیثیت پر خیال کرکے بڑی یا چھوٹی رقم کو جواب کی تیسری رقم سے بڑے یا چھوٹے ہونے کے مطابق تناسب کی دوسری رقم کی جگہ پر لکھو یعنی اگر جواب تیسری رقم سے بڑا ہونا چاہیئے تو بڑی رقم کو اور اگر چھوٹا ہونا چاہیئے تو چھوٹی رقم کو تناسب کی دوسری رقم بنانا چاہیئے اور جو رقم باقی رہے اُس کو تناسب کی پہلی رقم بناؤ اِس بات کا ضرور خیال رکھو کہ تناسب کی پہلی اور دوسری رقم کو ایک ہی درجہ کی طرف تحویل

کرلو اور کل تیسری رقم کو ادنیٰ درجہ کی رقم بنا لو پھر دوسری اور تیسری رقموں کو آپس میں ضرب دیکر حاصل ضرب کو پہلی رقم پر تقسیم کرو خارج قسمت جواب مطلوب ہوگا اور یہ جواب اسی درجہ کی رقم ہوگی جس درجہ کی طرف تم نے تیسری رقم کو تحویل کیا ہے

جب سوال کی تین رقمیں جو معلوم ہیں بڑی بڑی نہیں ہیں تو تیسری رقم کو ادنیٰ درجہ کی طرف تحویل کرنے کی کچھ ضرورت نہیں ہے ضرب اور تقسیم کا عمل ضرب مرکب اور تقسیم مرکب کے قاعدوں کے مطابق کرو

جب پہلی اور دوسری رقم یا پہلی اور تیسری رقم کسی عدد پر پوری تقسیم ہوتی ہوں تو اسپر تقسیم کرکے خارج قسمتوں کو اُن رقموں کے بجائے لکھ لو پھر عمل ضرب اور تقسیم کا کرو

پہلی اور دوسری رقم یا پہلی اور تیسری رقم کو اُن کے جزضربی مشترک پر تقسیم کرنے کے بجائے جیسا کہ ہم نے اوپر بیان کیا ہے دوسری اور تیسری رقم کو اُن کے درمیان علامت ضرب کی لکھکر کسر کا شمار کنندہ بناؤ اور پہلی رقم کو کسر کا نسب نما بناؤ اور پھر جو ایک یا زیادہ جزضربی اس کسر کے شمار کنندہ اور نسب نما دونوں میں مشترک ہوں اُن کو نکال ڈالو اس طرح کسر مختصر ہو کر جواب مطلوب ہوگی

۱۸۴ اربعہ متناسبہ کی دو صورتیں ہیں ایک مستقیم اور دوسری معکوس ہے جو قاعدہ ہم نے اربعہ متناسبہ کو بیان اور حل کرنیکے لئے دفعہ ۱۸۳ میں لکھا ہے دونوں صورتوں کے لئے ایک ہی ہے اسلئے اربعہ متناسبہ میں مستقیم اور معکوس

کی تمیز فضول ہے لیکن چونکہ اکثر محاسبین نے اِس تمیز کی نسبت اپنی اپنی کتابوں میں لکھا ہے اِسلئے ہم بھی اربعہ متناسبہ کی ہر ایک صورت کی دو دو مثالیں لکھکر اِس تمیز کو بہ تفصیل بیان کریں گے

۱۸۵- اربعہ متناسبہ مستقیم وہ ہے جس میں بڑے عدد کے لئے بڑا جواب ہونا چاہیئے اور چھوٹے عدد کے لئے چھوٹا جواب

مثال ۱ جب ۱۲ سیر چاول کی قیمت ۲ روپیہ ہے تو ۱۸ سیر چاول کی کیا قیمت ہوگی

اِس سوال میں ۲ روپیہ تناسب کی تیسری رقم ہوگی کیونکہ جواب کی رقم نقدی ہونا چاہیئے اور ۱۸ سیر تناسب کی دوسری رقم ہوگی کیونکہ جواب مطلوب یعنی ۱۸ سیر کی قیمت ۲ روپیہ یعنی ۱۲ سیر کی قیمت سے زیادہ ہونی چاہیئے اِسلئے باقی رقم یعنی ۱۲ سیر تناسب کی پہلی رقم ہوگی

∴ ۱۲ سیر : ۱۸ سیر :: ۲ روپیہ : قیمت مطلوب

∴ ۲ : ۳ :: ۲ : قیمت مطلوب

∴ ۱ : ۳ :: ۱ : قیمت مطلوب

∴ قیمت مطلوب = $\frac{۱ \times ۳}{۱}$ روپیہ = ۳ روپیہ

مثال ۲- اگر ۳ من ۳۰ سیر چینی کی قیمت ۸ روپیہ ۱۲ آنہ ہے تو ۳۲ روپیہ ۸ آنہ میں کتنی چینی آویگی

اِس مثال میں ۳ من ۳۰ سیر تناسب کی تیسری رقم ہوگی کیونکہ جواب مطلوب وزن میں آنا چاہیئے اور ۳۲ روپیہ ۸ آنہ دوسری رقم کیونکہ جواب مطلوب یعنی چینی کی مقدار جو ۳۲ روپیہ ۸ آنہ میں آوے گی ۳ من ۳۰ سیر سے جو ۸ روپیہ

۱۲ آنہ میں آتی ہے کم ہوگی اِسلئے باقی رقم ۴ روپیہ ۱۲ آنہ تناسب کی پہلی رقم ہوگی

∴ ۴۸ روپیہ ۱۲ آنہ : ۳۲ روپیہ ۸ آنہ :: ۳ من ۳۰ سیر : وزن مطلوب

∴ ۴۸ ۳/۴ روپیہ : ۳۲ ۱/۲ روپیہ :: ۳ ۳/۴ من : وزن مطلوب

∴ ۱۹۵/۴ : ۶۵/۲ :: ۱۵/۴ : وزن مطلوب

∴ وزن مطلوب $\frac{۶۵}{۲} \times \frac{۱۵}{۴}$ من $= \frac{۱۵ \times ۶۵}{۲ \times ۱۹۵}$ من $= \frac{۱۵ \times ۵ \times ۱۳}{۲ \times ۱۳ \times ۱۵}$ من

$= \frac{۵}{۲}$ من = ۲ من ۲۰ سیر

۱۸۶۔ اربعہ متناسبہ معکوس وہ ہے جس میں بڑے عدد کے لئے چھوٹا جواب اور چھوٹے عدد کے لئے بڑا جواب آنا چاہیے مثلاً اِس سوال میں "اگر ۱۸ آدمی کسی کام کو ۵ دن میں کر سکتے ہیں تو ۱۵ آدمی اُس کام کو کتنے دِن میں کر سکیں گے" ۱۵ آدمی ۱۸ آدمیوں سے کم ہونے کے باعث اُس کام کے کرنے میں زیادہ وقت لیں گے اور اِسلئے چھوٹے عدد کے لئے بڑا جواب آنا چاہیے اور اِس سوال میں "اگر ۱۲ آدمی ایک کام کو ۶ دِن میں کر سکتے ہیں تو ۱۸ آدمی اُس کام کو کتنے دنوں میں کر سکیں گے" ۱۸ آدمی ۱۵ آدمیوں سے زیادہ ہونے کے باعث اُس کام کے کرنے میں کم وقت لیں گے اور اِسلئے بڑے عدد کے لئے چھوٹا جواب آنا چاہیے

مثال ۱۔ اگر ۱۲ آدمی ایک کھیت کو ۴ دِن میں کاٹ سکتے ہیں تو ۳۲ آدمی اُس کھیت کو کتنے دِن میں کاٹ سکینگے

اِس مثال میں ۴ دِن تناسب کی تیسری رقم ہو گی کیونکہ جواب دونوں میں

آنا چاہیئے اور جواب تیسری رقم سے کم آوے گا کیونکہ ۳۲ آدمی بہ نسبت ۱۲ آدمیوں کے کم وقت میں کام کرسکیں گے اسلئے ۱۲ آدمی دوسری رقم اور ۳۲ آدمی پہلی رقم ہوگی

∴ ۳۲ آدمی : ۱۲ آدمی :: ۴ دن : وقت مطلوب

∴ وقت مطلوب = $\frac{۴ \times ۱۲}{۳۲}$ دن = $\frac{۳}{۲}$ دن = ۱½ دن

مثال ۲ - ایک چاندنی کے تیار کرانے میں ۱۲ گرہ عرض کا کپڑا ۲۰ گز لمبا لگتا ہے تو اتنی بڑی چاندنی میں ایک گز ۴ گرہ عرض کا کپڑا کتنا لگیگا

اس مثال میں ہمیں لمبائی کپڑے کی دریافت کرنی ہے اسلئے ۲۰ گز تناسب کی تیسری رقم ہوگی پھر چونکہ ایک گز ۴ گرہ یعنی ۲۰ گرہ عرض کا کپڑا بہ نسبت ۱۲ گرہ عرض کے کپڑے کے کم لگیگا اسلئے ۱۲ گرہ دوسری رقم اور ۲۰ گرہ پہلی رقم ہوگی

∴ ۲۰ گرہ : ۱۲ گرہ :: ۲۰ گز : لمبائی مطلوب

∴ لمبائی مطلوب = $\frac{۲۰ \times ۱۲}{۲۰}$ گز = ۱۲ گز

۱۸۷- اربعہ متناسبہ معکوس کی مثالیں یونیٹری طریقہ سے جیسا کہ ہم نے دفعہ ۱۷۶ میں ذکر کیا ہے حل ہوسکتی ہیں مثلاً اوپر لکھی ہوئیں دو مثالیں یونیٹری طریقہ سے اس طرح حل ہوتی ہیں

مثال ۱- چونکہ ۱۲ آدمی ایک کھیت کو ۴ دن میں کاٹ سکتے ہیں

∴ ایک آدمی اُس کھیت کو ۱۲ × ۴ دن میں کاٹ سکتا ہے

∴ ۳۲ آدمی اُس کھیت کو $\frac{۴ \times ۱۲}{۳۲}$ یعنی ۱½ دن میں کاٹ سکتے ہیں

مثال ۲- چونکہ ۱۲ گرہ عرض کا کپڑا ۲۰ گز لمبا لگتا ہے

∴ ایک گز عرض کا کپڑا ۲۰ × ۱۲ گز لمبا لگتا ہے

∴ ایک گز ۴ گرہ یعنی ۲۰ گرہ عرض کا کپڑا $\frac{۲۰ \times ۱۲}{۲۰}$ یعنی ۱۲ گز لگتا ہے

۱۸۸۔ دو عدد صحیح کے حاصل ضرب کو کسی تیسرے عدد صحیح پر تقسیم کرکے خارج قسمت نکالنے کا ایک آسان قاعدہ ہے جس میں نہ تو دونوں عددوں کو آپس میں ضرب دینا پڑتا ہے اور نہ حاصل ضرب کو تیسرے عدد پر تقسیم کرنے کی ضرورت ہوتی ہے اور چونکہ وہ قاعدہ اربعہ متناسبہ کی مثالوں کے حل کرنے میں کام آسکتا ہے کیونکہ اربعہ متناسبہ کی مثالوں میں تناسب بناکر اُس کی دوسری اور تیسری رقم کے حاصل ضرب کو پہلی رقم پر تقسیم کرکے خارج قسمت نکالتے ہیں اِسلئے ہم اُس قاعدہ کو نیچے لکھتے ہیں

قاعدہ۔ جن دو عددوں کو آپس میں ضرب دینا ہے اُن میں سے ہر ایک کے تلے دوسرے عدد میں سے اُس عدد کو جسپر حاصل ضرب کو تقسیم کرنا ہے گھٹا کر حاصل تفریق کو لکھو اب کسی ایک عدد اور اُسکے تلے کے حاصل تفریق کا مجموعہ خارج قسمت کا صحیح حصّہ ہوگا اور دونوں حاصل تفریق کا حاصل ضرب خارج قسمت کے کسری حصّہ کا شمار کنندہ اور وہ عدد جس پر تقسیم کرنا تھا نسب نما ہوگا

طالب علم کو یاد رکھنا چاہیئے کہ اِس قاعدے سے اُس وقت کام لے جب تینوں عدد ایسے ہوں جن میں سے ہر دو عدد کے درمیان کا فرق ایک چھوٹا عدد ہو

مثال ۱ ۵۵۳ اور ۵۴۹ کے حاصل ضرب کو ۵۴۴ پر تقسیم کرکے خارج

قسمت نکالو

قاعدہ کے مطابق ۵۵۳ میں سے ۵۴۴ کو گھٹا کر حاصل تفریق ۹ کو ۵۴۹ کے تلے لکھا اور ۵۴۹ میں سے ۵۴۴ کو گھٹا کر حاصل تفریق ۵ کو ۵۵۳ کے تلے لکھا اب ۵۵۳ اور ۵ کا مجموعہ ۵۵۸ یا ۵۴۹ اور ۹ کا مجموعہ (کیونکہ دونوں مجموعے ایک ہی ہیں) یعنی ۵۵۸ خارج قسمت کا صحیح حصہ ہے اور ۵ اور ۹ کا حاصل ضرب یعنی ۴۵ خارج قسمت کے کسری حصہ کا شمار کنندہ اور ۵۴۴ نسب نما ہے اسلئے خارج قسمت مطلوب ۵۵۸ $\frac{۴۵}{۵۴۴}$ ہے

۵۵۳	۵۴۴
۵	۵
۵۴۸	۵۴۹
	۹
	۵۵۸

مثال ۲۔ ۵۵۳ اور ۴۴۵ کے حاصل ضرب کو ۵۴۹ پر تقسیم کرکے خارج قسمت نکالو

قاعدہ کے مطابق

۵۵۳	۵۴۴
۵-	۴
۵۴۸	۵۴۸

چونکہ ۵- اور ۴ کا حاصل ضرب ۲۰- ہوتا ہے

اسلئے خارج قسمت مطلوب = ۵۴۸ - $\frac{۲۰}{۵۴۹}$ = ۵۴۷ $\frac{۵۲۹}{۵۴۹}$

مثال ۳ ۵۴۹ اور ۴۴۵ کے حاصل ضرب کو ۵۵۳ پر تقسیم کرکے خارج قسمت دریافت کرو

قاعدہ کے مطابق

۵۴۹	۵۴۴
۹-	۴-
۵۴۰	۵۴۰

چونکہ ۹- اور ۴- کا حاصل ضرب ۳۶ ہوتا ہے

اسلئے خارج قسمت = ۵۴۰ $\frac{۳۶}{۵۵۳}$

۱۰۹- پیشتر اِسکے کہ اربعہ متناسبہ کی مثالیں واسطے مشق کے لکھیں چند مثالیں خود حل کریں گے

مثال ۱- اگر ۳۵ سیر ۸ چھٹانک نمک کی قیمت ۲ روپیہ ۴ آنہ ۱۱ ۳/۴ پائی ہو تو، ۷ سیر ۸ چھٹانک نمک کی کیا قیمت ہوگی

سیر چھٹانک سیر چھٹانک روپیہ آنہ پائی

۳۵ ۸ : ۷ ۸ :: ۲ ۴ ۱۱ ۳/۴ : قیمت مطلوب

چھٹانک چھٹانک روپیہ آنہ پائی

∴ ۵۶۸ : ۱۲۰ :: ۲ ۴ ۱۱ ۳/۴ : قیمت مطلوب

∴ قیمت مطلوب = $\frac{(\text{۲ روپیہ ۴ آنہ ۱۱ ۳/۴ پائی}) \times 120}{568} = \frac{(\text{۲ روپیہ ۴ آنہ ۱۱ ۳/۴ پائی}) \times 15}{71}$

= (۳۴ روپیہ ۱۰ آنہ ۸ ۱/۴ پائی) ÷ ۷۱ = ۷ آنہ ۹ ۳/۴ پائی

مثال ۲- ایک دیوالیہ کو ۵۹۰۸ روپیہ ۲ آنہ دینا ہے اور اُس کا کُل اسباب اور لینا ملکر ۱۴۷۷ روپیہ ۶ پائی کا ہے تو وہ اپنے قرضخواہوں کو روپیہ میں کیا چکاوے گا

روپیہ آنہ روپیہ پائی روپیہ

۵۹۰۸ ۲ : ۱۴۷۷ ۶ :: ۱ : جواب مطلوب

∴ ۵۹۰۸ ۱/۸ روپیہ : ۱۴۷۷ ۱/۳۲ روپیہ :: ۱ : جواب مطلوب

∴ جواب مطلوب = $\frac{1 \times \frac{1}{32} 1477}{\frac{1}{8} 5908}$ روپیہ = $\frac{\frac{47265}{32}}{\frac{47265}{8}}$ روپیہ = ۱/۴ روپیہ = ۴ آنہ

مثال ۳ موہن نے سوہن سے ۲۱۹ روپیہ ایک آنہ قرض لیکر ۱۰۲ دِنمیں ادا کیے

تو بتاؤ کہ سوہن موہن سے ۲۶۲ روپیہ ۱۴ آنہ قرض لیکر کتنے دِن میں ادا کرے تاکہ کچھ احسان موہن کا سوہن پر نہ رہے

۲۶۲ روپیہ ۱۴ آنہ : ۲۱۹ روپیہ ایک آنہ :: ۱۰۲ دِن : دن مطلوب

∴ ۲۶۲ $\frac{۱}{۸}$ روپیہ : ۲۱۹ $\frac{۱}{۱۶}$ روپیہ :: ۱۰۲ دِن : دن مطلوب

∴ دِن مطلوب $= \frac{۱۰۲ \times ۲۱۹\frac{۱}{۱۶}}{۲۶۲\frac{۱}{۸}}$ دِن $= \frac{\frac{۱۰۲ \times ۳۵۰۵}{۱۶}}{\frac{۲۱۰۳}{۸}}$ دِن $= \frac{۱۰۲ \times ۳۵۰۵}{۴۲۰۶}$ دِن

$= \frac{۱۷ \times ۳۵۰۵}{۱۷}$ دِن $= (۵ \times ۱۷)$ دِن $= ۸۵$ دِن

مثال ۴ - اگر کسی کھڑی لکڑی کا جو ۶ فیٹ ۴ انچ لمبی ہَے سایہ کسی وقت ۵ فیٹ ۳ انچ لمبا پڑتا ہَے تو اُس مینار کی اونچائی بتاؤ جسکا سایہ اُسی وقت ۱۴۸ فیٹ ۹ انچ پڑتا ہَے

۵ فیٹ ۳ انچ : ۱۴۸ فیٹ ۹ انچ :: ۶ فیٹ ۴ انچ : مینار کی اونچائی

∴ ۵ $\frac{۱}{۴}$ فیٹ : ۱۴۸ $\frac{۳}{۴}$ فیٹ :: ۶ $\frac{۱}{۳}$ فیٹ : مینار کی اونچائی

∴ مینار کی اونچائی $= \frac{۶\frac{۱}{۳} \times ۱۴۸\frac{۳}{۴}}{۵\frac{۱}{۴}}$ فیٹ $= \frac{\frac{۱۹ \times ۵۹۵}{۳ \times ۴}}{\frac{۲۱}{۴}}$ فیٹ $= \frac{۱۹ \times ۵۹۵}{۲۱ \times ۳}$ فیٹ

$= \frac{۱۹ \times ۸۵}{۳ \times ۳}$ فیٹ $= \frac{۱۶۱۵}{۹}$ فیٹ $= ۱۷۹\frac{۲}{۹}$ فیٹ

مثال ۵ - ایک شخص جس کی سالانہ آمدنی ۴۵۰ پونڈ ہَے ۳۷ دِن میں کتنا خرچ کرے کہ پورے سال میں اُس کے پاس ۵۰ گنی بچ رہیں (سال ۳۶۵ دِن کا جانو)

۳۶۵ دِن : ۳۷ دن :: ۴۵۰ پونڈ - ۵۰ گنی : جواب مطلوب

∴ ۳۶۵ : ۳۷ :: ۴۵۰ پونڈ - ۵۲ پونڈ ۱۰ شلنگ : جواب مطلوب

∴ ۵ : ۱ :: ۳۹۷ پونڈ ۱۰ شلنگ : جواب مطلوب

∴ جواب مطلوب = $\frac{۳۹۷ \text{ پونڈ } ۱۰ \text{ شلنگ}}{۵}$ = ۷۹ پونڈ ۱۰ شلنگ

مثال ۶۔ غنیم سے گھرے ہوئے ایک شہر میں ۲۲۴۰۰ باشندے ہیں اور اُن کے پاس ۳ ہفتے کے لئے خوراک کا سامان ہے بتاؤ کہ اُن باشندوں میں سے کتنے باہر نکال دیے جاویں کہ جو باشندے شہر میں رہیں اُن کو وہ سامان ۷ ہفتہ کے لئے کافی ہو

اِس سوال میں ہمیں پہلے یہ دریافت کرنا چاہیئے کہ جب سامان خوراک کا ۲۲۴۰۰ باشندوں کو تین ہفتوں کے لئے کافی ہوتا ہے تو ۷ ہفتوں کے لئے وہ سامان کتنے باشندوں کو کافی ہوگا پھر جو جواب آوے ۲۲۴۰۰ میں سے اُس کو گھٹا دینا چاہیئے

۷ ہفتہ : ۳ ہفتہ :: ۲۲۴۰۰ باشندے : اُتنے باشندے جن کو ۷ ہفتوں کے لئے کافی ہوگا

∴ شمار باشندوں کو جنکو ۷ ہفتوں کے لئے کافی ہوگا = $\frac{۳ \times ۲۲۴۰۰}{۷}$ = ۳ × ۳۲۰۰ = ۹۶۰۰

∴ جواب مطلوب = ۲۲۴۰۰ − ۹۶۰۰ = ۱۲۸۰۰

مثال ۷۔ ایک مسافر شکرم پر جو ۹ میل فی گھنٹہ چلتی ہے آگرہ سے سوار ہو کر کانپور ۲۴ گھنٹہ میں پہنچتا ہے تو بتاؤ کہ وہ مسافر ریل گاڑی پر جو ۳۲ میل فی گھنٹہ چلتی ہے آگرہ سے سوار ہو کر کتنے گھنٹوں میں کان پور پہونچے گا آگرہ سے کان پور کی دُوری سڑک اور ریل دونوں کی راہ برابر ہے

۳۲ میل : ۹ میل :: ۲۴ گھنٹہ : جواب مطلوب

∴ جواب مطلوب = $\frac{۹ \times ۲۴ \text{ گھنٹہ}}{۳۲}$ = $\frac{۲۷}{۴}$ گھنٹہ = ۶ گھنٹہ ۴۵ منٹ

مثال ۸ - ایک ٹن ۳ ہنڈریڈویٹ ۲ کوارٹر روئی کو متھرا سے آگرہ پہنچانے میں ۳ روپیہ ۶ آنہ لگتے ہیں بتاؤ کہ ۳ ٹن ۱۰ ہنڈریڈویٹ ۲ کوارٹر روئی کو متھرا سے آگرہ پہنچانے میں کیا لگیگا

ایک ٹن ۳ ہنڈریڈویٹ ۲ کوارٹر : ۳ ٹن ۱۰ ہنڈریڈویٹ ۲ کوارٹر :: ۳ روپیہ ۶ آنہ : جواب مطلوب

∴ ۹۴ کوارٹر : ۲۸۲ کوارٹر :: ۳ روپیہ ۶ آنہ : جواب مطلوب

∴ ۱ : ۳ :: ۳ روپیہ ۶ آنہ : جواب مطلوب

∴ جواب مطلوب = $\frac{(۳ \text{ روپیہ } ۶ \text{ آنہ}) \times ۳}{۱}$ = ۱۰ روپیہ ۲ آنہ

مثال ۹ - جب دِن ۱۰ گھنٹہ کا ہوتا ہے تو ۱۵ آدمی ایک کام کو ۱۵ دِن میں کر سکتے ہیں اگر دِن ۱۲ گھنٹہ کا ہو تو اُتنے ہی آدمی اُس کام کو کتنے دِنوں میں کر سکیں گے

۱۲ گھنٹے : ۱۰ گھنٹے :: ۱۵ دِن : جواب مطلوب

∴ جواب مطلوب $\frac{۱۰ \times ۱۵}{۱۲}$ دِن = ۱۲ دِن ۶ گھنٹہ

مثال ۱۰ - ۱۰ وردی کے تیار کرانے میں ۱۳ گرہ عرض کا زین ۸۷ گز لگتا ہے تو اُن وردیوں میں ۱۸ گرہ عرض کا زین کتنا لگیگا

۱۸ گرہ : ۱۳ گرہ :: ۸۷ گز : جواب مطلوب

∴ جواب مطلوب = $\frac{۱۳ \times ۸۷}{۱۸}$ گز = $\frac{۱۳ \times ۱۳}{۳}$ گز = $\frac{۱۶۹}{۳}$ گز = ۵۶ $\frac{۱}{۳}$ گز

مشق ۹۳

(۱) اگر ۳۱ بکریوں کی قیمت ۳۱۷ روپیہ ۵ آنہ ۴ $\frac{۱}{۲}$ پائی ہے تو ۲۰ بکریوں کی کیا قیمت ہے

(۲) ۳۷۴ پونڈ شلنگ کی کتنی مصری آوے گی جب ۶ ہنڈریڈویٹ ۲ کوارٹر

مصری کے دام ۲۷ پونڈ ۱۴ شلنگ ۸ پینس ہیں

(۳) جس شخص کی سالانہ آمدنی ۳۵۳ روپیہ ۱۲ آنہ ہے اُس کو ۵۸۶ روپیہ ۱۴ آنہ ۶ پائی ٹیکس دینا پڑتا ہے بتاؤ کہ آمدنی پر ٹیکس کیا سیکڑہ لیا جاتا ہے

(۴) ایک سونے کی اینٹ جس کا وزن ۲۵ تولہ ۸ ماشہ ۷ رتی ہے ہم نے ۵۱۴ روپیہ ۱۲ آنہ ۸ پائی کو خریدی بتاؤ کہ وہ سونا فی تولہ کس حساب سے بیچیں کہ لاگت پر ہمیں ۱۹ روپیہ ۴ آنہ ۱۰½ پائی نفع ہوا

(۵) اگر ۳ پونڈ ۱۰ شلنگ میں ایک آدمی ۱۴۰ دن ہماری خدمت کرتا ہے تو ۱۲ گنی میں وہ ہماری کتنے دن خدمت کرے گا

(۶) ایک خرگوش ۱۳۰ گز آگے بڑھ گیا تھا کہ کتے نے اُس کا پیچھا کیا جس وقت میں کتا ۷ گز دوڑتا ہے اُس وقت میں خرگوش صرف ۵ گز دوڑتا ہے بتاؤ کہ کتا کتنی دور دوڑ کر خرگوش کو پکڑ لیگا

(۷) ۱۲ بیگھہ کھیت کی بھیج ۱۲۶ روپیہ ہے بتاؤ کہ وہ کھیت کتنے بیگھہ ہے جس کی بھیج ۲۷۳ روپیہ ہے

(۸) ایک ہرکارہ ۱۲ گھنٹہ ہر روز چلکر ہمارا خط بنارس ۲۴ دن میں پہنچاتا ہے اگر وہ ہرکارہ ۱۶ گھنٹہ ہر روز چلتا تو کتنے دنوں میں خط پہنچاتا

(۹) اے نے ب سے ۴۰۰ گنی ۶½ مہینے کے واسطے قرض لئے بتاؤ کہ ب کا احسان دور کرنے کے لئے ا ۹۱۰ پونڈ ب کو کتنے دن کے واسطے قرض دے

(۱۰) ایک آدمی کو جو ایک گانوں میں ۱۶ آنہ میں سے ۳ آنہ کا حصہ دار ہے ۴۸۵ روپیہ ۱۰ آنہ ۹ پائی مالگزاری کے سرکار میں ادا کرنے پڑتے ہیں تو مسلم گانوں کی

مالگزاری سرکار کتنی ہے

(۱۱) ایک خدمتگار نے جس کی تنخواہ ۴۵ روپیہ ۱۵ آنہ سالانہ مقرر ہوئی تھی یکم جنوری ۱۸۹۲ء کی دوپہر کے ۱۲ بجے سے کام شروع کیا اور اُسی سنہ میں ۲۷ مئی کو دوپہر کو ۱۲ بجے کام چھوڑ دیا بتاؤ کہ اُس کو تنخواہ کا کیا ملا

(۱۲) لچھمن پرشاد بزاز نے اپنی ۶۰ گز گاچھ جو ۳ روپیہ ۱۰ آنہ گز کی تھی کیول بزاز کو دیکر اُس کی ۴۸ گز مخمل لے لی بتاؤ کہ مخمل کس بھاؤ کی تھی

(۱۳) اگر ۲۰۰ آدمیوں کے پاس ۹۵ دن کے واسطے خوراک کا سامان ہے اور اگر ۱۵ دن کے بعد اُن میں سے ۴۰ آدمی چلے جاویں تو باقی سامان کتنے دن کے واسطے کافی ہوگا

(۱۴) دو گھڑیوں کی سوئیاں سوموار کے دن صبح کے ۹ بجے ٹھیک وقت پر کر دی گئیں اُن گھڑیوں میں سے ایک دو منٹ ۵ سکنڈ روز تیز چلتی ہے اور دوسری ۲ منٹ ۵ سکنڈ روز سست چلتی ہے بتاؤ کہ کس روز اور کس وقت اُن دونوں گھڑیوں کے وقتوں میں ایک گھنٹہ کا فرق ہوگا

(۱۵) ۵ انگرکھوں کے ابرے میں ۱۲ گرہ عرض کا کپڑا ۱۵ گز لگتا ہے تو اُن کے استر کے لئے ۱¼ گز عرض کا کپڑا کتنا دینا چاہیئے

(۱۶) ایک حوض میں جس میں ۲۳۰ گیلن پانی آتا ہے ایک نل لگا ہوا ہے جس میں ہو کر ۵ گیلن پانی فی منٹ نکلتا ہے اور دوسرے حوض میں ایک ایسا نل لگا ہوا ہے جس میں ہو کر ۹ گیلن پانی فی منٹ نکلتا ہے بتاؤ کہ اگر دونوں حوض ایک ہی وقت میں خالی ہو جائیں تو دوسرے حوض میں کتنا پانی ہے

(۱۰) ایک آدمی کے پاس ۴ پینس فی پونڈ انکم ٹیکس دیکر ۴۷۶ پونڈ ۸ شلنگ ۴ پینس بچ رہے بتاؤ کہ اُسنے کل انکم ٹیکس کتنا دیا

(۱۸) ایک دیوالیہ نے اپنا کل قرضہ جو ۱۵۵۶۲۵ روپیہ کا تھا ۹۷۲۶۵ روپیہ ۱۰ آنہ میں چکا دیتا ہے بتاؤ کہ روپیہ میں کیا چکا

(۱۹) اگر ۲ مرد یا تین عورتیں یا ۵ لڑکے ایک کام کو ۳۰ دن میں کر سکتے ہیں تو ۲ مرد اور ۳ عورتیں اور ۵ لڑکے مِلکر اُس کام کو کتنے دن میں کر سکیں گے

(۲۰) اگر ۲۰ سیر چاول کی قیمت ایک روپیہ ۹ آنہ ہے تو ۵ من ۱۰ سیر چاول کی کیا قیمت ہو گی

(۲۱) ایک بڑھیا ہم چھٹانک روئی کا اسقدر باریک سوت کات سکتی ہے کہ وہ سوت ۵ فرلانگ لمبا ہوتا ہے بتاؤ کہ اُس بڑھیا کو ہمیں کتنی روئی دینی چاہیئے کہ وہ اتنا سوت کات کر دیوے کہ جو چاند تک پہونچے چاند یہاں سے ۲۴۰۰۰ میل ہے

(۲۲) ایک جہاز پر جو عدن سے بمبئی ہمیشہ ۱۵ دن میں پہنچتا ہے اُتنے ہی دنوں کے لئے خوراک کا سامان رکھدیا گیا ہے لیکن جہاز کے عدن سے روانہ ہوتے ہی ایسی ناموافق ہوا چلی ہے کہ جہاز بجائے ۱۵ دن کے ۲۰ دن میں بمبئی پہونچیگا اگر سامان خوراک ۴ من ۳۰ سیر روز کے حساب سے رکھا گیا ہے تو بتاؤ کہ کتنا سامان روز خرچ کرنا چاہیئے

(۲۳) کسی قلعہ میں جس کو غنیم نے گھیر لیا ہے سپاہیوں کے پاس ۵ مہینے کے لئے سامان خوراک کا موجود ہے اگر ہر سپاہی اپنی خوراک ۲۰ چھٹانک سے گھٹا کر ۱۲ چھٹانک کر دے تو بتاؤ کہ سامان خوراک کتنی مدت کے لئے کافی ہو گا

(۲۴) ایک بنیے نے ایک من ۳۵ سیر شکر روپیہ کی ۵ سیر کے حساب سے بیچی لیکن شکر ایسی پنسیری سے تولی جو اصل پنسیری سے ۴ چھٹانک کم تھی بتاؤ کہ اس دغابازی سے اُسنے کتنا منافع اُٹھایا

(۲۵) ۴ گھوڑے اور ۶ گائے مِلکر ایک خاص کھیت کی گھاس چرتے ہیں اور ۹ گھوڑے اِسقدر گھاس چرتے ہیں جتنی ۷ گائے چرتی ہیں بتاؤ کہ جس کھیت میں ۹ گائے اور ۸ گھوڑے چرسکیں اُسکی نسبت پہلے کھیت کے ساتھ کیا ہے

(۲۶) موہن کا کھیت ۱۴ ۵/۸ گز لمبا اور ۱۳ ۳/۴ گز چوڑا ہے اور اُس کا رقبہ سوہن کے کھیت کے رقبہ کا آدھا ہے اگر سوہن کے کھیت کی لمبائی ۴۰ ۱/۲ گز ہے تو اُس کی چوڑائی بتاؤ

(۲۷) ایک سوداگر نے ۱۰۰۸ گیلن شراب ۶۰۰۴ روپیہ کو خریدی اُس میں سے ۸۴ گیلن شراب چوگئی بتاؤ کہ باقی شراب فی گیلن وہ کس حساب سے بیچے تاکہ اُسکو نہ نفع ہو اور نہ نقصان

(۲۸) ایک آدمی پر جس کی سالانہ آمدنی ۱۰۲۲ روپیہ ۸ آنہ ہے سال کے آخر میں ۱۱۸ روپیہ ۲ آنہ قرضہ ہوگیا بتاؤ کہ اُس نے ۳۶۵ دِن میں کِتنا خرچ کیا

(۲۹) ایک کام پر ۳۵ آدمی لگے اور اگر وہ سب ۵۰ دِن تک لگے رہتے تو کام ختم کردیتے لیکن ۱۲ دِن کے بعد ۱۶ آدمیوں نے کام چھوڑ دیا بتاؤ کہ باقی آدمی اُس کام کو کتنے دِنوں میں ختم کریں گے

(۳۰) ۵ مرد اور ۴ عورتیں اور ۷ لڑکے ایک کام کو ۶۹ دِن میں کرسکتے ہیں بتاؤ کہ ۸ مرد اور ۵ عورتیں اور ۳ لڑکے اُس کام کو کتنے دِنوں میں کرسکیں گے جب یہ

معلوم ہو کہ مرد عورت سے دُونا اور عورت لڑکے سے ڈیوڑھا کام کرتی ہو

(۳۱) اگر کسی جائداد کے $\frac{۵}{۱۲}$ حصہ کو ہم نے ۱۶۰۰۰ روپیہ کو خریدا تو بتاؤ کہ باقی جائداد کے $\frac{۷}{۱۲}$ حصہ کو ہم کس قیمت پر خریدیں

(۳۲) اگر کسی حوض کے دونوں نل جن سے پانی حوض میں آتا ہو کھولدیے جاویں تو حوض ۳ گھنٹہ میں بھر جائے گا اور اگر صرف ایک نل کھولا جاوے تو حوض ۴ $\frac{۱}{۲}$ گھنٹہ میں بھرے گا بتاؤ کہ دوسرا نل اکیلا کے گھنٹہ میں حوض کو بھر سکیگا

(۳۳) اگر ۹ مرد یا ۱۶ عورتیں ایک کام کو ۴ دن میں کرسکتے ہیں تو اُسی کام کو ۷ مرد اور ۹ عورتیں ملکر کتنے دِنوں میں کریں گے

(۳۴) اگر ایک کھڑے مستول کا جو ۱۰۰ فیٹ لمبا ہو سایہ ۱۲ فیٹ ۸ انچ ہو تو اُس مینار کی اونچائی بتاؤ جس کا سایہ اُسی وقت ۵۰ فیٹ لمبا ہو

(۳۵) ا اور ب ملکر ایک کام کو ۸ دن میں اور ب اور س ملکر ۱۲ دِن میں اور ا اور ب اور س تینوں ملکر ۶ دِن میں کرسکتے ہیں بتاؤ کہ ا اور س ملکر اُس کام کو کتنے دِنوں میں کرسکیں گے

(۳۶) ۳ گھوڑوں کی قیمت اُتنی ہی ہو جتنی کہ ۵ گایوں کی ہو اور ۴ گائے ۵۰ روپیہ کو آتی ہیں بتاؤ کہ ۲۰ گھوڑوں کی کیا قیمت ہو

(۳۷) ایک زمیندار نے اپنا گھوڑا قیمت خرید سے ۷ روپیہ سیکڑہ نقصان اُٹھا کر ۳۷۸ روپیہ کو بیچڈالا بتاؤ کہ اُس کی قیمت خرید کیا تھی

(۳۸) ۳ اور ۴ بجے کے درمیان منٹ اور گھنٹہ کی سوئیاں ۳ کے ہندسہ سے

برابر دوری پر کب ہوں گی

(۳۹) دو دانتے دار پہیے (جیسے کہ گھڑی میں ہوا کرتے ہیں) ایک دوسرے سے پھرتے ہیں بڑے پہیے میں ۳۶۰ دانتے اور چھوٹے پہیے میں ۱۰۰ دانتے ہیں اگر بڑا پہیہ ایک منٹ میں ۲۰ چکر کرے تو چھوٹا ایک گھنٹے میں کتنے چکر کریگا

(۴۰) ایک دیوالیہ جس کے پاس ۲۰۱۰ روپیہ ہیں ۳ شخصوں کا قرضدار ہے ایک کا ۱۳۰ روپیہ اور دوسرے کا ۲۱۲۰ روپیہ اور تیسرے کا ۳۲۵۰ روپیہ ہے بتاؤ کہ ہر شخص کو کیا کیا ملیگا

(۴۱) اگر ایک کام پر ۳۵ آدمی لگاتار کام کرکے ۴۵ دن میں ختم ہو جاتا لیکن ۳۵ آدمیوں میں سے ہر ۵ دن کے بعد سات سات آدمی اُس کام کو چھوڑتے جاتے ہیں بتاؤ کہ وہ کام کتنے دنوں میں ختم ہوگا

(۴۲) ایک زمیندار نے ۲ گھوڑے خرید کر ہر ایک کو ۱۰۰ روپیہ میں بیچ ڈالا ایک کے بیچنے میں اُسے ۲۵ روپیہ سیکڑہ لاگت پر نقصان ہوا اور دوسرے کے بیچنے میں اُسے ۲۵ روپیہ سیکڑہ لاگت پر نفع ہوا بتاؤ کہ ہر ایک گھوڑا اُسنے کتنے کو خریدا تھا اور یہ بھی بتاؤ کہ کل لاگت پر اُسے نفع ہوا یا نقصان

(۴۳) ایک یابو اور اُس کی کاٹھی کی قیمت ملکر ۳۳ روپیہ ۳ آنہ ۸ پائی ہے اور یابو کی قیمت کاٹھی کی قیمت سے وہ نسبت رکھتی ہے جو ۹ نسبت ۲ کے ساتھ رکھتا ہے بتاؤ کہ یابو اور کاٹھی کی قیمت کیا کیا ہے

(۴۴) ریل گاڑی کی ایک ٹرین جو ۸۸ گز لمبی ہے ایک آدمی کے جو ریل کے کنارے ۴ میل فی گھنٹہ کے حساب سے چل رہا ہے پاس پہنچکر ۱ سکنڈ میں اُس کے آگے

نکل جاتی ہے اور پھر دوسرے آدمی کے پاس پہنچکر جو کچھ دوری پر ریل کے کنارہ چل رہا ہے ۹ سکنڈ میں اُس کے آگے نکلجاتی ہے بتاؤ کہ دوسرا آدمی فی گھنٹہ کس میل کے حساب سے چل رہا ہے

(۴۵) ایک بنیہ سے ایک بزاز نے ۵ من ۳۷ سیر چھٹانک گیہوں اور ۲۵ سیر چاول اور ۵ سیر گھی لیکر ۱۱½ گز نین سُکھ اور ۵ گز ململ اور ۳۰ گز چھینٹ اور ۴ گز بانات اُس کو دی اور حساب بیباق کیا بتاؤ کہ جب گیہوں روپیہ کے ۲۵ سیر اور چاول روپیہ کے دس سیر اور گھی روپیہ کا ایک سیر ۱۴ چھٹانک بکتا ہے اور ۲۰ گز ململ کے تھان کی قیمت ۵ روپیہ ۱۰ آنہ اور ۵۰ گز چھینٹ کے تھان کی قیمت ۹ روپیہ ۶ آنہ اور ۴ گز بانات کی قیمت ۸ روپیہ ہے بتاؤ کہ نین سُکھ فی گز کس حساب سے بکتا ہے

(۴۶) کھچسن بزاز نے ایک سال میں نقد اور اُدھار ۱۹۰۰۰ روپیہ کا کپڑا بیچا اِس روپیہ میں اُس کی لاگت اور نفع دونوں شامل ہیں جس صورت میں اُس نے لاگت پر ۳ آنہ فی روپیہ نفع لیا ہے اور اُدھار کی ۵۰۵ روپیہ ۲ آنہ ۴ پائی کی رقم بٹہ کھاتہ لکھی گئی ہے تو اُس سال میں اُس نے کتنا روپیہ کمایا

(۴۷) ایک زمیندار نے ایک موضع ۴۲۵۰ روپیہ کو خریدا اُس موضع کی کل تحصیل سالانہ ۷۶۴۱ روپیہ ہے جس میں سے دو تہائی سرکاری مالگزاری ہے بتاؤ کہ کیا سیکڑہ ماہواری اُس زمیندار کو لاگت پر فائدہ ہوتا ہے

(۴۸) ۷ سیر چاول کی قیمت اُتنی ہی ہے جتنی کہ ۹ سیر ارہر کی دال کی ہے اور ۳ سیر دال کی قیمت ۴ سیر گیہوں کے آٹے کی قیمت کے برابر ہے اور ہم نے ایک سیر آٹا اور ایک سیر چاول اور ایک سیر دال کے ۷ آنہ ایک پائی دیئے تو بتاؤ کہ آٹا اور

دال اور چاول کس کس بھاؤ سے بکتے ہیں

تناسب مرکب یا سِتہ تناسبہ وغیرہ

۱۹۰- تناسب مرکب اُس تناسب کو کہتے ہیں جو نسبت مؤلفہ اور نسبت مفرد کے آپس میں برابر ہونے سے پیدا ہوتا ہے وہ اُن سوالوں کے جنکے حل کرنے میں اربعہ تناسبہ کے قاعدہ کو دوبارہ سہ بارہ وغیرہ کام میں لانا پڑے حل کرنے کا مختصر طریقہ ہے مثلاً اِس سوال کے "اگر ۱۰ آدمی ۴ دِن میں ۱۵ بیگھہ کھیت کاٹ سکتے ہیں تو ۳۰ آدمی ۷ دِن میں کتنے بیگھہ کھیت کاٹ سکینگے" حل کرنے میں ہم اربعہ تناسبہ کے قاعدہ کو دو دفعہ کام میں لائیں گے

پہلے ہم اِس سوال کو حل کریں گے "اگر ۱۰ آدمی ۴ دِن میں ۱۵ بیگھہ کھیت کاٹ سکتے ہیں تو ۳۰ آدمی ۴ دِن میں کتنے بیگھہ کھیت کاٹ سکیں گے" اِس سوال میں دِنوں کی تعداد دونوں صورتوں میں ایک ہی ہے اور اِسلئے اُس کا سوال پر کچھ اثر نہیں ہے

۱۰ آدمی : ۳۰ آدمی :: ۱۵ بیگھہ : جواب مطلوب

∴ جواب مطلوب = $\frac{۳۰ \times ۱۵}{۱۰}$ بیگھہ = ۴۵ بیگھہ

پھر اِس سوال کو حل کریں گے "اگر ۴ دِن میں ۳۰ آدمی ۴۵ بیگھہ کھیت کاٹ سکتے ہیں تو ۷ دِن میں ۳۰ آدمی کتنے بیگھہ کھیت کاٹ سکینگے" اِس سوال پر آدمیوں کی تعداد کا کچھ اثر نہیں ہے

۴ دِن : ۷ دِن :: ۴۵ بیگھہ : جواب مطلوب

∴ جواب مطلوب = $\frac{۴۵ \times ۷}{۴}$ بیگھہ = $\frac{۳۱۵}{۴}$ بیگھہ = ۷۸ $\frac{۳}{۴}$ بیگھہ

یہ آخر جواب یعنی ۷۸ $\frac{۳}{۴}$ بیگھہ ہمارے اصل سوال کا جواب ہے

لیکن ہمارا اصل سوال تناسب کے قاعدہ کو ایک ہی دفعہ کام میں لانیسے بآسانی حل ہوسکتا ہے

چونکہ جتنا کام ۴ دن میں ۱۰ آدمیوں سے ہوگا اُتنا ایک دن میں (۱۰×۴) آدمیوں سے ہوگا اور جتنا کام ۷ دن میں ۳۰ آدمیوں سے ہوگا اُتنا ایک دن میں (۳۰×۷) آدمیوں سے ہوگا اِسلیے ہمارا سوال تناسب مفرد کی صورت میں تبدیل ہوکر یہ ہوسکتا ہے "اگر (۱۰×۴) آدمی ایک دن میں ۱۵ بیگھہ کھیت کاٹ سکتے ہیں تو (۳۰×۷) آدمی کتنے بیگھہ کھیت کاٹ سکیں گے" اور اِس طرح حل ہوگا

(۱۰×۴) آدمی : (۳۰×۷) آدمی :: ۱۵ بیگھہ : جواب مطلوب

∴ جواب مطلوب = $\frac{۳۰ \times ۷ \times ۱۵}{۱۰ \times ۴}$ بیگھہ = $\frac{۳۱۵}{۴}$ بیگھہ = ۷۸ $\frac{۳}{۴}$ بیگھہ

لیکن تناسب کی رقمیں عموماً اِس صورت میں لکھی جاتی ہیں

۱۰ آدمی : ۳۰ آدمی
۴ دن : ۷ دن
:: ۱۵ بیگھہ : جواب مطلوب

۱۹۱- تناسب مرکب یا ستہ تناسبہ کی مثالوں کے حل کرنیکا قاعدہ یہ ہے

قاعدہ- مثال میں اُس عدد کو جو جواب کا ہم جنس ہے تناسب کی تیسری رقم بناؤ پھر مثال کے باقی عددوں میں سے جو عدد ایک جنس کے ہوں اُنکو لیکر سوچو کہ جواب تمہارا بہ نسبت تیسری رقم کے زیادہ یا کم آوے گا اگر جواب

زیادہ آتا معلوم ہو تو جو عدد تم نے لئے ہیں ان میں سے بڑے عدد کو دوسری رقم اور اگر جواب کم آتا معلوم ہو تو چھوٹے عدد کو دوسری رقم اور باقی عدد کو پہلی رقم بنا کر پہلی سطر میں لکھو اب مثال میں جو عدد باقی رہیں اُن میں سے ہر دو عدد کو جو ایک جنس کے ہوں لیکر جواب کے کم یا زیادہ آنے کے مطابق اُن میں سے چھوٹے یا بڑے عدد کو دوسری رقم اور باقی عدد کو پہلی رقم بنا کر دوسری اور تیسری وغیرہ سطر میں لکھو پھر سب عددوں کو جو پہلی رقم کی جگہہ پر لکھے ہیں آپس میں ضرب دیکر حاصل ضرب کو پہلی رقم بناؤ اور سب عددوں کو جو دوسری رقم کی جگہہ پر لکھے ہیں آپس میں ضرب دیکر اُن کے حاصل ضرب کو دوسری رقم بناؤ اب اِس نئی دوسری رقم کو تیسری رقم سے ضرب دیکر حاصل ضرب کو اِس نئی پہلی رقم پر تقسیم کرو خارج قسمت جواب مطلوب ہوگا

مثال ۱۔ اگر ۹ آدمیوں کی ۸ مہینے کی تنخواہ ۲۸۸ روپیہ ہیں تو ۲۴ آدمیوں کی ۶ مہینہ کی کیا تنخواہ ہوگی

قاعدے کے مطابق عمل کرنے سے

۹ آدمی : ۲۴ آدمی
۸ مہینے : ۶ مہینے
:: ۲۸۸ روپیہ : جواب مطلوب

یا ۹ × ۸ : ۶ × ۲۴ :: ۲۸۸ روپیہ : جواب مطلوب

∴ جواب مطلوب = $\frac{۲۸۸ \times ۶ \times ۲۴}{۹ \times ۸}$ روپیہ = ۲ × ۲۸۸ روپیہ

= ۵۷۶ روپیہ

اِس مثال میں ۲۸۸ روپیہ کو تیسری رقم بنایا ہے کیونکہ جواب روپیوں میں آویگا ۹ آدمی اور ۲۴ آدمی ایک جنس کے عدد ہیں اُن میں سے ۲۴ آدمیوں کو دوسری رقم بنایا کیونکہ جواب ہمارا بہ نسبت ۲۸۸ روپیہ کے زیادہ آوے گا اور ۹ آدمیوں کو تناسب کی پہلی رقم کی جگہ پر لکھا پھر ۸ مہینے اور ۶ مہینے ایک جنس کے عدد ہیں اور چونکہ ۶ مہینے کی تنخواہ جو دریافت کرنی ہے ۸ مہینے کی تنخواہ سے کم ہوگی اِسلئے ۶ مہینے کو دوسری رقم اور ۸ مہینے کو پہلی رقم بنا کر دوسری سطر میں لکھا

مثال ۲- اگر ۴۲ من بوجھ کو ۰،۷ میل لیجانے کا کرایہ ۳ روپیہ ۷ آنہ ہے تو ۴۹ من بوجھ کو ۲،۷ میل لیجانیکا کرایہ کیا ہوگا

۴۲ من : ۴۹ من
۰،۷ میل : ۲،۷ میل
:: ۳ روپیہ ۷ آنہ : جواب مطلوب

یا ۴۲×۰،۷ : ۴۹×۲،۷ :: ۵۵ آنہ : جواب مطلوب

∴ جواب مطلوب = $\frac{۵۵ \times ۴۹ \times ۲،۷}{۴۲ \times ۰،۷}$ آنہ = $\frac{۱۱ \times ۵ \times ۷ \times ۷ \times ۷ \times ۲ \times ۲ \times ۶ \times ۶}{۷ \times ۷ \times ۲ \times ۲ \times ۷ \times ۷}$ آنہ

= (۱۱×۶) آنہ = ۶۶ آنہ = ۴ روپے ۲ آنہ

مثال ۳- اگر ۸ آدمی ۱۰ فیٹ لمبی اور ۳ فیٹ چوڑی اور ۴ فیٹ ۶ انچ گہری خندق ۹ دن میں کھود سکتے ہیں تو کتنے آدمی ۸۰ فیٹ لمبی اور ۵ فیٹ چوڑی اور ۲ فیٹ گہری خندق ۵ ½ دن میں کھود سکیں گے

اِس مثال میں ۸ آدمی تناسب کی تیسری رقم ہوگی کیونکہ جواب میں آدمی آویں گے پھر ۱۰ فیٹ اور ۸۰ فیٹ ایک جنس یعنی لمبائی کے عدد ہیں اور ۳ فیٹ

اور ۵ فیٹ ایک حبس یعنی چوڑائی اور ۴ فیٹ ۶ انچ اور ۲ فیٹ ایک حبس یعنی گہرائی کے عدد ہیں اب اگر صرف لمبائی پر خیال کیا تو چونکہ ۱۰۰ فیٹ لمبی خندق کھودنے کے لئے ۸ آدمی کی ضرورت ہوتی ہے اسلئے ۸۰ فیٹ لمبی خندق کھودنے کے لئے کم آدمیوں کی ضرورت ہوگی اور اسلئے ۸۰ فیٹ کو دوسری رقم اور ۱۰۰ فیٹ کو پہلی رقم بنایا پھر جب صرف چوڑائی پر خیال کیا تو چونکہ ۳ فیٹ چوڑی خندق کو ۸ آدمی کھود سکتے ہیں اسلئے ۵ فیٹ چوڑی خندق کو زیادہ آدمی کھود سکیں گے اور اسلئے ۵ فیٹ کو دوسری رقم اور ۳ فیٹ کو پہلی رقم بنایا آخر میں جب ہم نے صرف گہرائی پر خیال کیا تو چونکہ ۴ فیٹ ۶ انچ گہری خندق کھودنے کے لئے ۸ آدمی چاہئیں اسلئے ۲ فیٹ گہری خندق کھودنے کے لئے کم آدمیوں کی ضرورت ہوگی اور اسلئے ۲ فیٹ کو دوسری رقم اور ۴ فیٹ ۶ انچ کو پہلی رقم بنایا پھر جب ہم نے صرف دنوں پر خیال کیا تو چونکہ ۹ دن میں کھودنے کے لئے ۸ آدمی لگیں گے اور اسلئے ۵ ½ دن میں کھودنے کے لئے زیادہ آدمی لگانے کی ضرورت ہوگی اور اسلئے ۹ دن کو دوسری رقم اور ۵ ½ دن کو پہلی رقم بنایا یعنی مثال کے سب عددوں کو نیچے لکھی ہوئی ترتیب سے لکھا

۱۰۰ فیٹ لمبی : ۸۰ فیٹ لمبی
۳ فیٹ چوڑی : ۵ فیٹ چوڑی
۴ ½ فیٹ گہری : ۲ فیٹ گہری
۵ ½ دن : ۹ دن
:: ۸ آدمی : جواب مطلوب

یا ۱۰۰ × ۳ × ۴½ : ۸۰ × ۵ × ۲ × ۹ :: ۸ آدمی : جواب مطلوب

∴ جواب مطلوب = $\frac{۸ \times ۸۰ \times ۲ \times ۵ \times ۹ \times ۲ \times ۳}{۱۰۰ \times ۳ \times ۹ \times ۱۶}$ آدمی = $\frac{۲ \times ۵ \times ۸۰}{۱۰۰}$ آدمی

= ۸ آدمی

مثال ۴ - جب دِن میں ۸ گھنٹہ کام ہوتا ہو تو ۲۷ آدمی ایک کام کو ۳۵ دِن میں کرسکتے ہیں اگر دِن میں ۱۲ گھنٹہ کام کیا جائے تو ایسے ایسے ۹ کام کو ۲۸ آدمی کتنے دِنوں میں کرسکیں گے

۱۲ گھنٹہ : ۸ گھنٹہ
۲۸ آدمی : ۲۷ آدمی
ایک کام : ۹ کام
:: ۳۵ دِن : جواب مطلوب

یا ۱۲ × ۲۸ : ۸ × ۲۷ × ۹ :: ۳۵ دِن : جواب مطلوب

∴ جواب مطلوب = $\frac{۳۵ \times ۹ \times ۲۷ \times ۸}{۲۸ \times ۱۲}$ دِن = $\frac{۵ \times ۷ \times ۸ \times ۲ \times ۳ \times ۲۷ \times ۲ \times ۴}{۲ \times ۲ \times ۲ \times ۲ \times ۳ \times ۳ \times ۴}$ دِن

= $\frac{۴۵}{۲}$ دِن = ۲۰۲ دِن ۶ گھنٹہ

مثال ۵ - اگر ۱۵ بیلوں اور ۲۷ گھوڑوں کی ۱۵ دِن کی خوراک کا خرچ ۱۸۰ روپیہ ہو تو ۲۰ بیل اور ۹ گھوڑوں کی ۲۷ دِن کی خوراک کا خرچ کیا ہوگا جب ۳ گھوڑوں کی خوراک کا خرچ ۵ بیلوں کی خوراک کے خرچ کے برابر ہو

چونکہ ۳ گھوڑوں کی خوراک برابر ہو ۵ بیلوں کی خوراک کے

∴ ایک گھوڑے کی خوراک برابر ہو $\frac{۵}{۳}$ بیل کی خوراک کے

∴ ۲۷ گھوڑوں کی خوراک برابر ہو ۴۵ بیلوں کی خوراک کے

اور ۹ گھوڑوں کی خوراک برابر ہو ۱۵ بیلوں کی خوراک کے

∴ ۱۵ بیلوں اور ۲۷ گھوڑوں کی خوراک کا روزمرّہ خرچ وہی ہوگا جو (۱۵+۴۵)

یعنی ۶۰ بیلوں کی خوراک کا ہوگا اور ۲۸ بیل اور ۹ گھوڑوں کی خوراک کا روز مرّہ خرچ وہی ہوگا جو (۲۸ + ۱۵) یعنی ۴۳ بیلوں کی خوراک کا ہوگا

۶۰ بیل : ۴۳ بیل
۱۵ دن : ۲۷ دن
:: ۱۸۰ روپیہ : جواب مطلوب

یا ۶۰ × ۱۵ : ۲۷ × ۴۳ :: ۱۸۰ روپیہ : جواب مطلوب

∴ جواب مطلوب = $\frac{۲۷ \times ۴۳ \times ۱۸۰}{۱۵ \times ۶۰}$ روپیہ = $\frac{۲۷ \times ۴۳}{۵}$ روپیہ = $\frac{۱۱۶۱}{۵}$ روپیہ

= ۲۳۲ روپیہ ۳ آنہ ۲ $\frac{۲}{۵}$ پائی

مثال ۶۔ اگر ۷۵۰ سپاہیوں کی ۱۲ دن کی تنخواہ اور خوراک کا خرچ ملکر ۹۰۰۰ روپیہ ہیں تو ۳۰۰۰۰ روپیہ ۵۰۰ سپاہیوں کی کتنے دن کی تنخواہ اور خوراک کے خرچ کے لئے کافی ہوں گے

۵۰۰ سپاہی : ۷۵۰ سپاہی
۹۰۰۰ روپیہ : ۳۰۰۰۰ روپیہ
:: ۱۲ دن : جواب مطلوب

یا ۵۰۰ × ۹۰۰۰ : ۷۵۰ × ۳۰۰۰۰ :: ۱۲ دن : جواب مطلوب

∴ جواب مطلوب = $\frac{۱۲ \times ۳۰۰۰۰ \times ۷۵۰}{۹۰۰۰ \times ۵۰۰}$ دن = $\frac{۱۲ \times ۳ \times ۷۵}{۹ \times ۵}$ دن = ۶۰ دن

مثال ۷۔ ۶ آدمی ۲۱ دن میں ۱۵۰ روپیہ پیدا کرتے ہیں جب ہر آدمی ۱۲ گھنٹہ روز کام کرتا ہے بتاؤ کہ ۹ آدمی ۳۵ دن میں کتنے روپیہ پیدا کریں گے جب ہر آدمی ۱۰ گھنٹہ روز کام کرے گا

۲۱ دن : ۳۵ دن
۱۲ گھنٹہ : ۱۰ گھنٹہ
۶ آدمی : ۹ آدمی
:: ۱۵۰ روپیہ : جواب مطلوب

یا ۲۱ × ۱۲ × ۶ : ۵ × ۳ × ۱۱ × ۹ :: ۱۵۰ روپیہ : جواب مطلوب

∴ جواب مطلوب = $\frac{۱۵۰ \times ۵ \times ۳ \times ۱۱ \times ۹}{۶ \times ۱۲ \times ۲۱}$ روپیہ = $\frac{۷ \times ۵ \times ۵ \times ۳ \times ۳ \times ۹ \times ۲ \times ۵}{۴ \times ۳ \times ۳ \times ۳ \times ۴ \times ۳ \times ۷}$ روپیہ

= $\frac{۶۲۵}{۲}$ روپیہ = ۳۱۲ روپیہ ۸ آنہ

مثال ۸۔ جس دیوار میں ۹ انچ لمبی اور ۴½ انچ چوڑی اور ۱½ انچ موٹی اینٹ ۵۳۵۱۶۷ لگتی ہیں اُس دیوار میں ۱۲ انچ لمبی اور ۶¾ انچ چوڑی اور ۲½ انچ موٹی اینٹ کتنی لگیں گی

۱۲ انچ لمبی :: ۹ انچ لمبی

۶¾ انچ چوڑی :: ۴½ انچ چوڑی :: ۵۳۵۱۶۷ اینٹ : جواب مطلوب

۲½ انچ موٹی :: ۱½ انچ موٹی

یا ۱۲ × ۶¾ × ۲½ :: ۹ × ۴½ × ۱½ :: ۵۳۵۱۶۷ اینٹ : جواب مطلوب

∴ جواب مطلوب = $\frac{۹ \times ۴\frac{۱}{۲} \times ۱\frac{۱}{۲} \times ۵۳۵۱۶۷}{۱۲ \times ۶\frac{۳}{۴} \times ۲\frac{۱}{۲}}$ اینٹ = $\frac{۵۳۵۱۶۷ \times ۳ \times ۹ \times ۹ \times ۴ \times ۳}{۹ \times ۳ \times ۹ \times ۱۲ \times ۲ \times ۲}$ اینٹ

= $\frac{۵۳۵۱۶۷}{۳}$ اینٹ = ۱۷۸۳۸۹ اینٹ

مشق ۴۹

(۱) اگر ایک کام کو ۲۰ آدمی ۱۲ دن میں کر سکتے ہیں تو اُس سے نگنے کام کو اُسوقت کے پانچویں حصّہ میں کتنے آدمی کر سکیں گے

(۲) اگر ۲۵ بیلداروں کی ۱۶ دن کی مزدوری ۵۹۰ روپیہ ۱۳ آنہ ۴ پائی ہے تو ۱۲۹ روپیہ ۶ آنہ کتنے بیلداروں کی ۲۴ دن کی مزدوری ہوگی جب ان بیلداروں میں سے ہر بیلدار کی روزانہ مزدوری بہ نسبت پہلے بیلداروں میں سے ہر ایک کی

روزانہ مزدوری کی آدھی ہے

(۳) اگر ۲۱ آدمی ۵ دن میں ۲۷ ایکڑ زمین کی گھاس کاٹ سکتے ہیں تو بتاؤ کہ کتنے آدمی ۶ دن میں ۴۶۰ ایکڑ ۳ روڈ ۸ پول زمین کی گھاس کاٹ سکیں گے

(۴) اگر ۱۲ بیل ۵ دن میں ۲۲ بیگھہ زمین جوت سکتے ہیں تو کتنے بیل ۶۶ بیگھہ زمین ۱۸ دن میں جوت سکیں گے

(۵) اگر ایک ہرکارہ جب ۱۱ گھنٹہ روز چلتا ہے ۱۶ میل کا سفر ۳ دن میں طے کرتا ہے تو ۵ ہرکارہ ۱۰۰۰ میل کے سفر کو کتنے دنوں میں طے کرے گا جب ۱۵ گھنٹہ روز چلے

(۶) اگر ۷ معمار جب ۹ $\frac{3}{5}$ گھنٹہ روز کام کریں کسی خاص دیوار کو ۲۰ $\frac{2}{3}$ دن میں بنا سکتے ہیں تو بتاؤ کہ ۳ معمار ایسی ۲ $\frac{3}{4}$ دیواروں کو ۱۲ گھنٹہ روز کام کرکے کتنے دنوں میں بنالیں گے

(۷) اگر ۳۰ من بوجھ کو ۱۵ میل پہنچانے کا کرایہ ۶ روپیہ ۱۲ آنہ ۹ پائی ہے تو ۳۶ روپیہ ۴ آنہ میں ۸۰ من بوجھ کتنے میل پہونچ سکتا ہے

(۸) اگر ہم ۱۰۰۰ روپیہ کی پونجی سے ۲ برس میں ۱۲۰ روپیہ پیدا کرسکتے ہیں تو ہم کتنی پونجی سے ۴ $\frac{1}{2}$ مہینے میں ۶۷ روپیہ ۸ آنہ پیدا کرسکیں گے

(۹) جس کتاب میں ۸۰ ورق ہیں اُس کی ۱۵۰ جلدوں میں ۳۳ ریم کاغذ لگتا ہے تو بتاؤ کہ جس کتاب میں اُتنے ہی لمبے اور اُتنے ہی چوڑے ۲۰۰ ورق ہیں اُسکی ۵۰۰ جلدوں میں اُسی قسم کا کاغذ کتنے ریم لگیگا

(۱۰) اگر ۱۰۰۰ سپاہیوں میں جو ایک شہر میں گھرے ہوئے ہیں اور جن کے

پاس اب ۲۰ چھٹانک فی آدمی روزمرّہ کے حساب سے ۵ ہفتوں کے لئے خوراک کا سامان ہے ۵۰۰ سپاہی اور آملیں تو بتاؤ کہ ہر ایک سپاہی کی روزانہ خوراک ۸ ۱/۳ چھٹانک کر دی جاوے تو سامان خوراک کا کتنے ہفتوں کے لئے کافی ہو گا

(۱۱) اگر ۹ آدمیوں کا کنبہ انگلستان میں ۶۰ ۵ اگنی میں آرام سے گذارا کر سکتا ہے تو بتلاؤ کہ بیلجیم میں ۸ آدمیوں کا کنبہ کتنا خرچ کر کے اُسی آرام سے گذارہ کرے گا جس صورت میں اشیاء ضروری کی قیمت بیلجیم میں اُن کی اُس قیمت کی جو انگلستان میں ہے ۳/۵ ہے

(۱۲) متھرا پوسٹ آفس کے چٹھی رساؤں کی وردیاں ۱۲ گرہ عرض کے کپڑے کی جو ۳ آنہ گز ہے بنانے میں ۲۱ روپیہ ۹ آنہ لگتے ہیں اگر وہ وردیاں ایسے کپڑے کی بنائی جاویں جس کا عرض دو فیٹ ہوتا اور جس کی قیمت ۲ آنہ ۸ پائی گز ہوتی تو اُن میں کتنا خرچ پڑتا

(۱۳) اگر ایک مرد اور ۲ عورتیں ایک کام کو ۱۰ دن میں کر سکتے ہیں تو اُس سے چوگنے کام کو دو مرد اور ایک عورت کتنے دِنوں میں کر سکیں گے جس صورت میں ایک مرد کے کام کی ایک عورت کے کام کے ساتھ وہی نسبت ہے جو ۳ کو ۲ کے ساتھ ہے

(۱۴) اگر ۱۲ بیل اور ۳۵ بھیڑیں ۱۲ ٹن ۱۲ ہنڈریڈ ویٹ گھاس ۸ دن میں کھائیں تو ۹ بیل اور ۱۱ بھیڑیں کتنے کی گھاس ۲۰ دن میں کھائیں گے جب گھاس کی قیمت فی ٹن ۴ گنی ہے اور ۳ بیل اس قدر گھاس کھاتے ہیں جس قدر ۷ بھیڑیں کھاتی ہیں

(۱۵) ۱۲۴ آدمیوں نے ۱۱۰ گز لمبی اور ۳ فیٹ چوڑی اور ۴ فیٹ گہری خندق ۱۱ گھنٹہ روز کام کر کے ۵ دن میں کھودی اور ایک اور خندق ۶۲ آدمیوں نے

ہر روز ۹ گھنٹہ کام کرکے ۷ دِن میں کھودی بناؤ کہ اُس دوسری خندق میں کتنے مکعب فیٹ پانی سما سکتا ہے

(۱۶) اگر ۲ راج ۵ فیٹ لمبی اور ۴ فیٹ اونچی اور ۲ فیٹ آثار کی دیوار ۷ گھنٹہ روز کام کرکے ۱۲ دِن میں بناتے ہیں تو ۶ راج ۵۰۰ فیٹ لمبی اور ۱۶ فیٹ اونچی اور ۴ فیٹ آثار کی دیوار ۱۰ گھنٹہ روز کام کرکے کتنے دِنوں میں بنا لینگے

(۱۷) ایک آدمی نے ۲۵۰۰ روپیہ لگاکر شروع سال میں بزازی کی دوکان کی ۴ مہینے بعد دوسرے آدمی نے اُسی دوکان میں ۴۰۰۰ روپیہ لگا دیا اگر سال کے آخر میں پہلے آدمی کو ۶۰۰ روپیہ نفع کا ملا تو دوسرے آدمی کو کتنا روپیہ نفع کا ملا

(۱۸) اگر ۵ مرد اور ۷ لڑکے ۲۵ بیگہہ کھیت ۱۵ دِن میں کاٹ سکتے ہیں تو کتنے دِنوں میں ۱۰ مرد اور ۳ لڑکے ۷۵ بیگہہ کھیت کو کاٹ سکیں گے جب مرد لڑکے سے تگنا کام کرتا ہے

(۱۹) ایک ٹھیکہ دار نے ایک دیوار کا ۳۶ دِن میں بنانے کا ٹھیکہ لیا اور ۱۵ آدمی جو ہر روز ۹ گھنٹہ کام کرتے ہیں اُس دیوار کے بنانے پر لگائے لیکن ۲۴ دِن کے بعد معلوم ہوا کہ دیوار کا $\frac{2}{5}$ حصہ تیار ہوا ہے تو بتاؤ کہ ۳ آدمی اور زیادہ کرکے سب سے کتنے گھنٹہ روز کام لے کہ دیوار وقت مقررہ میں تیار ہو جاوے

(۲۰) اگر ۴۴ آدمیوں نے ۴۰ گز لمبی اور ایک فٹ ۶ اِنچ چوڑی اور ۸ فیٹ گہری نیو ۱۰ گھنٹہ روزمرّہ کام کرکے ۳ دِن میں کھودی تو ۵ آدمی ۹ گھنٹہ روز کام کرکے ۱۵ دِن میں ۵ فیٹ گہری اور ۲ فیٹ ۳ اِنچ چوڑی نیو کتنی لمبی کھودیں گے

(۲۱) اگر ۵۰ آدمی ۸۰ گز لمبی اور ۱۶ گز اونچی اور ۴ فیٹ آثار کی دیوار ۴ دن میں بناتے ہیں تو ۱۰۰ آدمی اُس دیوار کو جس کی لمبائی اور چوڑائی اور جس کا آثار پہلی دیوار کی لمبائی اور چوڑائی اور آثار سے آدھا ہے کتنے دنوں میں بنائیں گے

(۲۲) اگر ۱ بیگہہ کھیت کا پٹہ ۱، روپیہ، آنہ کا ہے تو ۳۵ بیگہہ کھیت کا پٹہ کتنے کا ہونا چاہیے جس صورت میں پہلے کھیت کے ۶ بیگہہ میں اتنی پیداوار ہوتی ہے جتنی دوسرے کھیت کے ۷ بیگہہ میں ہوتی ہے

(۲۳) اگر ۳ گھوڑوں کو ۷ مہینے رکھنے میں ہمارا ۳۲۰ روپیہ ۴ آنہ خرچ ہوتا ہے تو بتاؤ کہ ۲ گھوڑوں کو ۱۱ مہینے رکھنے میں ہمارا کیا خرچ پڑے گا

(۲۴) اگر ۱۱، روپیہ ۳ آنہ ۱۵ آدمیوں کی ۲۵ دن کی مزدوری ہے تو ۳۵ روپیہ ۳۰ آدمیوں کی کتنے دن کی مزدوری ہوگی

(۲۵) اگر ایک لکڑی کا لٹھ جو ۱۶ فیٹ لمبا اور ۲½ فیٹ چوڑا اور ۴ انچ موٹا ہے وزن میں ۱۶ من ہے تو اُسی قسم کی لکڑی کے اُس لٹھ کی لمبائی بتاؤ جو ۳½ فیٹ چوڑا اور ۷½ انچ موٹا اور وزن میں ۲۵ من ۱۴ سیر ہے

عدد کی متناسب حصّوں میں تقسیم

۱۹۲۔ کسی عدد کی متناسب حصّوں میں تقسیم سے یہ مُراد ہے کہ اُس عدد کے ایسے حصّے کئے جاویں جو ایک دوسرے کے ساتھ وہی نسبت رکھیں جو اور دیئے ہوئے عددوں میں سے ایک دوسرے کے ساتھ رکھتا ہے

مثال ۱۔ ۱۶۰۰ روپیہ کو ا اور ب اور ج میں اس طرح بانٹو کہ اُن کے

حصّوں میں ترتیب وار وہی نسبت ہو جو ۷ و ۱۱ اور ۱۴ میں ہے۔

یونیٹری یعنی واحد کے طریقہ سے ہم اس سوال کو اس طرح حل کرتے ہیں

ٹکڑوں کا مجموعہ = ۷ + ۱۱ + ۱۴ = ۳۲

اِسلئے کُل رقم ۱۶۰۰ روپیہ کے ۳۲ برابر ٹکڑے کرنے چاہئیں جن میں سے ا کو ۷ اور ب کو ۱۱ ٹکڑے اور س کو ۱۴ ٹکڑے ملیں گے

چونکہ ۳۲ ٹکڑے = ۱۶۰۰ روپیہ

∴ ایک ٹکڑا = ۵۰ روپیہ

∴ ا کا حصّہ یعنی ۷ ٹکڑے = ۳۵۰ روپیہ

∴ ا و ب کا حصّہ یعنی ۱۱ ٹکڑے = ۵۵۰ روپیہ

اور س کا حصّہ یعنی ۱۴ ٹکڑے = ۷۰۰ روپیہ

اربعہ متناسبہ سے اِس سوال کو اس طرح حل کریں گے

چونکہ دیے ہوئے عددوں کا مجموعہ اُن میں سے ایک عدد کے ساتھ وہی نسبت رکھتا ہے جو کُل عدد جس کو تقسیم کرتا ہے اپنے اُس حصّہ کے ساتھ رکھتا ہے جو اُس عدد کے مطابق ہے جو تناسب میں دوسری رقم کی جگہ پر لکھا گیا ہے

∴ ۳۲ : ۷ :: ۱۶۰۰ روپیہ : ا کا حصّہ

اور ۳۲ : ۱۱ :: ۱۶۰۰ روپیہ : ب کا حصّہ

اور ۳۲ : ۱۴ :: ۱۶۰۰ روپیہ : س کا حصّہ

∴ ا کا حصّہ = $\frac{۱۶۰۰ \times ۷}{۳۲}$ روپیہ = ۳۵۰ روپیہ

اور ب کا حصّہ = $\frac{۱۶۰۰ \times ۱۱}{۳۲}$ روپیہ = ۵۵۰ روپیہ

اور س کا حصّہ = $\frac{۱۶۰۰ \times ۱۴}{۳۲}$ روپیہ = ۷۰۰ روپیہ

مثال ۲۔ ۱۰۶۵ روپیہ کو ا اور ب اور س میں اس طرح بانٹو کہ اُن کے حصّوں میں ترتیب وار وہی نسبت ہو جو $\frac{۱}{۳}$ و $\frac{۱}{۵}$ و $\frac{۱}{۷}$ میں ہے

چونکہ $\frac{۱}{۳} + \frac{۱}{۵} + \frac{۱}{۷} = \frac{۳۵ + ۲۱ + ۱۵}{۱۰۵} = \frac{۷۱}{۱۰۵}$

∴ $\frac{۷۱}{۱۰۵}$ ٹکڑے = ۱۰۶۵ روپیہ

∴ ۷۱ ٹکڑے = ۱۰۶۵ × ۱۰۵ روپیہ

∴ ایک ٹکڑا = $\frac{۱۰۶۵ \times ۱۰۵}{۷۱}$ روپیہ = ۱۵ × ۱۰۵ روپیہ = ۱۵۷۵ روپیہ

∴ $\frac{۱}{۳}$ ٹکڑا یعنی ا کا حصّہ = $\frac{۱۵۷۵}{۳}$ روپیہ = ۵۲۵ روپیہ

اور $\frac{۱}{۵}$ ٹکڑا یعنی ب کا حصّہ = $\frac{۱۵۷۵}{۵}$ روپیہ = ۳۱۵ روپیہ

اور $\frac{۱}{۷}$ ٹکڑا یعنی س کا حصّہ = $\frac{۱۵۷۵}{۷}$ روپیہ = ۲۲۵ روپیہ

مثال ۳۔ ... ۴۵ روپیہ کو موہن اور سوہن اور روہن اور رادھے میں اس طرح بانٹو کہ موہن کا حصّہ : سوہن کا حصّہ :: ۱ : ۲ اور سوہن کا حصّہ : روہن کا حصّہ :: ۳ : ۴ اور روہن کا حصّہ : رادھے کا حصّہ :: ۴ : ۵

چونکہ سوہن کا حصّہ = ۲ × موہن کا حصّہ اور ۳ × روہن کا حصّہ = ۴ × سوہن کا حصّہ اور ۴ × رادھے کا حصّہ = ۵ × روہن کا حصّہ

∴ روہن کا حصّہ = $\frac{۴}{۳}$ × سوہن کا حصہ = $\frac{۸}{۳}$ × موہن کا حصّہ

اور رادھے کا حصّہ = $\frac{۵}{۴}$ × روہن کا حصّہ = $\frac{۱۰}{۳}$ × موہن کا حصّہ

∴ موہن کا حصّہ + سوہن کا حصّہ + روہن کا حصّہ + رادھے کا حصّہ =

$(1+2+\frac{5}{3}+\frac{10}{3})$ × موہن کا حصّہ = ۹ × موہن کا حصّہ

∴ ۹ × موہن کا حصّہ = ۴۵۰۰۰ روپیہ

∴ موہن کا حصّہ = ۵۰۰۰ روپیہ اور سوہن کا حصّہ = ۱۰۰۰۰ روپیہ

اور روہن کا حصّہ = $\frac{۵۰۰۰۰ \times ۸}{۳}$ روپیہ = ۱۳۳۳۳ روپیہ ۵ آنہ ۴ پائی

اور رادھے حصّہ کا = $\frac{۱۰۰۰۰ \times ۵}{۳}$ روپیہ = ۱۶۶۶۶ روپیہ ۱۰ آنہ ۸ پائی

مثال ۴ - ہری ہر اور شیام لال اور گوپال نے مِلکر کچھ اسباب سوداگری کا منگایا ہری ہر نے ۱۲۸ روپیہ اور شیام لال نے ۱۷۶ روپیہ اور گوپال نے ۱۹۲ روپیہ لگائے کُل اسباب کے بیچنے پر ۲۷۹ روپیہ نفع ہوا بتاؤ کہ اُس نفع کو وہ تینوں کس طرح تقسیم کریں

چونکہ ۱۲۸ روپیہ + ۱۷۶ روپیہ + ۱۹۲ = ۴۹۶ روپیہ

∴ ۴۹۶ روپیہ پر ۲۷۹ روپیہ نفع ہوا

∴ ایک روپیہ پر $\frac{۲۷۹}{۴۹۶}$ یعنی $\frac{۹}{۱۶}$ روپیہ نفع ہوا

∴ ۱۲۸ روپیہ پر $\frac{۹ \times ۱۲۸}{۱۶}$ یعنی ۷۲ روپیہ نفع ہوا

اور ۱۷۶ روپیہ پر $\frac{۹ \times ۱۷۶}{۱۶}$ یعنی ۹۹ روپیہ نفع ہوا

اور ۱۹۲ روپیہ پر $\frac{۹ \times ۱۹۲}{۱۶}$ یعنی ۱۰۸ روپیہ نفع ہوا

∴ ہری ہر کو ۷۲ روپیہ اور شیام لال کو ۹۹ روپیہ اور گوپال کو ۱۰۸ روپیہ نفع کے ملیں گے

مثال ۵ - باروت ۷۵ حصّہ شورہ اور ۵ حصّہ کوئلہ اور ۱۰ حصہ گندھک سے بنتی ہے بتاؤ کہ ۳ من ۲۰ سیر باروت بنانے کے لئے کتنا شورہ اور کتنا کوئلہ اور

کتنی گندھک لینی چاہیئے

چونکہ ۵ + ۷ + ۱۵ + ۱۰ = ۱۰۰

اِسلئے ۱۰۰ حصہ ملکر ۲۰ من ۲۰ سیر یعنی ۱۴۰ سیر ہیں

اِسلئے ایک حصہ $\frac{۱۴۰}{۱۰۰}$ یعنی $\frac{۷}{۵}$ سیر ہیں

اسلئے ۵ حصے = $\frac{۵ \times ۷}{۵}$ سیر = ۱۰۵ سیر = ۲ من ۲۵ سیر

اور ۱۵ حصے = $\frac{۱۵ \times ۷}{۵}$ سیر = ۲۱ سیر

اور ۱۰ حصے = $\frac{۱۰ \times ۷}{۵}$ سیر = ۱۴ سیر

∴ شورہ ۲ من ۲۵ سیر اور کوئلہ ۲۱ سیر اور گندھک ۱۴ سیر لینی چاہیئے

مشق ۹۵

(۱) ۱۰۰۰۰ روپیہ کو ایسے تین حصوں میں تقسیم کرو جن میں ۳ و ۵ و ۷ کی نسبت ہو

(۲) ۱۱۰۰ روپیہ ۶ آنہ ۸ پائی کو ۴ آدمیوں میں اِس طرح بانٹو کہ اُن کے حصوں میں $\frac{۱}{۲}$ و $\frac{۱}{۳}$ و $\frac{۱}{۴}$ و $\frac{۱}{۵}$ کی نسبت ہو

(۳) ۳۷۰۰ روپیہ کے ایسے دو حصے کرو کہ ایک حصہ کی دوسرے حصہ کے ساتھ وہی نسبت ہو جو ۲۵۰۰ کی ۱۲۵۰ کے ساتھ ہے

(۴) ایک دیوالیہ کی جائداد کو جو ۱۰۰۰۰ روپیہ کی ہے اُسکے چار قرضخواہوں ا اور ب اور س اور د میں تقسیم کرو جب

ا کا لینا : ب کا لینا :: ۲ : ۳

اور ب کا لینا : س کا لینا :: ۴ : ۵

اور س کا لینا : د کا لینا :: ۶ : ۷

(۵) ا اور ب اور س نے ملکر سوداگری کی ا نے ۵۰۰ روپیہ اور ب نے ۶۵۰ روپیہ اور س نے ۷۰۰ روپیہ لگائے اور سال کے آخر میں ۵۵۵ روپیہ نفع کے آپس میں بانٹنے بتاؤ کہ ہر ایک کے حصہ میں کیا کیا آیا

(۶) توپ ایسی دھات کی ڈھلتی ہے جس میں ۱۰۰ حصے تانبا اور ۱۱ حصے ٹین ہوتا ہے بتاؤ کہ جس توپ کا وزن ۱۶ ہنڈریڈ ویٹ ۳ کوارٹر ۱۱ پونڈ ہے اُس میں کتنا تانبا اور کتنا ٹین ہے

(۷) ۳۰۰ روپیوں کو تین حصوں میں اِس طرح بانٹو کہ پہلے کا حصہ دوسرے کے حصہ کا دونا اور تیسرے کا حصہ پہلے اور دوسرے کے حصوں کے مجموعہ کا برابر ہوتا ہو

(۸) ا اور ب ملکر کپڑا بیچنے کے لئے منگاتے ہیں اور اُن کی پونجیوں میں وہی نسبت ہے جو ۳ اور ۵ میں ہے ۳ مہینے کے بعد ا نے اپنی پونجی کا دوتہائی نکال لیا اور ب نے اپنی پونجی کا تین چوتھائی نکال لیا بتاؤ کہ ۳۳۵ روپیوں کا جو سال بھر میں نفع ہوا آپس میں کس طرح تقسیم کریں

(۹) صاف پانی میں ۸۸۹ حصے آکسیجن اور ۱۱۱ حصے ہائیڈروجن ہوتی ہے تو ۱۰۰۰ اونس پانی میں کتنی آکسیجن اور کتنی ہائیڈروجن ہے

(۱۰) ۸ روپیہ ۸ آنہ میں ۲۰ سیر حلوا بتا ہے اُس حلوے میں جتنی شکر ہے اُتنا ہی میدہ اور اُتنا ہی گھی ہے جب میدہ اور شکر اور گھی کی قیمت میں ۳ ½ ۲ ۱۳ کی نسبت ہے تو کل لاگت میں سے ایک آنہ بابت حسن کا نکال کر بتاؤ کہ میدہ اور شکر اور گھی کتنے کتنے کا تھا

عدد اوسط نکالنا

۱۹۳۔ اکثر سوال اوسط نکالنے کے آتے ہیں اِسلئے ہم چند مثالیں نیچے حل کرینگے جنسے عدد اوسط کے معنی بخوبی سمجھ میں آجائیں گے

مثال ۱۔ ایک کنبہ کا خرچ جنوری کا ۸۵ روپیہ ۸ آنہ اور فروری کا ۸۱ روپیہ ۱۵ آنہ اور مارچ کا ۷۵ روپیہ ۲ آنہ اور اپریل کا ۹۱ روپیہ ۳ آنہ اور مئی کا ۸۴ روپیہ ۷ آنہ اور جون کا ۸۰ روپیہ ۵ آنہ ہی بتاؤ کہ اُس کنبہ کا ماہواری اوسط خرچ کیا ہی

مختلف مہینوں کے خرچوں کا مجموعہ = ۸۵ روپیہ ۸ آنہ + ۸۱ روپیہ ۱۵ آنہ + ۷۵ روپیہ ۲ آنہ + ۹۱ روپیہ ۳ آنہ + ۸۴ روپیہ ۷ آنہ + ۸۰ روپیہ ۵ آنہ = ۵۰۵ روپیہ ۸ آنہ

اب چونکہ ۵۰۵ روپیہ ۸ آنہ ۶ مہینوں کے خرچوں کی میزان ہی

اِسلئے ماہواری اوسط خرچ = $\frac{\text{۵۰۵ روپیہ ۸ آنہ}}{۶}$ = ۸۴ روپیہ ۴ آنہ

اگر اُس کنبہ میں ۸۴ روپیہ ۴ آنہ ہر مہینہ میں خرچ ہوتا تو ۶ مہینوں میں اُتنا ہی خرچ ہوتا جتنی ۶ مہینوں کے مختلف خرچوں کی میزان ہی اِسلئے ۸۴ روپیہ ۴ آنہ اوسط خرچ ماہواری ہی

مثال ۲۔ کسی مدرسہ کے مڈل کلاس میں ۲۵ لڑکے ہیں اُن میں ۵ لڑکوں کی عمر پندرہ پندرہ برس کی ہی اور ۸ لڑکوں کی اٹھارہ اٹھارہ برس کی اور ۳ لڑکوں کی بیس بیس برس کی اور ۶ لڑکوں کی چودہ چودہ برس اور ۲ لڑکوں کی پچیس پچیس برس کی اور ایک لڑکے کی بارہ برس کی بتاؤ کہ اُس کلاس کے لڑکوں کی عمروں کا اوسط کیا ہی

سب لڑکوں کی عمروں کا مجموعہ = (۱۵×۵ + ۱۸×۸ + ۲۰×۳ + ۱۴×۶ + ۲۵×۲ + ۱۲) برس

= (۷۵ + ۱۴۴ + ۶۰ + ۸۴ + ۵۰ + ۱۲) برس = ۴۲۵ برس

اب چونکہ اس کلاس میں ۲۵ لڑکے ہیں اسلئے اُن کی عمروں کی اوسط =

$\frac{۴۲۵}{۲۵}$ برس = ۱۷ برس

مثال ۳ - متھرا میں ۱۸۸۳ء ۵۵۳۲۷۵ من غلّہ اور ۱۸۸۴ء میں ۵۹۴۳۸۶ من غلّہ اور ۱۸۸۵ء میں ۶۶۵۴۶۰ من غلہ اور ۱۸۸۶ء میں ۵۱۶۷۲۱ من غلّہ اور ۱۸۸۷ء میں ۶۰۵۲۳۸ من غلّہ باہر سے آیا بتاؤ کہ بحساب اوسط کسقدر غلّہ سالانہ متھرا میں باہر سے آیا

جسقدر ۵ سال میں آیا = (۵۵۳۲۷۵ + ۵۹۴۳۸۶ + ۶۶۵۴۶۰ + ۵۱۶۷۲۱ + ۶۰۵۲۳۸) من = ۲۹۳۵۰۸۰ من

∴ سالانہ اوسط غلّہ کا جو متھرا میں آیا = $\frac{۲۹۳۵۰۸۰}{۵}$ من

= ۵۸۷۰۱۶ من

مثال ۴ - ایک حلقہ بندی مدرسہ میں سوموار کے دن ۲۵ لڑکے اور منگل کے دن ۳۰ لڑکے اور بدھ کے دن ۲۷ لڑکے اور برھسپت کے دن ۲۸ لڑکے اور شکر کے دن ۳۱ لڑکے اور سنیچر کے دن ۲۴ لڑکے حاضر تھے بتاؤ کہ ۶ دن کی اوسط حاضری یومیہ کیا تھی

۶ دن کی کل حاضری = (۲۵ + ۳۰ + ۲۷ + ۲۸ + ۳۱ + ۲۴) لڑکے

= ۱۶۵ لڑکے

∴ اوسط حاضری یومیہ = $\frac{۱۶۵}{۶}$ لڑکے = ۲۷۵ لڑکے

مشق ۹۶

(۱) ۱۴، ۲۶، ۹، ۱۸، ۱۳، ۲۴، ۲۷، ۴۶ کا اوسط نکالو

(۲) ۱۴½، ۲۶¾، ۱۷۰۵/۶، ۱۰۰۵½، ۲۸۶۲۵، ۳۳ کا اوسط نکالو

(۳) ۳ شہروں کی اوسط آبادی دریافت کرو جن میں سے ایک میں ۳۴۴۲۹ دوسرے میں ۴۶۳۳۸ اور تیسرے میں ۲۹۶۷۳ ہیں

(۴) ۱۸۸۲ء میں ۵۰۷ ملزم اور ۱۸۸۳ء میں ۴۷۵ ملزم اور ۱۸۸۴ء میں ۴۶۵ ملزم اور ۱۸۸۵ء میں ۴۷۱ ملزم آگرہ کے ضلع میں گرفتار ہوئے بتاؤ کہ بحساب اوسط کتنے ملزم سالانہ گرفتار ہوتے

(۵) ۱۸۸۳ء سے ۱۸۸۶ء تک ۳۳۳ مقدمے ایک سال اور ۳۴۲ دوسرے سال اور ۳۳۱ تیسرے سال میں عدالت فوجداری سے عدالت سشن کو سپرد ہوئے بتاؤ کہ سالانہ اوسط کیا کیا تھی

(۶) ا اور ب اور س کی عمروں کا اوسط ۱۴ برس ہے اور ب اور س اور د کی عمروں کا اوسط ۱۶ برس ہے بتاؤ کہ ا سے د کتنے برس بڑا ہے

(۷) بنارس میں ایک سال میں چنگی کا محصول ۱۶۲۵۱۶ روپیہ ۸ آنہ ۹ پائی اور دوسرے سال میں ۱۷۶۵۳۳ روپیہ ایک آنہ ۱۰ پائی اور تیسرے سال میں ۱۶۵۳۷۲ روپیہ ۵ آنہ ۸ پائی آیا تو سالانہ اوسط کیا ہوا

فیصدی

۱۹۴- جب ہم یہ کہتے ہیں کہ ایک کارندہ کو جسکے سپرد ایک گانوں کی تحصیل ہے ۳ فیصدی تحصیل پر کمیشن ملتا ہے تو اُس سے ہمارا یہ مطلب ہے کہ اگر وہ ۱۰۰ روپیہ

تحصیل کریگا تو اُس میں سے ۳ روپیہ اُس کا حق خدمت ہوگا جب ہم ذکر کرتے ہیں کہ کسی شہر کی آبادی پچھلی مردم شماری سے اب ۵ فیصدی بڑھ گئی ہے تو اُس سے ہماری یہ مُراد ہے کہ اگر شہر کی آبادی کے جو پچھلی مردم شماری کے وقت تھی اُسکے ایسے ایسے گروہ کئے جائیں جن میں سے ہر ایک میں ۱۰۰ باشندے ہوں اور اُس آبادی کے جو اَب ہے ایسے ایسے گروہ کئے جائیں جن میں سے ہر ایک میں ۱۰۵ باشندے ہوں تو دونوں صورتوں میں گروہوں کی تعداد یکساں ہوگی سب مثالیں فیصدی کی یونیٹری طریقہ یا تناسب سے حل ہوتی ہیں

مثال ۱۔ ایک سوداگر نے ۸۷۰ روپیہ کو ایک گھوڑا خریدکر ۲۹۰ روپیہ کے نفع سے بیچڈالا بتاؤ کہ اُسکو فیصدی کیا نفع ہوا

یونیٹری طریقہ سے

چونکہ ۸۷۰ روپیہ پر ۲۹۰ روپیہ نفع ہوا

∴ ایک روپیہ پر $\frac{۲۹۰}{۸۷۰}$ روپیہ یعنی $\frac{۱}{۳}$ روپیہ نفع ہوا

∴ ۱۰۰ روپیہ پر $\frac{۱۰۰}{۳}$ روپیہ یعنی ۳۳ روپیہ ۵ آنہ ۴ پائی نفع ہوا

تناسب سے

۸۷۰ روپیہ : ۱۰۰ روپیہ :: ۲۹۰ روپیہ : جواب مطلوب

∴ جواب مطلوب = $\frac{۲۹۰ \times ۱۰۰}{۸۷۰}$ روپیہ = $\frac{۱۰۰}{۳}$ روپیہ = ۳۳ روپیہ ۵ آنہ ۴ پائی

مثال ۲۔ کسی اسکول میں سال کے شروع میں ۱۲۵ لڑکے تھے اور سال کے آخر میں ۱۸۰ لڑکے ہوگئے بتاؤ کہ فیصدی کتنے لڑکے زیادہ ہوئے

چونکہ ۱۲۵ پر ۵۵ زیادہ ہوئے

∴ ایک پر $\frac{55}{125}$ یعنی $\frac{11}{25}$ زیادہ ہوئے

∴ ۱۰۰ پر $\frac{11 \times 100}{25}$ یعنی ۴۴ زیادہ ہوئے

∴ فیصدی ۴۴ لڑکے زیادہ ہوئے

مثال ۳ - کسی مدرسہ کی تعداد اوسط طلبا، یومیہ مندرجہ رجسٹر ۳۳۵٫۵ ہے اور اوسط حاضری یومیہ ۳۰۱٫۹۵ ہے اُس مدرسہ کی فیصدی حاضری نکالو

چونکہ ۳۳۵٫۵ میں سے ۳۰۱٫۹۵ حاضر ہیں

∴ ایک میں سے $\frac{301.95}{335.5}$ حاضر ہیں

∴ ۱۰۰ میں سے $\frac{301.95 \times 100}{335.5}$ یعنی ۹۰ حاضر ہیں

∴ فیصدی حاضری ۹۰ ہے

مثال ۴ ۳ فیصدی کے حساب سے ایک دلّال کو ۱۹۲۵ روپیہ پر کیا ملیگا

چونکہ ۱۰۰ روپیہ پر ۳ روپیہ ملتا ہے

∴ ایک روپیہ پر $\frac{3}{100}$ روپیہ ملتا ہے

∴ ۱۹۲۵ روپیہ پر $\frac{3 \times 1925}{100}$ روپیہ یعنی ۵۷ روپیہ ۱۲ آنہ ملیگا

۱۹۵ - جب فیصدی کے حساب سے نقدی کی رقموں پر جواب نکالنا ہو تو طالبعلم کو نیچے لکھی ہوئی باتیں یاد رکھنا ضرور ہے

(۱) ۵ فیصدی ہر ایک پونڈ کے لئے ایک شلنگ ہے

(۲) ۱۰ فیصدی ہر ایک پونڈ کے لئے ۲ شلنگ ہے

(۳) ۶$\frac{1}{4}$ فیصدی ہر ایک روپیہ کے لئے ایک آنہ ہے

(۴) ۱۰ فیصدی کے حساب سے کسی پوری تعداد پونڈ پر جواب اِس طریقہ سے بہت جلد نکل سکتا ہے کہ پونڈ کی تعداد کے داہنی طرف کے اوّل ہندسہ کو نکال ڈالو باقی ہندسوں سے جو عدد بنے گا اُتنے پونڈ اور جو ہندسہ نکالا ہے اُس کے دُونے شلنگ جواب ہوں گے مثلاً ۱۰ فیصدی ۴۵۹ پونڈ پر ۴۵ پونڈ ۸ شلنگ ہے

مشق ۹۷

(۱) ۱۶ کا ۷ کیا فیصدی اور ۴۵ کا ۹ کیا فیصدی اور ۳۸ کا ۴ ¾ کیا فیصدی ہے

(۲) ایک مدرسہ میں ۳۴۸ لڑکے ہیں اُن میں سے ۷۸ مسلمان اور ۱۶ عیسائی اور باقی ہندو ہیں بتاؤ کہ مسلمان اور عیسائی اور ہندو کیا کیا فی صدی ہے

(۳) ایک رجمنٹ کے ۵۰۷ سپاہیوں میں سے ۲۶ فیصدی اسپتال میں ہیں اور ۳۲ فیصدی ایک قلعہ کی حفاظت کر رہے ہیں اور باقی کمپ میں ہیں بتاؤ کہ اسپتال میں کتنے سپاہی ہیں اور قلعہ کی حفاظت کتنے سپاہی کر رہے ہیں اور کمپ میں کتنے سپاہی ہیں

(۴) ایک شہر میں جس کی آبادی ۴۳۲۰۰ ہے ۳ فیصدی آدمی ہیضہ کی بیماری سے مرگئے بتاؤ کہ کتنے آدمی مرے

(۵) ایک بنیہ جب چیز تولکر بیچتا ہے تو سیر کے باٹ کی جگہہ آدھی چھٹانک کم سیر کا باٹ استعمال کرتا ہے بتاؤ کہ اِس فریب سے وہ کیا فیصدی نفع اُٹھاتا ہے

(۶) ایک بنیہ کے پاس دو قسم کے باٹ ہیں ایک قسم کے باٹ اصل باٹ سے ۵ فیصدی وزن میں زیادہ ہیں اور دوسری قسم کے باٹ ۵ فیصدی کم ہیں

جب وہ بیوپاری سے کوئی چیز لیتا ہے تو دغابازی کرکے پہلی قسم کے باٹوں سے لیتا ہے اور جب کسی کے ہاتھ بیچتا ہے تو دوسری قسم کے باٹوں سے تول دیتا ہے بتاؤ کہ وہ اس فریب سے لاگت پر کیا فیصدی نفع اٹھاتا ہے

(۷) اوسط تعداد قیدیوں کی ایک سال کی ممالک مغربی وشمالی کے جیلخانوں میں ۲۶۴۱۴۰۲ ہے اور اسی سال ۲۸۷۵ قیدی مرے بتاؤ کہ اس سال کیا فیصدی قیدی مرے

(۸) ۱۸۸۴ء میں پولیس سے ۲۳۲۵ ملزموں کا عدالت فوجداری کو چالان ہوا اس میں ۹۳۲ ملزم رہا ہوئے بتاؤ کہ فیصدی کتنے ملزم رہا ہوئے

(۹) ۲۸۶۵۶ روپیہ میں سے جو کسی کوٹھی میں لگا ہوا ہے ۱۶۴۷ روپیہ سندرلال کا ہے بتاؤ کہ کل نفع یا نقصان میں سندرلال کیا فیصدی کا مستحق یا ذمہ دار ہے

(۱۰) اس سال میں عورت و مرد مجرموں کی تعدادوں کے مجموعہ میں ۱۸ فیصدی کی اس طرح زیادتی ہوئی کہ صرف مرد مجرموں کی تعداد میں ۶٫۴ فیصدی کی کمی اور صرف عورت مجرموں کی تعداد میں ۸٫۹ فی صدی کی بیشی ہوئی بتاؤ کہ مرد مجرموں کی تعداد کو عورت مجرموں کی تعداد سے کیا نسبت ہے

(۱۱) ۲۰۹۲ پونڈ پر ۵ فیصدی دلالی اور ۲۵۴۳ پونڈ پر ۱۰ فیصدی دلالی اور ۱۲۳۵۵ روپیہ پر ۶½ فیصدی دلالی کا کیا کیا ہوگا

(۱۲) ایسٹ انڈیا ریلوے کے حصہ کی قیمت ۱۲۵ روپیہ ہے اور ہر حصہ پر ۷ روپیہ ۸ آنہ فائدہ کا ملتا ہے تو بتاؤ کہ فائدہ کیا فیصدی تقسیم ہوتا ہے

نفع اور نقصان

۱۹۶- یہ سب کو معلوم ہے کہ کسی چیز کی قیمت خرید اور قیمت فروخت کا فرق اُس صورت میں فائدہ یا نفع کہلاتا ہے جب قیمت فروخت قیمت خرید سے زیادہ ہے اور اُس صورت میں نقصان کہلاتا ہے جب قیمت فروخت قیمت خرید سے کم ہے

کل مثالیں نفع اور نقصان کی واحد کے طریقہ یا تناسب سے حل ہو سکتی ہیں

مثال ۱- اگر کسی چیز کو جو ہم نے ۵ آنہ ۴ پائی کو خریدی تھی ہم ۸ آنہ کو بیچیں تو فیصدی لاگت پر ہمیں کیا نفع ہوگا

چونکہ ۸ آنہ - ۵ آنہ ۴ پائی = ۲ آنہ ۸ پائی

∴ ۵ آنہ ۴ پائی کی لاگت پر ہمارا نفع ۲ آنہ ۸ پائی ہوگا

∴ ۶۴ پائی کی لاگت پر ہمارا نفع ۳۲ پائی ہوگا

∴ ایک پائی کی لاگت پر ہمارا نفع $\frac{1}{2}$ پائی ہوگا

∴ ۱۰۰ پائی کی لاگت پر ہمارا نفع ۵۰ پائی ہوگا

∴ نفع ۵۰ فی صدی لاگت پر ہوگا

مثال ۲- اگر کسی چیز کو جو ہم نے ۸ آنہ کو خریدی تھی ۵ آنہ ۴ پائی کو بیچ ڈالا بتاؤ کہ ہمیں فی صدی لاگت پر کیا نقصان ہوا

چونکہ ۸ آنہ - ۵ آنہ ۴ پائی = ۲ آنہ ۸ پائی

∴ ۸ آنہ کی لاگت پر ۲ آنہ ۸ پائی نقصان ہوا

∴ ۹۶ پائی کی لاگت پر ۳۲ پائی نقصان ہوا

∴ ایک پائی کی لاگت پر $\frac{32}{96}$ یعنی $\frac{1}{3}$ پائی نقصان ہوا

∴ ۱۰۰ پائی کی لاگت پر ۳۳⅓ یعنی ۳۳ ⅓ پائی نقصان ہوا

∴ لاگت پر ۳۳ ⅓ فیصدی نقصان ہوا

مثال ۳- اگر ایک حلوائی اپنی مٹھائی ۶ آنہ ۴ پائی سیر بیچتا ہے تو اُسے لاگت پر ۵ فیصدی نقصان ہوتا ہے تو بتاؤ کہ وہ اپنی مٹھائی کس بھاؤ سے بیچے کہ اُسے لاگت پر ۵ فیصدی نفع ہو

چونکہ جتنی مٹھائی حلوائی نے ۹۵ پائی کو بیچی اُس میں لاگت ۱۰۰ پائی تھی

∴ جتنی مٹھائی حلوائی نے ایک پائی کو بیچی اُس میں لاگت $\frac{100}{95}$ یعنی $\frac{20}{19}$ پائی تھی

∴ ایک سیر مٹھائی جو حلوائی نے ۶۷ پائی کو بیچی اُس میں لاگت $\frac{20}{19} \times 67$ یعنی ۸۰ پائی تھی

اب ایک سیر مٹھائی کی اصل لاگت ۸۰ پائی دریافت کرکے اِسطرح عمل کرتے ہیں

چونکہ ۵ فیصدی لاگت پر نفع پیدا کرنے کے لئے

جتنی مٹھائی کی لاگت ۱۰۰ پائی ہے اُسکو ۱۰۵ پائی کو بیچنا چاہئے

∴ جتنی مٹھائی کی لاگت ۱ پائی ہے اُسکو $\frac{105}{100}$ یعنی $\frac{21}{20}$ پائی کو بیچنا چاہئے

∴ ایک سیر مٹھائی کو جس کی لاگت ۸۰ پائی ہے $\frac{21}{20} \times 80$ پائی یعنی ۶ آنہ ۴ پائی کو بیچنا چاہئے

مثال ۴- ۱۵ سیر کشمش ۵ آنہ سیر کی اور ۴ سیر مغز بادام ایک روپیہ ۸ آنہ سیر کے اور ۵ سیر مغز پستہ ۱۱ آنہ سیر کے مِلا کر ایک پنساری اُس مرکب کو ۱۰ آنہ ۶ پائی سیر بیچتا ہے بتاؤ کہ اُسے کیا فیصدی لاگت پر نفع ہوتا ہے

چونکہ مرکب کا وزن = (۱۵+۴+۵) سیر = ۲۴ سیر
اور کل مرکب کی لاگت = (۵۷+۹۶+۵۵) آنہ = ۲۲۶ آنہ

∴ ایک سیر مرکب کی لاگت = $\frac{۲۲۶}{۲۴}$ آنہ = $\frac{۱۱۳}{۱۲}$ آنہ = ۹ آنہ ۵ پائی

پھر چونکہ قیمت فروخت فی سیر اور لاگت فی سیر کا فرق = ۱۰ آنہ ۶ پائی - ۹ آنہ ۵ پائی = ۱۳ پائی

∴ (۹ آنہ ۵ پائی) یعنی ۱۱۳ پائی لاگت پر ۱۳ پائی نفع ہوتا ہے

∴ ایک پائی لاگت پر $\frac{۱۳}{۱۱۳}$ پائی نفع ہوتا ہے

∴ ۱۰۰ پائی لاگت پر $\frac{۱۳۰۰}{۱۱۳}$ یعنی ۱۱ $\frac{۵۷}{۱۱۳}$ پائی نفع ہوتا ہے

∴ ۱۱ $\frac{۵۷}{۱۱۳}$ فیصدی لاگت پر نفع ہوتا ہے

مثال ۵ - ایک تکھیا ۸ $\frac{۱}{۲}$ آنہ سیر والی ۴ سیر تماکو میں ۴ آنہ سیر والی کتنی تماکو ملا دے کہ دونوں قسم کی تماکو ملی ہوئی کو، آنہ سیر بیچکر ۴۰ فیصدی لاگت پر نفع اٹھاوے

چونکہ تکھیا ۴۰ فیصدی نفع اٹھانا چاہتا ہے

∴ وہ ۱۴۰ آنہ کو اتنی تماکو بیچے گا جس میں ۱۰۰ آنہ لاگت بیٹھتی ہے

∴ ایک آنہ کو اتنی تماکو بیچے گا جس میں $\frac{۱۰۰}{۱۴۰}$ یعنی $\frac{۵}{۷}$ آنہ لاگت بیٹھتی ہے

∴ ۷ آنہ کو اتنی تماکو بیچے گا جس میں ۵ آنہ لاگت بیٹھتی ہے

لیکن ۷ آنہ کو وہ ایک سیر ملا ہوا تماکو بیچنا چاہتا ہے

∴ ایک سیر ملے ہوئے تماکو کی لاگت ۵ آنہ ہونی چاہئے

اب چونکہ ایک سیر عمدہ قسم کی تماکو کی قیمت ۸ $\frac{۱}{۲}$ آنہ یعنی ایک سیر ملے ہوئے تماکو کی قیمت لاگت سے ۳ $\frac{۱}{۲}$ آنہ زیادہ ہے اور ایک سیر دوسری قسم کے تماکو کی

قیمت ۴ آنہ یعنی ایک سیر ملے ہوئے تمباکو کی قیمت لاگت سے ایک آنہ کم ہے
∴ ایک سیر عمدہ تمباکو میں اُسے $\frac{۳}{۱}$ یعنی ۳ سیر دوسری قسم کا تمباکو ملانا چاہیئے
∴ ۸ سیر والی ۴ سیر تمباکو میں (۳ × ۴) یعنی ۱۲ سیر تمباکو ۴ آنہ سیر والی ملانی چاہیئے

مشق ۹۰

(۱) اگر ہم نے ۵ آنہ لاگت کی چیز ۶ آنہ ۳ پائی کو بیچی تو ہمیں کیا فیصدی نفع ہوا
(۲) اگر ہم نے ۶ آنہ ۳ پائی لاگت کی چیز ۵ آنہ کو بیچ ڈالی تو ہمیں کیا فیصدی نقصان ہوا
(۳) ۳۷۵ من گیہوں ایک بنیئے نے ۶۱۲ روپیہ ۸ آنہ کو بیچکر ۲ فیصدی نفع اُٹھایا بتاؤ کہ گیہوں فی من کس بھاؤ سے خریدا تھا
(۴) اگر ۱۱ روپیہ ۱۱ آنہ ۴ پائی فی من کے حساب سے شکر بیچنے میں ہمیں ۵ فیصدی نقصان ہوتا ہے تو بتاؤ کہ ہم فی من کس بھاؤ سے شکر بیچیں تاکہ ۵ فیصدی نفع ہو
(۵) ہم نے اپنا اسباب ۱۳۶ پونڈ کو بیچکر ۱۶ فیصدی نقصان اُٹھایا بتاؤ کہ اگر ہم اُس اسباب کو ۱۶۰ گنی کو بیچتے تو کیا فیصدی نفع یا نقصان اُٹھاتے
(۶) ایک ٹوپی فروش روپیہ کی ۱۶ ٹوپی درزی سے خرید کر کے ایک آنہ ۴ پائی فی ٹوپی کے حساب سے بیچکر کیا فیصدی نفع اُٹھاویگا
(۷) ایک سوداگر نے اپنی چیزوں کی قیمت لاگت سے ۲۰ فیصدی زیادہ رکھی ہے لیکن خریداروں کو اُس قیمت پر جو اُس نے رکھی ہے ۱۰ فیصدی مجرا دیتا ہے بتاؤ کہ فیصدی کس نفع سے وہ اپنے مال کو بیچتا ہے

(۸) ایک کتب فروش نے اپنی کتابوں کی قیمت لاگت سے ۲۵ فیصدی زیادہ اپنی فہرست میں درج کی ہے لیکن خریداروں کو جو قیمت درج کی ہے اُس پر ۱۲ فیصدی مجرا دیتا ہے بتاؤ کہ فیصدی کس نفع سے وہ اپنی کتابیں بیچتا ہے

(۹) ایک سوداگر نے ۲۳۲ روپیہ ۱۱ آنہ ۴ پائی کو کچھ اسباب خرید کر ۲۲۱ روپیہ ایک آنہ ۲ پائی کو بیچڈالا بتاؤ کہ اُسے فیصدی کیا نقصان ہوا

(۱۰) ایک آدمی نے فصل پر ۳۱۵ روپیہ ۲ آنہ کے گیہوں خریدے تھوڑے دِنوں کے بعد گیہوں کا بھاؤ سستا ہوگیا اور اُس نے جو گیہوں خریدے تھے اُن کو ۱۱۷ روپیہ ۱۴ آنہ ۶ پائی کو بیچڈالا بتاؤ کہ فیصدی اُسے کیا نقصان ہوا

(۱۱) ایک آدمی نے ۲۴۰ پونڈ فی ہنڈریڈویٹ کے حساب سے کچھ چیز خرید کر ۲ ٹن ۱۴ ہنڈریڈویٹ ۳ کوارٹر دوسرے آدمی کے ہاتھ ۵۰۰ پونڈ کو بیچڈالی بتاؤ کہ اُسے لاگت پر فیصدی کیا نفع یا نقصان ہوا

(۱۲) ایک موضع کو ہم نے ۱۰۳۱۴ روپیہ کو بیچکر ۵ فیصدی نفع اُٹھایا اگر ہم اُس موضع کو ۱۰۵۰۵ روپیہ کو بیچتے تو کیا فیصدی نفع ہوتا

(۱۳) جتنا فیصدی نفع ایک سوداگر کو اپنا گھوڑا ۸۱۰ روپیہ کو بیچنے میں ہوتا ہے اُس سے ۳ فیصدی زیادہ نفع اُس گھوڑے کو ۸۳۲ روپیہ ۸ آنہ کو بیچنے میں ہوتا تو بتاؤ کہ گھوڑے کی قیمت لاگت کیا ہے

(۱۴) ایک پنساری ۲ آنہ ۶ ½ پائی سیر والی ۱۲ سیر سولف میں ۳ آنہ ۲ ½ پائی سیر والی ۴ سیر سولف مِلا کر کس بھاؤ سے بیچے کہ اُسکو ۳۳ ½ فیصدی نفع ہو

(۱۵) ایک بنیہ ۶ آنہ ۶ پائی سیر والی ۴ سیر شکر میں ۵ آنہ ۳ پائی سیر والی کتنی شکر

ملاتا ہی کہ مجموعہ کو ۷ آنہ ۱۰ پائی سیر کے حساب سے بیچکر ۳۳ ½ فیصدی لاگت پر نفع اٹھاتا ہی

(۱۶) ایک بنیہ ۹ روپیہ من والی ۸۰ من اور ۷ روپیہ ۸ آنہ من والی ۱۸۰ من شکر خریدکر دونوں کو ملا دیتا ہی بتاؤ کہ مجموعہ کو وہ کس بھاؤ سے بیچے کہ اُسکو ۸ ½ فیصدی لاگت پر نفع ہو

(۱۷) ایک پنساری ۳ آنہ ایک پائی سیر والی ۳ سیر مرچ میں ۲ آنہ ۹ پائی سیر والی ایک سیر مرچ ملاکر مجموعہ کو ۴ آنہ سیر کے حساب سے بیچتا ہی بتاؤ کہ اُسے فیصدی کیا نفع ہوا

(۱۸) ایک بزاز نے ۲۳۶ گز مخمل ۳۰ روپیہ ۱۵ آنہ گز کے حساب سے خریدکر اُس میں سے ایک چوتھائی ۵ روپیہ ۲ آنہ گز اور ایک تہائی ۴ روپیہ ۴ آنہ گز اور باقی ۳ روپیہ ۸ آنہ گز کے حساب سے بیچا پھر بتاؤ کہ اُسے کل لاگت پر کیا فیصدی نفع یا نقصان ہوا

(۱۹) ایک آدمی ۴ من کوئی چیز ۱۵۰ روپیہ کو خریدتا ہی اور اُسکو ایسے بھاؤ سے بیچنا چاہتا ہی کہ جس سے اُسے ۱۲ فیصدی نفع ہو لیکن کسی سبب سے اُس میں سے اتنی چیز جسکی قیمت اُس بھاؤ سے ۱۰ روپیہ ۸ آنہ ہی نکمی ہوگئی بتاؤ کہ باقی چیز کو وہ اب کس بھاؤ سے بیچے کہ لاگت پر اُسے اُتنا ہی نفع ہو جتنا اُس نے چاہا تھا

(۲۰) ایک کاغذی نے ۵۰ ریم کاغذ خریدے جسکو اگر وہ ۱۱ روپیہ ۴ آنہ ریم بیچتا ہی تو اُسے ۸ فیصدی نفع ہوتا لیکن اُس کاغذ میں سے ۵ ریم نکمے اور پھٹے ہوتے نکل گئے بتاؤ کہ باقی کاغذ کو اُسی بھاؤ سے بیچنے میں اُسے فیصدی کیا نفع یا نقصان ہوگا

(۲۱) ایک بنیہ نے ۹۰ من چاول خریدکر اُن میں سے ۲۰ من ۸ فیصدی کے نفع سے اور ۳۰ من ۱۲ فیصدی کے نفع سے بیچے اگر وہ کل چاول ۱۰ فیصدی کے نفع سے بیچتا تو جتنا نفع اُسے ہوا ہی اُس سے ۳ روپیہ ۶ آنہ ۳ پائی زیادہ ملتے بتاؤ کہ اُس نے چاول

کس بھاؤ سے خریدے تھے

(۲۲) جو چیز ہم نے ۳۹ روپیہ ۹ آنہ ۴ پائی کو خریدی تھی اُسکو ایسی قیمت پر بیچا کہ قیمت فروخت کا ۵ ۵/۹ فیصدی نقصان ہوا اور دوسری چیز جو ہم نے ۵۰ روپیہ کو خریدی تھی ایسی قیمت پر بیچی کہ قیمت فروخت کا ۳۱ ۳/۴ فیصدی نفع ہوا بتاؤ کہ کل لاگت پر ہمیں کیا فیصدی نفع ہوا

حساب شراکت

۱۹۷- جس طریقہ سے ہم یہ دریافت کرتے ہیں کہ دو یا زیادہ آدمی جنہوں نے اپنا اپنا روپیہ ملاکر کسی تجارت میں لگایا ہے اُن میں سے ہر ایک کس کس حصہ نفع یا نقصان کا جو اُس تجارت میں ہو مستحق یا ذمہ دار ہے اُسکو حساب شراکت کہتے ہیں

اِسی طریقہ سے ہم دیوالیہ کی جائداد کو بھی اُسکے لینداروں میں تقسیم کرتے ہیں

شراکت کی دو قسمیں ہیں ایک شراکت متساوی الزمان اور دوسری شراکت مختلف الزمان

شراکت متساوی الزمان

۱۹۸- شراکت متساوی الزمان میں سب آدمیوں کا جو کسی تجارت میں شریک ہیں روپیہ برابر زمانہ تک اُس تجارت میں لگا رہتا ہے شراکت متساوی الزمان کی مثالیں اُسی طور سے حل ہو سکتی ہیں جیسے مثالیں ہم نے دفعہ ۱۹۲ میں حل کی ہیں

مثال ۱- موہن اور سوہن ملکر تجارت کرتے ہیں موہن ۲۴۰۰ روپیہ اور سوہن

۳۶۰۰ روپیہ لگاتا ہے اُس تجارت میں ۸۰۰ روپیہ نفع ہوا بتاؤ کہ اِس نفع کو موہن اور سوہن آپس میں کس طرح تقسیم کریں

کُل روپیہ جو تجارت میں لگا ہے = (۲۴۰۰ + ۳۶۰۰) روپیہ = ۶۰۰۰ روپیہ

اب چونکہ ۶۰۰۰ روپیہ پر نفع ۸۰۰ روپیہ ہے

∴ ایک روپیہ پر نفع $\frac{800}{6000}$ یعنی $\frac{2}{15}$ روپیہ ہے

∴ ۲۴۰۰ روپیہ پر نفع $\frac{2400 \times 2}{15}$ یعنی ۳۲۰ روپیہ ہے

اور ۳۶۰۰ روپیہ پر نفع $\frac{3600 \times 2}{15}$ یعنی ۴۸۰ روپیہ ہے

∴ موہن کا حصّہ ۳۲۰ روپیہ اور سوہن کا حصّہ ۴۸۰ روپیہ ہے

تناسب سے

چونکہ ۶۰۰۰ روپیہ : ۲۴۰۰ روپیہ :: ۸۰۰ روپیہ : نفع میں موہن کا حصّہ

اور ۶۰۰۰ روپیہ : ۳۶۰۰ روپیہ :: ۸۰۰ روپیہ : نفع میں سوہن کا حصّہ

∴ موہن کا حصّہ = $\frac{800 \times 2400}{6000}$ روپیہ = ۳۲۰ روپیہ

اور سوہن کا حصّہ = $\frac{800 \times 3600}{6000}$ روپیہ = ۴۸۰ روپیہ

جب موہن کا حصّہ نفع کا معلوم ہوگیا تو سوہن کا حصّہ نفع کا کُل نفع میں سے موہن کا حصّہ نفع کا گھٹا کر اِس طرح دریافت کر سکتے ہیں

سوہن کا حصّہ نفع کا = ۸۰۰ روپیہ − ۳۲۰ روپیہ = ۴۸۰ روپیہ

مثال ۲۔ ایک دیوالیہ پر رامو کا ۱۷۵۰ روپیہ اور لچھمن کا ۲۱۰۰ روپیہ اور مہادیو کا ۲۶۵۰ روپیہ لینا ہے اور دیوالیہ کے پاس کُل مال اور اسباب ۴۲۲۵ روپیہ کی قیمت کا ہے بتاؤ کہ ہر ایک لینداد کو کتنا کتنا روپیہ ملنا چاہیئے

کل قرضہ = ۱۷۵۰ روپیہ + ۲۱۰۰ روپیہ + ۲۶۵۰ روپیہ = ۶۵۰۰ روپیہ

اب چونکہ ۶۵۰۰ روپیہ : ۱۷۵۰ روپیہ :: ۴۲۲۵ روپیہ : رامو کا حصّہ مال کی قیمت میں

اور ۶۵۰۰ روپیہ : ۲۱۰۰ روپیہ :: ۴۲۲۵ روپیہ : لچھمن کا حصہ مال کی قیمت میں

اور ۶۵۰۰ روپیہ : ۲۶۵۰ روپیہ :: ۴۲۲۵ روپیہ : مہادیو کا حصّہ مال کی قیمت میں

∴ رامو کا حصّہ = $\frac{۴۲۲۵ \times ۱۷۵۰}{۶۵۰۰}$ روپیہ = ۱۱۳۷ روپیہ ۸ آنہ

اور لچھمن کا حصّہ = $\frac{۴۲۲۵ \times ۲۱۰۰}{۶۵۰۰}$ روپیہ = ۱۳۶۵ روپیہ

اور مہادیو کا حصّہ = $\frac{۴۲۲۵ \times ۲۶۵۰}{۶۵۰۰}$ روپیہ = ۱۷۲۲ روپیہ ۸ آنہ

شراکت مختلف الزمان

۱۹۹ - شراکت مختلف الزمان سے یہ مُراد ہے کہ آدمیوں کا جو کسی تجارت میں شریک ہیں روپیہ مختلف زمانوں تک اُس تجارت میں لگا ہو شراکت مختلف الزمان کی مثالوں کے حل کرنے کا یہ قاعدہ ہے

قاعدہ - ہر ایک آدمی کی پونجی کو ایک ہی درجہ کی طرف تحویل کرکے اور ہر ایک وقت کو ایک ہی درجہ کی صورت میں لاکر ہر ایک کی پونجی کو جتنی مدّت وہ تجارت میں لگی ہے اُس سے ضرب دو پھر اُن حاصل ضربوں کو مختلف پونجیاں خیال کرکے اُن دو طریقوں میں سے جو ہم نے دفعہ ۱۹۸ میں شراکت متساوی الزمان کے لئے بیان کئے ہیں کسی ایک طریقہ سے جواب نکالو

مثال ۱ - مچھن اور کیول کسی تجارت میں شریک ہوئے مچھن کا ۳۰۰ روپیہ ۹ مہینے تک اور کیول کا ۴۰۰ روپیہ ۶ مہینے تک لگا رہا اُس تجارت میں ۱۱۵۰ روپیہ نفع ہوا بتاؤ کہ اس نفع میں سے مچھن اور کیول کتنا کتنا روپیہ لیں

۳۰۰ روپیہ ۹ مہینے لگا رہنے سے وہی نفع پیدا کر سکتا ہے جو (۳۰۰ × ۹) یعنی ۲۷۰۰ روپیہ ایک مہینے لگا رہنے سے پیدا کر سکتا ہے اور اسی طرح ۴۰۰ روپیہ ۶ مہینے لگا رہنے سے اُسیقدر نفع حاصل ہو سکتا ہے جتنا نفع (۴۰۰ × ۶) یعنی ۲۴۰۰ روپیہ ایک مہینہ لگا رہنے سے حاصل ہوتا ہے اسلئے اب فرض کرو کہ مچھن نے ۲۷۰۰ روپیہ اور کیول نے ۲۴۰۰ اُس تجارت میں ایک ہی مدّت تک لگایا اور پھر شرکت متساوی الزمان کے طریقہ سے اِسطرح حل کرو

چونکہ ۲۷۰۰ روپیہ + ۲۴۰۰ روپیہ = ۵۱۰۰ روپیہ

∴ ۵۱۰۰ روپیہ : ۲۷۰۰ روپیہ :: ۱۱۵۰ روپیہ : نفع میں مچھن کا حصّہ

∴ مچھن کا حصّہ $= \frac{۲۷۰۰ \times ۱۱۵۰}{۵۱۰۰}$ روپیہ $= (۱۵ \times ۵۰)$ روپیہ $= ۷۵۰$ روپیہ

∴ کیول کا حصّہ = ۱۱۵۰ روپیہ − ۷۵۰ روپیہ = ۴۰۰ روپیہ

مثال ۲ - ا اور ب اور س نے مِلکر ایک کھادر کی گھاس ۱۱۳ روپیہ کو مول لی اُنے اپنے ۷۰ بیل ۶ مہینے اور ب نے اپنے ۴۰ بیل ۹ مہینے اور س نے اپنے ۵۰ بیل ۷ مہینے اُس میں چرائے بتاؤ کہ ہر ایک کو کیا کیا دینا چاہیئے

۷۰ بیل ۶ مہینوں میں اُتنی گھاس چرتے ہیں جتنی (۷۰ × ۶) یعنی ۴۲۰ بیل ایک مہینہ میں اور ۴۰ بیل ۹ مہینوں میں اُتنی گھاس چرتے ہیں جتنی (۴۰ × ۹) یعنی ۳۶۰ بیل ایک مہینہ میں اور ۵۰ بیل ۷ مہینوں میں اُتنی گھاس چرتے ہیں جتنی (۵۰ × ۷) یعنی ۳۵۰ بیل ایک مہینہ میں چرتے ہیں

∴ (۴۲۰ + ۳۶۰ + ۳۵۰) یعنی ۱۱۳۰ بیل کی چرائی کا خرچ ۱۱۳ روپیہ ہے

∴ ایک بیل کی چرائی کا خرچ $\frac{۱۱۳}{۱۱۳۰}$ یعنی $\frac{۱}{۱۰}$ روپیہ ہے

∴ ۴۲۰ بیل کی چرائی کا خرچ ۴۲ روپیہ ہے

اور ۳۶۰ بیل کی چرائی کا خرچ ۳۶ روپیہ ہے

اور ۳۵۰ بیل کی چرائی کا خرچ ۳۵ روپیہ ہے

∴ اکو ۴۲ روپیہ اور ب کو ۳۶ روپیہ اور س کو ۳۵ روپیہ دینا چاہئے

مثال ۳ - ایک ہوٹل میں ۲۰ مرد اور ۳۰ عورتیں اور اُن کے ۱۵ نوکر ٹھیرے ہوٹل والے نے جتنا ہر ایک نوکر کا لیا اُس سے تگنا ہر ایک عورت کا لیا اور پچگنا ہر ایک مرد کا لیا اگر ہوٹل والے کا بل ۴۱۰ روپیہ کا ہے تو بتاؤ کہ ہر ایک مرد اور ہر ایک عورت اور ہر ایک نوکر کتنا کیا دیگا

چونکہ ایک مرد کا خرچ نوکر سے پچگنا اور ایک عورت کا خرچ نوکر سے تگنا ہے اسلئے ۲۰ مرد کا خرچ (۲۰×۵) یعنی ۱۰۰ نوکر کے خرچ کے برابر اور ۳۰ عورت کا خرچ (۳۰×۳) یعنی ۹۰ نوکر کے خرچ کے برابر ہے

اور چونکہ ۱۰۰ + ۹۰ + ۱۵ = ۲۰۵

∴ ۲۰۵ : ۱۰۰ :: ۴۱۰ روپیہ : ۲۰ مردوں کا حصّہ

اور ۲۰۵ : ۹۰ :: ۴۱۰ روپیہ : ۳۰ عورتوں کا حصّہ

∴ ۲۰ مردوں کا حصّہ = $\frac{۱۰۰ \times ۴۱۰}{۲۰۵}$ روپیہ = ۲۰۰ روپیہ

اور ۳۰ عورتوں کا حصّہ = $\frac{۹۰ \times ۴۱۰}{۲۰۵}$ روپیہ = ۱۸۰ روپیہ

اور ۱۵ نوکر کا حصّہ = ۴۱۰ روپیہ - ۲۰۰ روپیہ - ۱۸۰ روپیہ = ۳۰ روپیہ

∴ ہرایک مرد $\frac{۲۰۰}{۲۰}$ یعنی ۱۰ روپیہ اور ہرایک عورت $\frac{۱۸۰}{۳۰}$ یعنی ۶ روپیہ اور ہرایک نوکر $\frac{۳۰}{۱۵}$ یعنی ۲ روپیہ دیگا

مشق ۹۹

(۱) دو شخصوں نے ملکر تجارت کی ایک نے ۲۲۰۰ روپیہ اور دوسرے نے ۱۸۰۰ روپیہ لگایا ۷۲۰ روپیہ نفع ہوا بتاؤ کہ اُس نفع میں سے پہلے کو کتنا اور دوسرے کو کتنا ملیگا

(۲) موہن اور سوہن نے ملکر تجارت کی موہن نے ۱۲۰۰ روپیہ اور سوہن نے ۲۰۰۰ روپیہ لگایا اور آپس میں یہ قرار پایا کہ جو شخص اُن دونوں میں سے تجارت کا اہتمام کریگا اُس نفع میں سے ۱۰ فیصدی لیکر باقی نفع کو بموجب اپنی اپنی پونجی کے بانٹ لینگے اُس تجارت میں ۸۰۰ روپیہ نفع ہوا جس صورت میں موہن نے تجارت کا اہتمام کیا تو بتاؤ کہ موہن کو کتنا اور سوہن کو کتنا ملیگا

(۳) گنگا داس نے ۱۰۰۰ روپیہ لگاکر دوکان کی دو سال کے بعد اُس نے جمنا داس کو دوکان میں اپنا شریک کرلیا اور اب سے تین سال کے بعد جب دوکان کا چٹھا اُتارا تو معلوم ہوا کہ ۱۵۰۰ روپیہ نفع ہوا اگر جمنا داس کا اُس دوکان میں ۱۵۰۰ روپیہ لگا تھا تو بتاؤ کہ اُس نفع میں جمنا داس کو کیا ملیگا

(۴) کسی تجارت میں بالمکند کا سرمایہ برندابن کے سرمایہ سے ڈیوڑھا اور چندر بھان کے سرمایہ سے دوبنا تھا اور چندر بھان کا سرمایہ بالمکند کے سرمایہ سے ۱۲۰۰ روپیہ زیادہ ہے سال کے آخر میں ۱۳۳۰ روپیہ نفع کا اُسمیں تینوں نے تقسیم کیا بتاؤ کہ ہرایک کو کتنا کتنا روپیہ ملا

(۵) کسی تجارت میں منگل سین اور کرپارام اور اودے کرن تینوں کی پونجی ملکر ۱۲۰۰ روپیہ ہی اور اُن کی پونجیوں کے درمیان وہی نسبت ہی جو ½ و ¼ و ¼ میں نسبت ہی جسقدر روپیہ اُس تجارت میں لگا ہی اُس کا ۱۵ ½ فیصدی نفع ہوا بتاؤ کہ منگل سین اور کرپارام اور اودے کرن کو کتنا کتنا روپیہ نفع کا ملیگا

(۶) کیدارناتھ اور بدری ناتھ نے ملکر سوداگری کی کیدارناتھ نے ۵۰۰ روپیہ اور بدری ناتھ نے ۵۴۰ روپیہ لگایا جب چار مہینہ کے بعد کیدارناتھ نے اپنی آدھی پونجی نکال لی اور چھ مہینہ کے بعد بدری ناتھ نے اپنی ایک تہائی پونجی نکال لی تب جگناتھ ۷۰۰ روپیہ ملاکر شریک ہوا ۱۲ مہینہ کے بعد ۲۵۴۰ روپیہ کا نفع بٹا بتاؤ کہ ہر ایک کے حصہ میں کتنا کتنا روپیہ آیا

(۷) ایک شخص نے ۷۰۰ روپیہ لگا کر دوکان کی تین برس کے بعد ایک دوسرا شخص ۱۹۰۰ روپیہ ملاکر شریک ہوا اور دوکان کھولنے سے ۷ برس بعد مال کا جب چٹھا اُتارا گیا تو معلوم ہوا کہ ۵۰۰ روپیہ نفع ہوا بتاؤ کہ وہ اُس نفع کو آپس میں کس طرح تقسیم کریں

(۸) ا اور ب نے ملکر سوداگری کی ا نے پہلے ۲۰۰۰ روپیہ لگایا اور پھر ۸ مہینہ کے بعد ۱۰۰۰ روپیہ اور لگا دیا اور ب نے پہلے ۵۰۰۷ روپیہ لگایا اور پھر ۳ مہینہ کے بعد ۳۰۰۰ روپیہ اور لگا دیا لیکن ۷ مہینہ کے بعد ۱۳۰۰ روپیہ نکال لیا سال کے آخر میں ۶۳۵ روپیہ جو نفع ہوا اُسکو آپس میں بانٹ لیا بتاؤ کہ ہر ایک نے کتنا کتنا لیا

(۹) ا اور ب اور س ایک تجارت میں شریک ہیں جو کچھ ایک سال میں نفع ہوتا ہی اُس کا ⅖ ا نے لیتا ہی اور باقی نفع ب اور س برابر برابر بانٹ لیتے ہیں جب

نفع ۸ فی صدی سے ۱۰ فیصدی ہو جاتا ہے تو اسکے حصہ میں بہ نسبت پہلے کے ۲۲۰ روپیہ زیادہ آتے ہیں بتاؤ کہ ب کی پونجی اُس تجارت میں کتنی تھی

(۱۰) کسی تجارت میں جس میں ۲۲۱۰ روپیہ نفع ہوا ا اور ب شریک تھے انے جسکا ۱۹۵۰ روپیہ ۳ مہینہ لگا رہا اُس نفع میں سے ۵۸۵ روپیہ لے لئے بتاؤ کہ ب نے جسکا سرمایہ تجارت میں ۳۲۵۰ روپیہ تھا اُس سرمایہ کو کتنے مہینہ لگا رکھا

سود

۲۰۰- اگر کوئی شخص کچھ روپیہ قرض لیکر اپنے استعمال میں لاتا ہے اور اُس استعمال کے عوض کچھ زر نقد علاوہ اُس روپیہ کے جو قرض لیا ہے ادا کرتا ہے تو اُس زر نقد کو سود یا بیاج کہتے ہیں

شرح سود اکثر ۱۰۰ روپیہ پر سالانہ یا ماہواری ٹھیرتی ہے

جو روپیہ قرض لیا دیا جاتا ہے اُسکو اصل یا مول کہتے ہیں

۱۰۰ روپیہ کا سود ایک سال کا سود فیصدی سالانہ اور ایک مہینہ کا سود فیصدی ماہواری کہلاتا ہے اور اُسی کو شرح سود کہتے ہیں

اصل اور سود ملکر مول بیاج یا اصل معہ سود کہلاتا ہے

سود دو طرح کا ہوتا ہے ایک مفرد اور دوسرا مرکب

جب سود صرف اصل ہی پر لگتا ہے تو اُسکو سود مفرد یا سادہ بیاج کہتے ہیں

اور جب اوّل مدّت کے آخر میں قرضدار سود ادا نہ کرے بلکہ وہ اُسکو اپنے پاس رہنے دے اور پہلی اصل میں ملا کر ایک نئی اصل ٹھہرائے اور پھر

اِس نئی اصل پر سود دوسری مدّت کے لئے لگے اور پھر یہ سود بھی نہ دیکر اوپر پچھلی اصل میں مِلا کر نئی اصل بنا لے اور اسی طرح پر جب تک کہ قرضہ ادا نہو کرتا رہے تو اُسکو سود مرکب یا سود در سود یا بیاج پر بیاج کہتے ہیں

سود مفرد

۱۰۲- سود مفرد کی مثالیں بھی یونیٹری یعنی واحد کے طریقہ سے حل ہو سکتی ہیں لیکن ہم اُس خاص قاعدہ کو بھی جس سے سود مفرد کی مثالیں حل کی جاتی ہیں نیچے لکھتے ہیں

قاعدہ- اصل کو شرح سود فیصدی سالانہ میں ضرب دیکر حاصل ضرب کو ۱۰۰ پر تقسیم کرو خارج قسمت اصل کا سود ایک سال کا ہوگا اب کئی سالوں کا سود دریافت کرنے کے لئے ایک سال کے سود کو سالوں کی تعداد سے ضرب دو حاصل ضرب اُتنے سالوں کا سود ہوگا اور سال کے کسی حصّہ کا سود ایک سال کے سود سے حساب روزمرّہ کے قاعدہ سے نکالو اگر مول بیاج دریافت کرنا ہو تو سود دریافت کرکے اُس کو اصل میں مِلا دو حاصل جمع مول بیاج یا اصل معہ سود ہوگا

مثال ۱- ۲۳۴۵ روپیہ کا سود ۳ سال کا ۵ روپیہ سیکڑہ سالانہ کے حساب سے دریافت کرو قاعدہ کے مطابق عمل کرنے سے

	پائی	آنہ	روپیہ
			۲۳۴۵
			۵
			۱۱۷۲۵ ÷ ۱۰۰
سود ایکسال کا =		۴	۱۱۷
		۳	
سود تین سال کا =		۱۲	۳۵۱

یونیٹری طریقہ سے

چونکہ ۱۰۰ روپیہ کا سود ایک سال کا ۵ روپیہ ہے

∴ ایک روپیہ کا ایک سال کا سود $\frac{5}{100}$ روپیہ ہے

∴ ۲۳۴۵ روپیہ کا ایک سال کا سود $\frac{2345}{20}$ روپیہ ہے

∴ ۲۳۴۵ روپیہ کا ۳ سال کا سود $\frac{7035}{20}$ یعنی ۳۵۱ روپیہ ۱۲ آنہ ہے

مثال ۲۔ ۳۷۴۹ پونڈ ۱۶ شلنگ ۸ پینس کا سود ۵ برس ۸ مہینے کا ۳$\frac{1}{4}$ فی صدی سالانہ کے حساب سے نکالو

	شلنگ	پونڈ
۸	۱۶	۳۷۴۹
۳$\frac{1}{4}$		
۰	۱۰	۱۱۲۴۹
۲	۹	۹۳۷
۲	۱۹	۱۲۱۸۶ (۱۰۰
سود ایک سال کا = ۴$\frac{7}{12}$	۱۷	۱۲۶
۶		
سود ۶ سال کا = ۴$\frac{2}{12}$	۴	۷۳۱
سود ۴ مہینہ کا = ۵$\frac{17}{30}$	۱۲	۴۰ ۴ مہینہ = ایکسال کا $\frac{1}{3}$
سود ۵ برس ۸ مہینہ کا = ۱۰$\frac{19}{30}$	۱۱	۶۹۰

مثال ۳۔ ۵۳۳۷ روپیہ ۸ آنہ کا سود ایک برس ۹ مہینہ کا ۱۰ فیصدی سالانہ کے حساب سے نکالو

	روپیہ	آنہ	پائی
	۱۰)۵۳۳۷	۸	۰
سود ایک برس کا =	۵۳۳	۱۲	۰
سود ۳ برس کا =	۱۶۰۱	۴	۰
سود ۳ مہینہ کا =	۱۳۳	۷	۰
سود ۲ برس ۹ مہینہ کا =	۱۴۶۷	۱۳	۰

۳ مہینہ = ایکسال کا ۱/۴

اِس مثال میں ہم نے اصل کو نہ تو ۱۰ سے ضرب دیا ہے اور نہ پھر حاصل ضرب کو ۱۰۰ پر تقسیم کیا ہے لیکن اصل کو ۱۰ پر تقسیم کیا ہے کیونکہ کسی عدد کو ۱۰ سے ضرب دینے اور پھر حاصل ضرب کو ۱۰۰ پر تقسیم کرنے سے وہی نتیجہ نکلتا ہے جو اُس عدد کو ۱۰ پر تقسیم کرنے سے نکلتا ہے

۲۰۲- خاص صورتوں میں ہم سود کی مثالیں مختصر طریقہ سے حل کر سکتے ہیں اور اُن صورتوں میں سے ہم تین صورتیں اِسجگہ بیان کریں گے

پہلی صورت - اگر اصل میں سکے پونڈ شلنگ پینس ہوں اور شرح سود کی ۵ فیصدی سالانہ ہو تو ایک سال کا سود دریافت کرنے کے لئے ہر پونڈ یعنی ۲۰ شلنگ کا سود ایک شلنگ اور ہر ۲۰ پینس کا سود ایک پینی سمجھو

مثال ۱- ۱۲۷۶ پونڈ ۸ شلنگ ۴ پینس کا سود ۵ فیصدی سالانہ کے حساب سے ایک برس کا نکالو

چونکہ اصل میں ۱۲۷۶ پونڈ اور ۱۰۰ پینس ہیں

∴ سود مطلوب = ۱۲۷۶ شلنگ + ۵ پینس = ۶۳ پونڈ ۱۶ شلنگ ۵ پینس

مثال ۲- ۱۳۵۷ پونڈ ۶ شلنگ ۸ پینس کا سود ۵ فیصدی سالانہ کے حساب

سے ایک برس کا نکالو

چونکہ اصل ہیں ۱۳۵۷ پونڈ ۰ پینس ہیں

∴ سود مطلوب = ۱۳۵۷ شلنگ + ۴ پینس = ۶۷ پونڈ ۱۷ شلنگ ۴ پینس

دوسری صورت - اگر اصل میں سکے روپیہ آنہ پائی ہوں اور شرح سود کی ۶ ½ فیصدی سالانہ ہو تو ایک سال کا سود دریافت کرنے کے لئے ہر ۱۶ آنہ یعنی ایک روپیہ کا سود ایک آنہ اور ہر ۱۶ پائی کا سود ایک پائی سمجھو

مثال ۵۴۴ روپیہ ۵ آنہ ۴ پائی کا ایک برس کا سود ۶ ½ فیصدی سالانہ کے حساب سے نکالو

چونکہ اصل میں ۵۴۴ روپیہ اور ۶۴ پائیاں ہیں

∴ سود مطلوب = ۵۴۴ آنہ + ۴ پائی = ۳۴ روپیہ ۴ پائی

تیسری صورت - جب شرح سود ۳ فیصدی سالانہ ہو اور سود ہر ششماہی واجب الادا ہو

مثال ۱ ۶۷۴۲ پونڈ ۱۲ شلنگ ۰ پینس کا ۶ مہینہ کا سود ۳ فیصدی سالانہ کے حساب سے نکالو

چونکہ شرح سود سالانہ ۳ فیصدی یعنی شرح سود ششماہی ۱ ½ فیصدی ہے اسلئے یہ مثال اس طرح حل کی جاتی ہے

	پونڈ	شلنگ	پینس
	۶۷۴۲	۱۲	۰
	۱۲۳۳	۱۶	۵
۱۰۰	۳۷۰۱	۹	۳
	۳۷	۰	۳ ۵۱/۱۰۰

∴ سود مطلوب = ۳۷ پونڈ ۰ شلنگ ۳ $\frac{۱}{۲}$ پینس

مثال ۲- ۴۳۱۷ روپیہ ۱۵ آنہ ۶ پائی کا ۶ مہینے کا سود ۳ فیصدی سالانہ کے حساب سے نکالو

پائی	آنہ	روپیہ
۶	۱۵	۴۳۱۷
۹	۱۵	۲۱۵۸
۳	۱۵	۶۴۷۶ کر ۱۰۰
۳ $\frac{۳}{۴}$	۱۲	۶۴

∴ سود مطلوب = ۶۴ روپیہ ۱۲ آنہ ۳ $\frac{۳}{۴}$ پائی

۲۰۳- جب سود کسی ایک تاریخ سے کسی دوسری تاریخ تک مثلاً ۵ نومبر سے ۲۸ دسمبر تک لگایا جاتا ہے تو ان دونوں تاریخوں میں سے کسی ایک تاریخ کو نہیں گنتے ہیں یعنی ۵ نومبر سے ۲۸ دسمبر تک ۵۳ دن گنتے ہیں کسی رقم کا جب کچھ دنوں کے لئے سود نکالنا ہوتا ہے تو اُسکے نکالنے کا یہ قاعدہ ہے

قاعدہ- رقم کو شرح سود کے دُونے سے ضرب دیکر حاصل ضرب کو دنوں کی تعداد سے ضرب دو اس پچھلے حاصل ضرب کو ۳۶۵ پر تقسیم کرو خارج قسمت سود مطلوب ہوگا

مثال ۱- ۱۱۸۶ روپیہ ۴ آنہ کا سود ۹ فیصدی سالانہ کے حساب سے ۶ مارچ ۱۸۸۴ء سے ۱۸ جون ۱۸۸۴ء تک کا نکالو ۶ مارچ ۱۸۸۴ء سے ۱۸ جون ۱۸۸۴ء

تک ۱۰۴ دن ہوئے

	پائی	آنہ	روپیہ
	۰	۴	۱۱۸۶

شرح سود کا دُونا ۱۸

	۰	۸	۲۱۳۵۲

۸ × ۱۳ = ۱۰۴

۸

۰	۰	۱۷۰۸۲۰

۱۳

روپیہ ۳۰) ۰ ۰ ۲۲۲۰۶۶۰ (۷۳۰۰

۲۱۹۰۰۰۰

۳۰۶۶۰

۱۶

آنہ ۶) ۴۹۰۵۶۰ (۷۳۰۰

۴۳۸۰۰۰

۵۲۵۶۰

۱۲

پائی ۸) ۶۳۰۷۲۰ (۷۳۰۰

۵۸۴۰۰۰

۴۶۷۲۰

∴ سود مطلوب = ۳۰ روپیہ ۶ آنہ ۸ $\frac{16}{25}$ پائی

مثال ۲۔ ۷۴۸ پونڈ ۱۵ شلنگ کا سود ۲ $\frac{1}{2}$ فی صدی سالانہ کے حساب سے پہلی جنوری ۱۸۹۵ء سے پہلی اپریل ۱۸۹۵ء تک کا نکالو یعنی ۹۰ دن کا

	پینس	شلنگ	پونڈ
	۰	۱۵	۸۴۷
	۱۰		
	۰	۱۰	۸۴۷۷
	۹		
	۰	۱۰	۷۶۲۹۷
	۵		
پونڈ ۵)	۰	۱۰	۷۶۲۹۷۸۱۴۸۷ (۷۳۰۰
			۳۶۵۰۰۰
			۱۶۴۸۷
		۲۰	
شلنگ ۴)		۰	۳۲۹۷۵۰ (۷۳۰
			۲۹۲۰۰۰
			۳۷۷۵۰
		۱۲	
پینس $۶\frac{۱۵}{۷۳}$)		۰	۴۵۳۰۰۰ (۷۳۰۰
			۴۳۸۰۰۰
			۱۵۰۰۰

∴ سود مطلوب = ۵ پونڈ ۴ شلنگ $۶\frac{۱۵}{۷۳}$ پینس

۲۰۴۔ جب مول بیاج کسی رقم کا کسی وقت کے لئے کسی شرح سود کے حساب سے دریافت کرنا ہو تو پہلے اُس رقم کا بیاج اُسوقت کے لئے اُس شرح کے حساب سے نکالو اور پھر اُس بیاج میں اصل یعنی مول جوڑ دو

مثال ۲ ۲۲۵ روپیہ کا مول بیاج ۴ برس کے لئے ۴ فیصدی کے حساب سے نکالو

	پائی	آنہ	روپیہ
	۰	۰	۵۲۲۵
	۴		
	۰	۰	۲۰۹۰۰ (۱۰۰
ایکسال کا بیاج =	۰	۰	۲۰۹
	۴		
۴ سال کا بیاج =	۰	۰	۸۳۶
مول =	۰	۰	۵۲۲۵
۴ سال کا مول بیاج =	۰	۰	۶۰۶۱

ہم مول بیاج بغیر بیاج کے دریافت کئے ہوتے اس طرح دریافت کرسکتے ہیں چونکہ اوپر کی مثال میں ۱۰۰ روپیہ کا بیاج ایک سال کا ۴ روپیہ ہے

∴ ۱۰۰ روپیہ کا بیاج ۴ سال کا (۴×۴) یعنی ۱۶ روپیہ ہے

∴ ۱۰۰ روپیہ کا مول بیاج ۴ سال کا ۴ فیصدی کے حساب سے ۱۱۶ روپیہ ہے

اب ہم یونیٹری طریقہ یا تناسب سے اس طرح حل کرتے ہیں

یونیٹری طریقہ سے

چونکہ ۱۰۰ روپیہ کا ۴ سال میں مول بیاج ۱۱۶ روپیہ ہے

∴ ایک روپیہ کا ۴ سال میں مول بیاج $\frac{116}{100}$ روپیہ ہے

∴ ۵۲۲۵ روپیہ کا ۴ سال میں مول بیاج = $\frac{5225 \times 116}{100}$ روپیہ = (۲۹×۲۰۹) روپیہ = ۶۰۶۱ روپیہ

تناسب سے

۱۰۰ : ۵۲۲۵ :: (۱۰۰ + ۴×۴) روپیہ : مول بیاج مطلوب

∴ مول بیاج مطلوب = $\frac{۵۲۲۵ \times (۱۰۰+۴\times۴)}{۱۰۰}$ روپیہ = $\frac{۵۲۲۵ \times ۱۱۶}{۱۰۰}$ روپیہ

= ۶۰۶۱ روپیہ

چونکہ اس مثال میں ۵۲۲۵ مول ہے اور پہلا ۴ شرح سود اور دوسرا ۴ وقت ہے اسلئے یہ قاعدہ نکلا

مول بیاج = $\frac{\text{مول} \times (۱۰۰ + \text{شرح سود} \times \text{وقت})}{۱۰۰}$

یعنی شرح سود کے عدد کو وقت کے عدد میں ضرب دو پھر حاصل ضرب میں ۱۰۰ ملا کر حاصل جمع کو مول کے عدد میں ضرب دو اور جو کچھ حاصل ضرب ہو اُس کو ۱۰۰ پر تقسیم کرو خارج قسمت مول بیاج مطلوب ہوگا

اِس قاعدے کے عمل کرنے میں یہ بھی یاد رکھنا چاہئے کہ مول اور شرح وغیرہ کی رقموں کو ایک ہی درجہ کی طرف تحویل کرو

مثال ۱۔ ۲۳۷ روپیہ ۸ آنہ کا مول بیاج ۳ روپیہ ۱۲ آنہ فیصدی سالانہ کے حساب سے ۴ برس ۶ مہینے کا نکالو

چونکہ مول بیاج = $\frac{\text{مول} \times (۱۰۰ + \text{شرح بیاج} \times \text{وقت})}{۱۰۰}$ روپیہ

∴ مول بیاج مطلوب = $\frac{۲۳۷\frac{۱}{۲} \times (۱۰۰ + ۳\frac{۳}{۴} \times ۴\frac{۱}{۲})}{۱۰۰}$ روپیہ

= $\frac{۴۷۵}{۲} \times \frac{(۱۰۰ + \frac{۱۵}{۴} \times \frac{۹}{۲})}{۱۰۰}$ روپیہ = $\frac{۴۷۵}{۲} \times \frac{۱۳۵}{۸}$ روپیہ

= $\frac{۴۷۵ \times ۹۳۵}{۱۶۰۰}$ روپیہ = $\frac{۹۳۵ \times ۱۹}{۶۴}$ روپیہ = $\frac{۱۷۷۶۵}{۶۴}$ روپیہ

= ۱۷۷۶۵ پیسہ = ۲۷۷ آنہ ۳ پائی

= ۲۷۷ روپیہ ۹ آنہ ۳ پائی

یا اِس طرح پر نکالو ۱۰۰+۳ ۳/۴ × ۴ ۱/۴ = ۱۰۰ = ۱۳۵/۸ = ۹۳۵/۸

	پائی	آنہ	روپیہ
	۰	۸	۲۳۷
۱۰			
	۰	۰	۲۳۷۵
۱۰			
	۰	۰	۲۳۷۵۰
۹			
۵+۳×۱۰+۹×۱۰×۱۰=۹۳۵			
	۰	۰	۲۱۳۷۵۰
	۰	۰	۷۱۲۵
	۰	۸	۱۱۸۷
۸	۰	۸	۲۲۲۰۶۲
۱۰۰	۰	۱۳	۲۷۷۵۷
	۳	۹	۲۷۷

مثال ۲ ۳۰۴ پونڈ کا مول بیاج ۵ برس کے لئے ۴ ۱/۲ فیصدی کے حساب سے نکالو

	پنس	شلنگ	پونڈ
	۰	۰	۳۰۴
۹			
۲۰۰	۰	۰	۲۷۳۶
۱ سال کا بیاج = ۱/۵	۷	۱۳	۱۳
۵			
۵ سال کا بیاج =	۰	۸	۶۸
مول =	۰	۰	۳۰۴
۵ سال کا مول بیاج =	۰	۸	۳۷۲

۲۰۵۔ جب کوئی شخص قرضہ لیکر اُس قرضہ کو ایک ساتھ ادا نہ کرے بلکہ

تھوڑا تھوڑا ادا کرتا جائے تو اُس صورت میں سود نکالنے کا یہ قاعدہ ہے

قاعدہ - ہر ایک رقم کو جتنے دِن وہ سود پر رہی ہو اُن کی تعداد میں ضرب دو اور سب حاصل ضربوں کو جمع کرو اور اُن کے حاصل جمع کو شرح سود کے دُونے میں ضرب دیکر حاصل ضرب کو ۳۶۰۰ پر تقسیم کرو

مثال ایک شخص نے ۳۰۰ روپیہ ۱۶ مارچ کو ۶ فیصدی سود پر قرض لئے اُس میں سے ۵۰ روپیہ ۷ اپریل کو اور ۱۰۰ روپیہ ۱۶ جولائی کو اور باقی روپیہ اور جتنا سود اُسپر چڑھا تھا ۱۱ اکتوبر کو دیے بتاؤ کہ کتنا سود اُسپر چڑھا تھا اور ۱۱ اکتوبر کو اُس نے کُل کتنا روپیہ ادا کیا

۳۰۰ روپیہ ۱۶ مارچ سے ۷ اپریل تک یعنی ۲۲ دِن سود پر رہے اور ۲۵۰ روپیہ ۷ اپریل سے ۱۶ جولائی تک یعنی ۱۰۰ دِن سود پر رہے اور ۱۵۰ روپیہ ۱۶ جولائی سے ۱۱ اکتوبر تک یعنی ۸۷ دِن سود پر رہے

۳۰۰ روپیہ × ۲۲ = ۶۶۰۰ روپیہ

۲۵۰ روپیہ × ۱۰۰ = ۲۵۰۰۰ روپیہ

۱۵۰ روپیہ × ۸۷ = ۱۳۰۵۰ روپیہ

۴۴۶۵۰ روپیہ

دُونی شرح سود ۱۲

روپیہ ۷) ۵۳۵۸۰۰ (۷۳۰۰

۵۱۱۰۰۰

۲۴۸۰۰

آنہ ۱۶

۵) ۳۹۶۸۰۰ (۷۳۰۰

۳۶۵۰۰۰

۳۱۸۰۰

پائی ۱۲

۵) ۳۸۱۶۰۰ (۷۳۰۰

۳۶۵۰۰۰

۱۶۶۰۰

∴ سود مطلوب = ۷ روپیہ ۵ آنہ ۵ $\frac{۸۳}{۳۶۵}$ پائی

∴ کل رقم جو ۱۱ اکتوبر کو ادا ہوئی = ۱۵۰ روپیہ + ۷ روپیہ ۵ آنہ ۵ $\frac{۸۳}{۳۶۵}$ پائی

= ۱۵۷ روپیہ ۵ آنہ ۵ $\frac{۸۳}{۳۶۵}$ پائی

۲۰۶۔ سوداگر جو کسی کا مال بیچتے ہیں یا کسی کے واسطے خریدتے ہیں اپنی اس محنت کے عوض میں جو روپیہ لیتے ہیں اُسے کمیشن کہتے ہیں کمیشن ایک انگریزی لفظ ہے جسکو اب ہندوستانی اکثر استعمال کرتے ہیں

جب سوداگر کسی کے واسطے مال خریدتا ہے تو کمیشن جو وہ سوداگر لیتا ہے اُس کا ہندوستانی نام آڑت ہے

دلالی بھی ایک قسم کا کمیشن ہے جب کوئی شخص کسی کا مال یا سودا کسی کے ہاتھ بکوا دیتا ہے تو وہ اپنی محنت کا حق اُس شخص سے جس کا مال بکواتا ہے لیتا ہے اس حق کو دلالی کہتے ہیں بعض اوقات دلال اپنی دلالی خریدنے والے اور بیچنے والے دونوں سے لیتا ہے

دوکاندار کسی رئیس کے نوکر کو جو وقت خریدنے کے پیسہ یا دو پیسہ فی روپیہ دیتا ہے اُس کو **دستوری** کہتے ہیں

کسی مال کا بیمہ لینے سے اُس مال کی جوکھم اپنے ذمہ لینا مراد ہے تجارت کا اسباب جو ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتا ہے اُسکے کبھی جلجانے یا ڈوب جانے کا خطرہ رہتا ہے اسلئے بعض ساہوکار اپنا یہ پیشہ مقرر کرتے ہیں کہ مالک مال سے کچھ روپیہ لیکر اُسکے عوض مال کی جوکھم اپنے ذمہ لیتے ہیں اور یہ اقرار کرتے ہیں کہ اگر مال کسی صورت سے تلف ہو جائے تو مال

کی قیمت ہم بھر دیں گے

کمیشن اور آڑت اور دلالی اور بیمہ کے حق اکثر فیصدی ٹھیرتے ہیں اور اس صورت میں اُن کی مقدار اتنی ہی ہوتی ہے جتنی کہ ایک سال کے سود کی ہوتی ہے اسلئے جو قاعدہ ایکسال کے سود نکالنے کا ہے وہی قاعدہ اُن حقوق کے نکالنے کا ہے لیکن بیمہ کی ایک خاص صورت ہے جو اس جگہہ لکھنے کے قابل ہے اور جس کی ہم ایک مثال نیچے حل کریں گے

مثال۔ بیمہ کی شرح ۲ روپیہ ۸ آنہ فیصدی ہے بتاؤ کہ وہ شخص جس کا مال ۲۰۷۱ روپیہ ۱۴ آنہ کی لاگت کا ہے بیمہ لکھنے والے سے کتنے کی بیمہ لکھائے کہ مال کے تلف ہو جانے کی صورت میں مالک مال کو مال کی قیمت اور زر بیمہ جو دیا جائے دونوں وصول ہو جائیں

اگر مالک مال صرف قیمت مال کا بیمہ دیتا ہے تو مال کے تلف ہو جانے پر اُسے صرف مال کی قیمت ملتی ہے اور زر بیمہ جو وہ دیتا ہے نہیں ملتا ہے

لیکن اگر وہ (۱۰۰ روپیہ - ۲ روپیہ ۸ آنہ) یعنی ۹۷ روپیہ ۸ آنہ کے مال کے لئے ۱۰۰ روپیہ کے مال کی بیمہ لکھالے تو اُسے ۱۰۰ روپیہ یعنی ۹۷ روپیہ ۸ آنہ (مال کی قیمت) + ۲ روپیہ ۸ آنہ (زر بیمہ) وصول ہو جائیں گے

پھر تناسب سے

۹۷ روپیہ ۸ آنہ : ۲۰۷۱ روپیہ ۱۴ آنہ :: ۱۰۰ روپیہ : جواب مطلوب

$\therefore \frac{195}{2} : \frac{16575}{8} :: 100 \text{ روپیہ} : \text{جواب مطلوب}$

$\therefore \text{جواب مطلوب} = \frac{\frac{16575}{8} \times 100}{\frac{195}{2}} \text{ روپیہ} = \frac{2 \times 16575 \times 100}{8 \times 195} \text{ روپیہ}$

=(۲۵×۸۵) روپیہ=۲۱۲۵ روپیہ

مشق ۱۰۰

سود معلوم کرو

(۱)	۸۷۴ روپیہ ۸ آنہ کا	ایک سال کا	۴	فیصدی سالانہ کے حساب سے
(۲)	۱۲۵۰ روپیہ کا	ایک سال کا	۴½	〃 〃 〃
(۳)	۳۴۳۷ روپیہ ۸ آنہ کا	۶ سال کا	۵	〃 〃 〃
(۴)	۴۷۵۰ روپیہ کا	۳ سال کا	۵	〃 〃 〃
(۵)	۳۶۲۵ پونڈ کا	۸ سال کا	۴	〃 〃 〃
(۶)	۹۳۶ پونڈ ۱۱ شلنگ ۳ پینس کا	۲ سال کا	۴	〃 〃 〃
(۷)	۵۵۶ پونڈ ۱۳ شلنگ ۴ پینس کا	۶ سال کا	۵	〃 〃 〃
(۸)	۳۳۷۵ روپیہ کا	۳ سال کا	۴½	〃 〃 〃
(۹)	۱۱۰۳۱ روپیہ ۴ آنہ کا	۶ برس ۶ مہینہ کا	۴	〃 〃 〃
(۱۰)	۳۲۶۵ پونڈ ۱۲ شلنگ کا	۵ برس ۶ مہینہ کا	۴	〃 〃 〃
(۱۱)	۳۰۰ روپیہ کا	۷ برس ۹ مہینہ کا	۵	〃 〃 〃
(۱۲)	۵۸۶۴ روپیہ ۶ آنہ ۸ پائی کا	۳ برس ۶ مہینہ کا	۴½	〃 〃 〃
(۱۳)	۱۹۵ روپیہ کا	۹ مہینہ کا	۴	〃 〃 〃
(۱۴)	۳۵۰ روپیہ کا	۸ مہینہ کا	۳½	〃 〃 〃
(۱۵)	۵۰۰ روپیہ کا	۳ برس ۳۵ دن کا	۳¾	〃 〃 〃
(۱۶)	۴۷۵ روپیہ کا	۳ برس ۴۵ دن کا	۴¾	〃 〃 〃

(۱۷) ۳۰۸۰۲ روپیہ ایک آنہ ۴ پائی کا یکم جنوری ۱۸۷۲ء سے ۳۰ اپریل ۱۸۷۴ء تک کا ۴ ½ فیصدی سالانہ کے حساب سے

(۱۸) ۸۷۵ روپیہ کا ۲ برس ۱۵۱ دن کا ۵ ¾ فیصدی سالانہ کے حساب سے

(۱۹) ۲۰۴۸ روپیہ ۱۲ آنہ ۸ پائی کا ۳ اگست ۱۸۸۴ء سے ۹ جنوری ۱۸۸۵ء تک کا ۵ فیصدی سالانہ کے حساب سے

(۲۰) ۴۷۲ پونڈ ۴ شلنگ ۴ پینس کا ایکسال کا ۵ فیصدی سالانہ کے حساب سے

(۲۱) ۸۶۳ پونڈ ۱۲ شلنگ ۸ پینس کا ایکسال کا ۵ 〃 〃 〃

(۲۲) ۳۵۸۷ پونڈ ۶ شلنگ ۸ پینس کا ۶ مہینہ کا ۳ 〃 〃 〃

(۲۳) ۶۷۹۲ پونڈ ۵ شلنگ ۴ پینس کا ۷ ½ مہینہ کا ۳ ¾ 〃 〃 〃

مول بیاج دریافت کرو

(۲۴) ۲۵۰۰ روپیہ کا ۱۲ سال ۲ مہینہ کا ۳ ½ 〃 〃 〃

(۲۵) ۵۷۵۰ روپیہ کا ۸ ¾ سال کا ۳ ⅜ 〃 〃 〃

(۲۶) ۲۰۳۳ پونڈ ۶ شلنگ ۸ پینس کا ۴ ½ سال کا ۳ 〃 〃 〃

(۲۷) ۱۰۵۰ پونڈ فلورن ۲ سینٹ ۵ مل کا ۶ سال کا ۴ ½ 〃 〃 〃

(۲۸) ۴۱۱۵ روپیہ ۳ مہینہ کا ۴ ⅛ 〃 〃 〃

(۲۹) ۴۶۸ روپیہ ۱۲ آنہ کا ۳ سال ۸ مہینہ کا ۳ ½ 〃 〃 〃

(۳۰) ۱۸۹۵ گنی کا ۴ ¾ سال کا ۲ ¾ 〃 〃 〃

(۳۱) ۴۰ گنی کا ۱۶ مارچ ۱۸۸۴ء سے ۲۳ جنوری ۱۸۸۵ء تک کا ۳ ½ فیصدی سالانہ کے حساب سے

(۳۲) ایک شخص نے ۶۰۰ روپیہ ۲ر فروری ۱۸۸۳ء کو ۵ فیصدی سالانہ سود پر قرض لیا جس میں سے ایک چوتھائی ۱۵ مئی کو اور ایک چوتھائی یکم اگست کو اور ایک چوتھائی ۱۱ر نومبر کو اور باقی ایک چوتھائی اور سود ملا کر ۳۱ر دسمبر کو ادا کیا بتاؤ کہ ۳۱ر دسمبر کو اُس نے سود کا کیا دیا

(۳۳) موہن نے سوہن سے ۴۰۰ روپیہ ۱۵ فیصدی سالانہ سود پر ۱۱ر ستمبر ۱۸۸۲ء کو قرض لیکر ۱۰۸ روپیہ ۲۳ر نومبر کو اور ۷۰ روپیہ ۱۲ر جنوری ۱۸۸۳ء کو اور ۱۴۹ روپیہ ۷ر جون کو اور باقی روپیہ اصل کا اور کل سود ۱۶ر اگست کو ادا کر دیا بتاؤ کہ موہن نے سود کا کتنا روپیہ دیا

(۳۴) میں نے ایک دوست کو ۷۰۵ روپیہ ۳½ فیصدی سالانہ سود پر ۱۴ر مارچ کو قرض دیکر ۸۲ روپیہ ۸ آنہ ۳۰ر اپریل کو اور ۱۶۲ روپیہ ۸ آنہ ۱۱ر جولائی کو اور ۱۵۰ روپیہ ۵ر اگست کو اور ۱۲۵ روپیہ ۱۹ر اکتوبر کو اور باقی روپیہ اصل کا اور کل سود ۳۰ر نومبر کو وصول پایا بتاؤ کہ مجھکو کتنا روپیہ سود کا ملا

(۳۵) ایک آڑتیہ نے ۵۶۵ روپیہ کا کپڑا دہلی میں خرید کر آگرہ کے ایک بزاز کے پاس بھیجا اور ۵ فیصدی آڑت کا لیا بتاؤ کہ کتنا روپیہ اُس بزاز کو آڑتیہ کے پاس بھیجنا چاہئے

(۳۶) ممالک مغربی و شمالی کے دپٹی انسپکٹروں اور ہیڈ ماسٹروں نے ۲۴۳۲۲۵ روپیہ کی کتابیں سرکاری کتب خانہ سے منگائیں اور فروخت کیں بتاؤ کہ ۲۰ فیصدی کے حساب سے کتنا روپیہ کمیشن کا ڈپٹی انسپکٹروں اور ہیڈ ماسٹروں کو ملا

(۳۷) ایک دلّال نے ایک بزاز کی دوکان سے ۴۹۸ روپیہ ۸ آنہ ۶ پائی کا کپڑا بکوایا بتاؤ کہ اُس دلّال کو بزاز سے ۴½ فیصدی کے حساب سے کتنی دلالی ملنی چاہیئے

(۳۸) ایک دلّال کی معرفت ہمنے ۵۱۲ روپیہ ۸ آنہ کی ہنڈوی بیچی بتاؤ کہ اُس دلّال کو ہم ۱۲ آنہ سیکڑہ کے حساب سے کتنی دلالی دیں

(۳۹) ۵۰۰۰ روپیہ کا اسباب ہم دساور کو بھیجتے ہیں بتاؤ کہ ۸ آنہ سیکڑہ کے حساب سے اُس کی بیمہ کرائی ہمکو کیا دینی چاہیئے

(۴۰) ۲۳۸۷ روپیہ ۸ آنہ کا مال ہم ناؤ پر لاد کر آگرہ سے کلکتہ بھیجتے ہیں بتاؤ کہ جب بیمہ کی شرح ۴½ فیصدی ہو تو کتنے روپیہ کی بیمہ لکھوائیں تاکہ ناؤ کے ڈوبنے پر ہمیں مال کی قیمت اور بیمہ کا روپیہ دونوں وصول ہو جائیں

(۴۱) جب مال ہندوستان سے اِنگلستان کو جاتا ہو تو بیمہ کی شرح ۶ ¼ فیصدی ہو بتاؤ کہ ۵۲۵۰۰ روپیہ کا مال بھیجنے میں کتنے روپیہ کی بیمہ لکھوانی چاہیئے کہ مال کے تلف ہو جانے پر مال کی قیمت اور بیمہ لکھوائی کا روپیہ دونوں وصول ہو جائیں

۲۰۷- ابتک ہم نے لکھا ہو کہ جب مول اور شرح بیاج اور وقت معلوم ہو تو بیاج یا مول بیاج کس طرح دریافت کرتے ہیں اب ہم یہ بیان کریں گے کہ مول یا شرح بیاج یا وقت کس طرح دریافت ہو سکتا ہو جب اِن تینوں میں سے باقی دو اور بیاج معلوم ہووے

مثال ۱- کس شرح بیاج سے ۵۲۰ روپیہ کا مول بیاج ۹ سال کا ۲۴۷ روپیہ ہو

اِس مثال میں بیاج = ۷۵۴ روپیہ − ۵۲۰ روپیہ = ۲۳۴ روپیہ

∴ ۵۲۰ روپیہ کا ۹ سال کا سود ۲۳۴ روپیہ ہے

∴ ۵۲۰ روپیہ کا ایکسال کا بیاج $\frac{۲۳۴}{۹}$ یعنی ۲۶ روپیہ ہے

∴ ایک روپیہ کا ایکسال کا بیاج $\frac{۲۶}{۵۲۰}$ یعنی $\frac{۱}{۲۰}$ روپیہ ہے

∴ ۱۰۰ روپیہ کا ایکسال کا بیاج $(۱۰۰ \times \frac{۱}{۲۰})$ یعنی ۵ روپیہ ہے

لیکن ۱۰۰ روپیہ کا ایکسال کا بیاج شرح بیاج فیصدی سالانہ کہلاتی ہے

∴ شرح بیاج ۵ فیصدی سالانہ ہے

مثال ۲۔ کس شرح بیاج سے ۴۲۵ پونڈ کا مول بیاج ۳ سال کا ۶۷ پونڈ ہے

اِس سوال میں بیاج ۴۲۵ پونڈ کا ۳ سال کا = ۵۱ پونڈ

∴ بیاج ایک پونڈ کا ۳ سال کا = $\frac{۵۱}{۴۲۵}$

∴ بیاج ایک پونڈ کا ایکسال کا = $\frac{۵۱}{۴۲۵ \times ۳}$

∴ بیاج ۱۰۰ پونڈ کا ایکسال کا = $\frac{۱۰۰ \times ۵۱}{۴۲۵ \times ۳} = ۴$

∴ شرح سود ۴ فیصدی سالانہ ہے

مثال ۳۔ کتنے وقت میں ۳۶۰ روپیہ کا سود ۵ فیصدی سالانہ کے حساب سے ۱۲۶ روپیہ ہوگا

چونکہ ۱۰۰ روپیہ کا ایکسال کا سود ۵ روپیہ ہے

∴ ایک روپیہ کا ایک سال کا سود $\frac{۵}{۱۰۰}$ یعنی $\frac{۱}{۲۰}$ روپیہ ہے

∴ ۳۶۰ روپیہ کا ایکسال کا سود $(\frac{۱}{۲۰} \times ۳۶۰)$ یعنی ۱۸ روپیہ ہے

اب چونکہ ۱۸ روپیہ ۳۶۰ روپیہ کا سود ایکسال کا ہے

∴ ایک روپیہ ۳۶۰ روپیہ کا سود $\frac{1}{18}$ سال کا ہوگا

∴ ۱۲۶ روپیہ ۳۶۰ روپیہ کا سود ($\frac{1}{18} \times 126$) یعنی ۷ سال کا ہوگا

∴ وقت مطلوب ۷ سال ہوگا

مثال ۴۔ کتنے وقت میں ۳۰۰ پونڈ کا سود ۶ فیصدی سالانہ کے حساب سے ۹۹ پونڈ ہوگا

∴ ۳۰۰ پونڈ کا سود ایکسال کا = ۱۸ پونڈ اور ۳۰۰ پونڈ کا سود وقت مطلوب کا = ۹۹ پونڈ

∴ وقت مطلوب = $\frac{99}{18} = 5\frac{1}{2}$ سال

مثال ۵۔ کتنے وقت میں ۱۷۸ روپیہ ۲ آنہ کا مول بیاج ۳$\frac{1}{2}$ فیصدی سالانہ کے حساب سے ۲۸۴ روپیہ ایک آنہ ۹ پائی ہوگا

اِس مثال میں بیاج = ۲۸۴ روپیہ ایک آنہ ۹ پائی − ۱۷۸ روپیہ ۲ آنہ

= ۱۰۵ روپیہ ۵ آنہ ۹ پائی

چونکہ ۱۰۰ روپیہ کا ایک سال کا بیاج ۳$\frac{1}{2}$ یعنی $\frac{7}{2}$ روپیہ ہوگا

∴ ایک روپیہ کا ایک سال کا بیاج $\frac{7}{200}$ روپیہ ہوگا

∴ ۱۷۸ روپیہ ۲ آنہ یعنی $\frac{1425}{8}$ روپیہ کا ایکسال کا بیاج ($\frac{7}{200} \times \frac{1425}{8}$) یعنی $\frac{399}{64}$ روپیہ ہوگا

اب چونکہ $\frac{399}{64}$ روپیہ ۱۷۸ روپیہ ۲ آنہ کا بیاج ایکسال کا ہوگا

∴ ایک روپیہ ۱۷۸ روپیہ ۲ آنہ کا بیاج $\frac{64}{399}$ سال کا ہوگا

∴ ۱۰۵ روپیہ ۱۵ آنہ ۹ پائی یعنی $\frac{6723}{64}$ روپیہ ۱۷۸ روپیہ ۲ آنہ کا بیاج

$(\frac{۶۷۵۳}{۶۴} \times \frac{۶۴}{۳۹۹})$ یعنی ۷ سال کا ہے

∴ وقت مطلوب ۷ سال ہے

مثال ۶۔ کتنے روپیہ کا سود ۳ سال کا ۴ فیصدی سالانہ کے حساب سے ۹۰ روپیہ ہے

چونکہ ۴ روپیہ ایکسال کا سود ۱۰۰ روپیہ کا ہے

∴ ایک روپیہ ایک سال کا سود ۲۵ روپیہ کا ہے

∴ ۹۰ روپیہ ایک سال کا سود (۹۰×۲۵) یعنی ۲۲۵۰ روپیہ کا ہے

∴ ۹۰ روپیہ ۳ سال کا سود $\frac{۲۲۵۰}{۳}$ یعنی ۷۵۰ روپیہ کا ہے

∴ اصل مطلوب ۷۵۰ روپیہ ہے

مثال ۷۔ کتنے پونڈ کا سود ۹۷ دن کا ۶ ¼ فیصدی سالانہ کے حساب سے ۲ پونڈ ۵ پینس ہے

چونکہ ۶ ¼ پونڈ ایکسال کا سود ۱۰۰ پونڈ کا ہے

∴ ایک پونڈ ایکسال کا سود ۱۶ پونڈ کا ہے

∴ ایک پونڈ ۹۷ دن کا سود $\frac{۹۷ \times ۱۶}{۳۶۵}$ پونڈ کا ہے

∴ ۲ پونڈ ۵ پینس ۹۷ دن کا سود $\frac{۹۷ \times ۱۶ \times ۲۶۵}{۴۸ \times ۹۷}$ پونڈ کا ہے

∴ اصل مطلوب ۱۲۱ پونڈ ۳ شلنگ ۴ پینس ہے

مثال ۸۔ کتنے روپیہ کا مول بیاج ۲ ½ برس کا ۴ ½ فیصدی سالانہ کے حساب سے ۱۰۰ روپیہ ۴ آنہ ہے

چونکہ ۱۰۰ روپیہ کا ایک برس کا بیاج ۴ ½ روپیہ ہے

∴ ۱۰۰ روپیہ کا ۲ ½ برس کا بیاج (۴½ × ۲) یعنی ۸½ روپیہ ہے

∴ (۱۰۰ + ۸½) یعنی ۸۸½ روپیہ مول بیاج ۱۰۰ روپیہ کا ہے

∴ ایک روپیہ مول بیاج (۱۰۰ × ۸/۸۸۱) یعنی ۸۰۰/۸۸۱ روپیہ کا ہے

∴ ۷۷۰ روپیہ ۱۴ آنہ یعنی ۶۱۶۷/۸ روپیہ مول بیاج (۸۰۰/۸۸۱ × ۶۱۶۷/۸) یعنی ۷۰۰ روپیہ کا ہے

∴ اصل مطلوب ۷۰۰ روپیہ ہے

مثال ۹۔ کتنے پونڈ کا مول بیاج ۱۵ سال کا ۴ ۵/۸ فیصدی سالانہ کے حساب سے ۵ پونڈ ۵ ½ پینس ہے

چونکہ ۱۰۰ پونڈ کا ایک سال کا بیاج ۴ ۵/۸ پونڈ ہے

∴ ۱۰۰ پونڈ کا ۱۵ سال کا بیاج (۱۵ × ۳۷/۸) یعنی ۵۵۵/۸ پونڈ ہے

∴ (۱۰۰ + ۵۵۵/۸) یعنی ۱۳۵۵/۸ پونڈ مول بیاج ۱۰۰ پونڈ کا ہے

∴ ایک پونڈ مول بیاج (۱۰۰ × ۸/۱۳۵۵) یعنی ۸۰۰/۱۳۵۵ پونڈ کا ہے

∴ ۵۷ پونڈ ۵ ½ پینس یعنی ۲۷۳۷۱/۴۸۰ پونڈ مول بیاج (۸۰۰/۱۳۵۵ × ۲۷۳۷۱/۴۸۰) یعنی ۳۳ پونڈ ۱۳ شلنگ ۴ پینس کا ہے

∴ اصل مطلوب ۳۳ پونڈ ۱۳ شلنگ ۴ پینس ہے

مشق ۱۰۱

(۱) کتنے وقت میں ۲۲۵ روپیہ کا سود ۶ ¼ فیصدی سالانہ کے حساب سے ۵۶ روپیہ ۴ آنہ ہو جائیگا

(۲) ۵۸۰ روپیہ کا ۳ سال کا سود ۹۲ روپیہ ۷ آنہ ہے بتاؤ کہ شرح سود کیا ہے

(۳) ہم نے ایک شخص سے ۶ فیصدی سالانہ کے حساب سے ۵ سال کے بیاج کے ۲۰۰ روپیہ لئے بتاؤ کہ ہمارا مول کتنا تھا

(۴) کتنے روپیہ کا ۲ برس ۶ مہینہ کا بیاج ۱۰ فیصدی سالانہ کے حساب سے ۵۲۵ روپیہ ہوگا

(۵) اگر ہم نے ۲۰۷۵ روپیہ ۵ فیصدی سالانہ سود پر قرض لئے اور مول بیاج کے ہم نے ۲۶۴۵ روپیہ ۱۰ آنہ ادا کئے بتاؤ کہ کتنی مدت تک ہمارے پاس روپیہ رہا

(۶) ۵ فیصدی سالانہ کے حساب سے ۵½ برس میں ۵۷۰ روپیہ ۱۰ آنہ ہمیں سود کے ملے بتاؤ کہ کتنا روپیہ سود پر لگا ہوا ہے

(۷) ۴۲۶۷ روپیہ ۴½ روپیہ فیصدی سالانہ کے حساب سے کتنی مدت میں دونے ہو جائیں گے

(۸) ۱۵۷۷ روپیہ ۱۰ آنہ ۸ پائی کے ۲۵ برس میں ۲۹۵۸ روپیہ ۲ آنہ ہو جاتے ہیں بتاؤ کہ شرح سود کیا ہے

(۹) ۹۳۶۶ روپیہ ۱۰ آنہ ۸ پائی کا ۴½ برس کا مول بیاج ۳۰۵۱۱ روپیہ ۱۱ آنہ ہے بتاؤ کہ شرح سود کیا ہے

(۱۰) بتاؤ کہ ۹ فیصدی سالانہ کے حساب سے کتنے روپیہ کا ۱½ برس میں بیاج ۲۰۷ روپیہ ہے

(۱۱) کس شرح کے حساب سے ۲۴۵۰ روپیہ کا مول بیاج ۹ مہینہ کا ۲۵۲۹ روپیہ ۱۰ آنہ ہے

(۱۲) ۴۰۰۶ روپیہ کا ۴½ فیصدی سالانہ سود کے حساب سے ۶۷۸۴ روپیہ کتنے زمانہ کا مول بیاج ہے

(۱۳) کتنے وقت میں ۲۰۵ پونڈ ۱۳ شلنگ ۴ پینس کا مول بیاج ۴½ فیصدی سالانہ کے حساب سے ۸۷۰ پونڈ ۱ شلنگ ۴ پینس ہوگا

(۱۴) کس شرح سود کے حساب سے ۲۷۳ پونڈ ۱۰ شلنگ کا ۱۸ برس کا سود ۳۰۱ پونڈ ۱۴ شلنگ ۹ پینس ہے

(۱۵) ۴½ فیصدی سالانہ سود کے حساب سے ۱۲ برس کا مول بیاج ۷۷۵ پونڈ ۱۰ شلنگ ہے بتاؤ کہ کتنا مول ہے

(۱۶) ۶½ فیصدی سالانہ سود کے حساب سے ۳ برس ۳۷۰ دن کا مول بیاج ۱۰ پونڈ ایک شلنگ ۱۰½ پینس ہے بتاؤ کہ مول کتنا ہے

(۱۷) ۷۵۰ روپیہ کے ۱۲½ روپیہ فیصدی سالانہ کے حساب سے کتنی مدت میں دوگنے ہو جائیں گے

(۱۸) کس شرح بیاج سے ۲۳۷ پونڈ ۱۳ شلنگ ۴ پینس کا مول بیاج ۴½ برس کا ۳۴۵ پونڈ ۱۱ شلنگ ایک پینس ہے

(۱۹) کتنے روپیہ کا مول بیاج ۱۳ سال کا ۳½ فیصدی سالانہ کے حساب سے ۱۰۰۰ روپیہ ہے

(۲۰) کتنے پونڈ کا سود ۲ سال ۵ مہینہ ۱۰ دن کا ۴ فیصدی سالانہ کے حساب سے ۱۰۰ پونڈ ہے

(۲۱) کتنے وقت میں ایک روپیہ کا مول بیاج ۸½ فیصدی سالانہ کے حساب

سے ۳ روپیہ ہو جائیں گے

سود مرکب یا سود در سود

۲۰۸- کسی رقم کا کسی وقت کے لئے کسی شرح کے حساب سے سود در سود نکالنے کا قاعدہ یہ ہے اور اس قاعدہ کی بنا سود در سود کی تعریف پر ہے

قاعدہ- اصل رقم کا سود ایک سال کا نکالو اور اس کو اصل رقم میں جمع کرو حاصل جمع کو دوسرے سال کے لئے اصل رقم خیال کر کے اس کا سود دوسرے سال کا نکالو اور پھر اس سود کو دوسرے سال کی اصل میں جمع کر کے حاصل جمع کو تیسرے سال کے لئے اصل رقم خیال کرو اور یہ عمل اتنی بار کرو کہ جتنے سالوں کا سود تمہیں نکالنا ہے آخر رقم جو اس طرح دریافت ہوگی وہ دی ہوئی رقم کا مول بیاج دیے ہوئے وقت کا ہوگی اور مول بیاج میں سے اصل رقم گھٹانے سے حاصل تفریق سود در سود ہوگا

مثال ۱- ۵۰۰ روپیہ کا سود در سود ۲ سال کا ۶ فیصدی سالانہ کے حساب سے نکالو

		۵۰۰ روپیہ
		۶
		۱۰۰) ۳۰۰۰
پہلے سال کا سود	=	۳۰
پہلا اصل	=	۵۰۰
دوسرے سال کے لئے اصل	=	۵۳۰
		۶
		۱۰۰) ۳۱۸۰
دوسرے سال کا سود	=	۳۱ ۱/۸
دوسرے سال کا اصل	=	۵۳۰
دوسرے سال کا اصل مع سود در سود	=	۵۶۱ ۱/۸
	=	۵۶۱ روپیہ ۱۲ آنہ ۶ ۹/۹ پائی

اور سود در سود مطلوب = ۶۱ روپیہ ۱۲ آنہ ۹ ۶/۶ پائی ۔۔۔ جواب

= ۶۱ روپیہ ۱۲ آنہ ۹ ۶/۶ پائی

مثال ۲۔ ۸۵۲۵ پونڈ کا ۳ سال کا سود در سود ۸ فیصدی سالانہ کے حساب سے نکالو

۸۵۲۵ پونڈ

۸

۶۸۲۰۰ (۱۰۰

پہلے سال کا سود = ۶۸۲

پہلے سال کا اصل = ۸۵۲۵

دوسرے سال کے لئے اصل = ۹۲۰۷

۹

۷۳۶۵۶ (۱۰۰

دوسرے سال کا سود = ۷۳۶ ۵۶

دوسرے سال کا اصل = ۹۲۰۷

تیسرے سال کے لئے اصل = ۹۹۴۳ ۵۶

۸

۷۹۵۴۸ ۴۸ (۱۰۰

تیسرے سال کا سود = ۷۹۵ ۴۸۴۸

تیسرے سال کا اصل = ۹۹۴۳ ۵۶

۳ سال کا اصل معہ سود در سود = ۱۰۷۳۹ ۰۴۴۸ پونڈ = ۱۰۷۳۹ پونڈ

۰ شلنگ ۱۰ ۷۵۲ پینس

اور سود در سود مطلوب = ۱۰۷۳۹ پونڈ ۰ شلنگ ۱۰ ۷۵۲ پینس ۔ ۸۵۲۵ پونڈ

= ۲۲۱۴ پونڈ ۲ شلنگ ۱۰ ۷۵۲ پینس

۲۰۹۔ کسی برس کے حصہ کا سود دریافت کرنے کے لئے اس برس کا سود دریافت کرکے اس کا وہ حصہ لے لیتے ہیں مثلاً ۳ ½ برس کا سود در سود دریافت کرنے کے لئے اوّل ۳ برس کا سود در سود دریافت کرو

اور اُس میں چوتھے برس کے سود کا آدھا جمع کرو

مثال ۲۰۰۰ روپیہ کا ۳½ برس کا سود در سود ۵ فیصدی سالانہ کے حساب سے نکالو

۲۰۰۰ روپیہ

۵

۱۰۰) ۱۰۰۰۰ (۱۰۰

پہلے سال کا سود = ۱۰۰

پہلے سال کا اصل = ۲۰۰۰

دوسرے سال کے لئے اصل = ۲۱۰۰

۵

۱۰۰) ۱۰۵۰۰ (۱۰۰

دوسرے سال کا سود = ۱۰۵

دوسرے سال کا اصل = ۲۱۰۰

تیسرے سال کے لئے اصل = ۲۲۰۵

۵

۱۰۰) ۱۱۰۲۵ (۱۰۰

۲) ۱۱۰۲۵ (۵۵

تیسرے سال کے ۶ مہینہ کا سود = ۱۱۲۵

تیسرے سال کا اصل = ۲۲۰۵

۳½ سال کا اصل معہ سود در سود = ۲۲۰۵ + ۱۱۲۵ = ۲۲۶۰ روپیہ ۲ آنہ

∴ سود در سود مطلوب = ۲۲۶۰ روپیہ ۲ آنہ − ۲۰۰۰ روپیہ

= ۲۶۰ روپیہ ۲ آنہ

۲۱۰ - جو قاعدہ ہم نے سود در سود نکالنے کا دفعہ ۲۰۸ میں لکھا ہے اُس سے بہت زیادہ عمل لکھنے کی ضرورت ہوتی ہے اسلئے ایک طریقہ ایسا بتائیں گے جس سے سوال جلد حل ہو جائیں

فرض کرو کہ شرح سود کی ہم فیصدی ہے

∴ اصل معہ سود ۱۰۰ روپیہ کا ایک سال کا ۱۰۴ روپیہ ہوئے

∴ اصل معہ سود ایک روپیہ کا ایک سال کا $\frac{۱۰۴}{۱۰۰}$ روپیہ ہوئے

اِسلئے یہ نتیجہ نکلا کہ کسی رقم معلوم کا ایک سال کا اصل معہ سود = $\frac{۱۰۴}{۱۰۰}$ × رقم معلوم

پھر چونکہ دوسرے سال کا اصل معہ سود = $\frac{۱۰۴}{۱۰۰}$ × اصل معہ سود پہلے سال کا

اور اصل معہ سود پہلے سال کا = $\frac{۱۰۴}{۱۰۰}$ × رقم معلوم

∴ دوسرے سال کا اصل معہ سود = $\frac{۱۰۴}{۱۰۰} \times \frac{۱۰۴}{۱۰۰}$ × رقم معلوم

پھر چونکہ تیسرے سال کا اصل معہ سود = $\frac{۱۰۴}{۱۰۰}$ × دوسرے سال کا اصل معہ سود

اور دوسرے سال کا اصل معہ سود = $\frac{۱۰۴}{۱۰۰} \times \frac{۱۰۴}{۱۰۰}$ × رقم معلوم

∴ تیسرے سال کا اصل معہ سود = $\frac{۱۰۴}{۱۰۰} \times \frac{۱۰۴}{۱۰۰} \times \frac{۱۰۴}{۱۰۰}$ × رقم معلوم

اب چونکہ رقم معلوم کا ۳ سال کا اصل معہ سود و رسود نکالنے میں ہمیں رقم معلوم کو $\frac{۱۰۴}{۱۰۰}$ یعنی ایک روپیہ کے اصل معہ سود سے دو بار اور تین سال کا اصل معہ سود و رسود نکالنے میں تین بار متواتر ضرب دینا پڑتا ہے اِسلئے یہ قاعدہ کسی وقت کے لئے اصل معہ سود و رسود و ریافت کرنے کا ہوا

قاعدہ۔ کسی رقم کا کسی شرح کے حساب سے اصل معہ سود و رسود جتنے سالوں کے لئے تھہیں نکالنا ہو اُتنی مرتبہ ایک روپیہ کے ایک سال کے اصل معہ سود سے رقم معلوم کو متواتر ضرب دو حاصل ضرب متواتر جواب مطلوب ہوگا

مثال ۵۴۰ روپیہ کا اصل معہ سود در سود ۶ فیصدی کے حساب سے ۳ سال کا نکا

ایک روپیہ کا ایک سال کا اصل معہ سود $1\frac{6}{100}$ یعنی ۱۰۶ روپیہ ہے

۵۴۰

۱۰۶

۳۲۴۰

۵۴۰

۵۷۲۴۰

۱۰۶

۳۴۳۴۴۰

۵۷۲۴۰

۶۰۶۷۴۴۰

۱۰۶

۳۶۴۰۴۶۴۰

۶۰۶۷۴۴۰

۶۴۳۱۴۸۶۴۰

∴ اصل معہ سود در سود مطلوب = ۶۴۳ روپیہ ۲ آنہ ۸ ۸۸۵۳ پائی ۴

اور سود در سود مطلوب = ۱۰۳ روپیہ ۲ آنہ ۸ ۸۸۵۳ پائی ۴

۲۱۱۔ بعض صورتوں میں یہ ٹھہر جاتا ہے کہ قرضدار سود ششماہی یا سہ ماہی ادا کرتا رہیگا اور اگر نہ ادا کرے تو سود پر سود دیا جائیگا ایسی صورتوں میں سود در سود نکالنے کے لئے اگر سود ششماہی ادا کرنا ٹھہرا ہے تو ہر سال کو دو سال اور شرح سود کے آدھے کو شرح سود خیال کرو اور اگر سود سہ ماہی دینا ٹھہرا ہے تو ہر سال کو چار سال اور شرح سود کی چوتھائی کو شرح سود سمجھو اور عمل قاعدہ ۲۰۸ یا قاعدہ دفعہ ۲۱۰ کے مطابق کرو

مثال ۱ ۱۰۰۰ روپیہ کا سود در سود ۲ سال کا ۴ فیصدی سالانہ کے حساب سے نکالو جب سود ہر ششماہی واجب الادا ہے

چونکہ ۴ فیصدی سالانہ = ۲ فیصدی ششماہی اور ۲ سال = ۴ ششماہی

∴ اصل معہ سود در سود مطلوب = $\frac{102}{100} \times \frac{102}{100} \times \frac{102}{100} \times \frac{102}{100} \times$ ۱۰۰۰ روپیہ

= ۱۰۸۲۴۳۲۱۶ روپیہ

= ۱۰۸۲ روپیہ ۶ آنہ ۲ پائی

∴ سود در سود مطلوب = (۱۰۸۲۴۳۲۱۶ − ۱۰۰۰) روپیہ = ۸۲۴۳۲۱۶ روپیہ

= ۸۲ روپیہ ۶ آنہ ۲ پائی

مثال ۲۔ ۵۰۰ پونڈ کا ۹ مہینہ کا سود در سود ۴ فیصدی سالانہ کے حساب سے نکالو جب سود ہر سہ ماہی واجب الادا ہو

چونکہ ۴ فیصدی سالانہ = ایک فیصدی سہ ماہی اور ۹ مہینہ = ۳ سہ ماہی

∴ اصل معہ سود در سود = $\frac{101}{100} \times \frac{101}{100} \times \frac{101}{100} \times$ ۵۰۰ پونڈ

= ۵۱۵۰۵ پونڈ

∴ سود در سود مطلوب = (۵۱۵۰۵ − ۵۰۰) پونڈ = ۱۵۰۵ پونڈ

= ۱۵ پونڈ ۳ شلنگ ۱۲ پینس

مشق ۱۰۲

اصل معہ سود در سود دریافت کرو

(۱) ۳۱۲ روپیہ ۸ آنہ کا ۲ برس کا ۳½ فیصدی سالانہ کے حساب سے

(۲) ۲۵۰ روپیہ کا ۳ برس کا ۳ فیصدی سالانہ کے حساب سے
(۳) ۲۷۲۰ روپیہ کا ۲ برس کا ۵ 〃 〃
(۴) ۳۰۵۰ روپیہ ۸ آنہ کا ۲½ برس کا ۷½ 〃 〃
(۵) ۳۷۵ پونڈ کا ۲ برس کا ۴½ 〃 〃
(۶) ۵۵۰ پونڈ کا ۳½ برس کا ۴ 〃 〃

سود در سود دریافت کرو

(۷) ۱۵۶۲ روپیہ ۸ آنہ کا ۲ برس کا ۴ فیصدی سالانہ کے حساب سے
(۸) ۳۱۲۵ روپیہ کا ۲ برس کا ۳ 〃 〃
(۹) ۵۰۰۰ روپیہ کا ۳ برس کا ۵ 〃 〃
(۱۰) ۶۲۵۰ روپیہ کا ۳ برس کا ۴½ 〃 〃
(۱۱) ۳۹۴۵ پونڈ کا ۴ برس کا ۴ 〃 〃
(۱۲) ۴۷۲۵ پونڈ کا ۳ برس کا ۴ 〃 〃

جب سود ہر ششماہی واجب الادا ہو تو اصل معہ سود در سود دریافت کرو

(۱۳) ۳۱۲۵ روپیہ کا ۲ برس کا ۴ فیصدی سالانہ کے حساب سے
(۱۴) ۷۵۰۰ روپیہ کا ۳ برس کا ۵ 〃 〃
(۱۵) ۲۷۴۵ پونڈ کا ۲ برس کا ۳ 〃 〃

(۱۶) ۴ فیصدی سالانہ سود کے حساب سے ۸۷۵ روپیہ کے ۲½ سال کے سود مفرد اور سود مرکب یا سود در سود کا فرق دریافت کرو

(۱۷) کسی رقم کے ۲ سال کے سود مفرد اور سود مرکب کا فرق ۵ فیصدی سالانہ سود

کے حساب سے ایک روپیہ ۴ آنہ ہے تو بتاؤ کہ وہ رقم کیا ہے

(۱۸) ۳½ فیصدی سالانہ سود کے حساب سے ۴۶۶ پونڈ ۱۳ شلنگ ۶ پینس کے ۳ سال کے سود مفرد اور سود مرکب کا فرق بتاؤ

(۱۹) کسی رقم کا سود مرکب ۴ فیصدی سالانہ سود کے حساب سے ۳ سال کا اُس کے اُسی مدّت اور اُسی شرح کے سود مفرد سے ۵ پونڈ ۴ شلنگ زیادہ ہے بتاؤ کہ وہ رقم کیا ہے

(۲۰) گنیشی لعل نے ایک لاکھ روپیہ ۵ سال کے لئے ۵ فیصدی سالانہ سود مفرد پر لگایا اور اُسی قدر روپیہ اُسی مدّت کے لئے اُسی شرح پر روپا بنیہ نے سود مرکب میں لگایا بتاؤ کہ ان دونوں میں کس نے کتنا روپیہ زیادہ حاصل کیا

(۲۱) موہن نے سوہن کو ۲۵۰۰ روپیہ ۳ برس کے لئے ۴½ فیصدی سالانہ سود مفرد پر قرض دیا اور پھر سوہن نے موہن کو اتنا ہی روپیہ اتنی ہی مدّت کے لئے ۴½ فیصدی سالانہ سود مرکب پر قرض دیا بتاؤ کہ کس نے کس سے کتنا زیادہ سود لیا

(۲۲) ا نے ۲۰۰۰ پونڈ ۳ سال کے لئے ۳½ فیصدی سالانہ کے حساب سے سود مرکب پر کسی شخص کو قرض دیا اور اُسی قدر ب نے اُسی مدّت کے لئے ۳½ فیصدی سالانہ کے حساب سے سود مفرد پر کسی شخص کو قرض دیا تو بتاؤ کہ جتنا جتنا سود ا اور ب نے وصول کیا اُن کا فرق کتنا ہے

قیمت نقد اور متی کا ٹا

۲۱۲- فرض کرو کہ موہن کو سوہن کے ۱۰۴ روپیہ دینے ہیں اور وہ روپئے اب سے ایک سال کے بعد واجب الادا ہوں گے اگر موہن

اُس قرضہ کو ابھی ادا کرنا چاہے تو ۱۰۴ روپیہ کے عوض اُسے اتنے روپے دینے چاہئیں کہ جنکو اگر وہ کسی ساہوکار کی دوکان میں سود پر جمع کرادے تو وہ روپیہ اور اُن کا سود ایک سال کا بلکر ۱۰۴ روپئے ہو جاویں اب اگر ساہوکار ہ میں سود کی شرح روپیہ جمع کرانے والوں کے لئے ۴ روپیہ سیکڑہ سالانہ ہی تو موہن ساہوکار کی دوکان میں ۱۰۰ روپیہ اب جمع کرکے ایک سال کے بعد ۱۰۴ روپیہ وصول کرسکتا ہی اسلئے اگر ابھی اپنا قرضہ ادا کرے تو ۱۰۴ روپیہ کے عوض ۱۰۰ روپیہ دیگا پس ۱۰۴ روپیوں کے جو اب سے ایک سال کے بعد واجب ادا لا ہوں گے قیمت نقد ۱۰۰ روپیہ اور متی کا ٹا ۴ روپیہ ہیں اسلئے

رقم معلوم کی جو مدّت معلوم میں واجب الادا ہو گی قیمت نقد یا قیمت حال وہ رقم ہی جسکو اگر اُس مدّت کے لئے سود پر لگا یا جا دے تو اصل رقم اور سود ملکر رقم معلوم کے برابر ہو اور اُسی قیمت نقد کا اُس مدّت کے لئے سود جو ہم کاٹ لیتے ہیں رقم معلوم کا متی کا ٹا کہلاتا ہی متی کاٹے کو کٹوتی یا بٹہ بھی کہتے ہیں

قرضہ معلوم کی جو مدّت معلوم میں واجب الادا ہو گا اور جب شرح سود کی مقرر ہی تو اُس کی قیمت نقد دریافت کرنے میں وہی عمل کرنا پڑتا ہی جو ہم نے دفعہ ۲۰۷ کی مثال ۵ میں جس میں اصل اور وقت اور اصل معہ سود معلوم تھے اصل کے دریافت کرنے کے لئے کیا ہی

مثال ۱ - ۲۶۲ روپیہ ۸ آنہ کی جو اب سے ایک سال کے بعد واجب الادا

ہوں گے قیمت نقد دریافت کرو جب شرح سودہ ۵ روپیہ سیکڑہ سالانہ ہے

چونکہ ۱۰۰ روپیہ کا ایک سال کا سود ۵ روپیہ ہے

∴ ۱۰۵ روپیہ کی قیمت نقد ۱۰۰ روپیہ ہے

∴ ایک روپیہ کی قیمت نقد $\frac{100}{105}$ یعنی $\frac{20}{21}$ روپیہ ہے

∴ ۲۶۲ روپیہ ۸ آنہ یعنی $\frac{525}{2}$ روپیہ کی قیمت نقد $(\frac{525}{2} \times \frac{20}{21})$ یعنی ۲۵۰ روپیہ ہے

مثال ۲ - ۲۶۲ روپیہ ۸ آنہ جو اب سے ایک سال کے بعد واجب الادا ہونگے اُن کا متی کاٹا دریافت کرو جب شرح سود ۵ روپیہ سیکڑہ سالانہ ہے

چونکہ ۲۶۲ روپیہ ۸ آنہ کی قیمت نقد جیسا کہ ہم نے پچھلی مثال میں دریافت کی ۲۵۰ روپیہ ہے

∴ ۲۶۲ روپیہ ۸ آنہ کا متی کاٹا (۲۶۲ روپیہ ۸ آنہ - ۲۵۰ روپیہ) یعنی ۱۲ روپیہ ۸ آنہ ہے

بغیر قیمت نقد کے پہلے دریافت کرنیکے ہم متی کاٹا اسطرح دریافت کرتے ہیں

چونکہ ۱۰۰ روپیہ کا ایک سال کا سود ۵ روپیہ ہے

∴ ۱۰۵ روپیہ کا ایک سال کا متی کاٹا ۵ روپیہ ہے

∴ ایک روپیہ کا ایک سال کا متی کاٹا $\frac{5}{105}$ یعنی $\frac{1}{21}$ روپیہ ہے

∴ ۲۶۲ روپیہ ۸ آنہ یعنی $\frac{525}{2}$ روپیہ کا اکیسال کا متی کاٹا $(\frac{1}{21} \times \frac{525}{2})$ روپیہ یعنی ۱۲ روپیہ ۸ آنہ ہے

مثال ۳ - اب سے ۸ مہینے کے بعد ہمیں ۴۱۶ روپیہ دینے ہیں بتاؤ کہ جب

سود کی شرح ۶ روپیہ سیکڑہ سالانہ ہے تو ہم کسقدر روپیہ کا ٹکڑا اپنا قرضہ بیباق کریں
چونکہ ۱۰۰ روپیہ کا سود ایکسال یعنی ۱۲ مہینے کا ۶ روپیہ ہے
∴ ۱۰۰ روپیہ کا سود ایک مہینہ کا $\frac{1}{2}$ روپیہ ہے
∴ ۱۰۰ روپیہ کا سود ۸ مہینے کا ۴ روپیہ ہے
∴ ۱۰۴ روپیہ کا ۸ مہینے کا متی کا ٹا ۴ روپیہ ہے
∴ ایک روپیہ کا ۸ مہینے کا متی کا ٹا $\frac{4}{104}$ یعنی $\frac{1}{26}$ روپیہ ہے
∴ ۴۱۶ روپیہ کا ۸ مہینے کا متی کا ٹا $(\frac{1}{26} \times 416)$ یعنی ۱۶ روپیہ ہے
∴ ۴۱۶ روپیہ میں سے ۱۶ روپیہ کا ٹکڑا اسوقت قرضہ بیباق کرنے کے لئے
∴ ۴۰۰ روپیہ دیں گے

مثال ۴۔ ہمارے پاس ۵۸۶ روپیہ ۸ آنہ کی ایک ہنڈی منی رام لکھمی چند پر ہے جس کا روپیہ اب سے ۴ مہینہ بعد واجب الادا ہوگا بتاؤ کہ اگر ہنڈوی کو اب ہم بٹانا چاہیں تو کتنا روپیہ ہمیں ملیگا منی رام لکھمی چند کی دوکان پر سود کی شرح ۸ آنہ سیکڑہ روپیہ ماہواری ہے
چونکہ ۱۰۰ روپیہ کا ایک مہینہ کا سود ۸ آنہ ہے
∴ ۱۰۰ روپیہ کا ۴ مہینہ کا سود (4×8) آنہ یعنی ۲ روپیہ ہے
∴ ۱۰۲ روپیہ کی ہنڈوی کا اب ۱۰۰ روپیہ ملیگا
∴ ایک روپیہ کی ہنڈوی کا اب $\frac{100}{102}$ روپیہ ملیگا
∴ ۵۸۶ روپیہ ۸ آنہ یعنی $\frac{1173}{2}$ روپیہ کی ہنڈوی کا اب $(\frac{1173}{2} \times \frac{100}{102})$ یعنی ۵۷۵ روپیہ ملیگا

۲۱۳- اِس جگہ ہم یہ بیان کریں گے کہ ایک ہی شرح سود کے حساب سے ایک ہی مدّت کے لئے کسی رقم کے سود اور متی کاٹے میں کیا فرق ہے

فرض کرو کہ شرح سود ۵ روپیہ سیکڑہ سالانہ ہے

چونکہ ۱۰۰ روپیہ کا سود ایکسال کا = ۱۰۰ روپیہ کا سود ایکسال کا + ۵ روپیہ کا سود ایکسال کا

اور ۱۰۵ روپیہ کی جو ایکسال میں واجب الادا ہونگے قیمت نقد ۱۰۰ روپیہ ہیں اور متی کاٹا ۵ روپیہ ہیں

∴ ۱۰۵ روپیہ کا سود = ۱۰۵ روپیہ کی قیمت نقد کا سود + ۱۰۵ روپیہ کے متی کاٹے کا سود

∴ ۱۰۵ روپیہ کا سود = ۱۰۵ روپیہ کا متی کاٹا + ۱۰۵ روپیہ کے متی کاٹے کا سود

اب اِس سے یہ ثابت ہوا کہ کسی رقم معلوم کے متی کاٹے میں اُسکے متی کاٹے کا سود مِلا دیا جائے تو دونوں مِلکر اُس رقم کا سود ہونگے

مثال ۱- کسی رقم کا متی کاٹا ۲½ برس کا اُس رقم کے اُسی مدّت کے سود کا $\frac{۸}{۹}$ ہے بتاؤ کہ سود کی شرح کیا سیکڑہ سالانہ ہے

چونکہ اُس رقم کا متی کاٹا + اُس رقم کے متی کاٹے کا سود = اُس رقم کا سود

∴ اُس رقم کے متی کاٹے کا سود = اُس رقم کے سود اور متی کاٹے کا فرق

لیکن اُس رقم کا متی کاٹا اُس رقم کے سود کا $\frac{۸}{۹}$ ہے یعنی اگر سود ایک روپیہ ہے تو متی کاٹا $\frac{۸}{۹}$ روپیہ ہے

∴ متی کاٹے یعنی $\frac{۸}{۹}$ روپیہ کا سود ۲½ برس کا = $(۱ - \frac{۸}{۹})$ یعنی $\frac{۱}{۹}$ روپیہ ہے

∴ ۸ روپیہ کا سود ۲½ برس کا ایک روپیہ ہے

∴ ۸ روپیہ کا سود ایک برس کا $\frac{2}{5}$ روپیہ ہے

∴ ۱ روپیہ کا سود ایک برس کا $\frac{1}{40}$ روپیہ ہے

∴ ۱۰۰ روپیہ کا سود ایک برس کا ۵ روپیہ ہے

∴ شرح سود ۵ روپیہ سیکڑہ سالانہ ہے

مثال ۲۔ جب سود کی شرح ۱۰ فیصدی سالانہ ہے تو ایک رقم کا ۹ مہینہ کا سود اُس رقم کی اُس مدت کے متی کاٹے سے ۳ روپیہ ۱۲ آنہ زیادہ ہے اُس رقم کو بتاؤ

چونکہ ۱۰۰ روپیہ کا سود ایک سال کا ۱۰ روپیہ ہے

∴ ۱۰۰ روپیہ کا سود ایک مہینہ کا $\frac{10}{12}$ روپیہ ہے

∴ ۱۰۰ روپیہ کا سود ۹ مہینہ کا $\frac{15}{2}$ روپیہ ہے

∴ $(100 + \frac{15}{2})$ یعنی $\frac{215}{2}$ روپیہ کا متی کاٹا $\frac{15}{2}$ روپیہ ہے

پھر چونکہ ۱۰۰ روپیہ کا سود ۹ مہینے کا $\frac{15}{2}$ روپیہ ہے

∴ ایک روپیہ کا سود ۹ مہینے کا $\frac{3}{40}$ روپیہ ہے

∴ $\frac{215}{2}$ روپیہ کا سود ۹ مہینے کا $(\frac{215}{2} \times \frac{3}{40})$ یعنی $\frac{129}{16}$ روپیہ ہے

لیکن $\frac{215}{2}$ روپیہ کا متی کاٹا ۹ مہینے کا $\frac{15}{2}$ روپیہ ہے

∴ $\frac{215}{2}$ روپیہ کے ایک ہی مدت کے سود اور متی کاٹے کا فرق $(\frac{129}{16} - \frac{15}{2})$ یعنی $\frac{9}{16}$ روپیہ ہے

اب چونکہ جب سود اور متی کاٹے کا فرق $\frac{9}{16}$ روپیہ ہے تو رقم $\frac{215}{2}$ روپیہ ہے

∴ جب یہ فرق ۹ روپیہ ہے تو رقم $\frac{215 \times 16}{2}$ یعنی ۱۷۲۰ روپیہ ہے

∴ جب یہ فرق ایک روپیہ ہے تو رقم $\frac{1720}{9}$ روپیہ ہے

∴ جب یہ فرق ۳ روپیہ ۱۲ آنہ یعنی $\frac{15}{4}$ روپیہ ہو تو رقم $(\frac{1720}{9} \times \frac{15}{4})$ روپیہ یعنی ۱۶۷ روپیہ ۱۰ آنہ ۸ پائی ہو

۲۱۴۔ صرافوں اور ساہوکاروں کا یہ دستور ہے کہ جب کوئی شخص کسی ایسی ہنڈوی کا جو کچھ مدّت کے بعد واجب الادا ہوگی روپیہ لینے کو اُن کی دوکان پر آتا ہے تو وہ بجائے مدتی کاٹے کے ہنڈوی کے کل روپیہ کا سود کاٹکر باقی روپیہ مالک ہنڈوی کو دیتے ہیں مثلاً موہن ۱۰۰ روپیہ کی ایک ہنڈوی جو اب سے ایک سال بعد واجب الادا ہوگی لیکر کسی ساہوکار کی دوکان پر اُس کا روپیہ لینے گیا اگر سود کی شرح ۶ $\frac{1}{4}$ روپیہ سیکڑہ سالانہ ہے تو ساہوکار ۱۰۰ روپیہ کا سود یعنی ۶ $\frac{1}{4}$ روپیہ کاٹکر باقی روپیہ یعنی ۹۳ روپیہ ۱۲ آنہ موہن کو دیگا اب اگر موہن ۹۳ روپیہ ۱۲ آنہ کو ۶ $\frac{1}{4}$ روپیہ سیکڑہ سالانہ سود پر لگا دے تو اصل اور سود ملکر سال بھر میں ۱۰۰ روپیہ نہو ویں گے اِس طرح معاملہ کرنے میں ساہوکار کو فائدہ رہتا ہے کیونکہ ہم نے دفعہ ۲۱۳ میں بہ تشریح بیان کیا ہے کہ ہر رقم کا کسی مدّت کا سود اُس کے اُس مدّت کے مدتی کاٹے سے زیادہ ہوتا ہے بعض جگہہ مہاجنوں اور ساہوکاروں نے ایک اور صورت اپنے فائدہ کی نکالی ہے وہ یہ ہے کہ سود لیتے وقت ہنڈوی کی مدّت میں ۳ دِن اور ملا دیتے ہیں مثلاً اب سے اگر کوئی ہنڈوی ۲۱ دِن کے بعد واجب الادا ہو تو وہ اُسکو ۲۴ دِن کے بعد قانوناً واجب الادا سمجھینگے اور اِسلئے ہنڈوی کا روپیہ دیتے وقت ۲۴ دِن کا سود کاٹ لیں گے اِن تین دِنوں کو **رعایتی دِن** کہتے ہیں جو ہنڈوی درشنی ہوتی ہے یعنی جس ہنڈوی کے دِکھاتے پر فوراً روپیہ ملجاوے اُس میں یہ رعایتی

دن نہیں شمار ہو سکتے ہیں

انگلستان میں یہ بھی دستور ہے کہ اگر کوئی ہنڈوی جس میں رعایتی دن درج نہوں کسی مہینہ کی ۳۱ تاریخ کو واجب الادا ہو اور اصل میں وہ مہینہ ۳۰ دن کا ہے تو تاریخ واجب الادا ہونیکی اُس مہینہ کی اخیر تاریخ یعنی ۳۰ تاریخ سمجھی جائیگی مثلاً اگر ہنڈوی ۳۱ جولائی کو ۴ مہینہ کی مدت پر لکھی گئی تو وہ ہنڈوی ۳ دن رعایتی ملاکر ۳ دسمبر کو واجب الادا سمجھی جائیگی انگلستان میں جب ہنڈوی اتوار کے دن واجب الادا ہوتی ہے تو اُس کا روپیہ سنیچر کے دن اتوار سے پہلے مل سکتا ہے

مثال ۱۰۰۰ روپیہ کی ایک ہنڈوی ۴ جون کو ۴ مہینے کی مدت پر لکھی گئی اور ۲۶ جولائی کو ۵ روپیہ سیکڑہ سالانہ سود کے حساب سے اُس کی متی کاٹی گئی بتاؤ کہ صراف کو اس معاملہ سے کیا فائدہ ہوا

چونکہ ہنڈوی ۴ جون کو ۴ مہینہ کی مدت پر لکھی گئی ہے اسلئے اُس ہنڈوی کے واجب الادا ہونے کی تاریخ برائے نام ۴ اکتوبر ہے لیکن ۳ دن رعایتی ملاکر واجب الادا ہونے کی تاریخ قانوناً ۷ اکتوبر ہے اور ۲۶ جولائی سے جس روز اُس ہنڈوی کی متی کاٹی گئی ۷ اکتوبر تک ۳ دن یعنی $\frac{1}{10}$ برس ہوا

صرّاف کی کٹوتی یعنی ۱۰۰۰ روپیہ کا $\frac{1}{10}$ سال کا سود ۵ روپیہ سیکڑہ سالانہ کے حساب سے $= \frac{\frac{1}{10} \times 5 \times 1000}{100}$ روپیہ $= 5$ روپیہ

اور اصل کٹوتی یعنی اُس رقم کا سود جس کا اصل معہ سود $\frac{1}{10}$ سال میں ۵ روپیہ سیکڑہ کے حساب سے ۱۰۰۰ روپیہ ہوگا $= \frac{1 \times 1000}{5 \times \frac{1}{10} + 100}$ روپیہ

$= \frac{1000}{101}$ روپیہ = ۹ روپیہ ۱۴ آنہ ۴ $\frac{100}{101}$ پائی

∴ صراف کا فائدہ = ۱۰ روپیہ - ۹ روپیہ ۱۴ آنہ ۴ $\frac{100}{101}$ پائی = ایک آنہ ۷ $\frac{1}{101}$ پائی

مشق ۱۰۳

قیمت نقد دریافت کرو

(۱) ۳۵۴ روپیہ ۶ آنہ کی جو اب سے ایکسال بعد واجب الادا ہیں وجب شرح سود منفرد فیصدی سالانہ ہے

(۲) ۳۱۶ روپیہ ۳ آنہ ۳ پائی کی 〃 ۱ ایکسال 〃 〃 ۳ $\frac{1}{4}$ 〃

(۳) ۸۴۵ روپیہ ۳ آنہ ۴ پائی کی 〃 ۶ مہینہ 〃 〃 ۳ 〃

(۴) ۳۵۶ روپیہ ۲ آنہ کی 〃 ۶ مہینہ 〃 〃 ۳ $\frac{1}{2}$ 〃

(۵) ۵۷۵ روپیہ ۱۰ آنہ کی 〃 ۷ مہینہ 〃 〃 ۴ 〃

(۶) ۷۱۵ روپیہ کی 〃 ۸ مہینہ 〃 〃 ۳ $\frac{3}{4}$ 〃

(۷) ۲۶۳۷ روپیہ ۸ آنہ کی 〃 ۱۱ مہینہ 〃 〃 ۶ 〃

(۸) ۶۲۵ روپیہ کی 〃 ایک برس ۷ مہینہ 〃 〃 ۵ $\frac{1}{2}$ 〃

(۹) ۲۷۴۶ روپیہ ۴ آنہ کی 〃 ۳ برس 〃 شرح ۴ روپیہ سیکڑہ سالانہ بحساب سود در سود ہے

متی کا ٹا دریافت کرو

(۱۰) ۷۹ روپیہ ۲ آنہ ۸ پائی کا جو اب سے ۴ مہینہ بعد واجب الادا ہے اور جس شرح سود منفرد پر ۴ روپیہ سیکڑہ سالانہ ہے

(۱۱) ۶۲۵ روپیہ ۶ آنہ ۶ پائی کا 〃 ۹ 〃 〃 〃 ۳ 〃

(۱۲) ۱۳۴ روپیہ ایک آنہ کا 〃 ۶ 〃 〃 〃 ۵ 〃

(۱۳) ۱۵۶ روپیہ ۱۴ آنہ کا 〃 ۳ 〃 〃 〃 ۳ $\frac{1}{2}$ 〃

(۱۴) ۶۰۸ روپیہ ۱۲ آنہ کا 〃 ۵ 〃 〃 〃 ۳ $\frac{1}{2}$ 〃

(۱۵) ۴۲۵ روپیہ کا جواب سے ۵ مہینہ بعد واجب الادا ہے اور جب شرح سود منفرد ۴ روپیہ سیکڑہ سالانہ ہے

(۱۶) ۴۵۵۰ روپیہ کا 〃 ۱۰ 〃 〃 〃 ۴ ۵/۶ 〃

(۱۷) ۱۶-۱۰ روپیہ ۱۳ آنہ کا 〃 ایک برس ۴ مہینہ 〃 〃 ۴ ۳/۴ 〃

(۱۸) ۶۸ روپیہ ۱۲ آنہ کا 〃 ۴۶ دن 〃 〃 ۴ ۳/۴ 〃

(۱۹) ایک ہنڈوی ۱۰۴۰ روپیہ کی ۱۰ مارچ کو ۶ مہینہ کی مدتی پر لکھی گئی ہے اور ۲۰ مارچ کو مہاجن نے اُس کا روپیہ ۱۰ روپیہ سیکڑہ سالانہ سود کاٹ کر دیا بتاؤ کہ مہاجن کو کیا نفع ہوا

(۲۰) ثابت کرو کہ ۵۷۲۳ روپیہ کا جواب سے ۴ مہینہ کے بعد واجب الادا ہونگے اصل مدتی کا ۴ ماہ فیصدی سالانہ سود کے حساب سے اُس فرق کا جو اُس کے اصل مدتی کاٹے اور اُس مدتی کاٹے کے درمیان ہے جو مہاجن روپیہ دیتے وقت کاٹ لیا کرتے ہیں ۵ گنا ہے (اِس سوال اور نیچے کے سوالوں میں ۳ دن رعایتی شمار نکرو)

(۲۱) ۶۸۱ روپیہ ۴ آنہ کا ۲ برس کا سود ۳½ فیصدی سالانہ کے حساب سے اور ۲۸۷ روپیہ ۵ آنہ کا مدتی کا ٹا اُسی مدت کا اور اُسی شرح سود کے حساب سے دونوں ایک ہی ہیں اِسکو ثابت کرو

(۲۲) ایک کتاب کی ۵ جلد ایک برس کی میعاد پر جسقدر روپیہ میں ملتی ہیں اُسی قدر نقد روپیہ میں ۶ جلدیں ملتی ہیں بتاؤ کہ کٹوتہ کی شرح کیا ہے

(۲۳) ایک سوداگر نے اپنے مال کی فہرست میں ہر چیز کے سامنے دو قسم کی قیمتیں درج کی ہیں ایک اُن خریداروں کے لئے ہے جو نقد دام دیکر خریدیں اور دوسری نقد قیمت پر ۵ فیصدی زیادہ کرکے اُن خریداروں کے لئے ہے جو اُدھار خریدتے ہیں اگر کسی چیز کی اُدھار کی قیمت ۳ روپیہ ایک آنہ ہے تو نقد قیمت اُس چیز کی کیا ہے

(۲۴) ایک سوداگر نے ایک گھوڑے کی قیمت میں ایک ہنڈوی ۱۵۶ روپیہ کی دی جس میں اب سے ۸ مہینہ کی مدّت باقی ہے اور مہاجنی سود کی شرح ۴ ½ فیصدی سالانہ ہے اور اُس گھوڑے کو اُسی وقت ۱۸۰ روپیہ نقد میں بیچڈالا بتاؤ کہ اُس سوداگر کو لاگت پر کیا سیکڑہ نفع ہوا

(۲۵) ہم نے کچھ مال ۱۱ روپیہ ۴ آنہ میں ۴ مہینہ کی میعاد پر اُدھار خریدا اور پھر اُسکو اُسی وقت ۱۱ روپیہ ۱۲ آنہ میں اُسی میعاد کے اُدھار پر بیچڈالا جس سے ہمیں ۶ ۳/۴ فیصدی لاگت پر نفع ہوا بتاؤ کہ جب مہاجنی سود کی شرح ۴ فیصدی سالانہ ہے تو ہم نے کس میعاد کی اُدھار پر بیچا ہے

(۲۶) جب سود کی شرح ۱۰ فیصدی سالانہ ہے تو بتاؤ کہ کس جمع کا ۶ مہینہ کا سود اُسکے اُسی مدّت کے متی کاٹے سے ۱۰ روپیہ زیادہ ہوگا

(۲۷) ایک سوداگر کسی قیمت میں جو ۶ مہینہ بعد یلگی جتنا مال دیتا ہے اُس سے دسواں حصّہ زیادہ اُتنی ہی قیمت میں اگر نقد ملے دیگا بتاؤ کہ نقد قیمت سے اُدھار کی قیمت کیا فیصدی زیادہ ہے

(۲۸) ایک آدمی نے ۸۰۰ روپیہ کا قرضہ ادا کرنے میں ۲ ہنڈویاں دیں جن میں سے ایک ہنڈوی میں جو ۳۳۶ روپیہ کی تھی ایک سال کی میعاد تھی اور دوسری ہنڈوی ۴۹۶ روپیہ کی تھی بتاؤ کہ جب کٹوتہ ۵ فیصدی سالانہ سود کے حساب سے لیا جاتا ہے تو دوسری ہنڈوی میں کتنی میعاد ہے

(۲۹) ایک شخص کو ۶۲۵ روپیہ قرضہ دینا ہے اُسکے بیباق کرنے میں وہ ۱۶۶ روپیہ ۱۰ آنہ ۸ پائی نقد اور ۲ ہنڈویاں دیتا ہے جن میں سے ایک ہنڈوی میں جو ۳۷۵

روپیہ کی ہے ۱۰ سال کی مدت باقی ہے اور دوسری ہنڈوی میں ۴ سال کی مدت باقی ہے بتاؤ کہ جب کوٹی ۵ فیصدی سالانہ سود مفرد کے حساب سے لی گئی ہے تو دوسری ہنڈوی کتنے روپیہ کی ہے

(۳۰) ۸۷۵ روپیہ کا قرضہ ۲۲۵ روپیہ نقد اور ۶۶۶ روپیہ ۴ آنہ کی ہنڈوی جس میں ۶ مہینہ کی مدت باقی ہے دینے سے بیباق ہو جاتا ہے بتاؤ کہ کس شرح سود سے مٹی کاٹی گئی ہے

جذر المربع

۲۱۵۔ کسی عدد کو اُسی عدد میں ضرب دینے سے جو حاصل ضرب پیدا ہوتا ہے اُسکو اُس عدد کا **مربع** یا **مجذور** یا اُس عدد کی دوسری قوت کہتے ہیں مثلاً ۴۹ جو ۷ کو ۷ میں ضرب دینے سے پیدا ہوتا ہے ۷ کا مربع یا مجذور ہے کسی عدد کے مربع یا مجذور کو جیسا کہ ہم دفعہ ۳۶ میں بیان کر چکے ہیں ہم اکثر اس طرح بیان کرتے ہیں کہ اُس عدد کو لکھکر اُسکے ذرا اوپر بائیں طرف ۲ کا ہندسہ لکھدیتے ہیں مثلاً 7^2 سے مراد ۷ کا مجذور ہے یعنی $7^2 = 49$

۲۱۶۔ کسی دیے ہوئے عدد کا **جذر المربع** یا صرف **جذر** وہ عدد ہے جو اپنے ہی آپ میں یعنی اپنی ہی ذات میں ضرب ہو کر حاصل ضرب دیا ہوا عدد پیدا کرے مثلاً ۴۹ کا جذر المربع ۷ ہے کیونکہ ۷ کو ۷ میں ضرب دیتے ہیں تو حاصل ضرب ۴۹ ہوتا ہے

کسی عدد کے جذر بتلانے کے واسطے کبھی ہم یہ علامت $\sqrt{\ }$ اُس عدد کے پہلے لکھدیتے ہیں اور کبھی کسر $\frac{1}{2}$ اُس عدد کے ذرا اوپر بائیں طرف لکھدیتے

ہیں مثلاً ۴۹ یا ۴۹ سے مراد ۴۹ کا جذر ہے یعنی ۴۹ یا ۴۹ = ۷

۲۱۷ - کسی صحیح عدد کے جذر دریافت کرنے میں جو حصہ عدد صحیح نکلتا ہے اُسکے ہندسوں کی تعداد نیچے لکھے ہوئے بیان سے معلوم ہوسکتی ہے

جذر ۱	کا	۱ ہے
جذر ۱۰۰	کا	۱۰ ہے
جذر ۱۰۰۰۰	کا	۱۰۰ ہے
جذر ۱۰۰۰۰۰۰	کا	۱۰۰۰ ہے
جذر وغیرہ	کا	وغیرہ ہے

اِس سے اب یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ جو عدد ۱ اور ۱۰۰ کے درمیان ہے اُس کا جذر ۱ اور ۱۰ کے درمیان کوئی عدد ہے یعنی اُسکے جذر میں وہ حصہ جو عدد صحیح ہے ایک ہندسہ کا ہے اور جو عدد ۱۰۰ اور ۱۰۰۰۰ کے درمیان ہے اُس کا جذر ۱۰ اور ۱۰۰ کے درمیان کوئی عدد ہے اور اُس جذر کے صحیح حصہ میں دو ہندسے ہیں اور جو عدد ۱۰۰۰۰ اور ۱۰۰۰۰۰ کے درمیان ہے اُس کا جذر ۱۰۰ اور ۱۰۰۰ کے درمیان کوئی عدد ہے اور اُس جذر کے صحیح حصہ میں تین ہندسے ہیں اور اسی قیاس پر ۱۰۰۰۰۰ کے آگے کے عددوں کی نسبت خیال کرنا چاہیئے اِسلئے اگر کسی عدد کے جسکا جذر دریافت کرنا ہے اکائی کی جگہ کے ہندسہ پر نقطہ کا نشان کریں اور اُس جگہ کے بائیں طرف ایک ایک ہندسہ چھوڑ کر اُس عدد کے ہندسوں پر نقطے لگاتے چلے جائیں تو جتنے نقطے لگائے گئے ہیں اُتنے ہندسے جذر کے صحیح حصہ میں ہوں گے مثلاً ۹۶ کے جذر میں جو صحیح عدد نکلیگا اُسمیں ایک ہندسہ ہوگا

اور ۲۰۸ کے جذر کے صحیح حصّہ میں دو ہندسے اور ۱۸۷۳۵ کے جذر کے صحیح حصہ میں تین ہندسے اور ۳۹۸۷۶۵۱ کے جذر کے صحیح حصّہ میں چار ہندسے ہونگے اور اسی قیاس پر اور عددوں کے جذر کی نسبت خیال کرنا چاہیئے

۲۱۸ - اُن عددوں میں سے جو ۱۰۰ سے کم ہیں اُن عددوں کا جو پُورے مربع ہیں جذر پہاڑوں کے نقشہ میں جو ہم نے دفعہ ۲۶ میں لکھا ہے دیکھکر بتلا سکتے ہیں مثلاً ۱۶۹ کا جذر ۱۳ ہے اور ۲۲۵ کا جذر ۱۵ ہے اور بعض عددوں کا جذر جو پورے مربع ہیں اُنکے اجزاء ضربی دریافت کرکے نکال سکتے ہیں مثلاً

$$۷۰۵۶ = ۴ \times ۴ \times ۴۴۱ = ۴ \times ۴ \times ۴ \times ۳ \times ۳ \times ۴۹$$

$$= ۴ \times ۴ \times ۴ \times ۳ \times ۳ \times ۷ \times ۷$$

اِسلئے ۷۰۵۶ کا جذر $۴ \times ۳ \times ۷$ یعنی ۸۴ ہے لیکن ایک عام قاعدہ جس سے کسی صحیح عدد کا جذر نکل سکے نیچے لکھا جاتا ہے

قاعدہ - جس عدد کا جذر نکالنا ہے اُس کی اکائی کی جگہ کے ہندسہ پر نقطہ لگاؤ اور پھر بائیں طرف ایک ایک ہندسہ چھوڑکر اُس عدد کے ہندسوں پر آخر تک نقطے لگاتے چلے جاؤ اِس طرح وہ عدد کئی دَوروں میں تقسیم ہوجاویگا اور نقطوں کی تعداد سے جیسا کہ ہم پچھلی دفعہ میں لکھ آئے ہیں اُن ہندسوں کی تعداد جو جذر میں ہوں گے معلوم ہوگی اب دریافت کرو کہ کونسا عدد بڑے سے بڑا ہے جسکا مجذور بائیں طرف کے اوّل دور میں سے تفریق ہوسکتا ہے اُس عدد کو جذر میں خارج قسمت کی طرح دیے ہوئے عدد کے داہنی طرف

لکھو اور اُسکے مجذور کو اوّل دَور میں سے گھٹاؤ اور جو کچھ باقی نکلے اُسکے داہنی طرف دوسرے دَور کے عدد کو اُتار لو اور اِس طرح جو عدد بنے اُسکے داہنی طرف کا ایک ہندسہ چھوڑکر باقی کو اُس عدد کے دُونے پر جو جذر میں لکھا ہی تقسیم کرو اور جو خارج قسمت نکلے اُسکو اُس عدد کے داہنی طرف جو پہلے جذر میں لکھا ہی اور مقسوم علیہ کے داہنی طرف دونوں جگہوں پر لکھ لو اور اب جو صورت مقسوم علیہ کی ہو جائے اُس کو اُس ہندسہ سے جو پیچھے جذر میں لکھا ہی ضرب دیکر حاصل ضرب کو اُس عدد میں سے جو اوّل باقی اور دوسرا دَور اُتارنیسے جیساکہ اوپر بیان ہوا ہی بنا ہی گھٹاؤ اور اگر اور دَور اُتارنیکے لئے باقی ہوں تو اُن کو بھی اُتارکر اوپر کا عمل جاری رکھو یہانتک کہ سب دَور ختم ہو جائیں

مقسوم علیہ جو جذر کے حصّہ معلوم کے دُونے سے بنتا ہی اُسکو **مقسوم علیہ امتحانی** کہتے ہیں کیونکہ اگر امتحان کرنے پر ہمیں یہ معلوم ہو کہ حاصل ضرب جسکو ہم مقسوم میں سے گھٹاتے ہیں مقسوم سے زیادہ ہی تو ہم یہ سمجھتے ہیں کہ جذر کا پچھلا ہندسہ ہم نے زیادہ بڑا لیا ہی اور اسلئے ہمکو اُس سے چھوٹا ہندسہ لیکر امتحان کرنا چاہئے

اگر کسی مقام پر عمل میں وہ عدد جو مقسوم علیہ امتحانی پر تقسیم ہونیوالا ہی بہ نسبت مقسوم علیہ امتحانی کے کم ہو تو جذر اور مقسوم علیہ امتحانی دونوں میں صفر لکھو اور پھر ایک اور دَور اُتارکر قاعدہ کے مطابق عمل کرو

مثال ۲۱۱۶ کا جذر دریافت کرو

۲۱۱۶	(۴۶
۱۶	
۵۱۶	۸۶
۵۱۶	

قاعدہ کے مطابق اوّل عدد معلوم پر نقطے لگائے اور پھر

دیکھا کہ کونسا ایسا بڑے سے بڑا عدد ہے جسکا مجذور پہلے دو رقم ۲۱ میں سے تفریق ہوسکتا ہے چونکہ ۴ کا مجذور ۱۶ ہے اور ۵ کا مجذور ۲۵ ہے اس سے صاف ظاہر ہے کہ ۴ بڑے سے بڑا عدد ہے جسکا مجذور ۲۱ میں سے تفریق ہوسکتا ہے اسلئے ۴ کو خارج قسمت کی طرح جذر میں عدد معلوم کے داہنی طرف لکھ لیا اب ۴ کے مجذور ۱۶ کو ۲۱ کے تلے لکھکر حاصل تفریق ۵ دریافت کیا اور جیب ۵ کے داہنی طرف دوسرا دور ۱۶ اوتارا تو عدد ۵۱۶ بنگیا جب ۴ کا دونا ۸ دریافت کرکے اُسپر ۵۱۶ کے داہنی طرف کے آخر ہندسہ ۶ کو چھوڑکر ۵۱ کو تقسیم کیا تو خارج قسمت ۶ نکلا اس ۶ کو جذر میں خارج قسمت کی طرح ۴ کے داہنی طرف اور مقسوم علیہ میں ۸ کے داہنی طرف لکھا اور پھر ۸۶ کو ۶ سے ضرب دیکر حاصل ضرب کو مقسوم ۵۱۶ میں سے گھٹایا تو باقی کچھ نہیں رہا

اسلئے ۴۶ جذر ۲۱۱۶ کا ہوا

دلیل اوپر کے قاعدہ کی یہ ہے

چونکہ $(۴۶)^۲ = ۲۱۱۶$

اور $(۴۶)^۲ = (۴۰+۶)^۲ = (۴۰+۶)(۴۰+۶)$

$= (۴۰+۶)\times ۴۰ + (۴۰+۶)\times ۶$

$= (۴۰)^۲ + ۴۰\times ۶ + ۴۰\times ۶ + ۶^۲$

$= (۴۰)^۲ + ۲\times ۴۰\times ۶ + ۶^۲$

اسلئے $۲۱۱۶ = (۴۰)^۲ + ۲\times ۴۰\times ۶ + ۶^۲$

اسلئے $\sqrt{۲۱۱۶} = \sqrt{(۴۰)^۲ + ۲\times ۴۰\times ۶ + ۶^۲}$

اب عمل جذر نکالنے کا اس طرح کیا جاسکتا ہے

$(۶+۴۰)^۲ ۶^۲ + ۲\times ۴۰\times ۶ + (۴۰)^۲$

$(۴۰)^۲$

$۲\times ۴۰\times ۶ + ۶^۲ \quad ۲\times(۴۰+۶)$

$۲\times ۴۰\times ۶ + ۶^۲$

پہلی رقم $(۴۰)^۲$ کا جذر ۴۰ ہے اور اُسکو جذر میں پہلی رقم کی جگہ پر لکھا ۴۰ کے مربع کو کل جملہ میں سے گھٹایا اور باقی $۲\times ۴۰\times ۶ + ۶^۲$ کو نیچے اُتارا اب $۲\times ۴۰\times ۶$ کو ۲×۴۰ پر تقسیم کیا تو خارج قسمت کو جو ۶ ہے جذر میں دوسری رقم کی جگہ پر لکھا پہلی رقم کے دونے اور دوسری رقم کے حاصل جمع یعنی $۲\times ۴۰ + ۶$ کو دوسری رقم ۶ سے ضرب دیا اور حاصل ضرب کو باقی میں سے گھٹایا

اگر جذر میں تین رقمیں ہوں گی تو ہم ۴۶ یا ۶۰ ۴ کو اوّل رقم خیال کرکے جیسا کہ پیشتر عمل کیا ہے عمل کریں گے

اب ہم اوپر کے عمل کو اس طرح لکھ سکتے ہیں

$۶+۴۰)۳۶+۴۸۰+۱۶۰۰($

۱۶۰۰

$۸۰+۶)۴۸۰+۳۶($

$۴۸۰+۳۶$

اور یہ عمل پھر وہی ہے جو نیچے لکھا جاتا ہے

$۴۶)۲۱۱۶($

۱۶

$۸۶)۵۱۶($

۵۱۶

مثال ۲۔ ۸۶۶۰۱۶۳۶ کا جذر دریافت کرو

قاعدہ کے مطابق اوّل ۸۶۶۰۱۶۳۶ (۹۳۰۶

عدد پر نقطے لگائے اور پھر دیکھا کہ کونسا ایسا بڑے سے بڑا عدد ہے جس کا مجذور پہلے دَور ۸۶ میں سے تفریق ہو سکتا ہے چونکہ ۹ سب سے بڑا عدد ہے جس کا مجذور ۸۱ پہلے دَور ۸۶ میں سے تفریق ہو سکتا ہے اِسلئے ۹ کو خارج قسمت کی طرح عدد معلوم کے داہنی طرف لکھدیا اب ۹ کے مجذور ۸۱ کو ۸۶ کے تلے لکھکر حاصل تفریق ۵ دریافت کیا اور جب ۵ کے داہنی طرف دوسرا دَور ۶۰ اُتارا تو عدد ۵۶۰ بنگیا جب ۹ کا دُونا ۱۸ دریافت کرکے اُسپر ۵۶۰ کے آخر ہندسہ صفر کو چھوڑکر ۵۶ کو تقسیم کیا تو خارج قسمت ۳ نکلا اِس ۳ کو خارج قسمت کی طرح جذر میں ۹ کے داہنی طرف اور مقسوم علیہ میں ۱۸ کے داہنی طرف لکھا اور پھر عدد ۱۸۳ کو جو مقسوم علیہ میں بنا ۳ سے ضرب دیکر حاصل ضرب ۵۴۹ کو مقسوم ۵۶۰ میں سے گھٹایا تو باقی ۱۱ رہا اب ۱۱ کے داہنی طرف تیسرا دَور ۱۶ اُتارکر مقسوم ۱۱۱۶ بنایا جب جذر کے عدد ۹۳ کا دُونا کیا تو ۱۸۶ ہوا اب چونکہ ۱۸۶ ۱۱۱۶ کے آخر ہندسہ ۶ کو چھوڑکر ۱۱۱ سے ۱۸۶ بڑا ہے اور اِسلئے اُس میں ایک بار بھی نہیں جا سکتا ہے اِسلئے جذر میں ۹۳ کے داہنی طرف اور مقسوم علیہ ۱۸۶ کے داہنی طرف ایک ایک صفر لکھا پھر ۱۱۱۶ کے داہنی طرف چوتھا دَور ۳۶ اُتارکر مقسوم ۱۱۱۶۳۶ بنایا اور جذر ۹۳۰ کا دُونا ۱۸۶۰ لیا اب مقسوم ۱۱۱۶۳۶ کے آخر ہندسہ ۶ کو چھوڑکر ۱۱۱۶۳ کو ۱۸۶۰

۱۸ = ۹×۲	۱۸۳ ۵۶۰ ۵۴۹
۱۸۶ = ۹۳×۲	۱۸۶۰۶ ۱۱۱۶۳۶ ۱۱۱۶۳۶
۱۸۶۰ = ۹۳۰×۲	

اِسلئے ۹۳۰۶ جذر ۸۶۶۰۱۶۳۶ کا ہے

پر تقسیم کیا تو خارج قسمت ۶ نکلا پھر اس ۶ کو جذر میں ۹۳۰ کے داہنی طرف اور مقسوم علیہ ۱۸۶۰ کے داہنی طرف لکھکر ۶ سے مقسوم علیہ ۱۸۶۰۶ کو ضرب دیکر حاصل ضرب کو جب مقسوم ۱۱۱۶۳۶ میں سے گھٹایا تو باقی کچھ نہیں رہا

اِسلئے ۹۳۰۶ جذر ۱۱۱۶۳۶ کا ہوا

مثال ۳ ۱۱۹۴۸۷۷۴۸۹ کا جذر دریافت کرو

۳۴۵۶۷) ۱۱۹۴۸۷۷۴۸۹ (۹

۶۴	۲۹۴	{ ۶ = ۳×۲ }
	۲۵۶	
۶۸۵	۳۸۸۷	{ ۶۸ = ۳۴×۲ }
	۳۴۲۵	
۶۹۰۶	۴۶۲۷۴	{ ۶۹۰ = ۳۴۵×۲ }
	۴۱۴۳۶	
۶۹۱۲۷	۴۸۳۸۸۹	{۶۹۱۲=۳۴۵۶×۲}
	۴۸۳۸۸۹	

اِسلئے ۳۴۵۶۷ جذر ۱۱۹۴۸۷۷۴۸۹ کا ہے

۲۱۹۔ چونکہ جذر ۱۰۰ کا ۱۰۰ ہے

اور جذر ۱۰۰۰۰ کا ۱۰۰ ہے

اور جذر ۱۰۰۰۰۰۰ کا ۱۰۰۰ ہے

اور جذر ۱۰۰۰۰۰۰۰۰ کا ۱۰۰۰۰ ہے

اور جذر وغیرہ کا وغیرہ ہے

اِسلئے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ کسور اعشاریہ کے جذر نکالنے میں سب سے پہلے یہ ضرور ہے کہ اعشاریہ کے مرتبوں کو بشرط ضرورت داہنی طرف ایک صفر بڑھا کر جفت بنا لو یعنی اگر اعشاریہ کے مرتبے ۷ ہوں تو ایک صفر زیادہ

کرکے آٹھ مرتبے بنالو اور اگر نو ہوں تو دس مرتبے بنالو اور پھر اگر عدد صحیح کے اکائی کی جگہہ کے ہندسہ پر ایک نقطہ لگاکر داہنی طرف ایک ایک ہندسہ چھوڑ کر نقطے لگاتے جاؤ تو جتنے نقطے کسری حصہ اعشاریہ پر لگینگے اُتنے ہی مرتبے جذر کے کسری حصّہ اعشاریہ میں ہونگے

کسر اعشاریہ میں اعشاریہ کے مرتبے جفت کرنے کا باعث اس بات پر خیال کرنے سے بخوبی سمجھ میں آجائیگا کہ جب اعشاریہ کے مرتبہ جفت ہیں تو اُسکے برابر کی کسر عام کے نسب نما میں ۱۰ کی قوت جفت ہوگی مثلاً ۰٫۰۱ = $\frac{۱}{۱۰۰}$ = $\frac{۱}{۱۰^{۲}}$ اور ۱۰ کی جفت قوت کا جذر تو راکلتا ہے

(۳۸) جتنا روپیہ موہن ۴ ½ فیصدی سودی راس المال میں جسکا بھاؤ ۵۹ ۵/۸ ہے لگاتا ہے اتنا ہی روپیہ سوہن ۵ فیصدی سودی راس المال میں لگاتا ہے اگر موہن کی آمدنی سوہن کی آمدنی سے ۲ فیصدی زیادہ ہے تو بتاؤ کہ سوہن نے ۵ فیصدی راس المال کس بھاؤ سے خریدا

(۳۹) درگا اپنا ۸۰۰۰ روپیہ ۴ ½ فیصدی سودی نوٹ میں جس کا بھاؤ ۹۶ ہے لگاتا ہے بتاؤ کہ رامو کسقدر روپیہ ۵ فیصدی سودی نوٹ میں جس کا بھاؤ ۱۰۸ ہے لگا دے تاکہ رامو کو اتنا ہی سود کا روپیہ ملے جتنا درگا کو ملے

(۴۰) ایک شخص اپنا ۳ فیصدی سودی راس المال ۴ روپیہ بٹہ سے بیچکر جو روپیہ حاصل

ہوتا ہی اُس سے ریلوے کے حصّے جن پر ۵ فیصدی نفع ملتا ہی برابر قیمت پر مول لیتا ہی بتاؤ کہ اِس معاملہ سے اُسکی جمع کے ہر سیکڑہ روپیہ پر کتنی کتنی آمدنی زیادہ ہوجاتی ہی

(۴۱) ایک شخص اپنا ۲۵۹۸۶ روپیہ سرکاری کاغذوں میں لگانا چاہتا ہی دو قسم کے سرکاری کاغذ ہیں ایک تو ۴ فیصدی سودی جس کا بھاؤ ۸½ بٹہ سے اور دوسرے ۵½ فیصدی سودی ۶½ باڑھے سے ہی بتاؤ کہ کس قسم کے کاغذ میں اُسکو روپیہ لگانے سے آمدنی زیادہ ہوگی اور کسقدر زیادہ ہوگی

(۴۲) ۴ فیصدی سودی نوٹ کا بھاؤ ۱۲ بٹہ سے ہی اور ۵ فیصدی سودی نوٹ کا بھاؤ ۵½ باڑھے سے ہی بتاؤ کہ ہر ایک قسم کے نوٹ میں روپیہ لگانے سے ہماری جمع پر کیا کیا سیکڑہ سود حاصل ہوگا

ایک شخص نے دونوں قسم کے نوٹوں میں برابر برابر روپیہ لگایا لیکن دوسری قسم کے نوٹوں سے جو آمدنی ہوئی وہ بہ نسبت پہلی قسم کے نوٹوں کی آمدنی کے ۳ روپیہ ۶ آنہ زیادہ ہی بتاؤ کہ اُسنے کتنا روپیہ ہر قسم کے نوٹوں میں لگایا

(۴۳) ایک شخص نے کسی بنک کے ۵ حصّے خرید کر اُن میں سے ۳ حصّے ۱۰ فیصدی فائدہ سے اور ۲ حصّے ۱۶⅔ فیصدی فائدہ سے بیچ ڈالے اور جسقدر فائدہ اُسنے پچھلے دو حصّوں کے بیچنے سے ہوا وہ اُس فائدہ سے جو پہلے تین حصّوں کے بیچنے سے ہوا ۲ روپیہ ۱۵ آنہ ۸½ پائی زیادہ ہی بتاؤ کہ اُس نے ہر حصّہ کتنے کو خریدا تھا

(۴۴) ایک شخص نے ۵ فیصدی سودی راس المال میں جس کا بھاؤ برابر کا ہی اتنا روپیہ لگایا ہی کہ اُسکے سود کی آمدنی انکم ٹیکس کا ۲ پائی فی روپیہ دیکر ۳۸۰۰ روپیہ ہی بتاؤ کہ اُسنے کسقدر روپیہ لگایا ہی

(۴۵) ایک شخص نے مدراس بنک کے ۱۰ حصے ۱۵۴۰ روپیہ کے بھاؤ سے خریدے جس سے اُس کی جمع پر ۵½ فیصدی سالانہ نفع ۵½ برس تک ملتا رہا پھر اُس نے اُن کو ۲۲½ روپیہ فیصدی کے نقصان سے بیچڈالا بتاؤ کہ اُن حصوں کی خرید فروخت سے اُسنے کتنا روپیہ کمایا اور اُس کی جمع پر کیا سیکڑہ سود پڑا

(۴۶) مہادیو کے پاس ۱۴۰۸ روپیہ تھے اُن میں سے آدھے روپیوں میں ۵½ فیصدی سودی پرامیسری نوٹ ۸ روپئے باڑھے پر خریدے اور آدھے روپیوں میں بنگال بنک کے حصے ۱۱۶ روپیہ باڑھے پر خریدے ایک سال کے بعد جب ۵½ فیصدی سودی نوٹ ۱۲ روپیہ باڑھے پر اور بنک کا حصہ ۱۳۰ باڑھے پر بکنے لگا تو اُس نے اپنے ۵½ فیصدی نوٹ اور نیز بنک کے حصوں کو بیچکر جو کچھ روپیہ ملا اُس سے ۴½ فیصدی سودی نوٹ ۹۰ ۳/۴ کے بھاؤ سے خریدے اب اُس کی آمدنی پہلی آمدنی سے ۱۰ روپیہ کم ہے بتاؤ کہ بنک ہر حصہ پر کتنا روپیہ تقسیم کرتی تھی

(۴۷) انگلستان کا کوئی رئیس ہندوستان کے کچھ ۵½ فیصدی سودی سرکاری کاغذ جب اُن کا بھاؤ برابر کا ہے خرید کر کے ہندوستان میں کسی مہاجن کے سپرد کر گیا یہ مہاجن سود کا روپیہ سرکار سے وصول کر کے اور وصول کرنیکی محنت کا حق ۲ فیصدی اُس میں سے وضع کر کے باقی کی ہنڈوی ہر سال اُس رئیس کے پاس انگلستان بھیجتا ہے اگر یہ ہنڈوی ۵۰۵ پونڈ ۶ شلنگ ۳ پینس کی ہے اور ولایت کی ہنڈوی ایک شلنگ ۱۰½ پینس کی ایک روپیہ میں ہوتی ہے تو بتاؤ کہ اُس رئیس نے سرکاری کاغذ کی خرید میں کتنا روپیہ صرف کیا

(۴۸) ایک شخص کے پاس ۳۲۰۰۰ روپیہ کا ۳ فیصدی راس المال ہے وہ اُن کو ۹۹ ۳/۴ کے بھاؤ سے بیچکر جو روپیہ حاصل ہوتا ہے اُس میں سے ریلوے کے حصے جن کی اصل قیمت

۵۰ ۴ فی حصہ ہی اور جسپر نفع ۵ روپیہ سیکڑہ ملتا ہی ۵۰۶ روپیہ کے عوض خریدتا ہی بتاؤ کہ اسکی آمدنی پر اس معاملہ سے کیا اثر ہوگا

(۴۹) گنیش کا ۱۰۰۰۰ روپیہ سرکار میں ۳ روپیہ سیکڑہ سود پر جمع تھا گورنمنٹ نے اُس سے یہ کہا کہ ایک خاص دن آنکر اپنا روپیہ لے لے یا ہر سو روپیہ کے عوض جو سرکار میں جمع ہی ۱۰۱ کا نوٹ لے جسپر ۲½ فیصدی سود ملیگا اُسنے پہلی بات کو منظور کیا اور سرکار سے روپیہ لیکر اُس روپیہ میں ۳ فیصدی نوٹ ۹۳ کے بھاؤ سے خرید لئے بتاؤ کہ اگر وہ دوسری بات کو منظور کرتا تو کیا نقصان اُس کی آمدنی میں آتا اور اب پہلی بات کو اختیار کرنے میں اُسکو کیا فائدہ ہوا

(۵۰) کل ۳½ فیصدی پرامیسری نوٹ ..... ۴۰ روپیہ کے لوگونکے پاس ہیں اگر گورنمنٹ اُن نوٹوں پر سود ۳½ فیصدی سے ۳ فیصدی کردے تو سرکار کو کیا فائدہ ہوگا اور اگر سود کے گھٹنے سے پرامیسری نوٹ کا بھاؤ ۱۰۱ سے گرکر ۹۵ ۳/۸ رہجاوے تو لوگونکو جنکے پاس نوٹ ہیں مالیت کا کیا نقصان ہوگا

معادلۂ اقساط

۲۳۳ جب ایک شخص دوسرے شخص کا قرض چکانے کے لئے مختلف قسطیں مختلف مدتوں میں ادا کرنا مقرر کرتا ہی تو جس ترکیب سے ہم یہہ دریافت کرتے ہیں کہ کس ایک ہی وقت میں کل قسطیں ادا ہوجانے سے دونوں شخصوں میں سے کسی کو کچھ نقصان نہو اُسکو معادلۂ اقساط کہتے ہیں

ایسے وقت کے دریافت کرنے کا قاعدہ یہ ہی

قاعدہ ۔ ہر قسط کے روپیہ کو اُس کی مدت میں ضرب دو اور سب حاصل

ضربوں کے مجموعہ کو سب قسطوں کے روپیوں کے مجموعہ پر تقسیم کرو خارج قسمت وقت معادلہ اقساط ہوگا

اِس قاعدہ کے رکھنے میں یہ بات مان لیگئی ہے کہ جو قسطیں وقت معادلہ اقساط سے پیشتر واجب الادا ہوگئی ہیں اُنکے روپیوں کا واجب الادا ہونیکی تاریخ سے وقت معادلہ اقساط تک کا سود برابر ہے اُن قسطوں کے روپیوں کے وقت معادلہ اقساط سے واجب الادا ہونے کی تاریخ تک کے سود کے جو وقت معادلہ اقساط کے بعد واجب الادا ہوں گے لیکن یہ بات اصل میں نہیں ہے کیونکہ کسی قسط کو واجب الادا ہونیکی تاریخ کے بعد دینے میں اُس قسط کا سود نہیں دیتے ہیں اور نہ کسی قسط کو واجب الادا ہونیکی تاریخ سے پیشتر ادا کرنے میں اُس قسط کا متی کاٹا وضع کرتے ہیں اور چونکہ سود ہمیشہ متی کاٹے سے بڑا ہوتا ہے اِسلئے قرضدار کو کسی قدر فائدہ ہوتا ہے اور اِسلئے یہ قاعدہ ٹھیک نہیں ہے لیکن چونکہ اِس فائدہ کی مقدار بہت کم ہوتی ہے اِسلئے اِس قاعدہ کو آسان طریقہ سمجھکر اُس کا ہمیشہ اِستعمال کرتے ہیں

مثال ۱۔ موہن کو سوہن کی دو قسطیں دینی ہیں ایک قسط ۸۰ روپیہ کی ۳ مہینے میں اور دوسری قسط ۱۲۰ روپیہ کی ۹ مہینے میں اب ایسی مدت دریافت کرو کہ دونوں قسطیں ایک ہی وقت ادا ہو جائیں اور کسی کو خسارہ نہ پڑے

بموجب قاعدہ کے عمل کرنے سے

$$\text{مدت معادلہ اقساط} = \frac{۹\times۱۲۰+۳\times۸۰}{۱۲۰+۸۰} \text{ مہینہ} = \frac{۱۰۸۰+۲۴۰}{۲۰۰} \text{ مہینہ}$$

$$= \frac{۱۳۲۰}{۲۰۰} \text{ مہینہ} = ۶\frac{۳}{۵} \text{ مہینہ}$$

مثال ۲۔ گنیش کو مہادیو کے ۱۰۰۰ روپیہ ۹ مہینے میں ادا کرنے تھے مگر گنیش نے روپیہ آنے پر ۲۰۰ روپیہ ۳ مہینے کے آخر میں اور ۳۰۰ روپیہ ۸ مہینے کے آخر میں ادا کر دیے بتاؤ کہ باقی ۵۰۰ روپیہ کب ادا کرے کہ دونوں میں سے کسی کو کچھ خسارہ نہ پڑے

اِس مثال میں ۲۰۰ × ۳ + ۳۰۰ × ۸ + ۵۰۰ × مہینہ مطلوب = ۱۰۰۰ × ۹

∴ ۶۰۰ + ۲۴۰۰ + ۵۰۰ × مہینہ مطلوب = ۹۰۰۰

∴ ۵۰۰ × مہینہ مطلوب = ۶۰۰۰

∴ مہینہ مطلوب = ۱۲

مشق ۱۰۹

(۱) ایک شخص کو کسی دوسرے شخص کے ۳۲۰ روپیہ اِس طرح ادا کرنے ہیں کہ ۶۰ روپیہ ۲۷ دِن میں اور ۸۵ روپیہ ۱۲۸ دِن میں اور ۷۰ روپیہ ۴۷ دِن میں اور ۱۰۵ روپیہ ۳۲۰ دِن میں بتاؤ کہ کُل روپیہ ایک ہی وقت کب ادا ہو کہ کسی کو کچھ نقصان نہو

(۲) ۱۰۵۰ روپیہ کے ادا کرنے کا وقت معادلہ اقساط دریافت کرو جس میں سے ایک تہائی اب سے ۳ مہینہ میں اور دو پانچواں حصہ ۴ مہینے میں اور باقی ۶ مہینے میں واجب الادا ہوگا

(۳) ۷۵۰ روپیہ ۳ قسطوں میں اِس طرح ادا ہونا ٹھیرا ہے کہ آدھا ۴ مہینے میں اور تین آٹھواں ۵ مہینے میں اور باقی ۶ مہینے میں بتاؤ کہ کُل روپیہ ایک مدّت میں کس وقت ادا ہونا چاہیے

(۴) بابو ست نرائن کو بابو درگا پرشاد کے ۴۴۰ روپیہ ۷ مہینے ایک دِن میں دینے تھے لیکن بابو ست نرائن نے ۴۸۰ روپیہ ۴ مہینے میں اور ۳۶۰ روپیہ ۶ مہینے میں اور

۲۸۸ روپیہ ۸ مہینے میں ادا کردیے بتاؤ کہ باقی ۳۱۲ روپیہ بابوست نراین کب ادا کریں کہ دونوں میں سے کسی کو کچھ نقصان نہو

(۵) ایک شخص کو کسی دوسرے شخص کا ۲۰۰۰ روپیہ ۱۲ مہینے میں ادا کرنا تھا مگر اُس شخص نے ۱۰۰۰ روپیہ کی قسط ۴ مہینے کے بعد ادا کردی بتاؤ کہ اس قسط کے ادا کرنے سے کتنے مہینے بعد باقی روپیہ ادا کرے

مبادلہ

۲۳۴۔ **مبادلہ** کے یہاں یہ معنی ہیں کہ ایک مُلک کے سکّوں کی خاص رقم کے عوض میں ہم دوسرے ملک کے سکّوں کی کونسی رقم دیں یا لیں مثلاً اگر کوئی ہندوستان کا صراف اِنگلستان کے صراف کو ۱۰۵ روپیہ دیوے اور اُسکے عوض میں ۱۰ پونڈ لیوے تو یہ مثال مبادلہ کی ہے

مبادلہ کے برابر کے چلن سے وہ اصلی قیمت کسی ملک کے سکّہ کی مُراد ہے جو دوسرے ملک کے سکّوں میں مقرر کردی گئی ہے اور یہ قیمت برائے نام ہے اور مبادلہ کے چلن بازار سے کسی ملک کے سکّہ کی وہ قیمت متغیر مُراد ہے جو دوسرے ملک کے سکّوں میں مبادلہ کرنے کے وقت ہوتی ہے مثلاً جب ۲ شلنگ کی چاندی اور ایک روپیہ کی چاندی قیمت میں برابر ہیں تو ایک روپیہ برابر ۲ شلنگ کے کہنے سے مبادلہ کا برابر کا چلن مُراد ہے لیکن مبادلہ کے چلن بازار کی رو سے کبھی ایک روپیہ برابر ہے ۱ ۳/۴ شلنگ یعنی ایک شلنگ ۹ پینس کے اور کبھی ایک روپیہ برابر ہے ۱ شلنگ ۱۰ ۱/۲ پینس کے

مثال ۱۔ ہندوستان کے سکّوں میں ۳۲۱ پونڈ کی کیا قیمت ہے جب لندن اور کلکتہ

کے درمیان مبادلہ کا چلن بازار ایک شلنگ ۱۰½ پینس فی روپیہ ہے

چونکہ ۱ شلنگ ۱۰½ پینس = ۱ روپیہ

∴ ۱۵/۸ شلنگ = ایک روپیہ

∴ ۱۵ شلنگ = ۸ روپیہ

∴ ۱ شلنگ = ۸/۱۵ روپیہ

∴ ۲۰ شلنگ یعنی ایک پونڈ = ۸×۲۰/۱۵ روپیہ

∴ ۳۲۱ پونڈ = ۸×۲۰×۳۲۱/۱۵ روپیہ = ۳۴۲۴ روپیہ

مثال ۲۔ کلکتہ میں کسی انگریزی سوداگر کو ۲۴۱ پونڈ ۶ پینس کے عوض ۲۴۸۸ روپیہ ملجاتے ہیں بتاؤ کہ مبادلہ کا چلن بازار کیا ہے

چونکہ ۲۴۸۸ روپیہ = ۲۴۱ پونڈ ۶ پینس = ۴۸۲۰ شلنگ ۶ پینس

∴ ایک روپیہ = ۴۸۲۰ شلنگ ۶ پینس/۲۴۸۸ = ایک شلنگ ۱۱۱/۴ پینس

∴ مبادلہ کا چلن بازار ایک شلنگ ۱۱¼ پینس فی روپیہ ہے

مثال ۳۔ اگر ملک ہولینڈ کے ۱۱۶۵ فلورن کے عوض ملک فرانس کے ۲۴۶۴۲ فرانک ملتے ہیں اور ۳۵۲ فلورن کے عوض ہیمبرگ کے ۴۰۷ مارک ملتے ہیں اور ۵۸۲۵/۳۲ مارک کے عوض پیٹرس برگ کے ۳۲ روبل ملتے ہیں بتاؤ کہ ۹۳۲ روبل کے عوض کتنے فرانک دینے چاہئیں

اِس مثال میں ایک روبل = ۵۸۲۵/۳۲ مارک

ایک مارک = ۳۵۲/۴۰۷ فلورن

ایک فلورن = ۲۴۶۴۲/۱۱۶۵ فرانک

∴ ایک روبل = $\frac{۵۸٫۲۵}{۳۲} \times \frac{۳۵۲}{۴۰۷} \times \frac{۲۴٫۴۲}{۱۱٫۶۵}$ فرانک = ۳٫۳ فرانک

∴ ۹۳۲ روبل = ۹۳۲ × ۳٫۳ فرانک = ۳۰۷۵٫۶ فرانک

مشق ۱۱۰

(۱) اگر ۱۲ فلورن کے عوض میں ایک پونڈ ملتا ہو اور ایک پونڈ کو ۲۵ فرانک ۵۶ سینٹ کے عوض میں دیتے ہیں بتاؤ کہ ایک فلورن کی قیمت فرانک اور سینٹ میں کیا ہو (ایک فرانک = ۱۰۰ سینٹ)

(۲) اگر ایک روپیہ = ایک شلنگ ۱۰ پینس اور ایک پونڈ = ۲۵ فرانک بتاؤ کہ ایک روپیہ کتنے فرانک کے برابر ہو

(۳) کمپنی کے ۷۵ روپیہ = بندابنی ۱۰۰ روپیہ اور بندابنی ۱۰۵ روپیہ = جیپوری ۸۰ روپیہ ۴ ورجے پوری ۸۸ روپیہ = اودے پوری ۸۴ روپیہ بتاؤ کہ کمپنی کے ۱۵ روپیہ کے عوض اودے پوری روپیہ کتنے آوینگے

(۴) ایک مسافر کے پاس جب اُس نے لندن چھوڑا ۲۳ پونڈ ۱۲ شلنگ ۶ پینس تھے اور شہر پیرس میں پہنچنے پر جو کچھ نقدی اُسکے پاس بچی تھی اُس کے عوض میں اُس نے ۲۳ نپولین ۱۲ فرانک ۵۰ سینٹ لئے جب مبادلہ کا چلن بازار ۲۵$\frac{۱}{۵}$ فرانک فی پونڈ ہو تو بتاؤ کہ اُس نے کسقدر نقدی راستہ میں خرچ کردی (ایک نپولین = ۲۰ فرانک اور ایک فرانک = ۱۰۰ سینٹ)

(۵) اگر ۳ پونڈ = ۲۰ تھیلر اور ۲۰ تھیلر = ۹۳ فرانک اور ۲۷ فرانک = ۵ اسکوڈی اور ۶۲ اسکوڈی = ۱۳۵ گلڈن تو بتاؤ کہ ۵ پونڈ ۱۰ شلنگ کے بدلہ میں کتنے گلڈن ملیں گے

(۶) ایک مسافر نے انگلستان چھوڑتے وقت جو کچھ اُسکے پاس نقدی تھی اُسکے بدلہ میں فرانک بحساب ۲۵ فرانک فی پونڈ لئے اور پیریا سکے دار السلطنت میونک میں پہنچکر ہر ۳۰۰ فرانک کے بدلہ میں ۱۲۵ گلڈن لئے اگر انگلستان میں ایک گلڈن کی قیمت ایک شلنگ ۸ ½ پینس ہو تو بتاؤ کہ اُس مسافر کو کیا نقصان ہوا

۲۳۵۔ جتنے ضروری عام اور خاص قاعدے حساب کے ہیں اُن کو ہمنے اِس کتاب میں لکھدیے ہیں اب ہم کچھ سوال متفرق قاعدوں سے پہلے حل کرکے پھر مشق کے لئے متفرق سوال لکھیں گے

(۱) موہن نے ایک مکان کتنے روپیہ کو خریدا اُس کا ۴ فیصدی اُس کی مرمت میں اور صرف کیا وہ مکان ایک سال تک خالی رہا جس سے موہن کو ۵ فیصدی سود کا کل لاگت مکان پر نقصان ہوا پھر اُس نے اُس مکان کو ۲۳۸۴ روپیہ میں بیچ ڈالا جس سے اُسے اصل قیمت خرید پر ۱۰ فیصدی نفع ہوا بتاؤ کہ اُس نے مکان کتنے روپیہ میں خریدا تھا

حل - فرض کرو کہ وہ مکان موہن نے ۱۰۰ روپیہ میں خریدا تھا

تو ۴ روپیہ اُس کی مرمت میں لگے اور اسلئے اُس مکان کی کل لاگت ۱۰۴ روپیہ ہوئی

اگر موہن یہ ۱۰۴ روپیہ مکان پر نہ لگاتا اور ۵ فیصدی سود پر جمع کراتا تو ایک سال میں اصل اور سود ملکر (۱۰۴ + ۵ ½) یعنی ۱۰۹ ½ روپیہ ہوجاتے

اگر موہن اُس مکان کو (۱۰۹ ½ + ۱۰) یعنی ۱۱۹ ½ روپیہ میں بیچے تو اُسے اُس مکان کی قیمت خرید کا روپیہ اور مرمت کا روپیہ اور سود کا روپیہ حاصل ہو کر ۱۰ روپیہ سیکڑہ قیمت خرید پر نفع ملیگا

اب چونکہ جو مکان ۱۱۹ ۱/۵ روپیہ میں بیچا جاتا ہے اُس کی قیمت خرید ۱۰۰ روپیہ ہے
∴ جو مکان ۵۹۶ روپیہ میں بیچا جاتا ہے اُس کی قیمت خرید ۵۰۰ روپیہ ہے
∴ جو مکان ایک روپیہ میں بیچا جاتا ہے اُس کی قیمت خرید $\frac{500}{596}$ روپیہ ہے
∴ جو مکان ۲۳۸۴ روپیہ میں بیچا جاتا ہے اُس کی قیمت خرید (۲۳۸۴ × $\frac{500}{596}$) یعنی ۲۰۰۰ روپیہ ہے

(۲) ۱۸۸۵ء میں متھرا میونسپل بورڈ کی ممبری کے لئے سیٹھ نراین داس اور مولوی عبدالہادی اور لالہ بدری پرشاد اور پنڈت گوپال پرشاد اور لالہ رام چندر امیدوار تھے اور ہر ووٹر یعنی رائے دہندہ کو اِن پانچ شخصوں میں سے کسی دو شخص کے لئے ووٹ یعنی رائے دینے کا مجاز تھا جتنے ووٹر ہیں اُن میں سے آدھے آدمیوں نے ایک ممبر کی جگہ پر سیٹھ نراین داس کے لئے ووٹ دیے اور دوسرے ممبر کی جگہ پر مولوی عبدالہادی اور لالہ بدری پرشاد اور پنڈت گوپال پرشاد اور لالہ رام چندر کے لئے ۴ و ۳ و ۲ و ۱ کی نسبت کے مطابق ووٹ دیے اور جتنے ووٹر باقی رہے اُن میں سے آدھوں نے ایک ممبر کی جگہ پر مولوی عبدالہادی کے لئے ووٹ دیے اور دوسرے ممبر کی جگہ پر لالہ بدری پرشاد اور پنڈت گوپال پرشاد اور لالہ رام چندر کے لئے ۳ و ۲ و ۱ کی نسبت کے مطابق ووٹ دیے اور اب جتنے ووٹر باقی رہے اُن میں سے دو تہائی نے پنڈت گوپال پرشاد اور لالہ رام چندر دونوں کے لئے ووٹ دیے اور ۱۳۵ ووٹر نے کسی کے لئے ووٹ نہیں دیے بتاؤ کہ کتنے شخص ووٹر یعنی رائے دہندہ تجویز ہوتے تھے اور سیٹھ نراین داس اور مولوی عبدالہادی اور لالہ بدری پرشاد اور پنڈت گوپال پرشاد اور لالہ رام چندر میں سے ہر ایک کے

لئے کتنے کتنے ووٹ ہوئے

حل - سوال پر غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ جتنے ووٹر تجویز ہوئے ہیں اُن کی تعداد کا $\frac{1}{12}$ = ۱۳۵

∴ ووٹر کی تعداد = ۱۶۲۰

∴ سیٹھ نرائن داس کے لئے ۸۱۰ ووٹ اور مولوی عبدالہادی کے لئے $(\frac{4\times810}{10} + 405)$ یعنی ۷۲۹ ووٹ اور لالہ بدری پرشاد کیلئے $(\frac{3\times810}{10} + \frac{3\times405}{5})$ یعنی ۴۸۶ ووٹ اور پنڈت گوپال پرشاد کے لئے $(\frac{2\times810}{10} + \frac{1\times405}{5} + 270)$ یعنی ۵۱۳ ووٹ اور لالہ رام چندر کے لئے $(\frac{1\times810}{10} + \frac{1\times405}{5} + 270)$ یعنی ۴۳۲ ووٹ ہوئے

(۳) ایسٹ انڈیا ریلوے کی ایک خاص ششماہی میں جتنی آمدنی ہوئی اُس کا ۴۱ فیصدی عملہ اور نوکروں کی تنخواہ میں خرچ ہوا اور ۵۶ فیصدی حصہ داروں میں ۳$\frac{1}{2}$ روپیہ فی حصہ تقسیم ہوا اور باقی .... ۱۵ روپیہ بچت میں رکھا گیا اگر ہر حصہ اُس ریلوے کا ۱۰۰ روپیہ کا ہو تو سب حصہ داروں کا روپیہ اُس ریلوے میں کتنا لگا ہے

حل - چونکہ آمدنی کا ۴۱ فیصدی نوکروں وغیرہ کی تنخواہ میں خرچ ہوا اور ۵۶ فیصدی حصہ داروں میں تقسیم ہوا

∴ آمدنی کا ۳ فیصدی بچت میں رکھا گیا

لیکن بچت میں .... ۱۵ روپیہ رکھا گیا ہے

∴ آمدنی کا ۳ فیصدی .... ۱۵ روپیہ ہے

∴ آمدنی کا ایک فیصدی .... ۵ روپیہ ہے

∴ آمدنی کا ۵۶ فیصدی ..... ۲۸۰۰۰۰ روپیہ ہے

اب چونکہ آمدنی کا ۵۶ فیصدی حصّہ داروں میں ۳½ یعنی ½ روپیہ فی حصّہ کے حساب سے تقسیم ہوا ہے

∴ ..... ۲۸۰۰۰۰ روپیہ حصّہ داروں میں ½ روپیہ فی حصّہ کے حساب سے تقسیم ہوا ہے

∴ حصّوں کی تعداد = ... ۲۸۰۰۰۰ ÷ ½ = ... ۸۰۰۰۰

اور چونکہ ہر حصّہ ۱۰۰ روپیہ کا ہے

∴ حصّہ داروں کا کل روپیہ ..... ۸۰۰۰۰۰ روپیہ ہے

(۴) ایک دیوالیہ کو جسقدر دینا ہے اُسی قدر بہی کھاتہ کی رُو سے اُس کا لینا ہے لیکن لینے میں سے ۶۰۰ پونڈ ایسے ہیں کہ ۱۳ شلنگ ۴ پنس فی پونڈ کے حساب سے وصول ہو سکتے ہیں اور باقی لینا ایسا ہے کہ پورا پورا وصول ہو سکتا ہے لیکن جسقدر بہی کھاتہ کی رو سے لینا ہے اُس کا ۵ فیصدی لینا وصول کرنے میں صرف ہوگا اپنا لینا وصول کر کے وہ دیوالیہ اپنے قرضخواہوں کو ۱۳ شلنگ فی پونڈ کے حساب سے چکا سکے گا بتاؤ کہ اُسکو کسقدر دینا ہے

حل - چونکہ ۶۰۰ پونڈ ایسے ہیں کہ اُن میں سے فی پونڈ ۱۳ شلنگ ۴ پنس وصول ہوتے ہیں اور ۵ فیصدی یعنی ایک شلنگ فی پونڈ وصول کرنے میں صرف ہوتا ہے

∴ اُس دیوالیہ کو فی پونڈ ۱۲ شلنگ ۴ پنس ملتے ہیں

پھر چونکہ باقی لینے میں سے فی پونڈ ایک پونڈ وصول ہوتا ہے اور ایک شلنگ فی پونڈ وصول کرنے میں صرف ہوتا ہے

∴ اُس دیوالیہ کو فی پونڈ ۱۹ شلنگ ملتے ہیں

اب چونکہ ۱۹ شلنگ ۱۲ شلنگ سے جو وہ دیوالیہ اپنے قرضخواہوں کو فی پونڈ دیتا ہے ۶ شلنگ زیادہ ہے اور ۱۲ شلنگ ۴ پینس اُس سے ۸ پینس کم ہے اور چونکہ ۶ شلنگ جو زیادہ وصول ہوتا ہے ۸ پینس کا ۹ گنا ہے

∴ ۶۰۰۰ پونڈ اُس لینے کا جس میں سے پونڈ کا پونڈ وصول ہوتا ہے ۹ گنا ہے

∴ وہ لینا جس میں پونڈ کا پونڈ وصول ہوتا ہے $\frac{۶۰۰۰}{۹}$ پونڈ یعنی ۶۶۶ پونڈ ۱۳ شلنگ ۴ پینس ہے

∴ کل لینا دیوالیہ کا = ۶۰۰۰ پونڈ + ۶۶۶ پونڈ ۱۳ شلنگ ۴ پینس = ۶۶۶۶ پونڈ ۱۳ شلنگ ۴ پینس ہے

اسلئے اُس دیوالیہ کو ۶۶۶۶ پونڈ ۱۳ شلنگ ۴ پینس قرض کا دینا ہے

(۵) ۲۸۶۰ روپیہ کو ایسے ۴ حصوں میں تقسیم کرو کہ اگر پہلے حصہ کا ۴ مہینے کا سود ۳ فیصدی سالانہ کے حساب سے اور دوسرے حصہ کا ۶ مہینے کا سود ۴ فیصدی سالانہ کے حساب سے اور تیسرے حصہ کا ۷ مہینے کا سود ۵ فیصدی سالانہ کے حساب سے اور چوتھے حصہ کا ۱۰ مہینے کا سود ۶ فیصدی سالانہ کے حساب سے لیا جاوے تو یہہ سب سود آپس میں برابر ہوں

حل - چونکہ کسی رقم کا ۴ مہینے کا سود ۳ فیصدی سالانہ کے حساب سے اُس رقم کا $\frac{۴\times۳}{۱۲\times۱۰۰}$ یعنی $\frac{۱}{۱۰۰}$ ہے

اور کسی رقم کا ۶ مہینے کا سود ۴ فیصدی سالانہ کے حساب سے اُس رقم کا $\frac{۶\times۴}{۱۲\times۱۰۰}$ یعنی $\frac{۱}{۵۰}$ ہے

اور کسی رقم کا ۷ مہینے کا سود ۵ فیصدی سالانہ کے حساب سے اُس رقم کا

$\frac{۵ \times ۷}{۱۰۰ \times ۱۲}$ یعنی $\frac{۷}{۲۴۰}$ ہے

اور کسی رقم کا ۱۰ مہینے کا سود ۶ فیصدی سالانہ کے حساب سے اُس رقم کا

$\frac{۱۰ \times ۶}{۱۰۰ \times ۱۲}$ یعنی $\frac{۱}{۲۰}$ ہے

∴ پہلے حصّہ کا $\frac{۱}{۱۰۰}$ = دوسرے حصّہ کا $\frac{۱}{۵۰}$ = تیسرے حصّہ کا $\frac{۷}{۲۴۰}$ = چوتھے حصّہ کا $\frac{۱}{۲۰}$

∴ چاروں حصّوں کی ایک دوسرے کے ساتھ ترتیب وار وہی نسبت ہے جو ۱۰۰ و ۵۰ و ۲۴۰ و ۲۰ کی ایک دوسرے کے ساتھ ترتیب وار ہے یعنی جو ۷۰۰ و ۳۵۰ و ۲۴۰ و ۱۴۰ کی ایک دوسرے کے ساتھ ترتیب وار ہے

لیکن ۷۰۰ + ۳۵۰ + ۲۴۰ + ۱۴۰ = ۱۴۳۰

∴ پہلا حصّہ = $\frac{۷۰۰}{۱۴۳۰}$ × ۲۸۶۰ روپیہ = ۱۴۰۰ روپیہ

اور دوسرا حصّہ = $\frac{۳۵۰}{۱۴۳۰}$ × ۲۸۶۰ روپیہ = ۷۰۰ روپیہ

اور تیسرا حصّہ = $\frac{۲۴۰}{۱۴۳۰}$ × ۲۸۶۰ روپیہ = ۴۸۰ روپیہ

اور چوتھا حصّہ = $\frac{۱۴۰}{۱۴۳۰}$ × ۲۸۶۰ روپیہ = ۲۸۰ روپیہ

(۶) اگر ایک تولہ سونے کی قیمت کو ایک تولہ چاندی کی قیمت کے ساتھ وہی نسبت ہے جو ۶۴۰ کو ۴۱ کے ساتھ ہے اور ایک مکعب انچ سونے کی قیمت کو ایک مکعب انچ چاندی کی قیمت کے ساتھ وہی نسبت ہے جو ۶۰۱۶۰ کو ۲۰۹۱ کے ساتھ ہے تو بتاؤ کہ ایک مکعب انچ سونے کے وزن کو ایک مکعب انچ چاندی کے وزن کے ساتھ کیا نسبت ہوگی

حل ۔ جب سونے اور چاندی کی قیمتوں میں ۶۴۰ اور ۴۱ کی نسبت ہے تو سونے اور چاندی کا وزن ایک ایک تولہ ہے یعنی دونوں کا وزن برابر ہے

اب ہمیں یہ دریافت کرنا ہے کہ جب سونے اور چاندی کی قیمتوں میں ۶۰۱۶۰ اور

۲۰۹۱ کی نسبت ہے تو اُنکے وزن میں کیا نسبت ہوگی اور وہ اِس طرح دریافت ہوتی ہے

$$\frac{۶۴۰}{۴۱} : \frac{۶۰۱۶۰}{۲۰۹۱} :: \frac{۱}{۱} : \text{نسبت مطلوب}$$

$$\therefore \text{نسبت مطلوب} = \frac{۶۰۱۶۰}{۲۰۹۱} \div \frac{۶۴۰}{۴۱} = \frac{۴۱}{۶۴۰} \times \frac{۶۰۱۶۰}{۲۰۹۱} = \frac{۹۴}{۵۱}$$

لیکن جب سونے اور چاندی کی قیمتوں میں ۶۰۱۶۰ اور ۲۰۹۱ کی نسبت ہے تو سونا اور چاندی ایک ایک مکعب اِنچ ہے

∴ ایک مکعب اِنچ سونے کے وزن کو ایک مکعب اِنچ چاندی کے وزن کے ساتھ وہی نسبت ہے جو ۹۴ کو ۵۱ کے ساتھ ہے

(۷) کسی ریلوے اسٹیشن پر دو توپ ایک دوسری سے ۶ منٹ کے بعد داغی گئیں اور ایک ریل گاڑی میں جو اسٹیشن کیطرف آرہی تھی ایک مسافر نے دوسری توپ کی آواز پہلی توپ کی آواز سے ۵ منٹ ۵۱ سکنڈ کے بعد سُنی اگر گاڑی کی کھڑکھڑاہٹ اسٹیشن پر اُسوقت سنائی دیتی ہے جسوقت گاڑی اسٹیشن سے ۲ میل کے فاصلہ پر ہے تو بتاؤ کہ کھڑکھڑاہٹ سنائی دینے کے کتنی دیر بعد گاڑی اسٹیشن پر پہونچی یہ بھی معلوم ہے کہ آواز ۱۱۲۵ فیٹ فی سکنڈ چلتی ہے

حل - اگر گاڑی چلتی نہوتی اور ایک مقام پر کھڑی ہوئی ہوتی تو مسافر دوسری توپ کی آواز پہلی توپ کی آواز سے ۶ منٹ کے بعد سنتا اور پیشتر اِسکے کہ مسافر کو آواز سنائی دے وہ ۶ منٹ میں ۱۱۲۵ × ۶ × ۶۰ فیٹ چلتی

لیکن گاڑی اور آواز ایک دوسرے کی طرف چلتی ہیں اور دونوں ملکر ۱۱۲۵ × ۶ × ۶۰ فیٹ کی مسافت ۵ منٹ ۵۱ سکنڈ یعنی ۳۵۱ سکنڈ میں طے کر ڈالتی ہیں

∴ گاڑی اور آواز ملکر ایک سکنڈ میں $\frac{۱۱۲۵ \times ۶ \times ۶۰}{۳۵۱}$ فیٹ طے کرتی ہیں

لیکن آواز اکیلی ایک سکنڈ میں ۱۱۲۵ فیٹ چلتی ہے

∴ گاڑی اکیلی ایک سکنڈ میں $(\frac{1125\times6}{351}\times60-1125)$ فیٹ یعنی $\frac{9\times1125}{351}$ فیٹ چلتی ہے

∴ گاڑی ۳۵۱ سکنڈ میں ۱۱۲۵ × ۹ فیٹ طے کرتی ہے

∴ گاڑی ایک فیٹ کی مسافت $\frac{351}{9\times1125}$ سکنڈ میں طے کریگی

∴ گاڑی ۲ میل یعنی ۲ × ۱۷۶۰ × ۳ فیٹ کی مسافت $\frac{3\times1760\times2\times351}{9\times1125}$ سکنڈ یعنی ۶ منٹ ۶،۰۸ سکنڈ میں طے کریگی

∴ کھڑکھڑاہٹ کی آواز سنائی دینے سے ۶ منٹ ۶،۰۸ سکنڈ بعد گاڑی اسٹیشن پر پہنچی

(۸) ایک بنیا غلّہ خریدتے وقت ترازو کے پھیر سے ۱۵ فیصدی زیادہ لے لیتا ہے اور اُسکو بیچتے وقت بھی ۱۵ فیصدی تول میں زیادہ بتاتا ہے بتاؤ کہ اس فریب سے وہ اصل لاگت پر کیا فیصدی نفع اُٹھاتا ہے

حل - چونکہ ۱۰۰ روپیہ دیکر وہ ۱۱۵ روپیہ کا غلّہ لے لیتا ہے اور پھر ۱۰۰ روپیہ کا غلّہ دیکر ۱۱۵ روپیہ لے لیتا ہے یعنی ایک روپیہ کا غلّہ دیکر $\frac{115}{100}$ روپیہ لے لیتا ہے

∴ ۱۱۵ روپیہ کا غلّہ جو اُسکے پاس تھا دیکر $(\frac{115}{100}\times115)$ یعنی ۱۳۲،۲۵ روپیہ لے لیتا ہے

لیکن ۱۱۵ روپیہ کے غلّہ کے عوض اُسنے ۱۰۰ روپیہ دیا تھا

∴ وہ بنیا ۳۲،۲۵ فیصدی نفع اُٹھاتا ہے

(۹) ایک آدمی ۱۰۰ روپیہ میں ۱۰۰ جانور یعنی گائے اور بکری اور بھیڑ خریدنا چاہتا ہے

جب ہر ایک گائے کی قیمت ۵ روپیہ ۸ آنہ اور ہر ایک بکری کی قیمت ۸ آنہ اور ہر ایک بھیڑ کی قیمت ۱۲ آنہ ہے تو بتاؤ کہ ہر ایک قسم کے کتنے کتنے جانور خرید سکتا ہے

حل - چونکہ ہر ایک گائے کی قیمت ۵ ½ روپیہ اور ہر ایک بکری کی قیمت ½ روپیہ اور ہر ایک بھیڑ کی قیمت ¾ روپیہ ہے

∴ گایوں کی قیمت اُن کی تعداد کے ۵ ½ گنے روپئے اور بکریوں کی قیمت اُن کی تعداد کے آدھے روپئے اور بھیڑوں کی قیمت اُن کی تعداد کے ¾ روپئے ہیں

لیکن گایوں کی قیمت اور بکریوں کی قیمت اور بھیڑوں کی قیمت ملکر ۱۰۰ روپیہ ہونا چاہئے

∴ گایوں کی تعداد کا ۵ ½ گنا اور بکریوں کی تعداد کا آدھا اور بھیڑوں کی تعداد کا ¾ ملکر برابر ہے ۱۰۰ کے

∴ گایوں کی تعداد کا ۱۱ گنا اور بکریوں کی تعداد اور بھیڑوں کی تعداد کا ۳ ½ گنا ملکر برابر ہے ۲۰۰ کے

لیکن گایوں کی تعداد اور بکریوں کی تعداد اور بھیڑوں کی تعداد ملکر برابر ۱۰۰ کے ہے

∴ گایوں کی تعداد کا ۱۰ گنا اور بھیڑوں کی تعداد کا آدھا ملکر برابر ۱۰۰ کے ہے

∴ گایوں کی پوری تعداد اور بھیڑوں کی تعداد کا بیسواں حصہ ملکر برابر ۱۰ کے ہے

اب چونکہ ہر ایک قسم کے جانوروں کی تعداد ایک پورا عدد ہے اور بھیڑوں کی تعداد کا بیسواں حصہ اور گایوں کی تعداد ملکر بھی ۱۰ یعنی ایک پورا عدد ہے

∴ بھیڑوں کی تعداد کا بیسواں حصہ بھی ایک پورا عدد ہے کیونکہ کوئی پورا عدد اور کسر واجب ملکر پورا عدد نہیں ہو سکتا ہے

∴ بھیڑوں کی تعداد ۲۰ ہوسکتی ہے یا ۴۰ کا ایسا ضعف ہوسکتی ہے جو ۱۰۰ سے کم ہے کیونکہ تینوں قسم کے سب جانور ملکر ۱۰۰ ہونے چاہئیں یعنی بھیڑوں کی تعداد ۲۰ یا ۴۰ یا ۶۰ یا ۸۰ ہوسکتی ہے

اور ∴ گایوں کی تعداد $(۱۰-\frac{۲۰}{۲})$ یا $(۱۰-\frac{۴۰}{۴})$ یا $(۱۰-\frac{۶۰}{۶})$ یا $(۱۰-\frac{۸۰}{۸})$

یعنی ۹ یا ۸ یا ۷ یا ۶ ہوسکتی ہے

اور اِسلئے بکریوں کی تعداد $\{۱۰۰-(۲۰+۹)\}$ یا $\{۱۰۰-(۴۰+۸)\}$ یا $\{۱۰۰-(۶۰+۷)\}$ یا $\{۱۰۰-(۸۰+۶)\}$ یعنی ۷۱ یا ۵۲ یا ۳۳ یا ۱۴ ہوسکتی ہے

اِسلئے وہ آدمی ۱۰۰ روپیہ میں ۱۰۰ جانور اس طرح خرید سکتا ہے

۹ گائے اور ۷۱ بکریاں اور ۲۰ بھیڑیں خریدے

یا ۸ گائے اور ۵۲ بکریاں اور ۴۰ بھیڑیں خریدے

یا ۷ گائے اور ۳۳ بکریاں اور ۶۰ بھیڑیں خریدے

یا ۶ گائے اور ۱۴ بکریاں اور ۸۰ بھیڑیں خریدے

(۱۰) ایک کنول کی ڈالی کا سرا کسی جھیل کی پانی کی سطح سے ۸ انچ اونچا تھا ہوا کے جھونکے سے جھک کر وہ ۲۸ انچ کے فاصلہ پر ڈوب گیا پانی کی گہرائی بتاؤ

حل - فرض کرو کہ ی ف پانی کی سطح ہے



ا ب کنول کی ڈالی ہے اور اُس کا حصہ ا د پانی سے باہر ہے اور ہوا سے جھک کر اب نقطہ س پر ڈوب گئی

تو ا د = ۸ انچ اور د س = ۲۸ انچ

اب چونکہ زاویہ ب د س قائمہ ہے

∴ ب س کا مربع = ب د کا مربع + ۲۸۲

لیکن ب س = ب ا = ب د + د ا

∴ (ب د + د ا)۲ = ب د۲ + ۲۸۲

∴ ب د۲ + ۲ × ب د × د ا + د ا۲ = ب د۲ + ۲۸۲

∴ ۲ × ب د × د ا + د ا۲ = ۲۸۲

∴ ۱۶ ب د + ۸۲ = ۲۸۲

∴ ۱۶ ب د = ۲۸۲ − ۸۲ = (۲۸ + ۸)(۲۸ − ۸) = ۲۰ × ۳۶

∴ ب د = $\frac{۲۰ \times ۳۶}{۱۶}$ = ۴۵

∴ پانی کی گہرائی ۴۵ انچ ہے

(۱۱) فرض کرو کہ کسی میدان میں گھاس روز مرّہ یکساں بڑھتی ہے اور ۱۳۲ بیل ۱۳ دن میں یا ۱۱۲ بیل ۱۶ دن میں اُس میدان کی کل گھاس کو جو پہلے سے موجود ہے اور جو پیدا ہوگی چر لینگے بتاؤ کہ ۱۴ دن میں کتنے بیل اُس میدان کی گھاس کو چر لینگے

حل - چونکہ ۱۶ دن میں اُس میدان کی موجودہ گھاس اور اُسکو جو ۱۶ دن میں پیدا ہوگی ۱۱۲ بیل چر لیتے ہیں

∴ ایک دن میں اُس میدان کی موجودہ گھاس اور اُسکو جو ۱۶ دن میں پیدا ہوگی ۱۱۲ × ۱۶ بیل چر لینگے (الف)

پھر چونکہ ۱۳ دن میں اُس میدان کی موجودہ گھاس اور اُسکو جو ۱۳ دن میں پیدا ہوگی ۱۳۲ بیل چر لیتے ہیں

∴ ایک دن میں اُس میدان کی موجودہ گھاس اور اُسکو جو ۱۳ دن میں پیدا

ہوگی ۲۹ ۱۷ بیل چر لینگے (ب)

∴ ا اور ب کو مقابلہ کرنے سے ایک دن میں اُس گھاس کو جو ۳ دن میں پیدا ہوگی ۶۳ بیل چر لینگے

∴ ایکدن میں اُس گھاس کو جو ایکدن میں پیدا ہوگی ۲۱ بیل چر لیں گے

∴ ایکدن میں اُس گھاس کو جو ۱۶ دن میں پیدا ہوگی ۳۳۶ بیل چر لینگے

∴ ا اور س کو مقابلہ کرنے سے ایک دن میں اُس میدان کی موجودہ گھاس کو ۱۴۵۶ بیل چر لینگے (س)

∴ ۱۴ دن میں اُس میدان کی موجودہ گھاس کو ۱۰۴ بیل چر لینگے

اور ہر روز کی پیدا ہوئی گھاس کو ۲۱ بیل روزمرّہ چر لیتے ہیں

∴ ۱۴ دن میں اُس میدان کی موجودہ گھاس اور اُسکو جو ۱۴ دن میں پیدا ہوگی (۱۰۴ + ۲۱) یعنی ۱۲۵ بیل چر لینگے

(۱۲) کسان اپنے لگان میں گیہوں اور کچھ نقد روپیہ دیتا ہے جب گیہوں کا بھاؤ ۲ روپیہ من ہوتا ہے تو نقد روپیہ اور گیہوں کی قیمت ملکر ۲۱۰ روپیہ لگان کے ہوتے ہیں اور جب گیہوں کا بھاؤ ایکروپیہ ۸ آنہ من ہوتا ہے تو نقد روپیہ اور گیہوں کی قیمت ملکر ۱۸۵ روپیہ لگان کے ہوتے ہیں بتاؤ کہ جب گیہوں کا بھاؤ ۲ روپیہ ۴ آنہ من ہوگا تو نقد روپیہ اور گیہوں کی قیمت ملکر کتنا روپیہ لگان کا ہوگا

حل چونکہ گیہوں کا بھاؤ ۸ آنہ من گر جانے سے لگان میں (۲۱۰ - ۱۸۵) یعنی ۲۵ روپیہ کی کمی ہوجاتی ہے

∴ کسان کو لگان میں ~~۲۵ روپیہ~~ یعنی ۵۰ من گیہوں دینا پڑتا ہے

∴ جب گیہوں ۲ روپیہ من ہے تو ۵۰ من گیہوں کی قیمت ۱۰۰ روپیہ ہے
اب چونکہ ۲ روپیہ من کے بھاؤ سے گیہوں کی قیمت اور نقد روپیہ لگان کا ملکر ۲۱ روپیہ ہیں

∴ نقد روپیہ لگان کا ۱۱۰ ہے

∴ جب گیہوں کا بھاؤ ۲ روپیہ ۴ آنہ من ہے تو گیہوں کی قیمت اور نقد روپیہ ملکر (۵۰ × ۲¼ + ۱۱۰) روپیہ یعنی ۲۲۲ روپیہ ۸ آنہ لگان کا ہے

(۱۳) ایک شخص اپنی معمولی رفتار کا ⅞ چلا اور اپنے گانوں میں معمولی وقت سے دو گھنٹہ دیر کرکے پہونچا تو بتاؤ کہ اُسکو معمولی طور پر اپنے گانوں کے پہنچنے میں کتنا وقت صرف ہوتا ہے اور اگر وہ اپنے گانوں میں ۲ گھنٹہ جلدی پہنچنا چاہے تو اُسکو کس حساب سے چلنا چاہئے

حل - چونکہ وہ اپنی معمولی چال کا ⅞ چلتا ہے تو اُسکو ۱ + ⅛ یعنی ⅛ اپنے معمولی وقت کا خرچ ہوتا ہے

∴ ⅛ معمولی وقت کا = معمولی وقت + ۲ گھنٹہ

∴ معمولی وقت = ۱۶ گھنٹہ

دوسرے یہ کہ وہ کس چال سے چلے کہ ۳ گھنٹہ جلد پہونچ جائے یعنی اُسکو صرف ۱۱ گھنٹہ لگیں

اس حالت میں کل وقت برابر ہے ¹¹⁄₁₆ معمولی وقت کے

اِسلئے اُسکو ¹⁶⁄₁₁ اپنی چال کا چلنا چاہئے

(۱۴) کسی دو عددوں کا مقسوم علیہ اعظم مشترک نکالنے میں خارج قسمت لگاتار

۲ و ۳ و ۴ ہیں اور آخری مقسوم علیہ ۵ ہے بتاؤ کہ دونوں عدد کیا ہیں

حل۔ فرض کرو کہ ا اور ب دونوں عدد ہیں اور ا اُن میں چھوٹا ہے

سوال میں آخری خارج قسمت یعنی ۵ ہے

اِسلئے س = ۴ و + ۲۰

اِسلئے ا = ۳ س + و = ۶۵

اور ب = ۲ ا + س

= ۲ × ۶۵ + ۲۰ = ۱۵۰

اِسلئے دونوں عدد ۶۵ اور ۱۵۰ ہیں

۲) ب (ا
۱۲
۳) ا (س
۳ س
۴) س (و
۴ و
باقی کچھ نہیں

مشق متفرق ۱۱۱

(۱) $\frac{\frac{1}{2} \times 3\frac{1}{3} - \frac{1}{3} \times 2\frac{1}{2}}{1 + \frac{1}{2} \quad 1 - \frac{1}{3}}$ کو مختصر کرو

(۲) ۰٫۰۰۱۲ کو ۰٫۰۰۱۷ میں ضرب دو اور ۰٫۰۰۸۴ کو ۰٫۰۰۱۶ پر تقسیم کرو

(۳) ۳٫۱۴۱۶ کا جذر المربع اعشاریہ کے تین مرتبوں تک صحیح دریافت کرو

(۴) اگر ۱۶۰ روپیہ ۴ آنہ ۸ پائی برابر ہیں ۱۵ پونڈ ۱۵ شلنگ ۶ $\frac{5}{64}$ پینس کے تو ایک روپیہ کی قیمت انگریزی سکوں میں بتاؤ

(۵) جب سود کی شرح ۵ فیصدی سالانہ ہے تو بتاؤ کہ کتنی جمع کا ۲ برس کا سود مرکب برابر ہوگا ۹۵۳ روپیہ کے ۱۰ برس کے سود مفرد کے

(۶) ۱۵٫۳۹۹۰۶۵۶۰ کا جذر المکعب دریافت کرو

(۷) مختصر کرو

(۱) $\frac{۱۱۷۵ - ۱۱۱۶ \times \frac{۲\frac{۱}{۴}}{۳\frac{۱}{۲}}}{۰۸۳ \times \frac{۵\frac{۱}{۷}}{۲\frac{۶}{۷}} + ۵۵۵}$ (۲) $\frac{۰۷۵ - ۰۳۸۶ \times \frac{۱\frac{۱}{۸}}{۴\frac{۳}{۴}}}{۰۲۷ \times \frac{۲\frac{۲}{۳}}{۵\frac{۵}{۶}} + ۳۲۷}$

(۸) ۲۴۹ ایکڑ ۳ روڈ ۲۸ پول زمین کا کرایہ بحساب ۲ پونڈ ۵ شلنگ ۶ پینس کا کیا ہوگا

(۹) $\frac{۲۵}{۲۱} + ۱\frac{۳}{۸} - ۷$ کو $۵\frac{۱}{۴} - ۳\frac{۱}{۲} + \frac{۱۷}{۲۱}$ سے تقسیم کرو اور خارج قسمت کو $۶\frac{۲}{۱۳} + ۹\frac{۱۰}{۲۵} - ۱۳\frac{۱}{۵}$ سے ضرب دو

(۱۰) بدھو اور مجو ایک ہی وقت آگرہ سے متھرا کے لئے روانہ ہوئے بدھو ۴ میل فی گھنٹہ اور مجو ۳ میل فی گھنٹہ چلتا ہے جب بدھو آدھی دور پہنچ گیا تب مجو نے ایک ٹٹو کرایہ کیا اور اُس پر سوار ہو کر ۸ میل فی گھنٹہ کے حساب سے اُس مقام تک گیا جو اُس جگہ سے جہاں بدھو سے ملا تھا کل سفر کا $\frac{۲}{۱۳}$ دور تھا اور پھر ٹٹو پر سے اتر کر متھرا تک پیدل چلا اور بدھو نے کل سفر پیدل طے کیا بتاؤ کہ متھرا پہلے کون پہونچا اور جب وہ متھرا پہنچا تو دوسرے کو کتنا سفر باقی تھا

(۱۱) ایک کھیت میں سے جو ۲۶ ایکڑ ۲۱ پول $۱\frac{۱}{۲}$ گز ہے ۴۰ ٹکڑے زمین کے جن میں سے ہر ٹکڑے کا رقبہ اُس مستطیل کے برابر ہے جس کی لمبائی ۳۲ گز اور چوڑائی $۱۵\frac{۱}{۴}$ گز ہے نکال لئے گئے جتنی زمین کھیت کی اب باقی رہی ہے اُسکا رقبہ ایکڑ پول اور گزوں میں بتاؤ

(۱۲) ۴ شلنگ $۳\frac{۱}{۲}$ پینس فی پونڈ والی چائے میں ۳ شلنگ $۷\frac{۱}{۲}$ پینس فی پونڈ والی چائے اِسطور سے ملائی گئی ہے کہ مرکب کا ۲۷ فیصدی پہلی قسم کی چائے ہے اگر اس

مرکب کی قیمت ۶ پونڈ ۱۶ شلنگ ۰ اپینس ہی تو اُس مرکب کا وزن بتاؤ

(۱۳) ایک سوداگر کچھ اسباب خرید کر کے اُس میں سے آدھا ۱۰ فیصدی کے نفع سے اور ایک تہائی ۱۶ ۲/۳ فی صدی کے نفع سے اور باقی ۱۳ ۱/۲ فیصدی کے نقصان سے بیچڈالتا ہی اگر اُسکو کل نفع ۴۴ پونڈ ۱۴ شلنگ ۴ ۱/۲ اپینس ہوا تو بتاؤ کہ اُس نے کل اسباب کتنے میں خریدا تھا

(۱۴) ایک قلعہ میں ... ۴۰ سپاہیوں کو ۵ ۱/۲ ماہ کے لئے خوراک کا سامان موجود ہی اگر اُن سپاہیونمیں سے ... اسپاہی چلے جاویں تو وہ سامان کتنے عرصہ کے لئے کافی ہوگا

(۱۵) رام نے ۴۰ کھلونہ ۱۲ شلنگ ۶ پینس کے حساب سے خریدے اور ۶ کھلونہ ۱۵ شلنگ ۶ پینس کے حساب سے خریدے تو بتاؤ کہ اوسط قیمت ہر ایک کھلونہ کی کیا ہوئی

(۱۶) دو گھڑیوں میں ایک ہی وقت ایک بجا اُن گھڑیوں میں سے ایک گھڑی فی گھنٹہ ایک منٹ سست چلتی ہی اور جب دوسری گھڑی میں ۲ بجے تو پہلی گھڑی میں ۲ پر ۳ منٹ گذر گئے تھے بتاؤ کہ دوسری گھڑی فی گھنٹہ کے منٹ سست چلتی ہی

(۱۷) ایک مربع چمن کے چاروں طرف ۳۶ گز کٹھیرا لگا ہوا ہی جتنی زمین اُس کٹھیرے کے اندر ہی اُس میں اگر ۴۰ مربع گز زمین اور ملا دیجاوے اور کل زمین کی شکل مربع رہے تو بتاؤ کہ کتنے گز کٹھیرے کی ضرورت اور پڑے گی

(۱۸) $\frac{۷۲۹}{۷۲۹۰۰۰} \times \frac{۲۹}{۲۵}$ کا جذر المربع دریافت کرو

(۱۹) جسقدر روپئے ہمارے پاس تھے ہم نے موہن اور سوہن اور رادھے اور گوبند میں اِس طرح بانٹ دیے کہ جتنے روپیہ تھے اُن کے دو تہائی موہن کو دیے اور جو کچھ باقی رہے اُن کے تین چوتھائی سوہن کو دیے اور پھر جو کچھ باقی رہے اُن کے ۲/۵ حصّہ رادھے کو دیے اور جتنے روپیہ ہم نے گوبند کو دیے وہ کل روپیوں کا جو تقسیم ہوئے جذر المربع تھے بتاؤ کہ ہر ایک شخص کو کتنے کتنے روپیہ ملے

(۲۰) $\frac{1}{2} - \frac{3}{7} + \frac{5}{5} - \frac{2}{3} +$ وغیرہ کی قیمت اعشاریہ کے ۵ مرتبوں تک صحیح دریافت کرو

(۲۱) ا اور ب نے ملکر ایک جہاز خریدا جتنا جتنا روپیہ قیمت کا ا اور ب نے دیا اُن کے درمیان ۲ اور ۳ کی نسبت ہے اُن دونوں نے اپنے اپنے حصّہ کے ایسے جز س کے ہاتھ بیچ ڈالے کہ اُس جہاز میں ا اور ب اور س تینوں برابر برابر کے شریک ہوگئے بتاؤ کہ س جتنا جتنا روپیہ ا اور ب کو قیمت کا دیگا اُن کے درمیان کیا نسبت ہوگی

(۲۲) ایک ریل گاڑی کے انجن میں ایسا نقص آگیا ہے کہ اُس کی چال کی تیزی اصل تیزی کی ۲/۵ رہگئی ہے اور وہ ایک مقام پر شام کے ۶ گھنٹہ ۴۹ منٹ پر پہونچتی ہے اگر انجن میں نقص نہ آتا تو وہ شام کے ۵ گھنٹہ ۵۰ منٹ پر اُس مقام پر پہونچتی بتاؤ کہ وہ ریل گاڑی کسوقت روانہ ہوئی

(۲۳) کتنے روپیہ کا مول بیاج ۴ برس کا ۵ ½ فی صدی سالانہ کے حساب سے ۴۷۵ روپیہ ۸ آنہ ہے

(۲۴) سود در سود کے حساب سے کسی رقم کا سود پہلے سال کا ۸۷۰۳۷۵ اور

دوسرے سال کا ۵ ۷۳۴۸۲۳۸ ہوا تو بتاؤ کہ تیسرے سال کیا ہوا

(۲۵) $\left\{\left(\frac{\frac{5}{6}\text{ کا }2\frac{1}{3}-\frac{1}{2}}{\frac{1}{12}+\frac{1}{6}\times\frac{3}{5}}+\frac{\frac{3}{4}2}{\frac{3}{4}4}\right)\div 21\times 3\frac{29}{29}\times\frac{19}{20}\right\}$ ہنڈریڈ ویٹ کو ۴½ ٹن کی کسر کی طرف تحویل کرو

(۲۶) اگر ۴ آدمی اور ۶ عورتیں ایک کام کو ۵ دن میں کرسکتی ہیں جسکو ۵ آدمی اور ۱۰ لڑکے ۴ دن میں یا ۳ عورتیں اور ۴ لڑکے ۱۰ دن میں کرسکتے ہیں تو بتاؤ (۱) کتنے آدمی (۲) کتنی عورتیں (۳) کتنے لڑکے اُس کام کو ایک دن میں ختم کرسکتے ہیں

(۲۷) اُس کسر کو دریافت کرو کہ جسکو اگر اُسی کسر سے ضرب دیں تو ۱۰۹ $\frac{628}{729}$ ہوجائیں

(۲۸) ایسے ایک ٹین کے صندوق کے بنوانے میں کیا لاگت بیٹھے گی جو ۳ فیٹ ۸ انچ لمبا اور ۲ فیٹ ۴ انچ چوڑا اور ۲ فیٹ ۱۱ انچ گہرا ہو جب ٹین کا بھاؤ ایک آنہ ۳ پائی فی مربع فیٹ ہو اور صندوق کی بنوائی کا خرچ جو ٹین لگتا ہو اُس کی قیمت کا ۲۰ فیصدی ہو

(۲۹) کسی ریلوے پر دوسرے اور تیسرے درجہ کی گاڑی کا کرایہ ترتیب وار ۲ پائی اور ۳ پائی فی میل ہو ایک آدمی جسکے پاس ۲ روپیہ ۶ آنہ ۶ پائی ہو اور جسکو ۱۰۰ میل کا سفر کرنا ہو کچھ دور دوسرے درجہ کی گاڑی میں جاتا ہو اور باقی تیسرے درجہ کی گاڑی میں جاتا ہو اور اُسکے پاس جتنا روپیہ تھا کرایہ میں صرف ہوجاتا ہو بتاؤ کہ اُس نے دوسرے درجہ کی گاڑی میں کتنے میل سفر کیا

(۳۰) رام اور لچھمن ایک دیوار کو ۳۰ دن میں بنا سکتے ہیں ۱۵ دن کے بعد رام

چلا گیا اور لچھمن نے اُس دیوار کو ۲۰ دن میں ختم کر دی بتاؤ کہ ہر ایک آدمی علیحدہ علیحدہ کتنے دن میں اُس دیوار کو بنا سکتے ہیں

(۳۱) کس شرح بیاج سے ۲۴۵ پونڈ کا مول بیاج ۷½ سال کا ۳۲۴ پونڈ ۸ شلنگ ۷½ پینس ہوگا

(۳۲) ایک آدمی ۱۱ گھنٹہ ہر روز چلکر ۴½ دن میں ۷ میل پہونچتا ہے بتاؤ کہ وہ آدمی ۸¾ گھنٹہ ہر روز چلکر کتنے دنوں میں ۷۰ میل پہونچیگا

(۳۳) ۱۰۰ آدمیوں کی جماعت میں کچھ آدمی امیر ہیں اور باقی غریب ہیں امیروں نے آپس میں چندہ کر کے ہر ایک غریب آدمی کو ایک آنہ ۳ پائی دیے اگر ہر ایک امیر آدمی کو ۷ آنہ ایک پائی کا چندہ دینا پڑا تو بتاؤ کہ اُس جماعت میں کتنے غریب آدمی اور کتنے امیر آدمی ہیں

(۳۴) ایک آدمی ہوا خوری کے لئے گھر سے نکلا اور جب اُس کو ۲ منٹ اپنے گھر سے چلے ہوئے گذر چکے تھے تو اُسکے نوکر نے جسکی چال مالک کی چال سے دُونی تھی اُسے آپکڑا مالک نے اُسے حکم دیا کہ جس چال سے آیا تھا اُسی چال سے لوٹ کر گھر سے چرٹ لے آوے اور آپ اپنی پہلی چال سے آگے چلتا رہا اگر مالک کو جس مقام پر نوکر نے دوسری بار پکڑا وہ گھر سے ایک میل ہے تو بتاؤ کہ مالک کی چال فی گھنٹہ کیا تھی

(۳۵) ا اور ب چڑیوں کا شکار کرنے گھر سے نکلے اور کبوتر اور تیتر مارے ا نے ہر پانچ تیتر مار کر تین کبوتر مارے اور ب نے ہر ۹ تیتر مار کر پانچ کبوتر مارے اور جتنے جانور ا نے مارے اُس سے چوتھائی زیادہ جانور ب نے مارے اگر ا اور ب دونوں

ملکر ۱۲۶ جانور مار کر گھر لائے تو بتاؤ کہ اُن میں کتنے تیتر اور کتنے کبوتر تھے

(۳۶) ریل گاڑی کی ایک ٹرین جو ۴۰ میل فی گھنٹہ چل رہی ہے ایک آدمی سے جو سامنے ۴ میل فی گھنٹہ کی چال سے آرہا ہے ملتی ہے اور ۵ ۲/۵ سکنڈ میں اُس سے گذر جاتی ہے بتاؤ کہ وہ ٹرین کتنی لمبی ہے اور یہ بھی بتاؤ کہ اگر آدمی اُسی طرف جاتا ہو جس طرف ٹرین جارہی ہے تو کتنے عرصہ میں ٹرین آدمی سے گذر جاتی

(۳۷) ایک کمرہ جس کا فرش مستطیل ہے ایسا ہے کہ اگر اُس کمرہ کی چھت ایک فٹ زیادہ اونچی ہوتی ہے تو اُسکی چاروں دیواروں کی بہیتری سطح کا رقبہ ۶۰ مربع فیٹ زیادہ ہوتا یا اگر کمرہ ایک فٹ زیادہ لمبا اور ایک فٹ زیادہ چوڑا ہوتا تو اُس کی چاروں دیواروں کا رقبہ ۶۰ مربع فیٹ زیادہ ہوجاتا اور اگر فرش مربع کردیا جاتا لیکن کمرہ کی لمبائی اور چوڑائی کا مجموعہ وہی رہتا تو فرش کا رقبہ ۹ مربع فیٹ زیادہ ہوتا اُس کمرہ کی بہتیر کی لمبائی اور چوڑائی اور اونچائی بتاؤ

(۳۸) ایک سوداگر نے ۵۶۸۲ روپیہ کا مال خریدا اُس میں سے آدھا لاگت پر ۸ ۱/۳ فی صدی کے نفع سے اور ایک تہائی ۱۶ ۲/۳ فیصدی کے نفع سے بیچڈالا اور باقی مال اُس نے ۷۵۱ روپیہ ۳ آنہ ۴ پائی کے نفع سے بیچا بتاؤ کہ اس خرید فروخت سے اُسے لاگت پر کیا فی صدی نفع ہوا

(۳۹) مختصر کرو $2 + \cfrac{3}{1 + \cfrac{3}{6 + \cfrac{4}{5 + \frac{1}{3}}}}$

(۴۰) مہادیو نے ۳۲۰ پونڈ کے عوض ۳۹۰ پونڈ ۸ شلنگ لچھمن کو ۲ سال ۳۷۰ دن بعد

ادا کئے تو بتاؤ کہ کیا شرح سود دی

(۴۱) ایک آدمی نے ۱۲ بکریاں ۳۰ پونڈ میں خریدیں اور ۱۰ بیل ۵۰ پونڈ میں اس نے بکریوں کو ۱۰ فیصدی فائدہ سے اور بیلوں کو ۸ فیصدی فائدہ سے بیچا الا تو بتاؤ کہ اسکو کل کیا فائدہ ہوا

(۴۲) ایک جائداد دو حصوں میں تقسیم کردی گئی جن میں سے ایک حصہ کل جائداد کا ۵/۹ ہے اور دونوں حصوں کی قیمتوں کے درمیان فرق ۴۸۵۵ روپیہ ہے تو کل جائداد اور ہر حصہ کی قیمت بتاؤ

(۴۳) ایک شخص نے ۷۰۰ پونڈ ۳½ فیصدی سالانہ سود پر ایک مہاجن سے اور ۵۰۰ پونڈ ۵ فیصدی سالانہ سود پر دوسرے مہاجن سے ایک ہی دن قرض لئے اور دونوں مہاجنوں کا اصل اور سود ایک ہی دن ۲۰۹ پونڈ ۸ شلنگ میں چکا دیا بتاؤ کہ کتنی مدت کے واسطے اس نے قرض لیا تھا

(۴۴) اگر ۵ آدمی اور ۷ لڑکے ۶ دن میں ۷ پونڈ ۳ شلنگ حاصل کرتے ہیں اور ۲ آدمی اور ۳ لڑکے ۲ پونڈ ۴ شلنگ ۴ دن میں تو بتاؤ کہ ۶ آدمی اور ۲ لڑکے ۶۰ پونڈ کتنے دن میں حاصل کریں گے

(۴۵) اگر ۸ آدمی اور ۵ لڑکے ۲۹ ایکڑ زمین کو ۳ دن میں کھود تے ہیں اور ۶ آدمی اور ۷ لڑکے ۵۰ ایکڑ زمین ۶ دن میں تو بتاؤ کہ ۳ آدمی اور ۶ لڑکے ۱۵ ایکڑ زمین کتنے دن میں کھود سکیں گے

(۴۶) ایک شخص نے ۵۰۰ روپیہ ۵ فی صدی سالانہ سود پر قرض لئے اور کچھ روز بعد ۴۰۰ روپیہ ۳½ فیصدی سالانہ سود پر قرض لئے اور دوسری رقم کے قرض لینے سے

۶ مہینہ بعد دونوں کا اصل معہ سود ۹۵۷ روپیہ ہیں چکا دیا بتاؤ کہ پہلی رقم اُس شخص کے پاس کتنی مدت رہی

(۴۷) ریل کی دو ٹرین جو ۲۰ میل اور ۲۵ میل فی گھنٹہ چلتی ہیں جب وہ آمنے سامنے آتی ہیں تو ۸ سکنڈ میں ایک دوسری سے گذر جاتی ہیں اور جب وہ ایک ہی طرف سے آتی ہیں تو جلد چلنے والی ٹرین میں بیٹھا ہوا مسافر سست چلنے والی ٹرین سے ۳۱½ سکنڈ میں گذر جاتا ہے بتاؤ کہ ہر ٹرین کتنی کتنی لمبی ہے

(۴۸) راجہ شیو پرشاد نے ۲ اوّل درجہ کے اور ۳ دوسرے درجہ کے ریل کے ٹکٹ مندراس سے بنگلور تک کے ۵۷ روپیہ ۸ آنہ میں لئے اور راجہ جے کشن داس نے ۴ روپیہ ایک آنہ میں اوّل درجہ کا ایک ٹکٹ اور ایک روپیہ ۲ آنہ میں دوسرے درجہ کا ایک ٹکٹ مندراس سے آرکونم تک کا لیا جب ریل کا کرایہ دُوری کے مطابق ہے تو بتاؤ کہ مندراس سے بنگلور تک کے ایک اوّل درجہ کے ٹکٹ کے کیا دام ہوں گے

(۴۹) سونے کی قیمت ۳ پونڈ ۷ شلنگ ۱۰½ پینس فی اونس ہے اور چاندی کی قیمت ۵ شلنگ ۶ پینس فی اونس ہے ہم نے سونا اور چاندی ۳۲ پونڈ ۵ شلنگ میں خرید کر اور ملا کر ایک جوڑی کڑوں کی ایک پونڈ وزن کی تیار کرائی بتاؤ کہ ہم نے کتنی چاندی اور کتنا سونا خریدا تھا

(۵۰) تین آدمی جن کی چال برابر ہے اور جنکے قدموں کی لمبائی ترتیب وار ۲ فیٹ ۸ انچ اور ۳ فیٹ اور ۳ فیٹ ۴ انچ ہے ایک میل چلنے میں کس مرتبہ ایک ساتھ قدم اُٹھائیں گے

(۵۱) اگر $\frac{۲}{۷}$ کا $\frac{۴}{۱۳}$ ٹکٹ کی قیمت ۱۷ $\frac{۱}{۱۳}$ روپیہ ہے تو $\frac{۱\frac{۱}{۴}}{۵\frac{۲}{۳}}$ کی قیمت کیا ہوگی

(۵۲) کس شرح سود مفرد سے ... ۱ روپیہ ۲۰ سال میں دوچند ہو جاویں گے

(۵۳) ایک تالاب میں ۵ نل ہیں پہلے نل سے تالاب ۲۸ گھنٹہ میں بھر جاتا ہے اور دوسرا نل ۱۰ گھنٹہ میں اور تیسرا نل ۱۲ گھنٹہ میں اور چوتھا ۱۵ گھنٹہ میں اور پانچواں ۲۱ گھنٹہ میں خالی کر دیتا ہے۔ تو بتاؤ کہ اگر پانچوں نل ایک ساتھ کھول دیے جاویں تو بھرے ہوئے نل کو کتنے عرصہ میں خالی کر دیں گے

(۵۴) کسی عدد کے مکعب کا چار پانچواں حصہ ... ۳۳۷۵ ہے اس عدد کو بتاؤ

(۵۵) ایک جہاز میں جو کنارہ سے ۴۰ میل کے فاصلہ پر تھا ایک سوراخ ہو گیا جسکے باعث اس میں ہر ۱۲ منٹ میں ۳ $\frac{۳}{۴}$ ٹن پانی آتا تھا اور ۶۰ ٹن پانی آجانے سے جہاز ڈوب جاتا ہے لیکن پمپ جو جہاز میں لگے ہوتے تھے اُن کے ذریعہ سے ۱۲ ٹن پانی فی گھنٹہ باہر نکالا جا سکتا تھا بتاؤ کہ جہاز کی چال فی گھنٹہ کیا کر دیجاوے کہ جو ہیں اس کا ڈوبنا شروع ہو کہ کنارہ پر پہنچ جاوے

(۵۶) اگر ایک دیوار کی بنوائی میں جو ۶ فیٹ اونچی ایک فٹ ۳ انچ موٹی اور ۱۶۶ فیٹ ۸ انچ لمبی ہے ۲۰۰ روپیہ لگتے ہیں تو ۳ $\frac{۱}{۲}$ فیٹ اونچی ۱ $\frac{۱}{۴}$ فیٹ موٹی اور ۱۵ فیٹ لمبی دیوار کی بنوائی میں کیا قیمت لگیگی

(۵۷) (۱۶۱×۱۰۱−۲۰۰۰) − (۷۵۶۳×$\frac{۱}{۱۴۷}$ ÷ ۱۲۵) کو مختصر کرو

(۵۸) ۵ و ۵۰۵ و ۵۰۰۵ کا جذر اعشاریہ کے پانچ مرتبوں تک نکالو

(۵۹) ایک ٹھیکہ دار نے ... ۵ روپیہ میں ایک کام بنانے کی اور دوسرے نے ۸۵۰ میں

روپیہ میں بنانے کی درخواست کی لیکن دوسرے کی درخواست میں یہ شرط ہے کہ ہر سہ ماہی میں ۵۰۰ روپیہ ملا کریں تو بتاؤ کہ دونوں درخواستوں میں کیا فرق ہے جب کام دونوں صورتوں میں ۲ برس میں ختم ہو سکتا ہے اور مہاجنی سود روپیہ کا ۴ فیصدی سالانہ ہے

(۶۰) چھ لڑکے ہیں جن میں سے پہلا جتنی دیر میں ۳ سطر کسی کتاب کی نقل کر سکتا ہے اتنی دیر میں دوسرا ۲ سطر نقل کر سکتا ہے اور جتنی دیر میں دوسرا ۵ سطر اتنی دیر میں تیسرا ۶ سطر اور جتنی دیر میں تیسرا ۷ سطر اتنی دیر میں چوتھا ۸ سطر اور جتنی دیر میں چوتھا ۹ سطر اتنی دیر میں پانچواں ۱۰ سطر اور جتنی دیر میں پانچواں ۱۵ سطر اتنی دیر میں چھٹا ۱۴ سطر نقل کر سکتا ہے بتاؤ کہ جتنی دیر میں پہلا ۱۳۵ سطر نقل کریگا اتنی دیر میں چھٹا کتنی سطر نقل کرے گا

(۶۱) اُس نے ایک پیپہ شراب کا خریدا اور ب کو ۵ فیصدی کے فائدے سے دیدیا ب نے س کو ۵ فیصدی کے فائدہ سے دیدیا اور س نے د کو ۱۲½ فیصدی کے فائدہ سے ۴۹ پونڈ ۱۲ شلنگ ۳ پینس میں دیدیا تو بتاؤ کہ اُس نے اُس پیپہ شراب کو کتنے میں خریدا تھا

(۶۲) $\frac{(\frac{1}{\frac{1}{2}+2})+(\frac{6}{21}+\frac{2}{11})-(\frac{2}{3})}{(\frac{1}{\frac{1}{2}-3})\times(\frac{1}{21}-\frac{2}{33}+\frac{3}{77})}$ کو مختصر کرو

(۶۳) ۳۰۱۰۰ روپیوں کو ایسے تین حصوں میں تقسیم کرو کہ اگر پہلا حصہ ۳ برس کے واسطے ۴ فیصدی سالانہ سود پر اور دوسرا حصہ ۵ برس کے واسطے ۳ فیصدی سالانہ سود پر اور تیسرا ۲ برس کے واسطے ۲½ فیصدی سالانہ سود پر لگا دیا جاوے تو دوسرے کا اصل معہ سود پہلے کے اصل معہ سود کا دونا اور تیسرے کا اصل معہ سود دوسرے کے

اصل معہ سود کا گننا ہو

(۶۴) ایک شخص نے ۲۷۲ پونڈ ۶ شلنگ ۸ پینس ۵ فیصدی سالانہ سود پر قرض لئے اور اُن کو ۱۰۰ پونڈ سالانہ کی قسطوں سے ادا کئے اُن ۱۰۰ پونڈ میں سال بھر کا سود شامل ہے بتاؤ کہ ۳ برس میں کتنا قرضہ ادا ہو گیا

(۶۵) ایک ملاح جتنی دیر میں کشتی دھار کے ساتھ ۵ میل لیجاتا ہے اُتنی دیر میں دھار کے سامنے ۳ میل لیجاتا ہے اگر دھار کی تیزی فی گھنٹہ ½ میل زیادہ ہوتی تو جتنی دیر میں وہ دھار کے سامنے کشتی کو ایک میل لیجاتا اُتنی دیر میں دھار کے ساتھ ۲ میل لیجاتا بتاؤ کہ وہ ملاح بند پانی میں کس میل فی گھنٹہ کشتی لیجا سکتا ہے

(۶۶) ایک شخص نے ۳۲۸۱۸ پونڈ اپنے چار لڑکوں کے درمیان ⅔ و ¾ و ⅘ و ⅚ کی نسبت سے تقسیم کر دیے تو بتاؤ کہ ہر ایک کو کتنے پونڈ ملے

(۶۷) دو لڑکے اپنے مکان سے مدرسہ کو ۸ منٹ کے وقفہ سے روانہ ہوئے لیکن دونوں ایک ہی وقت میں پہونچ گئے پہلا لڑکا ۳½ میل فی گھنٹہ اور دوسرا ۲⅝ میل فی گھنٹہ چلتا ہے تو بتاؤ کہ اُنکے مکان سے مدرسہ کتنی دور ہے

(۶۸) ایک حوض ایک نل سے ۲۰ منٹ میں بھر جاتا ہے اور دوسرے نل سے ۳۰ منٹ میں خالی ہو جاتا ہے۔ حوض بھرا ہوا ہے اور خالی کرنیوالا نل کھولدیا گیا ہے بتاؤ کہ اگر چھ منٹ بعد دونوں نل باری باری سے بند کئے اور کھولے جاویں تو حوض کب خالی ہو جاویگا اور یہ بھی ثابت کرو کہ اگر چار چار منٹ بعد کھولے اور بند کئے جاویں تو وہی وقت صرف ہو گا

(۶۹) ایک گھڑی جو ۲۴ سکنڈ فی گھنٹہ تیز چلتی ہے اُسکی سوئیاں پونے پانچ بجے شام

کو ٹھیک جگہوں پر کردی گئیں بتاؤ کہ اُسی روز رات کو ۸ اور ۹ بجے کے درمیان میں جب سوئیاں آمنے سامنے ہیں تو ٹھیک وقت کیا ہوگا

(۷۰) ہم نے کاغذ ایک روپیہ ۱۳ آنہ کے ۵ دستہ کے حساب سے خریدا اور پھر ہم نے اُسکو اِس حساب سے بیچا کہ ۳۲ دستوں کی لاگت پر اُتنا نفع ہوا جتنے میں ہم نے ۳ دستہ نیچے بتاؤ کہ کاغذ فی دستہ کس حساب سے ہم نے بیچا

(۷۱) اگر اطلس فی گز ۱۰ شلنگ کے حساب سے بیچنے میں ۴ فیصدی نقصان ہوتا ہے تو بتاؤ کہ فی گز اطلس کس حساب سے بیچیں کہ ۵ فیصدی نفع ہو

(۷۲) ۳ من ۸ سیر ۹ چھٹانک کی قیمت ۱۱ روپیہ ۹ آنہ ۱۱ پائی کے حساب سے نکالو

(۷۳) (الف) $\frac{۲۵،۱۵ \times \frac{۳}{۱۱}}{۴،۴ \times \frac{۶}{۱۱}}$

(ب) $\frac{(\frac{۱}{۱۰} - \frac{۱}{۱۱})(\frac{۱}{۱۱} - \frac{۴}{۱۱})(\frac{۱}{۴} + \frac{۱}{۳})}{(\frac{۱}{۸} - \frac{۱۱}{۱۳۲}) - \frac{۱}{۶}(\frac{۱}{۱۱۹} - \frac{۱}{۹۲})}$ کو مختصر کرو

(۷۴) دو عددوں کا فرق ۷،۴ $\frac{۲}{۱۱}$ ہے اور ایک کو دوسرے عدد کے ساتھ وہی نسبت ہے جو $\frac{۳}{۴}$ کا $\frac{۳}{۸}$ کا ۵۳،۵ کو $\frac{۱۱}{۱۳} \times ۴\frac{۱}{۴}$ کے ساتھ ہے اُن عددوں کو بتاؤ

(۷۵) ایک چار پہیے کی گاڑی کے اگلے پہیہ کا قطر پچھلے پہیہ کے قطر کا $\frac{۵}{۶}$ ہے اور اگلا پہیہ $۳\frac{۱}{۴}$ میل چلنے میں ۲۸۰ چکر کھاتا ہے بتاؤ کہ پچھلا پہیہ ایک میل چلنے میں کتنے چکر کھائیگا اور ہر پہیہ کا محیط کیا ہے

(۷۶) ایک سوداگر کچھ روپیہ سے مراد آباد کے برتن خرید کر گڈھ مکتیشر کے میلہ پر لیگیا اور کل برتن لاگت پر ۱۵ فیصدی کے نفع سے بیچڈالے جو کچھ اُسے لاگت اور نفع

کا بلا اُس سے پھر مراد آباد کے برتن خرید کر ماگھ کے میلہ پر الہ آباد لے گیا اور جس قیمت پر اُس نے برتن خریدے تھے اُسپر ۲۰ فیصدی نفع لگا کر کل برتن بیچ ڈالے اب جسقدر روپیہ اُسکے پاس ہو گیا اُس سے پھر مراد آباد کے برتن خرید کر ہردوار کے میلہ میں لیگیا اور وہاں ۲۵ فیصدی نفع سے سب برتن بیچ ڈالے ان تینوں میلوں میں اُسے ۲۶۳۹ روپیہ نفع کا ملا بتاؤ کہ اُس کی اصل پونجی کتنی تھی

(۷۷) ایک حوض جو معمولی طور پر ۵ گھنٹہ میں بھر جاتا ہے اُس میں ایک سوراخ ہو گیا اور اِسوجہ سے اُسکے بھرنے میں ½ گھنٹہ اور زیادہ صرف ہوا تو بتاؤ کہ اگر حوض بالکل بھرا ہوا ہووے تو اُس سوراخ میں ہو کر کل پانی کتنی دیر میں نکل جاوے گا

(۷۸) اے نے ب سے ۳۲۷ پونڈ سود پر شروع سال میں لئے اور ۹ ماہ کے بعد ۴۰۰ پونڈ دوبارہ سود پر لئے۔ اخیر سال میں اے نے ب کو ۱۳ پونڈ ۳ شلنگ ۶ پینس سود کا دیا بتاؤ کہ شرح سود دوبارہ شرح سود کیا تھی

(۷۹) $\frac{(۱۵+۱)^{۱۳}}{(۱۵-۱)^{۱۳}}$ کی قیمت اعشاریہ کے پانچ مرتبوں تک نکالو

(۸۰) ایک بزاز نے ۲۰ ہاٹ کیں اور جب اُس نے اپنا حساب جانچا تو اُسے معلوم ہوا کہ جن ہاٹوں میں اُسے نفع ہوا اُن میں سے ہر ہاٹ میں اُس کی اصلی پونجی کا ¼ نفع ہوا اور جن ہاٹوں میں اُسے نقصان ہوا اُن میں سے ہر ہاٹ میں اُس کی اصلی پونجی کا ⅕ نقصان ہوا مگر کل ہاٹوں کے بعد اُسکی پونجی اصل سے $\frac{۵}{۱۲}$ زیادہ ہو گئی بتاؤ کتنے ہاٹوں میں اُسے نقصان ہوا اور کتنی ہاٹوں میں نفع ہوا

(۸۱) ا اور ب اور س تینوں ایک دیوار بنانے میں ۱۰ دن تک لگے رہے بعد اُسکے ب نے کام چھوڑ دیا اور س نے جو کچھ کام دیوار میں باقی رہا تھا اُس کو ۵ دن میں ختم

کر دیا اگر ا اور ب ملکر ایک دن میں اتنا کام کرتے ہیں جتنا س تین دن میں کرتا ہے اور ب ۳ دن میں اتنا کام کرتا ہے جتنا س ۴ دن میں کرتا ہے تو بتاؤ کہ اُس دیوار کو ا اور ب اور س میں سے ہر ایک اکیلا اکیلا کتنے دن میں بنا سکتا ہے

(۸۲) ا نے اپنی آدھی نقدی ب کو دیدی اور جو کچھ باقی بچی اُس کی ½ نقدی س کو دیدی اور پھر جو کچھ بچی اُسکی ½ نقدی د کو دیدی اور اُسکے پاس ۱۲ شلنگ ۸ پینس بچے تو بتاؤ کہ اُسکے پاس کل کتنی نقدی تھی

(۸۳) رام نے ایک پیکٹ کافی کا خریدا اور اُسکو ۳ فیصدی کے نقصان سے بیچڈالا اگر اُسکو ۱۴ پونڈ زیادہ ملیں تو اُسکو ۴ فیصدی کا فائدہ ہوتا بتاؤ کہ کافی کی اصل قیمت کیا تھی

(۸۴) ایک ریلوے جو ۱۲۰ میل لمبی ہے اُسکی سڑک بنوانے اور گاڑیاں اور انجن تیار کرانے میں ۱۱۰۰۰۰ روپیہ فی میل خرچ پڑتا ہے جسقدر اس ریلوے کی آمدنی ہے اُسکا ۴ فیصدی نوکر اور عملہ وغیرہ میں صرف ہو جاتا ہے اور باقی آمدنی سرمایہ پر جو کچھ ریلوے میں لگا ہے ۵ فیصدی کے حساب سے تقسیم ہوتی ہے بتاؤ کہ اُس ریلوے کی آمدنی کتنی ہے

(۸۵) اگر چاول کی قیمت ۵۰ فیصدی بڑھ جائے تو بتاؤ کہ وہ شخص جسکے گھر میں ۱۸ من چاول اُٹھتا ہے قیمت بڑھنے پر کتنا چاول اُٹھاوے کہ اُسکا روپیہ زیادہ نہ خرچ ہو

(۸۶) مچھمن نے ۴۰۰ امرود کچھ ۲ پیسے کے ۳ کے حساب سے اور کچھ ۳ پیسے کے ۲ کے حساب سے خریدے اور پھر ایک آنہ کے ۴ کے حساب سے بیچڈالے اور اُسکو نہ کچھ فائدہ ہوا اور نہ نقصان بتاؤ کہ ہر ایک قسم کے کتنے کتنے امرود تھے

(۸۷) ا آگرہ سے دہلی کیطرف ۶ میل فی گھنٹہ کی رفتار سے روانہ ہوا اور دو گھنٹہ بعد ب آگرہ سے دہلی کیطرف ۱۰ میل فی گھنٹہ کی رفتار سے روانہ ہوا اور ا سے ۴ گھنٹہ

پیشتر پہونچ گیا بتاؤ کہ آگرہ سے دہلی کتنی دُور ہے

(۸۸) ۲۲۶ پونڈ ۲ شلنگ ۸ پنس کا متی کا ٹا ۱ ½ سال کا ۱۲ پونڈ ۱۶ شلنگ ہے بتاؤ کہ شرح سود کیا ہے

(۸۹) دنیا کی سطح پر جتنی زمین ہے اُس سے تگنا سمندر ہے اور کل زمین کا تین چوتھائی شمالی نصف کرہ میں ہے بتاؤ کہ شمالی نصف کرہ میں کتنی زمین اور کتنا سمندر ہے اور جنوبی نصف کرہ میں کتنی زمین اور کتنا سمندر ہے

(۹۰) ۱۷۷۰ روپیہ ۱۵ مرد اور ۲۰ عورتوں اور ۳۰ بچوں میں اس طرح تقسیم کرو کہ دو عورتوں کو اتنا دیدیا جاوے جتنا ایک مرد اور ایک بچہ کو ملا کر دیا جاتا ہے اور سب عورتوں میں ۶۰۰ روپیہ تقسیم ہو بتاؤ کہ ہر مرد اور ہر عورت اور ہر بچہ کو کیا کیا ملیگا

(۹۱) اگر ۸، ۶ پونڈ ۸ شلنگ کا جو اب سے ایک برس ۶ مہینہ کے بعد واجب الادا ہوگا متی کا ٹا ۳۸ پونڈ ۸ شلنگ ہے تو بتاؤ کہ سود کی درکیا ہوگی

(۹۲) $\frac{\frac{1}{2}\text{ کا } 2\frac{1}{2} \text{ کا } 2\frac{4}{7} - 1 \div (2\frac{1}{2} + \frac{1}{2})}{1 - \frac{3}{14} \text{ کا } (5\frac{1}{2} + \frac{1}{2} \text{ کا } 5\frac{5}{7} \text{ کا } 1\frac{1}{20})}$ کو مختصر کرو

(۹۳) فرض کرو کہ کسی دائرہ کا محیط اُسکے قطر کے ساتھ وہی نسبت رکھتا ہے جو ۲۲ کو ۷ کے ساتھ ہے اور کرۂ زمین کا محیط اُس کے قطر کے ساتھ وہی نسبت رکھتا ہے جو ۲۵۰۰۰ میٹر کو ۷۹۶۰ فیٹ کے ساتھ ہے تو بتاؤ کہ ایک میٹر کتنے فیٹ لمبا ہے (جواب تمہارا اعشاریہ کے ۵ مرتبوں تک صحیح ہو)

(۹۴) دسمبر کی ۲ تاریخ کو جب ٹھیک وقت ۱۱ بجے رات کا تھا تو ایک گھڑی میں ۱۱ بجکر ۱۰ منٹ گذر گئے تھے اور دسمبر کی ۷ تاریخ کو جب ٹھیک وقت ۹ بجے صبح کا تھا

تو اُس گھڑی میں ۹ منٹ باقی تھے بتاؤ کہ اُس گھڑی کی سوئیاں کس روز اور کس وقت ٹھیک جگہ پر تھیں

(۹۵) ایک بساطی کو پرکی قلم ۵ روپیہ ۸ آنہ ہزار کے حساب سے بیچنے میں جو کچھ قیمت ملی اُسکا ۳/۴ نفع تھا اگر وہ اُن قلموں کو ۶ روپیہ ۱۲ آنہ ہزار کے حساب سے بیچتا تو اُسے لاگت پر کیا فیصدی نفع ہوتا

(۹۶) ۱۰۰ روپیہ کو ۳ آدمیوں ۵ عورتوں ۴ لڑکوں اور ۳ لڑکیوں میں اس طرح بانٹو کہ ایک آدمی کو ایک عورت اور ایک لڑکی کے برابر ملے۔ ایک عورت کو ایک لڑکے اور ایک لڑکی کے برابر ملے۔ ایک لڑکے کو ایک مرد اور ایک لڑکی سے آدھا ملے

(۹۷) اگر کوئلہ کی قیمت ۵۰ فیصدی بڑھ جاوے تو بتاؤ کہ وہ کسقدر خرچ کم کو ملکا کردے تاکہ اُسکا خرچ زیادہ نہو

(۹۸) $\frac{(\frac{1}{2}+\frac{1}{3})(\frac{1}{2}+\frac{1}{4})+(\frac{1}{3}+\frac{1}{4})(\frac{1}{3}+\frac{1}{5})+(\frac{1}{4}+\frac{1}{5})(\frac{1}{4}+\frac{1}{6})+(\frac{1}{5}+\frac{1}{6})(\frac{1}{5}+\frac{1}{7})}{(\frac{1}{2}-\frac{1}{3})(\frac{1}{2}-\frac{1}{4})+(\frac{1}{3}-\frac{1}{4})(\frac{1}{3}-\frac{1}{5})+(\frac{1}{4}-\frac{1}{5})(\frac{1}{4}-\frac{1}{6})+(\frac{1}{5}-\frac{1}{6})(\frac{1}{5}-\frac{1}{7})}$ کو مختصر کرو

(۹۹) ایک شخص کے ۵ لڑکے تھے مرتے وقت اُس نے یہ وصیت کی جو کچھ میرے پاس ہے اُس کا ایک چوتھائی سب سے بڑے لڑکے کو ملے اور باقی ۳ چوتھائی چاروں لڑکے آپس میں برابر برابر بانٹ لیں اُسکے پاس ۳۷۵۰ پونڈ نقد اور دو ہنڈویاں تھیں ہر ایک ہنڈوی ۱۵۱ پونڈ کی تھی لیکن ایک ہنڈوی میں ۲ مہینہ کی مدت اور دوسری میں ۳ مہینہ کی مدت باقی تھی باپ کے مرنے پر سب سے بڑے لڑکے نے نقد اور ہنڈویاں اپنے قبضہ میں کرکے اپنے بھائیوں کو اُن کے حصوں کے مطابق نقد دیدیا اور باقی نقد اور ہنڈویاں اپنے لئے رکھ لیں اگر مہاجنی سود کی شرح ۴ فیصدی سالانہ ہو تو اُس نے

اپنے ہر بھائی کو کتنا کتنا دیا

(۱۰۰) ۲۴۰ کو ایسے دو حصّوں میں تقسیم کرو کہ پہلے حصّہ کا ½ اور دوسرے حصّہ کا ⅓ ملکر ۳۶ ہو

(۱۰۱) ایک جائداد کی آمدنی ۷ پنس فی پونڈ تم ٹیکس دیکر اور ۵ فیصدی پانی کے وصول کرنیکا خرچ دیکر ۹ ۷ پونڈ ۱۱ شلنگ ۔ ۴ پنس ہو بتاؤ کہ کل آمدنی کسقدر ہو

(۱۰۲) ایک حوض میں ایک نل لگا ہوا ہو ایک روز اُس نل کو کھولا گیا لیکن چونکہ نل میں کچھ خرابی آگئی تھی اِسوجہ سے اِس نل میں سے ۷ گیلن پانی فی گھنٹہ کم نکلا اور حوض کے خالی ہونے میں بجائے ۲½ گھنٹہ کے ۴ گھنٹہ لگے تو بتاؤ کہ اِس حوض میں کس قدر پانی سماتا ہو

